هو الله الاول والآخر المستعان الموفق والاحسان

کتاب اخبار تم

سنہ ۱۲۸۵ ہجری

جسنی مطبع حسینی مین واقع امیٹھو کی صفحہ نور پر چھپ کر مطبوع کیا

هو الله الأول والآخر المستعان والموفق في الاحسان

ذلك الكتاب

لا ريب فيه بين يدي المفسر المحدث

الفقيه المؤيد على البكاء والالم المسمى باخبار ماتم

مجمع احوال المولد والمعجزات والمصائب والوقائعات رسول

الكبرياء نور الثقلين وبتول الزهراء ام السبطين وآية الله

مولى الكونين ومقتل امامين السبطين الحسن والحسين

عليهم الاف التحية والسلام ما دام الليالي والايام من

تاليف عبده الراجي محمد حسين بن محمد علي

غفر الله له ولوالديه وعفا عنه ذنبه

الخفي والجلي

جسنی مطبع حسینی مین واقع رامپور کی صفحہ نور ظہور پر مطبوع کیا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فہرست اخبار ماتم کا عنوان خالق عالم کی سپاس و حمد سی
زینت ہی جسکی ثبت واضحات بریات کو لوح و قلم آلات صنع بجا
گئی اور صفحہ مدار غم کا ہر خط پیچان اوس ناطق اعلم کی ستایش و
ثنا سی مشغف کہ جسم و جان کو ضبط سوانحات پر مادۂ رسم و ہیولای سواد
بیاض ہی کتاب کُنتُ کنزاً مخفیاً فاحببتُ ان اُعرف
اوسکی بلاشرکت غیر تصنیف ہی اور نظم و نثر قدر و قضا رجمہ
کُن فکان اوسی صاحب توصیف کی تالیف ہی اجزای کل بنات
کو بطرز جدید عبارت صدق و صفا مین خالق دید بنایا و انشای کلمات
کو نسخ اسانید اوراق ہستی پر امر ابقای لایق شنید فرمایا
وہ ماہر دانا کر انواع ترکیب حروف و الفاظ کی قالب مین رنگین
معانی ڈھالی اور قادر توانا جو اوضاع جنج سی صنوف احجار پر نقش
مطبوع کی عکس ڈالی سُبحانَ ما اَعظمَ شانَہُ وَعَزَّ وَ جَلَّ بُرہانُہُ
بعدہ خلاصہ فقرات درود و سلام نام نامی خاصہ معبود پر جسکی ذکر
سے قرطاس زبان کو قیمت اعلی و نمود عذوبت ملی و زبدہ صلوٰۃ
و تحیات مالا کلام خدا ایہ انام جنکی واقعہ فضیلت و کربت سے مردم
جہان کو چشم بصیرت کہلی دیباچہ عرش سی خاتمہ فرش تک اوسکا جلیہ
شمایل چہپا ہی اور سطور نور مین سطحۂ قدس پر چہرہ لکہا کہ اعمی سی بہی
نہین چہپا ہی رمز باب قرب خدا سہر دفتر فصول اعلا حضرت محمد
مصطفی و علی مرتضی و لولاد طاہرہ مجتبی و شہدا علیہم السلام
ہین جنکی واسطہ سعمرت یکا جنانہ دہر بالطبع بنایا اور
سرمایۂ مقصود شد بن او نجایا اندا وسیلہ خاص و عام ہین
دعا کہ ان فقرات کو جو لسان عربی و ہندی مین پڑہی اوسکا
با حسنات مستر جزا بر محفل سعادت سندی مین جز سے
اما بعد بہ جدول تفصیل سے رباعیات و مثنوی و تمہید
بکا و حدیث و روایات مدحت و مصیبت و نوحہ

و ملحقات کتاب کی جو بعد عدد و ہندسہ ہر صفحہ علامت نشانی کی گئی ہے
لاجواب کی وَمَا تَوفیقی اِلّا بِاللّٰہِ العَلیِ العَظیم
وَختَم بِاسمِہِ الکَریمِ
العَلیم

عبارت متن

مجلس پہلی حالات سرور کائنات

مجلس بائیسوین ۲۲ حسین کی واسطی میوہ جات جنت کا آنا و امام کو زین سی گرانا

رباعی جہان کو جمل دیدۂ تر سی پایا رباعی کیا شاہ وار ہر گاہ
ہو رہینی رباعی حاصل دین روئی کا غرا ہوگا رباعی
زہرا جو صدا آہ و فغان سینی مین
شہید بکا سو ہم برسات کا سما خزان گلزار آل عبا

۲۷ ، روایت غزوۂ خیبر و اسیری صفیہ بنت حیی بن اخطب کی دختر

۲۹ ، روایت غزوۂ موتہ و شہادت جعفر و عبد اللہ داد کی برادر و مادر کو تعزیت و دلداری پیغمبر

۴۰ ، روایت غزوۂ احد و شہادت حمزہ پر نوحہ و شیون عورات ہاشمیہ و صفیہ

۴۱ ، روایت اسیری بنت حاتم و رعایت رسول مکرم

۴۲ ، روایت گرفتاری ہمشیرۂ رضاعی سید عباد قوم کی رہائی و بیعت پیغمبر دنیا
ترغیب نالہ و فغان و ذکر شاہ شہیدان
نظم المولفہ بزم عزا مین نالہ و فغان یاد چاہیئی

۴۴ ، مصیبت بیداد ساربان و نزول ملایکہ و نبی و علی و حسن و سیدۂ نسا
بیان مصایب غریب کربلا و شور و فغان اہل ولا

۵۲ ، مرثیہ یا شیعۃ المولی ابی الحسن
نظم المولفہ آگ ہوی ہی لال قلم کی زبان حال

۳۰

۵۴ ، مجلس تیسوین زیارت ناحیہ و حال دفن شہدا
رباعی وارد سجادہ مین جس آن ہوی رباعی عابد کہتی تہی
دم اوکہرتی دیکہا رباعی جو مرگئی فی الفور وہ سب دفن ہوی
رباعی مرقد ہی شہیدوں کی بنائی نہ گئی

۵۵ ، شہید بکا مرثیہ ہلموا انبکی اصحاب العبا

۵۶ ، اسناد زیارت ناحیہ و خروج و تعدیل معارضہ عبارت زیارت جامعہ

۷۰ ، روایت شیخ مفید ذکر دفن مجاہدان شہید

۷۱ ، روایت پشت امام حسین علیہ السلام پر اثر جراحت حمل صدقات کا

۷۲ ، روایت قول امام رضا علیہ السلام دفن کرنا امام کو دوسری امام کا
نظم المولفہ ای دریغا آل احمد نور دیدۂ رنج و بلا

۷۳ ، مصیبت روایت بنی اسد شہر کا مقتلین کا شور نالہ و نوحہ جمایا ابن سعد کا

جانا اور قوم بادیہ نشین کا قدم بڑہانا قرار شہدا اپنانا و عباس علیہ السلام کو جدا دفنانا
نظم المولفہ ہی ہی شہ لب تشنہ و مظلوم حسین

۳۱

۸۰ ، مجلس اکتیسوین شہید بکا و خواب امام رضا و سانحہ ابنای جعفر کا
رباعی اعدا کی تصرف مین جو آیا پانی رباعی شہ کہتی تہی
اللہ کا پیارا مین ہون رباعی کس پہ ستم قاضی ناقاف ہوا
رباعی جو فاطمہ کی شریک ماتم ہونگی
بیان تحریص نالہ و فغان پانی پلانا ذریعہ شادابی کہانا کہلانا کا بیان

۸۲ ، روایت سہل بن ذبیان و امام کا خواب و قصیدۂ حمیری پر اجر بی پایان
نظم المولفہ امیو سنو شبیر کا جو مدح سرا ہی

۸۶ ، مصیبت شہادت محمد و ابراہیم و حارث کا ظلم عظیم
نظم المولفہ کیا اگی کہون ناظم احوال مصیبت کو

۳۲

۹۳ ، مجلس بتیسوین شہید بکا و تقسیم سرہای شہدا و کوفہ مین حرم کا داخلہ
رباعی کعبہ ہی وہان تعزیہ خانہ یہ ہی رباعی ہر شب غم شبیر مین
روتی ہی بتول رباعی سرسبز جو نخل باغبان نی کاٹی رباعی
زہرا غم سرور مین سدا ہی دلگیر

۹۵ ، خطبہ و فضایل بکا حدیث من ذکر الحسین عندہ و حدیث خلقت
مومنین فاضل طینت سی ائمہ طاہرین کی
مرثیہ فواللہ لا انسی الحسین و رہطہ
نظم المولفہ ای ہو داران سبط مصطفی شیون کرو

۹۹ ، مصیبت قبایل سپاہ کو تقسیم سرہای شہدا و کوفہ مین داخلہ اسیران کربلا
رقت رجال و نسا و عورت کا لا کی لباس پہننا روایت جدیلہ ام کلثوم
سی ہاجر ابو چہنا اونکا نظارہ سر برادر سی فرق ٹکرانا اشعار مرثیہ پڑہنا
نظم المولفہ اگی زیادہ کیا کہون رقت کا جوش ہی

۳۳

مجلس تینتیسوین سوختہ کو خواب مین دیکہنا ابن عباس کا داخلہ کوفہ ہوران ناس کا
رباعی گردش مین نہ کیون چرخ ستمگار ہری رباعی دریا پہ گہٹا چہائی
تہی بی سرو کی رباعی کوفہ مین خیمہ دیو کی دیدہ ہوبلی

مجلس چوبیسون دربار ابن زیاد مین حرم کا جانا

مجلس پچیسون [illegible]

مجموع آیات و حدیث و روایات مذکور متن کتاب و ملحقات	مجموع آیات و حدیث و روایات مذکور حاشیہ مع ملحقات
۸۲۰	۱۲۹۹

تمت بالخیر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

صادق ترجمانانِ احادیثِ غم کہ اخبارِ ماتم کو زبانِ حال مین واقعۂ محرم کہتی ہین بسط قال مین ہردم خطبۂ حمد و ثناسی مؤلفِ کتابِ حدوث و قدم کی ہم رہتی ہین، اور واثق بیانانِ آیاتِ الم جو سانحۂ عالم پرآوانِ اہمال مین سرگشتہ قدم گذرتی ہین، صفحۂ خیال مین مقدم دیباچۂ شکر و سپاس کو لوح و قلم کی رقم کرتی ہین، جسنی اہتمامِ رسالت سی بابِ ہدایت پر جلوہ مساکنَ طیبۃً فی جنّاتِ عدنٍ ذٰلکَ الفوزُ العظیمُ کی سبیلِ نجات رکھی، اور فرمانِ طاعت کی عنوان پر طغرای نبّئ عبادی انّی انا الغفور الرحیم سی کائنات کو سندِ حسنات لکھی

خطبۂ حمد پروردگار

۳

دنیا مین بحکم اِنَّ الْمُتَّقِیْنَ فِیْ مَقَامٍ اَمِیْنٍ کی نیلگون شامیانۂ آسمان کو
بی ستون برپا فرمایا + اور امین شور و نوا کی دایرہ کو ذکر وَسَارِعُوْا
اِلٰی مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّکُمْ سی ملاءِ اعلی مین بڑھایا + تخمِ عدم سی گلہ
توفیقِ مصفا مین نشانِ وَالَّذِیْنَ جَاهَدُوْا فِیْنَا لَنَهْدِیَنَّهُمْ سُبُلَنَا
ہنجۂ مہر پر چمکایا + اور صحنِ سرای بکا مین قنادیل آہ و انجم کو مصباحِ نور سی
روشن کر کی اوجِ سپہر پر لٹکایا + اگر سوزِ وجود و اسطی مجمرہ گردانی تصرخان کی
عہدہ لِتُجْزٰی کُلُّ نَفْسٍ بِمَا تَسْعٰی مین عقلِ فعال کو دیا + اور گلاب
پاشِ چشم جہر گُنی کو رخسارِ اہلِ رقت کی عطیہ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ
لَا تُحْصُوْهَا سی حوالہ مردم کیا + بیت الاحزان سینہ مین بی دم کی ضریح
دلکو تربتِ درد و اندوہ کا حظیرہ بنایا + اور علمِ نالہ کو جریدۂ آہ اور شدۂ
فغانکی ساتھ روضۂ جگر مین قدسیونکی اوٹھایا + ایوانِ بدن مین بساطِ حیات
جن و بشر کی مجلسِ اعضا و جوارح کو جمایا + اور منبرِ کام و زبان پر ذاکرِ ناطقہ کو
سامعہ افروز کلام کا مقامِ ترنم بتایا + مرثیۂ لَا یُکَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا
اِلَّا وُسْعَهَا کشورِ ایجاد مین رواجِ قبول سی لاجواب کہا + اور نوحۂ
وَخُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِیْفًا پر داغِ عبودیت کو صدورِ شیخ و شاب نی

مجلس دوسری واقعات سیدہ نساء

چھٹی مجلس تذکرہ فضائل و عزم سیدالشہدا امد بیکسرو ح کا ورود اظہار ادم و حوسلام اللہ علیہما عرش پر آل عبا

صفِ مناجات مین اٹھائی کی ہاتھ بڑہائی یہ کلمات دعا کی لب تمنا پر لائی خداوندا جو ان کو
جو تو نی عزیز و مکرم پیدا کیا ہی یہ بیابی کو دور کر دی ہماری فراغت اور تسلی کی لیی فخلق اللہ
تعالیٰ دُرّۃً فحاق فلقہا باخری ایزد باری نی دعا وزاری ملائکہ قبول کی ایک خوشبو دانہ
پیدا کی اور دوسری سی ملا دی فخلق منہا نوراً ثم اضاءت الروح منہا الزہراء
اوسمین سی ایک نور تابندہ جہان افروز نکالا کہ سب عرصۂ تیرہ مین اوسکی روشنی کا دامان پھیلا
فاضاءت منہا المشارق والمغارب اوس چمک نی مشرق و مغرب کی آفاق
تابانی بخشی ساری ملک اور فلک سی لمعۂ برکت کی ہوای طلانی جاتی رہی فمن ذٰلک
سُمِّیت الزہراء زہراء وجہ مذکور سی بینی ابی بی فاطمہ کا لقب زہرا مشہور کیا جو خاتونی
سپہر آفرینش کو اوسکی آفتاب وجود سی نور دیا ای مشتاقانِ جمالِ فضائل اور سنو اپنی عقیدہ کی شرف
نی خمائل کو تا اعتقاد کامل سی دیدہ و دل مین نور معرفت داخل ہو ع عن ابن عباس قال قال
رسول اللہ لعلی بن ابیطالب کتاب علل الشرائع مین ابن عباس رضی اللہ عنہ سی روایت
کی ہی کہ رسول خدا نی علی مرتضیٰ علیہ السلام سی یہ حدیث کہی ہی لما خلق اللہ عز و جل ذریۃ
آدم و نفخ فیہ من روحہ واسجد لہ ملائکتہ و زوجہ حواء منہ
واسکنہ الجنۃ جب رب علا جل شانہ نی طینت مکرم سی حضرت آدم کی قالب کو بنایا
اپنی روح معظم کو اوسکی جسد طیب مین دم فرمایا فرشتہ ہای قدس نی سجدۂ تعظیم کو خاک نیاز پر
سر جھکایا جناب حوا کو حبالۂ عقد مین رتبۂ زوجیت پر لایا دونو کو جوار غایت مین تنعیم باغ جنت کیا
اور خلیفۃ اللہ کی خطاب سی ناز و نعیم فراغت دیا فرفع طرفہ نحو العرش فاذا ھو
بخمسۃ سطور مکتوبۃ ہر جانب وہ عجائب قدرت کی سیر کرتی مراتب اور مناصب
مخلوقات کو دیکھتی پھرتی ناگاہ ساق عرش پر ابو البشر کی نظر پڑی خط جلی مین پانچ سطرین ایسا لکھی کہ

خطبه

وہ داورِ بناہی خیر کہ انبیا کی صفِ مُوالات پر جلوس کو ندای یُبَشِّرُہُمْ رَبُّہُمْ بِرَحْمَةٍ مِنْہُ

وَرِضْوَانٍ سی غرفہ عالیہ جَنَّاتِ عَدْنٍ مُفَتَّحَةً لَہُمُ الْأَبْوَابُ مین جا دیتا ہی

اور مامورِ حرم و دیر کہ حالِ اوصیا کی رونی رولانی پر صلای اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ أَنْتُمْ وَأَزْوَاجُكُمْ

تُحْبَرُونَ سی دعوت مین نعماتِ مُتَّكِئِينَ فِيہَا يَدْعُونَ فِيہَا بِفَاكِہَةٍ كَثِيرَةٍ وَشَرَابٍ

وعدہ وفا لیتا ہی + قادرِ توانا کہ جائزہ اِنشا اور تدوینِ مناقب مین سرفرازانِ بارگاہ کی

خوانِ بذل و نوال پر مائدہ وَلَحْمِ طَيْرٍ مِمَّا يَشْتَہُونَ سی طریقہ کامیابی جتایا + قاہرِ دانا

کہ سعادتمنداملا اور تمکین مصائب مین محرمانِ حضور کی منبعِ عَيْنًا فِيہَا تُسَمَّى سَلْسَبِيلًا

سی شربتِ بَيْضَاءَ لَذَّةٍ لِلشَّارِبِينَ کو ذریعہ سیرابی بتایا + خوشامد بر الہام کنت

كَنْزًا مَخْفِيًّا سی روایاتِ معرفت کی حامل کو دولتِ آفرینش اور جاگیرِ تمکین دی + جبذا

مُبَشِّرِ انعام فَسَوْفَ نُؤْتِيہِ أَجْرًا عَظِيمًا کہ حکایاتِ مثوبات کی قائل کو قسمت آمرزش مین

روزی خلدِ برین کی + اوسکی صفتِ ذات کا بیان ہر شیخوانِ کتابِ ایمان کو دلیل سی مَنْ جَاءَ

بِالْحَسَنَةِ فَلَہُ عَشْرُ أَمْثَالِہَا مستوجبِ نعم کرتا ہی + اور فقراتِ قدرت کا اعلان زمرہ معانی

برہان سی وَيَنْقَلِبُ إِلَى أَہْلِہِ مَسْرُورًا کی مورثِ فوزِ عظیم رہتا ہی + وہ احد کہ اوسکی نور

لِيَبْلُوَكُمْ أَيُّكُمْ أَحْسَنُ عَمَلًا سی ہر شہریبِ انجمنِ محبت معرکہ شوقِ لقا کا شہید ہی + اللہ الصمد

کہ شہید أَيَحْسَبُ الْإِنْسَانُ أَنْ يُتْرَكَ سُدًى مین طالبانِ حقیقت کا نقدِ جان بعیانہ

ایسا معبود جسکی بندگی اخلاص مین قیام و قعود والی محرابِ تیغ کی بصفای نیت لہو سی ضوکی

اینہ موجود کہ اوسکی پرستشِ خاص کی راکعِ مصلّای طاعت پر گردن جھکائی کوی رضا مین سری

گذرتی ہین + اوسکی عاشقانِ جمال روزِ معہودِ وصال مین خطاب يَا أَيُّہَا الَّذِينَ آمَنُوا كُونُوا

أَنْصَارَ اللَّہِ سی جامہ طرحِ جراحات کو زیبِ تنِ ارغوانی پوش بناتی ہین + جانبازانِ

ذکر تالیف کتاب

ذو الجلال شب تو ب لایزال مین پیام یَا اَیَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّۃُ ارْجِعِیْ کی بشارت پر عالم
اہل و عیال کی بار سی سبک دوش رہجاتی ہین وہی حکیم بی نیاز کہ مادۂ امکان مین
بلا کشان خیر الوریٰ محمد مصطفی علیہ التحیۃ والثنا کو سب دردمندون کا قبلہ نما بنایا
نہی رحیم کارساز کہ قدم علیِ ولی اور اولادِ ابرار علیہم السلام کو بارہ تمام سی تسلیم و رضا کی پایۂ
درجۂ اقصیٰ کو پہنچایا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی خَاتِمِ الْاَنْبِیَآءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَاِمَامِ الْاَصْفِیَاءِ
رحمۃ لِّلْعَالَمِیْنَ وَاٰلِهِ الطَّاهِرِیْنَ الْمَعْصُوْمِیْنَ وَاَهْلِ بَیْتِهِ الْمَظْلُوْمِیْنَ وَسَجِّلْ
کَرَمَکَ وَرِضْوَانَکَ لِاَصْحَابِهِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالشُّهَدَاءِ وَالصَّالِحِیْنَ * اما بعد
راقم سطور آثم مُعترف بقصور محتاج غفرانِ لم یزلی محمد حسین ابن محمد علی ابن حاجی محمد بیگ ابن آقا علی
نقی کہ لقب کہاجی سی زبان زدِ اہلِ روزگار ہی ورقِ یادگارِ دہر اور خاطر محبین پر حسن
احلان سی خلاصہ نگار ہی کہ والد میری قوم ترک قبیلۂ افشار شہر ارومیہ کی رہنی والی نوجوان
آذربائجان سی ہندوستان کو آئی شوقِ روضہ خوانی مین اساتذۂ کامل دانا حاجی ابو طالب
اور شاہ حسین رضوان مکانان کی خدمت بجالائی مجھی بہی بدو فطرت سی یہ فنِ سعادت مآل
وراثت مین ملا سامانِ رونق رولانی کو جمع آوری کتب سی بہت مستعد کیا بعض مین
جو تحریفِ نامقبول خدا و رسول دیدۂ تحقیق سی دیکہی کتاب مجالس الاخبار حاوی
اصول و فروعِ ماتم فارسی زبان مین لکہی جب متولد اور مسکن لکہنؤ سی نوکری سرکار
پادشاہی چہوڑ کی چلا ذریعۂ قدردانی اور طلب سی رئیس جنت آرامگاہ کی بلدۂ مین
ملازم رہا ناگاہ ایام عزا مین ایک دن اونکی خلفِ غفران مآب نی بلایا محفل عورات
اور محلِ مخدرات مین پس پردہ خوانندگی کا امر فرمایا حقیر نی بنظرِ کَلِّمُوا النَّاسَ عَلٰی قَدْرِ عُقُوْلِهِمْ
عبارتِ اردو مین مصائب کو مختصر پڑہا نالۂ مرد و زن اور سلسلۂ شیون مشترا زمشتیر پڑہا

اسباب تالیف کتاب

نواب صاحب نی اوس جلسۂ خواتین مین بیانِ مذکور پر ستایش کی، و اسطی تحریر ترجمہ حدیث و روایت
لسانِ ہندی مین مجہ پر فرمایش کی، باوجودِ عدمِ شعور حسب الارشاد عمل مین لایا، صاف کیکی آخر اوکو
حضورِ پر نور مین پہنچایا، کسبِ ثواب کو مجمعِ مستورات مین تحت اللفظ خوان رہی، تاکہ دنیا سی گذرگی
ملقب فردوس مکان ہوی، بعد از انتقالِ فرمان روا جو انصرام سی خدمات سرکار کی ہنوز مجالِ
فرصت نپائی اوس چرچی کی فکرِ تحریر اور تقریر اقدام تساہل سی طبیعتِ قاصر مین نہ آئی، اکثر اوقات
مبتلای امراض رہا، درد و غم و الم کو خاطرِ ناشاد مین بہا، دستِ دہر نی وہ صفحاتِ درخشان شاملِ
حواسِ راقم پریشان کیی، بعض محبانِ قدرشناس نی تقاضی سی عہد و پیمان لیی، کہ اس آغازِ قلیل کی
صورتِ انجام پر بہی جمیل سی متوجہ تکمیل رہو، اور تعمیلِ ثواب کی باب مین ملکِ جلیل کا انعامِ جزیل مدام تحصیل کرو
کیونکہ جو محدثین عن عن لکہتی آی کمتر مفید بکار پایا ہی، مرثیہ ہندیہ مین روایاتِ جعلی سی انواعِ بہتان کا
دفتر بنایا ہی، مجالسِ عزا مین جانا بہنیا طاعتِ معنوی اور صوری، تقریرِ ذاکر کو رغبت سی گوش
کرنا ضروری، مضامین و اشعارِ ہتکِ حرمتِ آلِ عبا خلافِ عصمتِ انبیا و اوصیا مین رونا ہی سود
بلکہ اوسکا منع در صورتِ قدرت مقصود اور خوانندۂ بی ادب کی ملامت محمود، اکثر طالبانِ رقت
وہیں افترا پردازونکو بلاتی اور عذر لاتی ہین، کیا کرین جو عبارتِ اردو پسند آیۂ ہدی مورثِ
جزای خدا نہین پاتی ہین، علما بہی اس عام بلوی ہین دم کہا رہی، اجتہاد کی قدم بندای جہاد مین آگی
نہ بڑہی، مجکو رفیقِ توفیق نی امدادِ ہمت اور اعانت پہنچائی، چشمِ دل کو اقتضاءِ شفیق نی راہِ قدر و
منزلت دکہائی، خصوص نقاوۂ خاندانِ خیر الانام سندِ شرافت خفی و جلی سید حیدر علی خلفِ
میر باقر علی زاد مجدہ کا اہتمام ہوا، خلوصِ زمرۂ عرفانِ ذریتِ کرام علیہم السلام کا مقامِ ارشاد مین
پرا بندہا، ہر چند اپنی طاقتِ استعداد سی احتمالِ بارِ مہام کو دشوار پایا، لاکن طلاقت کا کہول وکا
قوۃ الا باللہ العلی العظیم نی بخوبی سرانجام کار فرمایا، ہماری نواب نامدار بہت بڑی شاعر

طرزِ تالیفِ کتاب

اور صاحبِ دیوانِ غزل تھی۔ علمِ نظریات کی شایق ذی استعدادِ اجل تھی۔ خادم فی جوابیاتِ خمسگا
اور تضمینِ دعا کو بیشتر اونکی تخلصِ ناظم پر تحریر کیا۔ بقای نامِ ولی نعمت کی لیی اوس انتظام کو
قدیم سی تغیر نہین دیا۔ تاکہ موجدِ خیر کی روح نتیجہ حسنات سی جایزۂ نیکنامی پائی۔ حدیقۂ عمل کا پہل
روضۂ جنات مین ہاتھ آئی۔ جسکی زبانِ فہم طرزِ جدید کی لذت اوٹھائی درگاہِ خدا مین دعائی
مغفرت کو دستِ مواظبت بڑہائی۔ سابق ایامِ عشرۂ محرم کی پڑہنی کو شرایعِ مشروع سی دو مجلسین
مشہور تہین۔ بابِ الم ذلک الکتاب مین شان و نزولِ محکم سی متشابہ آیاتِ صواب وہ متون مین
مسطور کین۔ جو ہر واحد کا عبارتِ تمہید مین تحریصِ نالہ و فغان پر جدا جدا عنوانِ گفتار سے
مناسبِ وقت ایک سی دوسری کو بدلنی کا خوانندہ کی ہاتھ مین اختیار ہی۔ خلاصہ التزام اس اقلِ
انام کو مبدا فیاض نی طورِ انسجام کا یون الہام فرمایا۔ کہ آغاز مین رباعیاتِ کلامِ شعرا کو عددِ دعوے
توجہ خاص و عام کیواسطی مختلف اقسام لایا۔ بعد ازان براعتِ استہلال پر شور و شین کی روایات
فضیلت اور مصیبت کا متن شارحِ بوستانِ احزان بنایا۔ سرگذشت کو زبانِ حال مین قرینۂ
مقام سی مقتضای واقعات پر بقدرِ وسعتِ بیان بڑہایا۔ ترجمہ مین حاصلِ مضمون کی رعایت
رکھی۔ جو بات منافی عصمت اور طہارت تہی وہ نہین لکھی۔ کسی عبارتِ فارسی اور ہندی کو
جامۂ عربی نہین پہنایا۔ رقت اور شہرت کی طلب کو اقتباسِ حدیث کا فقرہ لوحِ دل سی مٹایا
قرب و جوار مین تکرارِ الفاظ سی دوری کا ملاحظہ موجود ہی۔ بقدرِ امکان ایک جنس کی دو حرف مین
فاصلہ مقصود ہی۔ موزونی طبع نی یہان تک صفائی تمغے پائی۔ وجودِ فقرات کو زیورِ سجع کی لباسِ
مرصع پہنائی۔ اس دستور العملِ خیرات کو تالیف کیا اور مقدمہ واحد اور تینتالیس مجلس کی بناسے
خاتمہ حاملِ تصنیف ہوا ہی۔ آدابِ زیارات اور حیات و ممات کی ضروریاتِ اہلِ ولا سے
جب اقلامِ حق ارتسام نی آثارِ مناقب اور نوائبِ آلِ سیدِ انام کو حلیۂ اتمام دیا۔ تب اہتمام

نام و تاریخ تالیف

خاطر قدیر رسائی ارشاد غیب سی اخبار ماتم نام کیا + پس یہی تاریخ ہی فقرا ہمی گنجینہ غم کی جو مہ
آفتاب افق طبع فلک خرام سی چمکی قطعہ ملؤلفہ سند سی کتابونکی ناظم نی لکہا + روایات مح
مصائب کو باہم + غم و درد شیون بہری ایسی مضمون + خدا کی مدد سی کئی ہین فراہم + ہر اک لفظ
مفتاح قفل نگاہی + ہر سطر کی سلک گوہر سی توام + ضیابخش مصداق نور علی نور + عروج
معانی کو نہ پایہ سلم + قلم کی زبان پر نہی ہین جو انداز + جواروی قرطاس اسکو نسی پرنم + نظر
جو انصاف کی اونکو دیکہین + تو شاید ثناخوان ہون باہم عالم + حقیقت مین اوستاد روح
القدس ہی + کہ اثبات پر قول صادق ہی محکم + یہ ذکر حسین علی کی ہی بخشش + کہ جسکا عزاخانہ
عرش اعظم + حبیب خدا کا وہ پیارا کہ دایم + محبت کا دم اوسکا بہرتی ہین آدم + رہ دین و
عرفان سی جو راست جائی + درود و سلام اونپہ بہیجی مقدم + خرد سی جو تاریخ تالیف پوچہی +
ندا دی یہ اوسنی کہ اخبار ماتم + جالسان انجمن بیت الحزن کو سچا سخن سنہ ہی کہ در
۱۲۸۵
حدیث معتبر اور حسن جو اس سند از نالہ و شیون مین ہی ، ادن مین بسبب اختلاف مضامین سرکہ
دیکہا جاتا ، لاکن مؤلف سب کو اپنی علمای موثق کی تحریر سی مستند کرتا لاتا ، فکر صحیح کی عور
وجہ اضداد اور نقض یون عقل و نقل مین آئی + کہ واقعات مصائب مین راویان بادیانت کی جانی
رسائی حضوری کہان پائی + اعدا ظلم کرنیوالی ساری جہان کی فاسق اور فاجر بیدین تہے
ناظرین دور و نزدیک یہود و نصاری خواہ نا مسلمان بہی خفای کمین تہی + دو سو تیس برس تک
انہین اشخاص کی مشاہدہ اور سماعت پر سب ماجرا گذرا + جنکی زبانی جملہ قصص مشہور ہین او
سلسلہ بیان منتہی ہوا + بعض نی حکایت مین غلبہ نسیان سی تفاوت کیا + وہ تصرف بنا ہا
حسینی بتقریر ناقل کو قصور فہم سی نہ سمجہا + مگر اپنی طرف سی جو پایا ویسا لکہا + پہر چار سو برس
بلکہ زیادہ شدت اخفا مین یہ افسانی درمیان خلایق لسانی مذکور ہوتی آئی + تاکہ شیعہ اور سنی

مجلس سولہوین شہادت اقربای مظلوم کربلا

مجلس سترہوین شہادت قاسم بن الحسن علیہ السلام

مجلس اٹھارہوین شہادت عباس بن علی علیہ السلام

ذکرِ اختلافِ حدیث و روایت

فضلائی ہر گوشہ و کنار سے اقوالِ مردم کو سنکی ثبت کتاب فرمائی ہیں چشہ در ان مین جمع شدید
اخبار اور حصولِ نام و نمود کی راہ و اصل فرقۂ طالب جاہ کہی سخن ساز و نکتہ پرداز کی
مجال خاطر خواہ ملی فریقین کی واقعہ نویس نی اوسمین تقسیم ستۂ حدیث کو عدم امکان سے
اسبابِ ترجیح مانا ذکرِ ہر ایک سانحہ کو یاد حضرات کی لیئی جو بلایا مین صبر کیا مورثِ فضیلت او
متعین بکا جانا بہت مدت مین آثارِ مناقب اور مصائب کو قیدِ نگارش مین لائی فاصلہ وسطے
جو صدہا سال گذری فتورِ منافات ایک دوسری کی حافظہ پر ظہور مین آئی لہذا مین لوازم
توفیق اور توثیقِ عباراتِ مندرجہ سی ناچار ہون جو سانحہ دفترِ سلف مین لکہا پایا اور خارج
عصمت نظر نہ آیا اوس مین پابندِ رشتۂ اظہار ہون از انجملہ فاطمہ بنت امام ابرار کا مدینہ مین
رہنا مرضِ فراق کی ابتلا سی عراق مین پدرِ بزرگوار کو نامہ رقم کرنا روایتِ ثانی واقعہ کربلا مین
اہلحرم کی ساتہہ تاراجی کا درد و الم سہنا بازارِ کوفہ و شام کی رہگذار مین خلق کو سخنِ ملامت کہنا
لاکن شادی قاسم جو اول بیاضِ فخری مین ذکر آیا وہی ماخذِ روضۃ الشہدا ہی انہین دو کتاب
عربی اور فارسی کی سند سی بساطِ عزا پر ہنگامۂ نشاط کو سب نی پہیلایا ہی عدمِ تدبر مین برا ہو گا
عقل و نقل کی رو سی کہا گیا خبرِ معتبر مین فاطمہ کا بیاہ حسنِ مثنی کی ہمراہ قبل از سفرِ کربلا ظہور پایا
دوسری وہ ضغطۂ جدال اور محاصرۂ اعدا مین ایسی تقریب کی مہلت اور ضرورت کہان تہی
عبارتِ اعلام الوریٰ سی معلوم ہوا کہ بازگشتِ خیمہ تک بہی مجالِ امان ہرگز نہ ملی تیسری سن و
سالِ قاسم روزِ شہادت مین والد کی تین برس کا پایا جاتا ہی لہذا غیر بالغ ہونا شاہزادہ کا
تحریرِ وصیت نامہ اور قبالۂ نکاح کو مٹاتا ہی وقوعِ زفاف غلط کہ فقدان آب سی دو فرزند
امام جنب رہین معاذ اللہ اسمین فکرِ صحیح کو دخل نہ دینا رہی پیروی ضلالت پناہ زارع
بنی اسد کا مشاہدہ صورتِ شیر مین ولیِ خدا کو جو عقل سی آتا تہا ہی ایمان کی خلاف

9

تعریف کتاب

مہانداری شیرین پہاڑ پرور ودسواری ہندہ خرابۂ زندانین ملا محمد خطا کی بنائی ہتیان صاف الاوخانت سکینہ
خاتون شہر دمشق مین حکایت ہی مشہور پھراونکا عقد مین جانا شوہر کی اور مدتِ دراز تک جینا ہی سطور
دو نو حادثون مین کچہہ قباحت نہین جو پڑہی اوسکو ہرگز مخافت نہین اما در بابِ سر سرور دین اخبار مختلف
دفن ہونی کا شام او بصرہ و کربلا و نجف اور مدینہ مین جو نظر آیا واقعی اوسکی حقیقت حال کو معلوم نہین کس وجہ سے
ناقلینِ آثار نی متغیر فرمایا۔ خلاصۂ تقریر مختصر کرون دفعِ اعتراض کی بیان کو ایسا بہت ہی مقام شبہ اونمین
تردیۂ اغماض لازم جانلو عاصی نی ہر مصیبت پر سیرتِ انبیا و اولیا کا دہیان لگایا مجالس الاخبار کی
سرچشمۂ صدق و صفا سی دو سرا دریای عرفان بہایا اوسی روضۂ خلد آیین کی چمن سطور سی گلہای الفاظ
رنگین کو سبدِ تالیف پر چہایا وہی عمان کی صدفِ ادراق سی لآلی حروف پر معانی کو سلکِ تحریر مین لا با
منجمع فقراتِ آبدار اشکبار کو طرۂ دستارِ صفحات رکہا مجمع فارسی زبان کو تبدیل جا و مقام سی کہا
جسکی حلاوتِ تعریف پر نخلِ ماتم کی ثمر طبقِ اعلان مین رطب اللسان گرتی ہین بشارتِ توصیف سی بحر الصاب کی
دُر و گوہر دامانِ بیان مین غلطان او پیچان پہرتی ہین چشم بداندیش دور یہ مسودۂ پسندیدہ ضیاء الابصار کا
نور افزا کحل الجواہر ہی دلِ نیک نہاد مسرور کہ عجالۂ گزیدہ خلاصۃ المصائب کا سرمایہ زر خار ہی سواد کا
ڈہنگ تیلیون پر حورانِ جنت کی چشمک زن بیاض کا رنگ طباشیر صبح عید کو جلوۂ پیرہن فصاحت مین
طوطی سدرہ اور عندلیبان طوبی ثناخوان بلاغت سی علم بیان اور معانی کا سلسلہ عیان سلاست مین
کلام کی روانی سلسبیل اور موجہ کوثر پانی بہری رشاقتِ الفاظ مین باہمہ زبان دانی روح الامین
سماعت پر کان دہری فقرات نثر کو عقد ثریا کی ساتہہ قدر و قیمت کا دعوی ہی ابیات کی نظم سے
پروین او سنبلہ نی عروض خجلت کو پایا ہی یہ دفینۂ مناقب او مصائب شاہ لولاک
لما خلقت الافلاک ہی خزینۂ رحمت اور کرامتِ ایزد پاک بلکہ عرش علا کا زیور تابناک ہی
جسکی ایک در بیر شک سی رونی والی کو قصر یاقوت اور ایوانِ زمردی صرف درہم سی الم او ٹہانی پر

اسناد و ماخذ کتاب

گنجِ آمرزش نقدِ رضوان ہاتھ لگی اس حدیقہ جنات الخلود نی بحار الانوارِ مجلسی کی مجاری سے
نزاہت میں آبیاری پائی اور جریدہ صفحات کو پرچم اعلام الوری سے طبرسی کی زینت پرستکوہ
سالاری آئی و صحاح زبدہ شش جہات کو منتخبِ فخری سے وہ انتساب ہے جو کتاب و سنت کی
مطابقِ انواعِ گزیدہ کی وجات میں فوادحِ حسنیہ کا لبّ لباب ہے کہ اسباب مصیبت شایق، عمان مواج
جذر و مد پر ذنوب کی عین البکا سے جدولِ آمرزش ہے بہ برہان و نتاج کو اصول و فروع میں دلایل الشہدا کے
ساتھ مجمل سازش ہے اس نسخہ کیمیا کو اوزانِ فریاد و فغان میں اجزای کنز العبادات سے ملون
اجساد بنایا، اور نصایح سودمند سے گوش الم فراموش میں تنبیہ الغافلین کی اوراد کو سنایا
مسلکِ طاعات میں شہید ستان بی مایہ کو زاد المعاد سے توشۂ کارآمد مہیا کیا، اور بیکر حیات و
ممات میں صاحبانِ بلند پایہ کو ضروریاتِ حلیۃ المتقین سے پیرایۂ زیبا دیا، و آفتانِ بابِ دار السلام
تحفۃ الزائر سے آداب کی راہ دکھائی، مسبحانِ صلوۃ و صیام کو مفتاح الفلاح کی نوادر سے صفِ صناعِ ابلغ
بچھائی، عبارات میں جوشش عبرات سے وہ روانی ہے کہ سحبان وائل قائل ہو جائے، حکایات میں
کوششِ ترصیعات پر ایسی خوش بیانی ہے جو فردوس کی عنادل کو شاغل فرمائے، جرعہ نوشانِ صہبای غم کو راح ارغوان
جو خمخانہ سعی میں ولای ساقی کوثر کی وہ شراب طہور کا لی جسکا خمار نشہ ابد تک قہوۂ تلخ ملامت سے نہ ٹوٹے
گلچینانِ بہارِ الم کو غنچہ دل خنداں ہو جو چمن سخن میں وہ لالہ و ریحانِ حقایق کا دستہ باندھا جسکا رنگ شادابی
باغچہ عمر کی خزاں سے نہ چھوٹے، طفلانِ دبستانِ بلاغت کو جو فنِ قرآن شریف سے آیات خدا کی شان میں تفسیر غلط پڑھتے
دستِ ارشاد کا تازیانۂ بصیرت لگایا، عریان پیکرانِ ہدایت کو جو آستین و گریبانِ افادت میں پیوند بہتان
وصل کرتے دنیای مطرزِ اعتماد کا حلۂ قبولیت پہنایا، خشک دماغانِ سودای غفلت کیواسطے روغن بنفشہ یادِ ام یتکلا
کہ انکھوں میں تراوت رہی، مرحلہ پیمایانِ زوایای جہالت کی لیے سوز و گدازِ حسرت کا چراغ جلایا کہ نظر میں منتِ الاخرین
صداقت چڑھی، مجنونِ لیلی مضمون کو جو بلا قیدِ صحتِ دیوانہ وار واسوخت کہتا سلسلہ تحریر سے زنجیرِ نصیحت پہنائی

مجلس چوبیسون ...

مجلس پچیسوین تاریخ ...

مجلس چھبیسوین ...

فوائدِ کتاب

اور مضمون عذرای شہرت کو جو شہر بندِ سخن سازی مین در بدر پھرتا، غلغلہ تحدید سی عروسِ حقیقت سمجھائی، آب ورنگِ حدیث و روایت سی وہ قواعدِ صوت اور معنی بتائی کہ صفحۂ سینہ پر نقشِ ماتم کھینچی، آدویۂ مطیبِ تعزیت کی ایسی عطر گلزار بنائی تا جامۂ شکین سوگوارین شمیم الم پہنچی، بلکہ عشقبازانِ بساطِ ایمان جو کعبتینِ اندوہ و ملال سی کھیلتی ہین داوِ حریفِ شیطان کی مُہرۂ عمل کو نہ مارین، اور سر و دسرایانِ بزمِ عزاخان جو نغمۂ خیال مین تان اور اوپچکی لیتی ہین حالِ وجد سی قولِ دخل بر ہاتہ پھیر نہ مارین، انقباضِ طبایعِ قاسیہ اس حبِ ایارج سی کیفیتِ ملال پر ملایم رہی، اور سکتۂ نفوسِ خاطیہ کو نخلخۂ روح افزا شور و ابتہال سی تشاجم کری، حاذقِ طب قلق اور سوگواری ماہر ہی کہ کتبِ مخرقۂ عصیان کو اس تدبیر سی یہ چکیدۂ دیدۂ تبرید معتدل ہی، اور شایقِ گنجِ آہ و زاری پر ظاہر کہ مفلسی مین روزِ حساب کی خریدِ جنسِ غفران کو یہ بدرۂ شور و شین سرمایۂ کامل ہی، فاقہ کشانِ زمرۂ اہلبیت کو جو ہر ناکس کی جھوٹی لقمہ پر فکرِ معاش مین منہ پھیلانی کُل جدیدٍ لذیذ فرماتی، صدقِ مقال سی آذوقۂ حلال کا انبار ہی، اور عابدو شانِ صومعۂ ریا کو جو دیرِ ترسا و مجوس مین شبہۂ حرم پر جاتی، ذکرِ نجات مین ناقوس بجاتی اصلاحِ حال سی حسنِ اعمال کا وظایفِ زحشا رہی، رجا کہ سبق پڑہنی والی بہری شرایعِ سموم کی مکتبِ دارین مین روبروی عالمِ اسرار آموختۂ الزام و قبولِ انعام بی سواد ہین، اور کاتبِ حروف کو مقطعاتِ انجام پر مع آب و جذرونی رولانی ہین جب فضیلت پائین، دعای مغفرت سی یاد کرین، امید کہ یہ ذخیرۂ مثوباتِ دارین جو دامنِ آرایش مین بھراہی، اور پیرایۂ حسناتِ ثقلین کہ معیارِ استعدادی کفِ نمایش پر دہراہی بنظرِ قبول نذرِ حضورِ مصدرِ جلال ہو، اور یہ مختصر ماٰمولِ نتیجۂ حصولِ قدر سی مشتہر لازوال ہو

مقدمة الكتاب

ارباب دانش جانتی ہین کہ ایزد باری ساری مخلوق پر ارشاد ہی وَلَقَدْ کَرَّمْنَا بَنِیْ اٰدَمَ وَ

حَمَلْنٰاهُمْ فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنٰاهُمْ مِنَ الطَّیِّبٰاتِ وَفَضَّلْنٰاهُمْ عَلٰی کَثِیْرٍ مِمَّنْ خَلَقْنٰا

تَفْضِیْلاً ایسا مہربان ہی، اصحاب نگارش پہچانتی ہین کہ ذات کردگاری منطوق بیخا

اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ یُتْرَکُوْا اَنْ یَقُوْلُوْا اٰمَنَّا وَهُمْ لَا یُفْتَنُوْنَ سب کا طالب امتحان

ہی، اگرچہ سعید اور شقی کا ازل سی شناسا ہی ناجی اور ناری کا آگاہ ہی، لیکن بنا بر اتمام

حجت جسد ابرار و اشرار کو نایرہ تکلیف مین گداز کرتا ہی، زر خالص اور ناسرہ کو بازار شہود

زبان مین محک امتیاز پر کستا ہی، قال مین چاشنی حال کو بنظر خاص دیکھتا ہی، رفاہ اور خلاف

قدر و قیمت کو سکہ اخلاص کی پرکہتا ہی، اس بات کا مؤید ہی خلاصہ مطلب البلاء للولاء کا

للذہب مگر آزمایش کی مختلف اقسام ہین، اسکی وجہ تفاوت مین قاصر اوہام ہین، عسرت و

ناداری، ملالت و بیماری، شرف بزرگی مین اہانت خواری، تسلط اعدا، غم فوت اقربا،

نقصان مال اور تلف ہونا عیال کا، زوال جاہ اور نہ رہنا جلال کا، فلاکت اور ذلت نسوان

ہلاکت اور فنای جان، خواہ برعکس نظایر مذکور، دولت و نعمت کا وفور، افزونی حشمت

وحکومت، موزونی ملک و سلطنت از آدم تا خاتم عالم ابتلا سب کا جدا ہی، مصلحت و مناسبت سے

واقف خدا ہی، ابو البشر دوری جنت و فراق حوا سی نالان، نوح تا مدت دراز نوحہ خوان کشتیبان

ورطہ طوفان، ابراہیم خلیل کا نار نمرود مین گزار، اسماعیل کا خنجر زیر خنجر آبدار، یعقوب ناصبوری

فرزند مین مبتلا، یوسف الم زندان سی مقید سلسلہ صبر و رضا، موسی زحمت فرعون و آفت

تیہ سی پرخطر، داود و سلیمان بادشاہت کی افسر سی بہرہ ور، ایوب آزردہ جان عداوت

شیطانی، یونس کو شکم ماہی مین حوالات ظلمانی، عیسی دار محنت پر مصلوب، زکریا و یحیی ہلاکت سے

مقدمة الکتاب

منسوب خضر والیاس زندہ جاوید رہین، احمد مختار جفای صنادید بہین، توضیح اس عبارتِ مجمل کی ضمنِ معانی احادیث وروایات مین بیان کرونگا، تشریح ان آیاتِ مشکل کی آسانی سی صفحاتِ اعلان مین لکھونگا مع رُوِیَ عَنِ ابْنِ رِبَابٍ قَالَ سَأَلْتُ اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ کتابِ معانی الاخبار مین ابن رباب سی ذکر کیا راوی نی کہا مینی امام جعفرِ صادق علیہ السلام سی اس قول خدای عزوجل کا ترجمہ پوچہا وَمَا اَصَابَكُمْ مِنْ مُصِيبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ اَيْدِيكُمْ وَيَعْفُوا عَنْ كَثِيرٍ یعنی مبتلا نہین ہوتی تم لوگ مصیبت مین الاوہ کہ جنبی کسب کیا اپنی ہاتہون سی اور بخش دیتا ہی بہت کو امرزگار عاصی بندون سی اَرَأَيْتَ مَا اَصَابَ عَلِيًّا وَاَهْلَبَيْتِهِ هُوَ بِمَا كَسَبَتْ اَيْدِيهِمْ وَهُمْ اَهْلُ بَيْتِ طَهَارَةٍ مَعْصُومُونَ ایا ہو سکتا ہی جو تمنی دیکہا کہ مصیبت کا صدمہ علی علیہ السّلام پر گذرا، خواہ اونکی اہلبیت نی بارِ تصدیع کو اوٹہایا، ساری محنت کو اپنی دست افعال سی پایا، دران حالی کہ وہ سادات ہین خانوادہ طہارتکی برگزیدہ خدا ہین اہل عصمت کے فَقَالَ اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ كَانَ يَتُوبُ اِلَى اللّٰهِ وَيَسْتَغْفِرُهُ فِي كُلِّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ مِائَةَ مَرَّةٍ مِنْ غَيْرِ ذَنْبٍ فرمایا بتحقیق کہ رسولخدا علیہ الصّلوۃ وآلہ درگاہ الہی مین تائب ہتی بی صدورِ گناہ دنرات مین سو مرتبہ استغفار کرتی، اِنَّ اللّٰهَ يَخُصُّ اَوْلِيَائَهُ بِالْمَصَائِبِ لِيَأْجُرَهُمْ عَلَيْهَا مِنْ غَيْرِ ذَنْبٍ بدرستی کہ اللہ تعالی نی اپنی دوستونکو خصوصیت دی کہ بارِ مشقت اوٹہائین، تاکہ اسکی عوض مین بدون معصیت درجہ رفعت وکرامت پائین، جیساکہ توبہ کرنا بیشتر خلایق کو باعث محو گناہان ہی، واسطی انبیا اوراوصیا کی سبب علوّ شان زیادتی قربِ یزدان ہی، یہی حال ہی کربت اور ابتلای رحمت کا، جو نتیجہ ہی عفو جرایم بلکہ ذریعہ نزولِ رحمت کا، وَقَدْ قَالَ النَّبِيُّ اَعْظَمُ النَّاسِ بَلَاءً الْاَنْبِيَاءُ ثُمَّ

مقدمۃ الکتاب

الاوصیاء ثم الامثل فالامثل فرمایا خیر الوریٰ نے تمام اہل دنیا سے زیادہ اندوہ او
بلا ہے پہلی انبیا کی پہر اوصیا اور اونکے بعد احبا اور سائر خاصان خدا کی لــ ج ب
محمد بن ابراھیم بن اسحاق الطالقانی قال کنت عند الشیخ ابی القاسم
الحسین بن روح مع جماعۃ فیھم علی بن عیسی القصری کتاب اکمال الدین میں
محمد ابن ابراہیم سے روایت کی ہے جو اونسے اپنی حکایت پر سند دی ہے میں ایک جماعت کے
ہمراہ جو اوسمیں علی ابن عیسی قصری بہی تہا شیخ ابو القاسم حسین ابن روح کی پاس بیٹہا تہا
فقام الیہ رجل فقال لہ ارید ان اسألک عن شیء فقال لہ سل
عما بدا لک ناگاہ ایک ادمی کہڑا ہو کی اونسے بولا میں چاہتا ہوں تجہسے کچہہ پوچہنا جواب دیا
جو تیرا دل چاہی وہ سوال اپنا کرلے فقال لہ الرجل اخبرنی عن الحسین بن علی
اھو ولی اللہ قال نعم اوس مرد نے کہا خبر دے مجہے یا شیخ اس بات کی بہلا حسین ابن علی علیہما
السلام دوست خدا تہے فرمایا بہت بڑے محبوب کبریا گذرے قال اخبرنی عن قاتلہ اھو
عدو اللہ قال نعم عرض کی بتا او نکا قاتل دشمن الہی تہا یا نہیں سمجہایا وہ شقی لعین ہی او
عدو رب العالمین قال لہ الرجل فھل یجوز ان یسلط اللہ عدوہ علی ولیہ
اوس شخص سائل نے اعتراض کیا جائز ہے کہ قادر توانا نے دشمن کو دوست پر تسلط دیا فقال
لہ ابو القاسم افھم عنی ما اقول لک ابو القاسم نے کہا میں جو ابدون اوسکو
بوجہ لے تہا کہ اس دغدغہ میں تجکو اعتقاد صحیح ملے اعلم ان اللہ عز وجل لا یخاطب الناس
بشھادۃ العیان ولا یشافھھم بالکلام اے نادان جان اور میری رمز کو پہچان
اللہ تعالی کسی کی روبرو چشم ظاہر میں دکہائی نہیں پڑتا ہے اور نہ اونسے بے حجاب مقابلہ میں
کلام کرتا ہے ولکنہ عز وجل بعث الیھم رسولا من اجناسھم واصنافھم

19

صفحہ فہرست حاشیہ بعد کتاب کے

مقدمة الكتاب

بشرا مثلهم لاکن واجب الوجود نی آفریدگان ممکنات کی ہدایت کو پیغمبر بہیجی اونکی صنف
بشر اور جنس خلق سی مبعوث کیی۔ فلو بعث الیہم رسلا من غیر صنفہم وصورہم
لنفروا عنہم ولم یقبلوا منہم اگر اونکی صورت و سیرت سی رسول نہین بہیجا۔ تو ہر آئینہ
لوگونکا دل ہرگز نہ مانتا۔ قول نبی کو قبول نکرتی۔ امر تکلیف سی بیگانہ رہتی۔ فلما جاؤہم
وکانوا رسلا من جنسہم یاکلون الطعام ویمشون فی الاسواق پس وہ
رہنما جب اوسی قسم اور نوع کی آئی۔ مثال مردم کہانا کہاتی کوچہ اور بازار مین پہرتی پائی
قالوا لہم انتم مثلنا فلا نقبل منکم حتی تاتونا بشیء نعجز ان ناتی بمثلہ
اونسی کہا عبادنی تم ہماری صوت کی ہو تمہاری بات نہین مانتی جبتک وہ کام نکرو جو اوسی
ہم نہین جانتی فنعلم انکم مخصوصون دوننا بما لا نقدر علیہ جسپر ہم قادر نہین
وہ ظاہر کرو۔ تو جانین کہ شرف اور کرامت پر تم مخصوص ہو۔ فجعل اللہ عز وجل
لہم المعجزات التی یعجز الخلق عنہا پس اللہ تعالی نی اپنی پیغمبرونکو معجزات ایسی قوتین
عطا کین۔ کہ طاقت بشری سی نہو سکین۔ وہ باعث عجز خلایق ہوئین۔ فمنہم من جاء
بالطوفان بعد الانذار والاعذار فغرق جمیع من طغی وتمرد ایک اون نبی
ڈرانی اور سمجہانی کی بعد جلال مین آیا۔ اہل انکار پر بلای طوفان کو لایا۔ جن لوگونکا تمرد اور
طغیان دیکہا تہا اون سبکو موج قہر مین ڈبو دیا۔ ومنہم من القی فی النار فکانت
علیہ بردا وسلاما دوسری نبی شعلہ نار نمرودی مین ڈالی گئی۔ کہ وہ آتش سوزان
سرد اور سلامت رکہنی والی رہی جو تپ نادی نہوی۔ ومنہم من اخرج من الحجر الصلد
ناقۃ واجری فی ضرعہا لبنا اونمین ایک وہ تہا جنی خارا پتہر کی اندر سی اونٹنی
نکالی کہ جاتو نسی دودہ بہتا قوم نی دیکہی بہائی۔ ومنہم من فلق لہ البحر وفجر لہ

مِنَ الحجرِ العیونُ وَجُعِلَ لَهُ العصاءُ الیابِسَةُ ثعبانًا فَتلقف ما یافکون

ایک نبی کی واسطی دریا شگافتہ ہوا رستہ چلنی کو پانی دیوار بنا کہڑا رہا پتہر سخت کی آب رواں کا

چشمہ نکلا، سوکہی لکڑی کا عصا اژدہا بنا، ساحروں کی شعبدونکو سب نگل گیا، فرعون اور اوسکی

تابعین کو ڈرادیا و مِنہُم مَن اَبرءَ الاکمَہَ وَالاَبرَصَ وَاَحیَی المَوتیٰ بِاِذنِ اللّٰہِ

عَزَّوَجَلَّ وَاَنبَاءَهُم بِمَا یَاکُلُونَ وَمَا یَدَّخِرُونَ فِی بُیُوتِہِم اونمین سی ایک مادرزاد

اندہونکو روشنی چشم دیتی بیماری برص اور جذام کو اچہا کرلیتی باذن خدا پاتی تو مردونکو جلاتی

لوگ جو اپنی گہر مین کہاتی خواہ چہپا کی رکہتی اونکی خبر مفصل فرماتی ہر چیز کا نام اور پتا بتاتی

وَمِنہُم مَنِ انشَقَّ لَہُ القَمَرُ وَکَلَّمَہُ البَہَائِمُ مِثلَ البَعِیرِ وَالذِّئبِ وَغَیرِ

ذٰلِکَ اور اونمین ایک وہ سید البشر تہی جسکی اشارہ انگشت سی چاند دو ٹکری ہوا جیوانات

مانند اونٹ اور گرگ وغیرہ نی صاف کلام کیا فَلَمَّا اَتَوا بِمِثلِ ہٰذِہِ المُعجِزَاتِ وَعَجَزَ

الخَلقُ مِن اُمَمِہِم عَن اَن یَاتُوا بِمِثلِہِ جب یہ خرقِ عادت سامنی لائی مرسلان خدا نی

بڑی معجزی دکہائی تو اونکی امت مین لوگ شرمائی کہ ویسا کرنی سی عاجز آئی کَانَ مِن

تَقدِیرِ اللّٰہِ وَلُطفِہِ بِعِبَادِہِ وَحِکمَتِہِ یہ صورت تقدیر الٰہی کی حکمت سی ظاہر ہوئی

چشم لطف وعنایت خدا ناظر حال بربندوں کی رہی اَن جَعَلَ اَنبِیَائَہُ مَعَ ہٰذِہِ المُعجِزَاتِ

فِی حَالٍ غَالِبِینَ وَفِی اُخرٰی مَغلُوبِینَ وَفِی حَالٍ قَاہِرِینَ وَفِی حَالٍ مَقہُورِینَ

اپنی پیغمبرونکو رب ودود نی آزمایا، باوجود ہونی ان معجزات کی ایسا کیا جو کبہی غالب اور دوسری

وقت ضعف رہا، کاہی زبردست زمان ثانی زیردست کا رتبہ دیا وَلَو جَعَلَہُم فِی جَمِیعِ

اَحوَالِہِم غَالِبِینَ وَقَاہِرِینَ وَلَم یَبتَلِہِم وَلَم یَمتَحِنہُم لَاتَّخَذَہُمُ النَّاسُ

اٰلِہَۃً مِن دُونِ اللّٰہِ اگر ایزد قدیر سب حال مین اونکو غالب رکہتا عجز بشریت مین

مقدمۂ کتاب

امتحان اور ابتلا کرتا۔ ہر آینہ ساری بندی حضرت اُنکو بہول جاتی اُونکی صورت کی عبادت سب لاتی
وَلَمَّا عَرَفَ فَضْلَ صَبْرِهِمْ عَلَى الْبَلَاءِ وَالْمِحَنِ وَالْاِخْتِبَارِ پس اُونکی شرف کو تمام
عالم مین اور بلا و محنت کی پہچانا کہ اختیار تہا وہ قبول کرین یا چہوڑدین اذیت اوٹہانا۔ وگرنہ
درجہ فضل خلایق پر جیار رہتا۔ مرتبہ تحمل اقتدار مین اور بلاکی ہرگز نہ کہلتا تو لٰكِنَّهٗ تَعَالٰى
جَعَلَ اَحْوَالَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ كَاَحْوَالِ غَيْرِهِمْ لِيَكُوْنُوْا فِيْ حَالِ الْمِحْنَةِ وَالْبَلْوٰى صَابِرِيْنَ
وَفِيْ حَالِ الْعَافِيَةِ وَالظُّهُوْرِ عَلَى الْاَعْدَاءِ شَاكِرِيْنَ لاکن خالق نی اونکو جامۂ انسانی
پہنایا گذران معاش مین شامل اور آدمیونکی بنایا تاکہ ابتلای محنت اور ایذای اہل عداوت مین ہم
جب آرام و چین اور صحت پائین دشمنون پر ظفر ہو تو شکر کرین وَيَكُوْنُوْا فِيْ جَمِيْعِ اَحْوَالِهِمْ
مُتَوَاضِعِيْنَ غَيْرَ شَامِخِيْنَ وَلَا مُتَجَبِّرِيْنَ وہ بزرگوار ہر حال مین قوت و ضعف کی
عباد اللہ سی متواضع رہی تکبر اور نخوت کی ہرگز مرتکب نہین ہوئی وَلِيَعْلَمَ الْعِبَادُ اَنَّ لَهُمْ
عَلَيْهِمُ السَّلَامُ اِلٰهًا هُوَ خَالِقُهُمْ وَمُدَبِّرُهُمْ فَيَعْبُدُوْهُ وَيُطِيْعُوْا رُسُلَهٗ تاکہ خلایق
جانین اوس امر کا جان آفرین مدبر امور اور پالنی والا ہی پیغمبر حضرت اُکی طاعت اور عبادت
پروردگار کو پہچانین واجب الادا ہی وَيَكُوْنَ رُسُلُهٗ حُجَّةَ اللّٰهِ تَعَالٰى ثَابِتَةً عَلٰى مَنْ
تَجَاوَزَ الْحَدَّ فِيْهِمْ وَادَّعٰى لَهُمُ الرُّبُوْبِيَّةَ ہر آینہ اوسکی انبیا و رسول حجت واثق ہین
اوسپر جو حد الٰہی سی نکل جائی اللہ کو بہول کی ان سادات پر شان خدائی کا شبہ لائی
اَوْ عَانَدَ وَخَالَفَ وَعَصٰى وَجَحَدَ بِمَا اَتَتْ بِهِ الْاَنْبِيَاءُ وَالرُّسُلُ یا جو مرتکب ہو
مخالفت اور سرکشی اور عصیان کا۔ بالائی ہوئی احکام انبیا و مرسلین سی جسنی انکار کیا
وَلِيَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ عَنْ بَيِّنَةٍ وَيَحْيٰى مَنْ حَيَّ عَنْ بَيِّنَةٍ پس اگر ایسی دلیل اور برہان
عیان کو نہ دیکھا وہ فتنہ تباہ اور ہلاک ہوا جو اوس طریق کا مطیع اور پیرو بنا البتہ آمرزیدہ

مقدمۃ الکتاب

داریں زندہ جاوید رہا۔ قَالَ اِنَّ الثَّوَابَ مِنَ اللّٰہِ تَعَالٰی ذِکْرُہٗ عَلٰی ضَرْبَیْنِ اِسْتِحْقَاقٍ وَّاخْتِصَاصٍ کتاب خصال میں قول معصوم سے کہا ہے ثواب اللہ تعالی کو دو قسم ارشاد کیا ہے ایک استحقاق کہ طاعت سے ملتا ہے دوسرے اختصاص جو فضل و کرم سے عطا کرتا ہے وَلِئَلَّا یُحَقِّرُوا ضُعَفَاءَ الضُّعَفَاءِ وَلَا فَقِیْرَ الْفُقَرَاءِ وَلَا مَرِیْضَ الْمَرْضٰی لاکن ہر شخص پر اوسکا بھید نہیں کھلتا ہے کہ کس لیے خالق ابتلا میں کرتا ہے اسواسطے نہیں چاہیے کہ ضعیف کو اوسکی سلب طاقت میں حقیر سمجھو یا فقیر کو بسبب ناداری کی خواہ مریض کو بسبب بیماری کی ناچیز دیکھو وَلِیَعْلَمُوْا اَنَّہٗ یُسْقِمُ مَنْ یَّشَآءُ وَیَشْفِیْ مَنْ یَّشَآءُ مَتٰی شَآءَ کَیْفَ شَآءَ بِاَیِّ سَبَبٍ شَآءَ تقین جانو کہ وہی حکیم بے نیاز بیمار کرتا ہے جسے چاہتا ہے اور صحت دیتا ہے جسکو مناسب جانتا ہے جب چاہے جس طور چاہے جس علت سے چاہے وَیَجْعَلُ ذٰلِکَ عِبْرَۃً لِّمَنْ شَآءَ وَشَقَاوَۃً لِّمَنْ شَآءَ وَسَعَادَۃً لِّمَنْ شَآءَ اور جسکی واسطے چاہتا شقاوت یا سعادت نصیب کرتا ہے وَھُوَ عَزَّوَجَلَّ فِیْ جَمِیْعِ ذٰلِکَ عَدْلٌ فِیْ قَضَآئِہٖ حَکِیْمٌ فِیْ اَفْعَالِہٖ لَا یَفْعَلُ بِعِبَادِہٖ اِلَّا الْاَصْلَحَ لَھُمْ وَلَا قُوَّۃَ لَھُمْ اِلَّا بِہٖ باوجود اسکی وہ پاک پروردگار ان ساری امور میں عادل قضا یا ہے اور اپنی افعال میں منصف اور حکیم و دانا ہے بندونسے کوئی فعل بدون اونکی صلاح اور ضرورت نہیں ظہور میں لاتا ہے اور کسی کو زور و طاقت بے امداد الہی نہیں آتا ہے رُوِیَ فِی الْمُنْتَخَبِ اَنَّ مُوْسٰی لَمَّا تَوَجَّہَ مُنَاجَاتَ رَبِّہٖ عَزَّوَجَلَّ اَعْرَضَہٗ رَجُلٌ مِّنْ عِبَادِ اللّٰہِ الصَّالِحِیْنَ کتاب منتخب فخری میں روایت کی ہے یہ بات سند سے کہی ہے ایک دن حضرت موسی نے مناجات الہی کیواسطے ارادہ کیا ناگاہ بندگان خدا سے مرد صالح راہ میں ملا فَقَالَ لَہٗ یَا مُوْسٰی اَبْلِغْ رَبَّکَ اَنِّیْ اُحِبُّہٗ وَاَنَا مُطِیْعٌ لَّہٗ کہا یا موسی اپنی رب کو میرا پیام پہنچا ناد میں اوسے بہت

مقدمۃ الکتاب

چاہتا اور طاعت بجا لاتا ہون فَلَمَّا فَرَغَ مُوْسٰی مِنْ مُنَاجَاتِ رَبِّہٖ نُوْدِیَ یَا مُوْسٰی
اَلَا تُبَلِّغُنِیْ رِسَالَۃَ عَبْدِیْ جب موسی نی باتون سی خدا کی فراغت پائی ندا غیب
آئی کہ تمنی کیون ہماری بندی کی رسالت پہنچائی فَقَالَ یَا اِلٰھِیْ اَنْتَ الْعَلِیْمُ بِمَا
قَالَ عَبْدُکَ موسی نی عرض کی خداوندا تو بینا اور دانا ہی جو سخن تیری عبد صالح نی کہا
خوب جانتا ہی فَقَالَ لَہٗ ذُو الْجَلَالِ یَا مُوْسٰی وَاَنَا اَیْضًا اُحِبُّہٗ خالق انام نی فرمایا
ای موسی اوسکی نیت پر نظر کرتی ہین اور مدام ہم بہی اوسی دوست رکہتی ہین فَازْدَادَ ذٰلِکَ
الرَّجُلُ فِیْ یَقِیْنِ مُوْسٰی اِنَّہٗ عَبْدٌ صَالِحٌ اوس آدمی کی قدر و منزلت کا یقین دل کلیم اللہ مین
زیادہ ہوا کہ وہ خاص اور نیک بندون مین ہی خدا کا فَلَمَّا رَجَعَ مُوْسٰی مِنْ مُنَاجَاتِ
رَبِّہٖ جَعَلَ یَتَفَقَّدُ ذٰلِکَ الرَّجُلَ فِیْ مَکَانِہٖ جبکہ موسی مناجات رب سی پہر کی تشریف
لائی نوازش کرنی کو ازراہ مہربانی اوس مرد کی گہر قدم رنجہ کیا فَاِذَا ھُوَ بِالْاَسَدِ قَدِ
افْتَرَسَہٗ فَتَعَجَّبَ مُوْسٰی وَحَزِنَ عَلَیْہِ موسی کو اوس محبوب الہی کا حال دریافت ہوا
کہ ناگاہ شیر آیا گردن توڑ کی مار ڈالا مندیم رب العالمین مرد باخدا کی مصیبت پر غمگین ہی
حیرت اور تعجب کی عالم سی ہوش گم کئی فَقَالَ یَا اِلٰھِیْ رَجُلٌ صَالِحٌ یُحِبُّہٗ وَیُحِبُّکَ
تَسَلَّطَ عَلَیْہِ کَلْبًا مِنْ کِلَابِکَ یَفْتَرِسُہٗ درگاہ صمدیت مین عرض کی ای رحیم
یہ کیا مصلحت ہی تیری ایک بندہ شایستہ جو تجہی دوست رکہی تو بہی اوسکی محبت کا اقرار
کری او سپہ دنیا کی کتون سی تیر اسکاری تازی دوڑی بجان ماری استخوان توڑی اور کہائی
فَنَادَاہُ النِّدَاءُ نَعَمْ یَا مُوْسٰی ھٰکَذَا اَفْعَلُ بِاَحِبَّائِیْ وَاَوْلِیَائِیْ اَبْتَلِیْھِمْ فِیْ دَارِ
الْھَوَانِ وَاُسْکِنُھُمْ عِنْدِیْ فِیْ غُرُفَاتِ الْجِنَانِ اوسدم واقعہ عجیب کا منادی غیب
مجیب ہوا ہان ای موسی اپنی اولیا سی یہ معاملہ یونہین گذرتا ہی ابتدا سی انتہا تک یہ سلوک

۲۴

رہتا ہی، اونکو دنیای خوار مین مبتلای زحمت رکہتا ہون، وار ناپایدار سی بچاکی آخرت مین معمورِ عنایت
قصرِ جنت کا مکین کرتا ہون، ایضاً رُوِیَ اَنَّ رَجُلاً جَاءَ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ فَوَقَفَ بَیْنَ یَدَیہِ
جلد بحار مین اس روایت کو ذکر کیا کہ عہد نبی مین ایک شخص رسول خدا کی پاس ٹہرا ہوا فَقَالَ
یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنِّیْ اُحِبُّ اللّٰہَ عَزَّ وَجَلَّ فَقَالَ لَہٗ اِسْتَعِدَّ لِلْبَلَاءِ کہا ای سید انبیا
مین بہت دوست ہون ایزد باری تعالی کا فرمایا پس آمادہ رہنا ابتلای درد اور ایذای دنیا کا
فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنِّیْ اُحِبُّکَ فَقَالَ لَہٗ اِسْتَعِدَّ لِلْفَقْرِ عرض کی ای خیر الوری مین
تمہارا چاہنی والا ہون ارشاد کیا ہمیارہ نادار کو فقر و فاقہ مین بحال زبون، فَقَالَ لَہٗ وَاِنِّیْ
اَیْضاً اُحِبُّ عَلِیَّ بْنَ اَبِیْطَالِبٍ فَقَالَ لَہٗ اِسْتَعِدَّ لِکَثْرَۃِ الْاَعْدَاءِ پہر گذارش کی
اوسنی ای رسول مقبول مین کہتا ہون کہ علی ابن ابیطالب سی بہی محبت کا دم بہرتا ہون، اوس حجت
جل و علا نی جواب دیا کہ ای مرد انتظار سین مہیا غلبہ اعداء و فور ایذای دنیا کا زیادتی دشمنان پر دغا کی
جور و جفا کا، وَلَمَّا کَانَ الْاِمَامُ الْحُسَیْنُ عَلَیْہِ السَّلَامُ حَبِیْبَ الْمَلِکِ الدَّیَّانِ وَابْنَ
وَلِیِّ الْوَاحِدِ الْمَنَّانِ حُجَّۃُ اللّٰہِ عَلَی الْعِبَادِ یونہین تہی امام حسین علیہ السلام دوست اور پیاری
حضرت رحمان کی بیٹی ولی اور خلیفہ ایزد منان کی، امام و پیشوای خلق خدا تہی جہان مین، ہادی اور
برگزیدہ جن انس و جان مین، لَاجَرَمَ اِبْتَلَاہُ اللّٰہُ بِاَھْلِ الْعِنَادِ اس لیئی رب داور نی فرزند
پیغمبر کو آفات مین مبتلا کیا، اور شر اعدا کا طغیان بی انتہا گذرا، وَھَلْ اَصَابَتْہُ تِلْکَ السِّہَامُ
وَالْمِحَنُ الْعِظَامُ مِنْ قَوْسِ الَّذِیْ وُتِرَ عَلٰی اَبِیْہِ وَاَخِیْہِ سخت محنت اور مصیبت کی تیر
پی در پی چلی اوس جناب پر کہ دگار رہا ایسی کمان کینہ سی جسنی اونکی باپ اور بہائی کو نشان
آزار پایا رُوِیَ فِیْ کِتَابِ النَّوَادِرِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ زِیَادِ الْعَطَّارِ قَالَ سَاَلْتُ اَبَا
عَبْدِ اللّٰہِ عَنْ قَوْلِ اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ کتاب نوادر مین حسن ابن زیاد عطار سی روایت ہی جناب

مقدمۃ الکتاب

کی ہی جو اوسنی کہا یعنی حضرتِ صادق سی ارشاد ہی کی تفسیر پوچھی ہی اَلَمْ تَرَ اِلَی الَّذِیْنَ قِیْلَ لَھُمْ

کُفُّوْٓا اَیْدِیَکُمْ وَاَقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ وَاٰتُوا الزَّکٰوۃَ یعنی آیا نہین دیکھتی طرف مخاطب الیہ کی جو

کہا گیا اونکو کہ زبان روک لو اور ہاتھہ کو تہام رکھو قیامِ نماز کو برپا کرو مال سی زکوۃ کو پہنچا دو

قَالَ نَزَلَتْ فِی الْحَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ اَمَرَہُ اللہُ بِالْکَفِّ مخبرِ صادق نی فرمایا اس آیت پر امام

حسن ابنِ علی علیہما السلام کو اشارت ہی اونکو سکوت اور گوشہ نشینی کی امرِ خدا سی بشارت ہے

قَالَ قُلْتُ فَلَمَّا کُتِبَ عَلَیْہِمُ الْقِتَالُ راوی ناقل ہی امامِ برحق سی مینی عرض کی اس آیت مین

کیا مراد علامِ الغیوب تہی یعنی جب لکہا اونپر اقدام لڑائی کا اعدای دین اور منکرین پر الحکام الٰہی کا

قَالَ نَزَلَتْ فِی الْحُسَیْنِ بْنِ عَلِیٍّ کَتَبَ اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰٓی اَھْلِ الْاَرْضِ اَنْ یُّقَاتِلُوْا

مَعَہٗ جعفر ابنِ محمد علیہما السلام نی فرمایا کہ یہ قول باریتعالی شان مین امام حسین علیہ السلام کی آیا

خالق بی ہمتانی اونکو جہاد کا اذن دیا حکمتِ بالغہ سی قتال کو ارشاد کیا جاری عالم پر واجب گردانا

ساتھہ جناب کی مخالفون سی لڑنیکو جانا تمام اہلِ زمین پر قبلۂ امام کی طاعت اور مددگاری

لازم ہری منافرہ مانی اور انحراف سی مالک العلام کی معصیت ٹہری جسنی جان بازی اور قربانی مین

سبقت کی وہ ناجی ہی جو عداوت اور طغیانی پر آمادہ ہوا ناری ہی فی الحقیقت اندنون بہی وہ

شاخص رحمت ہی جنابِ اکبر کا وسیلۂ عبادت اور مغفرت ہی جہان مین حضرتِ داور کا اونکی

واسطی ایامِ عزا مین مصروفِ نالہ و فغان ہونا ذکرِ مصیبت اظہارِ سرگذشت مین ہوش کہونا گوش

رغبت سی بیانِ مناقب اور نوائب کو سننا چشمِ الفت سی دو آنسو رونا خواہ شبیہ سوگوار بنا

کہنا ابتلا و واقعہ جانگزا پر دوسرونکو رولانا ذاکر اور اہلِ شور و نوا کو پلانا کہلانا تہوڑا بہت نذر

آقا مین فائدہ پہنچانا راہِ ولایت سی زیارتِ مشاہد کو قدم بڑہانا جو خدمت ہو سکی موافقِ مقدور

بجا لانا دل و جان و مال و عیال کو شہید ابنانا ہر ایک امر موجبِ وصولِ جنتِ رضوان ہی ترک

مجلس اول

خواہ سنانا اس رسم کا سبب عقوبت یزدان ہی ان افعال حسن پر جو کسی محب حسین علیہ السلام کو شامل
وہ انفعال اور ندامت اپنی چلن کی حضور خدا و رسول مین روز قیام پاوی شعر بن انچہ شہر و بلا
باتو میکویم + تو خواہ از سخنم پند گیر و خواہ ملال وما توفیقی الا باللہ علیہ توکلت والیہ انیب

مجلس پہلی کیفیات ولادت رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ اور معجزات اور وفات

رباعی آدم کو یہ تحفہ یہ ہدایا نہ ملا + ایسا تو کسی بشر کو پایہ نہ ملا + اللہ ری لطافت تن پاک رسول
ڈھونڈھا کیا آفتاب سایہ نہ ملا + رباعی جوین گل جنت لیی داما نون مین + ہین گرد ضریح
فاتحہ خوانون مین + فانوس کی پردی مین زمین بوس ہی عرش + حاضر ملک قدس ہین
پروانون مین + رباعی روضہ مین جو بار یاب ہو جاتا ہی + وہ رتبہ مین لاجواب ہو جاتا ہی +
شب جلتا ہی جو کہ قبر احمد پہ چراغ + وہ صبح کو آفتاب ہو جاتا ہی + رباعی کس طرح نہو جان
فدای احمد + ہی سرمہ چشم خاکپای احمد + آیات سی ہی ثبوت اسکا نادر + واجب ہی ہر ایک پر
ولای احمد + تمہید بکا محامد خاتم انبیا علیہ التحیۃ والثنا اصول مصیبت دنیا
بنی الوری کا ماجرای فرقت ہی اور مقبول کبریا احباسی معمول رقت ہی قانون محنت اور ابتلا
واقعہ انتقال سید اصفیا جانو شجرہ کرب و بلا کی اصل حادثہ وفات جد ائمہ ہدیٰ پہچانو اثبت
مرحومہ کا فراہم ہونا واسطی ذکر خیر البشر کی تقاضای آب و گل ہی در خلقت مین سرور عالم کی
ہر دم رونا جلای دیدہ و دل ہی اخبار ماتم کا خطبہ شفیع امم کی ہجر انسی حزن افزا کہنا اشتہار کا
ہر فقرہ ساری پیمبرونکی نام سورش غوغا لکہا گیا ہی آدم غم اولاد سی قابیل آہ و فریاد کی
جہان شور و نوا مین پہیلائی نوح الم ہجران داران عم اکو دریای سکوت مین کشتی طوفان
بکار بنہائی خلیل ملال سوز سینہ کی گل داغ سوگوار گوشال گلزار ابراہیم کہلائی اسماعیل جان
شای تنا مین رتبہ ذبح عظیم کی سی فغان کو تیغ تبابی پر رہائی یعقوب شوق کنعان مخل ہین یوسف

مجلس اول

یوسفِ اشک دامنِ شیون پر آنکھونسی دکہائی۔ داؤدِ خوشس الحانِ نالہ زمزمۂ واحسرتاسی خاطر

جالسی کو بزم بنائی۔ سلیمانِ اخلاص ملکِ مجلس مین جن و انس کو بساطِ نوحہ پر امرِ سینہ زنی فرمائی

ادریسِ توفیق آبائی ولا کو دیبای فرح سی جامۂ بی صبری پہنائی خضرِ مقال سر چشمۂ زاری پر

لب تشنگانِ وادی ملال کو پہنچائی الیاسِ ابتہال منزلِ عبرہ اری مین خستگانِ بادیۂ اہمال کو

لائی۔ موسیِ دریا شگافِ اندوہ طورِ ترقی پر یدِ بیضای جزع کو صدای ارنی سی چمکائی عیسیِ مسیحا دمِ

عشق احیای نفسِ قلق کو دلِ پژمردہ سی نعرۂ قم باذنِ ربی سنائی کشاکشِ سی اَرۂ تاسف کی زکریای

تحمل کا جسم دو پارہ ہوا بُرشِ خنجرِ تلہف سی گردنِ یحییِ شکیب حوالۂ آہ و نالہ ہوا اس ابتدای

روزِ عاشورا اور زمانی یومِ نشور مین اشکارہی کہ بیتُ المعمور مین ذکرِ احمدِ مختار سی زبانِ قدسیون پے

تکرار ہی۔ صوامعِ لاہوت مین صفِ ملائکہ غلغلۂ وامحمداسی برہم مجامعِ ناسوت بہی وفاتِ زبدۂ دنیا و

مافیہاسی درہم رہین اور ساری زمانی مین صدای خروش کا جوش ہی سماوات رنگِ انقلاب سی

نیلی پوش ہی دریا چشمِ حباب سی قطرہای سرشک بہاتی ہین کوہ او صحرا خاکِ اندوہ سر پر اوڑاتی ہین

اسوا سطی کہ فاطمۂ زہرا کی اعضا و پہلو فگار ہین علیِ مرتضی کی آنکہین خونبار ہین حسنِ مجتبی کا دل و جگر

صد پارہ حسینِ بینوا کا سر و سینہ خون کا فوارہ زینب اور امِ کلثوم مو پریشان ہین زوجاتِ طاہرہ

آشفتہ و نالان گہر مین اہلبیت کی رقت سی کہرام صحابہ کا فقدانِ پیغمبر سی کام تمام مہاجر و انصار

بیاب منبر اور محراب مسجد خراب نزولِ وحی اور برکاتِ الہ کا سلسلہ قطع ہوتا ہی بہشت و پناہ عالم

جاتا کہ اور مدینہ روتا ہی منہ انجمنِ شیون مین سخنِ مدحت کرتا ہون کہ رقتِ شوق آئی مردم

زن کو چمنِ عدن وصفِ رسالت کا دکہاتا ہون جو حالتِ ذوق بڑہائی شمائلِ نبیِ عربی جو مذکور

آیات و آثار مین وہ فضایلِ نبی اور جنکی تحمید و ثنا رہین کیا کہنا منقبت کا اوسکی جو صدر طرازِ بزم

لامکان ہی۔ چاہیی درود پڑہنا اوس سرکہ سر فرازِ بساطِ قربِ یزدان ہی جسکا پایۂ عبورِ عرش کرسی کی

۲۸

مجلس اول

فرازسی درگذرا انسا راز مانه مجتو نورقدسی کی پرتوسی پیدا ہوا مرتبہ رفعت مین ادنا مقام احمدی شب
معراج ہی زمرہ امت سی کمینہ غلام آپکا صاحب تخت و تاج ہی جسکی رایحہ دامان سی دماغ روحانیان
معطر خاکِ نعلین سی دیدہ افلاک اور کروبیان منور جامہ خانہ ہستی مین خلعت خلافت سی کرد کار کی
بہرہ اندوز کارنامہ حق پرستی مین منصب رسالت سی دادار کی بہرہ افروز خلقت مین کائنات کی
مقدم خلوت مین رموزات الہی کی محرم شہسوار براق در فرق سیارو تاق عرش شرف بار آب
حجاب ربّ الارباب خطاب ہی الرحمۃ سی کامیاب آفرینش عالم کی سبب آمرزش کی واسطہ
علت السّیّد البہیّ السّراج المضیّ صاحب الوقار وسند الابرار الاطہار
الاحمد حبیب اله العالمین المؤیّد بنصر الله فی السّماء والارضین ابو القاسم
محمّد صلّی الله علیہ واٰلہ وسلّم روی فی الاعلام الورٰی ولد رسول الله علیہ
التّحیّۃ والسّلام یوم الجمعۃ عند طلوع الشّمس السّابع عشر من شہر ربیع الاوّل
عام الفیل وکنیتہ ابو القاسم واسمہ محمّد بن عبد الله بن عبد المطّلب بن
ہاشم کتاب اعلام الورٰی مین مولانا طبرسی نی ارشاد کیا جب مشیت ازلی نی منشور ختم رسالت کو
جلوہ ظہور دیا شہریار اقلیم نبوت کی ولادت باسعادت روز جمعہ ہنگام طلوع آفتاب ہوئی کہ وہ سترہوین
ماہ ربیع الاول سال فیل کی تھی کنیت حضرت ابو القاسم نام نامی ہمام کرام محمد ابن عبد الله ابن عبد
المطلب ہی کہ ذکر لقب اور اسم اقدس پرسلین کو درود پڑھنا مناسب ہی وامّہ اٰمنۃ بنت
وھب بن عبد مناف وارضعتہ حتّٰی شبّ حلیمۃ بنت الحرث بن شجنۃ السّعدیّۃ
من بنی سعد بن بکر بن ھوازن وکانت ثویبۃ مولاۃ ابی لھب بن عبد المطّلب
ارضعتہ ایضًا والدہ کریمہ آمنہ بنت وہب بن عبد مناف تھین کہ ابتدا مین دودہ اپنا پلایا
جب اونکا شیر خشک ہوا تو حلیمہ بنت حرث دائی رہی اور پرورش مین جوان کیا تا قلانِ ثقہ کی

۳۹

مجلس اول

زبان پر یہ روایت آئی ہی کہ ثویبہ کنیز ابی لہب نی بہی سعادتِ رضاعت پائی ہی جدّتہُ اُمّ ابیہ
عَبدِ اللهِ فہی فاطمۃُ بنتُ عمرِ بنِ عائذِ بنِ عمرانَ بنِ مخزُوم وامُّ عبدِ المطّلبِ
سَلمٰی بنتُ عمرو من بنی النّجّار وامّ ہاشمٍ عاتکۃُ بنتُ مُرّۃَ بنِ ہلالٍ من بنی
سُلیم دادی حضرت کی فاطمہ بنت عمر ابن عائذ ابن عمران جو مادر عبد اللہ تہین اور عبد المطلب کے
والدہ سلمٰی بنت عمرو بنی نجار سی اور ماں ہاشم کی عاتکہ بنت مرہ بنی سلیم ذیجاہ تہین وبُعِثَ
بالرّسالۃِ یومَ السّابعِ والعشرین من رجبٍ ولہ یومئذٍ اربعونَ سنۃً ومدّۃُ
حیاتِہِ علیہِ والِہِ السّلامُ ثلاثًا وستّینَ سنۃً ہر گاہ چالیس برس کا سنِ شریف گذرا
ستائیسوین ماہ رجب مین درجۂ نبوت کو پایا جناب کی مدتِ حیات ساٹہہ اور تین سال ہوئی
جسمین انواع ایذا دعوتِ است رہی منہا مع ابیہ سنتین واربعۃ اشہرٍ ومع جدّہ
عبدِ المطّلبِ ثمانین سنین ثمّ کفلہ عمّہ ابو طالبٍ بعد وفاۃِ عبدِ المطّلبِ
فکان یکرمہ ویحمیہ وینصرہ ایّامَ حیاتِہِ اوس مین دو سال اور چار مہینی والد بزرگوار کے
زیرِ سایہ پلی آٹہہ برس دادا کی آغوشِ ناز مین بڑی ہوئی پہر ابو طالب چچا نی جان سی زیادہ
پرورش کیا عمر بہر عزت اور حرمت مین یاری و نصرت کا ساتہہ دیا وتزوّج بخدیجۃ
بنتِ خویلدٍ وہو ابنُ خمسٍ وعشرینَ سنۃً وتوفّی عمّہ ابو طالبٍ ولہ ستٌّ
واربعونَ سنۃً وثمانیۃُ اشہرٍ وعشرینَ یومًا وتوفّیت خدیجۃُ بعدہ بثلاثۃِ
ایّامٍ بی بی خدیجہ کی ساتہہ شادی جب ٹہری تو حضرت کی عمرِ شریف پچیس برس گذری تہی جو گا
عمِ کرام محتشم ابو طالب کا دنیا سی انتقال ہوا تو سنِ مبارک چالیس اور چہہ سال آٹہہ مہینی بیس روز کا تہا
تین دن بعد ازان خدیجہ کا بہی واقعۂ رحلت سامنی آیا رسولخدا نی مصیبتِ پی در پی کا بہت صدمہ اٹہایا
وسمّی رسولُ اللهِ صلّی اللهُ علیہِ والِہِ ذٰلکَ العامَ عامَ الحزنِ خیر الوریٰ نی اوس برس کو

مجالس اول

زبان پر یہ روایت آئی ہی کہ ثویبہ کنیز ابی لہب نی بہی سعادت رضاعت پائی ہی جدّتہٗ اُمّ ابیہ
عَبْدِ اللّٰهِ فَهِيَ فَاطِمَةُ بِنْتُ عَمْرِو بْنِ عَائِذِ بْنِ عِمْرَانَ بْنِ مَخْزُومٍ وَاُمُّ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ
سَلْمٰى بِنْتُ عَمْرٍو مِنْ بَنِي النَّجَّارِ وَاُمُّ هَاشِمٍ عَاتِكَةُ بِنْتُ مُرَّةَ بْنِ هِلَالٍ مِنْ بَنِي
سُلَيْمٍ دادی حضرت کی فاطمہ بنت عمر ابن عائذ ابن عمران جو مادر عبد اللہ تہین اور عبد المطلب کے
والدہ سلمیٰ بنت عمرو بنی نجار سی اور مان ہاشم کی عاتکہ بنت مرہ بنی سلیم ذیجاہ تہین وَبُعِثَ
بِالرِّسَالَةِ يَوْمَ السَّابِعِ وَالْعِشْرِيْنَ مِنْ رَجَبٍ وَلَهٗ يَوْمَئِذٍ اَرْبَعُوْنَ سَنَةً وَمُدَّةُ
حَيَاتِهٖ عَلَيْهِ وَاٰلِهِ السَّلَامُ ثَلَاثًا وَسِتِّيْنَ سَنَةً ہر گاہ چالیس برس کا سن شریف گذرا
ستائیسوین ماہ رجب مین درجۂ نبوت کو پایا جناب کی مدت حیات ساٹھہ اور تین سال ہوی
جسمین انواع ایذا دعوت است پر ہی مِنْهَا مَعَ اَبِيْهِ سَنَتَيْنِ وَاَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَمَعَ جَدِّهٖ
عَبْدِ الْمُطَّلِبِ ثَمَانِيْنَ سِنِيْنَ ثُمَّ كَفَلَهٗ عَمُّهٗ اَبُوْ طَالِبٍ بَعْدَ وَفَاةِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ
فَكَانَ يُكْرِمُهٗ وَيَحْمِيْهِ وَيَنْصُرُهٗ اَيَّامَ حَيَاتِهٖ اوس مین دو سال اور چار مہینی والد بزرگوار کی
زیر سایہ پلی آٹھہ برس دادا کی آغوش ناز مین بڑی ہوی پھر ابو طالب چچانی جان سی زیادہ
پرورش کیا عمر بھر عزت اور حرمت مین یاری و نصرت کا ساتھہ دیا وَتَزَوَّجَ بِخَدِيْجَةَ
بِنْتِ خُوَيْلِدٍ وَهُوَ ابْنُ خَمْسٍ وَعِشْرِيْنَ سَنَةً وَتُوُفِّيَ عَمُّهٗ اَبُوْ طَالِبٍ وَلَهٗ سِتٌّ
وَاَرْبَعُوْنَ سَنَةً وَثَمَانِيَةُ اَشْهُرٍ وَعِشْرِيْنَ يَوْمًا وَتُوُفِّيَتْ خَدِيْجَةُ بَعْدَهٗ بِثَلَاثَةِ
اَيَّامٍ بی بی خدیجہ کی ساتھہ شادی جب ٹہری تو حضرت کی عمر شریف پچیس برس گذری تہی جب
عم کرام محتشم ابو طالب کا دنیا سی انتقال ہوا تو سن مبارک چالیس اور چھہ سال آٹھہ مہینی بیس روز کا تہا
تین دن بعد ازان خدیجہ کا بہی واقعہ رحلت سامنی آیا رسول خدا نی مصیبت پی در پی کا بہت صدمہ پایا
وَسَمّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ ذٰلِكَ الْعَامَ عَامَ الْحُزْنِ خیر الوری نی اوس برس کو

فَاِذَا وَقَعَ فَسَمِّیهِ مُحَمَّدًا فَاِنَّ اِسْمَهُ فِی التَّوْرٰیةِ اَحْمَدُ یَحْمَدُهُ اَهْلُ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ وَاِسْمُهُ فِی الْقُرْاٰنِ مُحَمَّدٌ پس ہرگاہ وہ رسالت پناہ پیدا ہون تو اونکا نام محمد رکہنا بدرستی کہ اسم مبارک توریت مین احمد لکہا اہل اسمان اور زمین نی اسپر ستایش کی ہی نام خیر الانام سی زینت قران مین ثبت ہوی قَالَتْ فَسَمَّیْتُهُ بِذٰلِكَ آمنہ فرماتی ہین جو کہا تہا مینی ویساہی کیا اپنی فرزند کا اسم گرامی محمد رکہا مِنْهَا مَا رَوَاهُ اَبُوْسَعِیْدٍ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ اَبِیْ عُثْمَانَ عَنْ مَخْزُوْمِ بْنِ هَانِیْ فَقَالَ لَمَّا كَانَتِ اللَّیْلَةُ الَّتِیْ وُلِدَ فِیْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ اِرْتَجَسَ اِیْوَانُ كِسْرٰی فَسَقَطَتْ مِنْهُ اَرْبَعَةَ عَشَرَ شُرْفَةً ابو سعید عبد الملک ابن عثمان خرگوشی نی اپنی سند مین مخزوم ابن ہانی سی روایت کی ہی جس رات مین رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ کی ولادت ہوی ہی ایوان کسری بادشاہ ایران مین بڑا شور مچا زلزلہ آیا کہ چودہ کنگرہ کو فراز قصر سی گرادیا وَخَمَدَتْ نِیْرَانُ فَارِسَ وَلَمْ تَخْمَدْ قَبْلَ ذٰلِكَ بِاَلْفِ عَامٍ وَغَاضَتْ بُحَیْرَةُ سَاوَةَ اٰتَشخانہ فارس خموش ہوگیا جو ہزار سال سی جل رہا کبہی بجہا نہتا بحیرہ ساوہ مین پانی نرہا علامات غریبہ کو پی درپی کاہنون سی کہا وَرَاَی الْمُوْبَذَانُ اِبِلًا صِعَابًا تَقُوْدُ خَیْلًا عِرَابًا قَدْ قَطَعَتْ دِجْلَةَ فَانْتَشَرَتْ فِیْ بِلَادِهَا سلطان موبدان فرمانروای عجم نی خواب دیکہا جو گہبرایا ہوا نیند سی چونکا شتران قوی ہیکل پر لشکر عرب سوار آیا ہی دریای دجلہ سی پار ہوکے ملک ایران مین پہیلا ہی وَفِیْ تَعْبِیْرِهَا قَالَ سَطِیْحٌ یَا عَبْدَ الْمَسِیْحِ اِذَا كَثُرَتِ التِّلَاوَةُ وَظَهَرَ صَاحِبُ الْهِرَاوَةِ وَفَاضَ وَادِی السَّمَاوَةِ وَغَاضَ بُحَیْرَةُ السَّاوَةِ وَخَمَدَتْ نَارُ فَارِسَ فَلَیْسَ الشَّامُ لِسَطِیْحٍ شَامًا حسب الحکم بادشاہ اوسکی تعبیر مین سطیح کاہن شامی سی عبد المسیح نی جاکی پوچہا تو حالت احتضار مرگ مین اوسنی جواب یون کہا ہرگاہ

مجلس اول

کثرت ہو قران کی تلاوت مین اور ظہور کری صاحب عصا رسالت مین کہل جای ہبید اور نازل ہو کلام آسمانکا
سو کہی بحیرہ ساوہ کاشان کا، آتشخانہ فارس ہر گاہ بجہیکا پس سام اور سطیح اوسمین باقی نرہیے گا
یَمْلِکُ مِنْہُمْ مُلُوکٌ وَمَلِکَاتٌ عَلٰی عَدَدِ الشُّرُفَاتِ وَکُلُّ مَا ھُوَ اٰتٍ اٰتٍ
خاندانِ سلطنت مین ملک اور ملکہ جو دہ شخص کنگرہ شکستہ کی عددسی بادشاہت کرینگی پہر جو بات
ہونی والی ہی تک اور رعیت مین اوسکا ظہور دیکہینگی فَمَلَکَ مِنْہُمْ عَشَرَۃٌ فِیْ اَرْبَعِ سِنِیْنَ
وَالْبَاقُوْنَ اِلٰی اِمَارَۃِ عُثْمَانَ ۔ خبر جو کسری نی سنی تو اپنی دلسی تجویز کی اتنی سلاطین کو
عرصہ بعیہ حکمرانی کرنی گذریگا بعد ازان معلوم نہین کیا انقلاب جلوہ کریگا مگر چار برس مین دس
پادشاہ ماری گئی باقی عہدِ خلافت مین عثمان ابن عفان کی پوری ہوی اِمنہا عَنْ عِکْرِمَۃَ
عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ کَانَ یُوْضَعُ لِعَبْدِ الْمُطَّلِبِ فِرَاشٌ فِیْ ظِلِّ الْکَعْبَۃِ لَا یَجْلِسُ
عَلَیْہِ اَحَدٌ اِجْلَالًا وَکَانَ بَنُوْہُ یَجْلِسُوْنَ حَوْلَہٗ حَتّٰی یَخْرُجَ عَبْدُ الْمُطَّلِبِ عکرمہ نی
ابنِ عباس کی زبانی کہا سایہ کعبہ مین واسطی عبد المطلب کی مدام فرش بچہتا تعظیم مقام اور حرمت کے
سبب اوسپر کوئی نہین بیٹہتا بساط کی چارون طرف حلقہ فرزند و نگاہبند ہا کرتا جبکہ عبد المطلب
گہرسی باہر تشریف لاتی بصدرِ عزت اور جلال پر تکیہ لگاتی فَکَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ
وَاٰلِہٖ یَخْرُجُ مَعَہٗ وَھُوَ غُلَامٌ فَیَمْشِیْ حَتّٰی یَجْلِسَ عَلَی الْفِرَاشِ رسولِ خدا جو طفل خردسال تہی
ہمراہ اونکی آتی دادا کی ساتہہ قدم بڑہاتی پہلو مین جلوس فرماتی فَیَعْظُمُ ذٰلِکَ اَعْمَامَہٗ
وَیَاْخُذُوْنَہٗ لِیُؤَخِّرُوْنَہٗ فَیَقُوْلُ لَھُمْ عَبْدُ الْمُطَّلِبِ اِذَا رَاٰی ذٰلِکَ مِنْہُمْ دَعُوْا
اِبْنِیْ فَوَاللّٰہِ اِنَّ لَہٗ لَشَاْنًا عَظِیْمًا یہ مرتبہ تو قیر ناگوار ہوتا سب اعمام خیر الانام کو ہاتہ پکڑکے
نیچی اوتارتی کہ فرش پر سے علاحدہ بٹہو ہر گاہ عبد المطلب اونکی بی ادبی دیکہتی تو کہتی تمہارا کیا
ضرر ہی میری فرزند کو پاس رہنی دو بخدا شان اوسکی عظیم و برتر ہی اِنِّیْ اَرٰی اَنَّہٗ سَیَاْتِیْ

۳۳

مجلس اول

عَلَیکُم نُوراً وَهُوَ سَیِّدٌ کَرِیمٌ اِنّی اَرٰی عِزَّتَهُ تَسُودُ النّاسَ مین دیکھتا ہون عنقریب
یہ سرور تیرا افسر ہوگا اسیری دھیان مین ہی کہ رتبہ عزت اوسکا ساری مخلوق سی بڑھکر ہوگا
ثُمَّ یَحمِلُهُ فَیَجلِسُهُ مَعَهُ وَیَمسَحُ ظَهرَهُ وَیُقَبِّلُهُ وَیَقُولُ مَا رَأَیتُ قُبلَةً
اَطیَبَ مِنهُ وَلَا اَطهَرَ قَطُّ پھر ہوتی کو اوٹھا کی لاتی پہلوی نازمین بٹھاتی پشت مبارک پر
دستِ شفقت پھراتی محبت سی منہ چومتی خوش ہوکی بولتی ہرگز کوئی گلِ تر اسی معطر اور پاکیزہ
بہتر عمر بھر نہین سونگھا نہ مشک وعنبر مین ایسا رایحہ جان پرور دماغ آرزونی دیکھا ثُمَّ یَلتَفِتُ
اِلَی اَبِی طَالِبٍ وَذٰلِکَ اَنَّ اَبَا طَالِبٍ وَعَبدَ اللهِ لِاُمٍّ وَاحِدٍ فَیَقُولُ یَا اَبَا طَالِبٍ
اِنَّ لِهٰذَا الغُلَامِ لَشَاناً عَظِیماً فَاحفَظهُ وَاستَمسِک بِهٖ فَاِنَّهُ فَردٌ وَحِیدٌ
وَکُن لَهُ کَالاُمِّ یُوصِلُ اِلَیهِ بِشَیءٍ یَکرَهُهُ پس ابوطالب کو خطاب کرتی اسواسطی کہ
وہ اور عبداللہ ایک مان سی تھی فرماتی ای فرزند بتحقیق کہ اس بچہ کی بڑی شان و رفعت
پاتا ہون آثارِ تائیدِ الٰہی مین پیشوای جہان ہواوسکی ناصیہ تابان سی پہچانتا ہون ای برادر اسکی
بہت حفاظت ونگہبانی کرنا وہ یتیم وتنہا ہی مادرِ مہربان سی زیادہ سرپرست رہنا راحت و
عزت کو پرورش مین بڑھانا ہر خیر کا سرانجام آرام دی سامنی لانا ثُمَّ یَحمِلُهُ عَلٰی عُنُقِهٖ
فَیَطُوفُ بِهٖ اُسبُوعاً وَکَانَ عَبدُ المُطَّلِبِ قَد عَلِمَ اَنَّهُ عَلَیهِ وَآلِهِ السَّلَامُ یَکرَهُ
اللّاتَ وَالعُزّٰی فَلَا یُدخِلُهُ عَلَیهِمَا پس وہ شہسوارِ براق ورفرف کو اپنی دوش پر حرمِ پاک
حرم کی طوف مین وِرد پڑھتی ہوی پھراتی جاتی تھی کہ حضرت لات وعزی سی برا مانتی تو اصنام کی
روبرو اونکو ہرگز نہ لیجاتی فَلَمَّا تَمَّت لَهُ سِتُّ سِنِینَ مَاتَت اُمُّهُ آمِنَةُ بِالاَبوَاءِ بَینَ
مَکَّةَ وَمَدِینَةَ جب چھ برسکی عمرِ شریف پوری ہوی تو والدہ مکرمہ آمنہ نی وادی ابوا مین درمیان
مکہ ومدینہ قضا کی فَبَقِیَ رَسُولُ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیهِ وَآلِهِ یَتِیماً لَا اَبَ لَهُ وَلَا اُمَّ فَازدَادَ

عَبْدُ الْمُطَّلِبِ لَهُ رِقَّةً وَحِفْظًا بس جابر آیا دنیا مین ایسی یتیم و بیکس ہوی کہ باپ اور
مان سی کوئی سر پر باقی نرہی اوسوقت عبد المطلب کی رقت و الفت حضرت پر زیادہ تر ہے
اور لوازم حفاظت و پاس داری مین ذرات اوقات گذری وَكَانَتْ هٰذِهٖ حَالَهٗ حَتّٰى
اَدْرَكَ عَبْدُ الْمُطَّلِبِ الْوَفَاةَ ایسا ہی عبد المطلب داغطی ہوتی کی ہردم روتی تہی اور
غربي و ناچاری سی اونکی مدام جان کہوتی تہی تا کہ وقتِ رحلت اونکا بہی نزدیک آیا اور موت کو
اپنی سر پر آمادہ پایا فَبَعَثَ اِلٰی اَبِیْ طَالِبٍ فَجَاءَهٗ وَمُحَمَّدٌ عَلٰی صَدْرِهٖ وَهُوَ فِیْ غَمَرَاتِ
الْمَوْتِ جب حال اپنا غیر پایا، تو ابی طالب کو پاس بلایا، وہ جلد سی آئی، تو سامانِ مرگ پدر نظر آئی
لاکن دیکہا کہ رسو لخدا سینہ پر دادا کی بیٹہی ہین، اور سکرات مین بہی عبد المطلب اونکو جان کی برابر
لیی ہین فَصَارَ یَبْکِیْ وَ یَلْتَفِتُ اِلٰی اَبِیْ طَالِبٍ وَیَقُوْلُ یَا اَبَا طَالِبٍ اُنْظُرْ اَنْ تَكُوْنَ
حَافِظًا لِهٰذَا الْوَحِیْدِ الَّذِیْ لَمْ یَشُمَّ رَائِحَةَ اَبِیْهِ وَلَا ذَاقَ شَفَقَةَ اُمِّهٖ اوس حالمین
بہت روکی جانبِ ابو طالب دیکہا، اور خیر الوری کی سفارش کو وصیت مین کہا ای جان پدر اس
طفلِ ناز پرور کی طرف نگران رہو، حفاظت و خاطر و مدارات مین غریب وحید کی سعی کرو کہ معصوم نے
باپ کی بوی الفت نہین سونگہی، اور مان کی بہی لذت شفقت نہین چکہی افسوس کہ خردسالی مین
یتیم و بینوا ہوا کوئی مونس و غمخوار دنیا مین جیتا نہ بچا اُنْظُرْ یَا اَبَا طَالِبٍ اَنْ تَكُوْنَ مِنْ
جَسَدِكَ بِمَنْزِلَةِ كَبِدِكَ فَاِنِّیْ تَرَكْتُ بَنِیَّ كُلَّهُمْ وَوَصَّیْتُكَ بِهٖ لِاَنَّكَ مِنْ
اُمِّ اَبِیْهِ خبردار ای اباطالب دیکہو اسکو اپنی جگر کی برابر سمجہو کسی وقت پرستاری سی غافل
نرہو، ہرچند مینی بہت فرزند چہوڑی ہین لاکن علاقۂ محبت سبکی تہوڑی ہین ابن عبد اللہ کی سفارش
خاص تمکو اسلیئی کی ہی جو تمہاری والدہ اوسکی حقیقی دادی ہی یَا اَبَا طَالِبٍ اِنْ اَدْرَكْتَ
اَیَّامَهٗ فَاعْلَمْ اِنِّیْ كُنْتُ مِنْ اَبْصَرِ النَّاسِ بِهٖ وَمِنْ اَعْلَمِ النَّاسِ بِهٖ ای اباطالب ہر گاہ

تم اوسکی ایامِ ظہورِ جاہ وجلال کو پاؤ گی تو میری قول وفعل کی قدر ومنزلت کا مزہ اوٹہاؤ گی وَاِنِ
اسْتَطَعْتَ اَنْ تَتْبَعَهُ فَافْعَلْ وَانْصُرْهُ بِلِسَانِكَ وَيَدِكَ وَمَالِكَ جانو کی مین
سب خلق سی اوسکی حق کا پہچاننا سا تہا اور ساری لوگونسی بہت رُموزِ امور کو پہچانتا تہا
اگر تمسی ہو سکی طاعت وپیروی اوسکی تو ضرور کرنا ہمگر طریقہ یاری اور مددگاری زبان و ہاتہ و
مال سی اپنی ملحوظ رہنا فَاِنَّهُ وَاللّٰهِ سَيَسُوْدُ وَيَمْلِكُ مَا لَمْ يَمْلِكْ اَحَدٌ مِنْ بَنِيْ اٰبَائِيْ
تحقیق کہ واللہ عنقریب یہ فرزند سردار وپیشوای عبید واحرار ہوگا ایسا مرتبہ پای جو ہماری
قبائل مین کسی کو ملا ہوگا فَاحْفَظْ لِوَحْدَتِهٖ هَلْ قَبِلْتَ وَصِيَّتِيْ قَالَ نَعَمْ قَدْ قَبِلْتُ
وَاللّٰهُ عَلٰى ذٰلِكَ شَاهِدٌ بس اوسکی تنہائی پر رحم کرنا اور حفاظت مین سرگرم رہنا ابا و صیت
میری سکی تمنی مانی عرض کی خدا شاہد ہی جان ودل سی واجب جانی قَالَ عَبْدُ الْمُطَّلِبِ
فَمُدَّ اِلَيَّ يَدَكَ فَمَدَّ يَدَهُ اِلَيْهِ فَضَرَبَ يَدَهُ عَلٰى يَدِهٖ عبد المطلب نی کہا تو اپنا ہاتہ
میری آگی لانا جب بڑہایا تو دستِ حق پرست اوسپر مار کی عہد وپیمان کو مضبوط کیا ثُمَّ قَالَ
عَبْدُ الْمُطَّلِبِ اَلْاٰنَ خَفَّفَ عَلَيَّ الْمَوْتُ اوسوقت عبد المطلب بولی اب موت مجہی گوارا
ہوئی اور فکر وتشویش حمین کوئی باقی نرہی ثُمَّ لَمْ يَزَلْ يُقَبِّلُهُ وَيَقُوْلُ اَشْهَدُ اَنِّيْ
لَمْ اُقَبِّلْ اَحَدًا مِنْ وُلْدِيْ اَطْيَبَ رِيْحًا مِنْكَ وَلَا اَحْسَنَ وَجْهًا مِنْكَ پس رسول اللہ کو
چہاتی سی لگایا سر وصورت چوم کی فرمایا اللہ جانتا ہی ای نورِ نظر پارہ جگر تجہسی بہتر خوشبو کوئی
اپنا فرزند نہین پایا فَمَاتَ عَبْدُ الْمُطَّلِبِ وَهُوَ ابْنُ ثَمَانِ سِنِيْنَ وہی حالِ ملال اور ابتہال کی
تہا کہ عبد المطلب نی انتقال کیا سید انبیا کی سات برس کی عمر تہی جو اونکی دادانی جہانِ فانی سی
رحلت کی فَضَمَّهُ اَبُوْ طَالِبٍ اِلٰى نَفْسِهٖ لَا يُفَارِقُهُ سَاعَةً مِنْ لَيْلٍ وَلَا نَهَارٍ وَكَانَ
يَنَامُ مَعَهُ حَتّٰى بَلَغَ لَا يَأْتَمِنُ عَلَيْهِ اَحَدًا بعد ازان ابو طالب نی پسرِ برادر کو آغوشِ رحمت مین

مجلس اول

پالا وذات جان سی زیادہ اپنی ساتھہ راحت مین رکھا دم بھر نظر سی جدا کرتی پہلو مین سلاتی
ہر جا ہمراہ لینی پہرتی تا کہ ایام وہنگام جوانی قوت شباب آیا وہ مرتبہ نبوت کے خدائی کرامت سے
پہنچایا جو کوئی نپای کا وَاَمَّا مَاظَهَرَ مِنْهُ صَلَوَاةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ عَقِيْبَ الْبَعْثِ
وَاِظْهَارِ النُّبُوَّةِ مِنَ الْاٰيَاتِ وَالْمُعْجِزَاتِ سِوَى الْقُرْاٰنِ فَكَثِيْرَةٌ فِىْ كِتَابِ
شِفَا رَوَاهُ الْوَاقِدِىُّ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ لَمَّا وَجَّهَ رُسُلَهٗ اِلَى الْمُلُوْكِ
فَخَرَجَ سِتَّةُ نَفَرٍ مِنْهُمْ فِىْ يَوْمٍ وَاحِدٍ فَاَصْبَحَ كُلُّ رَجُلٍ مِنْهُمْ يَتَكَلَّمُ بِلِسَانِ
الْقَوْمِ الَّذِىْ بَعَثَهٗ اِلَيْهِمْ کتاب شفا قاضی عیاض مین واقدی سی روایت کی ہی جب واسطے
ارسال ہدایت نامہ شیت حضرت ٹہری ہی چہہ اشخاص کو صحابہ سی چنا اس خدمت پر مامور کیا
بقدرت خدا و اعجاز خیر الوری ہر ایک جو صبح کو اوٹھا زبان سی اپنی مکتوب الیہ کی ماہر اور گویا
تہا اَيْضًا وَحَكَى ابْنُ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِىَّ خَرَجَ ذَاتَ لَيْلَةٍ وَنَاقَةٌ بَارِكَةٌ فِى الدَّارِ
فَلَمَّا مَرَّ بِهَا قَالَتْ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا زَيْنَ الْقِيَامَةِ يَا رَسُوْلَ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ
قَالَ فَالْتَفَتَ النَّبِىُّ اِلَيْهَا فَقَالَ وَعَلَيْكِ السَّلَامُ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ
اِنِّىْ كُنْتُ لِرَجُلٍ مِنْ قُرَيْشٍ يُقَالُ لَهٗ اَعْضَبُ فَهَرَبْتُ مِنْهُ فَوَقَفْتُ فِىْ مَغَارَةٍ
فَكَانَ اِذْ غَشِيَنِى اللَّيْلُ اِحْتَرَسَنِى السِّبَاعُ وَنَادَتْ بَعْضُهَا بَعْضًا لَا تُؤْذُوْهَا
فَاِنَّهَا مَرْكَبُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاِذَا اَصْبَحْتُ وَاَرَدْتُ اَنْ اَرْتَعَ نَادَتْنِىْ
كُلُّ شَجَرَةٍ اِلَىَّ اِلَىَّ فَاِنَّكِ مَرْكَبُ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ وَاٰلِهِ السَّلَامُ حَتّٰى وَقَعْتُ هٰهُنَا
قَالَ فَسَمَّاهَا عَضْبَاءَ شُقَّ لَهَا اِسْمًا مِنِ اسْمِ صَاحِبِهَا ثُمَّ قَالَتِ النَّاقَةُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ
اِنَّ لِىْ اِلَيْكَ حَاجَةً قَالَ وَمَا هِىَ قَالَتْ تَسْاَلُ اللّٰهَ اَنْ يَجْعَلَنِىْ مِنْ مَرْكَبِكَ فِى
الْجَنَّةِ كَمَا جَعَلَنِىْ فِى الدُّنْيَا قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ قَضَيْتُ اَيْضًا وَقَدْ رُوِىَ

مجلس اول

فِی قِصَّةِ الْعَضْبَاءِ وَکَلَامِهَا النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَتَعْرِیْفِهَا لَهٗ بِنَفْسِهَا وَمُبَادِرَاتِ الْعُشْبِ اِلَیْهَا فِی الرَّعْیِ وَتَجَنُّبِ الْوُحُوْشِ عَنْهَا وَنِدَائِهِمْ لَهَا اِنَّکِ لِمُحَمَّدٍ الْمُصْطَفٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهِ السَّلَامُ ای حاضرانِ بزمِ عزا تمنی سنا جو مذکور ہوا قصہ ناقۂ عضبا کا اوسکی باتین کرنا سیّد انبیا سی اور تعریف اپنی دوا دوش مین شوق لقا سی وقتِ چرنے کے ہر درخت و سبزۂ مرغزار کا بلانا دعوت مین جانورانِ دشت کا باہم کلام مخالطت مین خاطر داری ایسی پیش آنا اسلئے کہ تو مرکبِ رسول ہی تیری عزت و حرمت اوس نسبتِ حضرت سی ہمارے ہو انصاف کرو نباتات اور اشیای بی شعور یا بین خیر البشر کرین طایفۂ امت دشتِ کربلا مین لحمۂ قرابتِ پیغمبر کی حافظ نہین حدیثِ حُسَیْنٌ مِنِّیْ وَاَنَا مِنْ حُسَیْنٍ کو بھلائین پیاسی گلی پر نواسی کی خنجرِ آبدار پھرائین فرزندِ نبی کی لاش بی سر کو سمِ ستور سی روندین گھر لوٹین بہن اور بیٹی کو اسیر قیدی بنائی دربدر کھینچین قَالَ الرَّاوِیْ وَاِنَّهَا لَمْ تَاْکُلْ وَلَمْ تَشْرَبْ بَعْدَ مَوْتِهٖ حَتّٰی مَاتَتْ راوی کہتا ہی اوس ناقۂ بی زبان کو بعدِ رحلتِ نبی ایسا غم ہوا جو آب و علف پینا کھانا یکدم سی چھوڑ دیا یہان تک فراقِ پیغمبر مین بیچین رہا کہ شدتِ رنج سی تڑپ کی مر گیا اَیْضًا وَمَا رُوِیَ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ بْنِ حَمَّادٍ بِسَنَدِهٖ مِنْ کَلَامِ الْحِمَارِ الَّذِیْ اَصَابَهٗ بِخَیْبَرَ وَقَالَ لَهٗ اِسْمِیْ یَزِیْدُ بْنُ شِهَابٍ فَسَمَّاهُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ یَعْفُوْرًا سند سی اپنی ابراہیم ابنِ حماد نی روایت کی ہی نقل ایک حمار کی جو غزوۂ خیبر مین اوسی خدمتِ سواری ملی ہی حیوانِ درازگوش بولا مجھی زید ابن شہاب کہتی ہین ای مولا رسول جب نبی اوسکا یعفور نام رکھا وَاِنَّهٗ کَانَ یُوَجِّهُهٗ اِلٰی دُوْرِ الصَّحَابَةِ فَیَضْرِبُ عَلَیْهِمُ الْبَابَ رَاْسَهٗ وَیَسْتَدْعِیْهِمْ جب کبھی حضرت امر فرماتی واسطی طلبِ صحابہ اونکی مکان مین بھیجواتی وہ جا کی سر اپنا دروازی پر مارتا حاضر ہونی کو خدمتِ رسول مین پکارتا

مجلس اول

وَاِنَّ النَّبِیَّ لَمَّا مَاتَ تَرَدَّی الْجِمَارُ فِی بِئْرٍ جَزَعًا وَحُزْنًا فَمَاتَ ہرگاہ نبی اللہ کا واقعۂ رحلت ہوا عالم کو داغ مصیبت دیا وہ مرکب فرطِ حزن واندوہ سی جا کی چاہ مین گرا تڑپتا رہا تا مر گیا بہت مشابہت ہی اس مرکب کی حال کو ساتہہ اسپ سید الشہدا کی جو روایتہوا بعد قتل مولا روتا در خیمہ پر پکار اچلا کی یہان تک سر کو زمین پر پٹکا کہ اخنہ کو بیدم ہو کی مر اخا کہ گرا مِنْهَا خُرُوْجُ الْمَاءِ مِنْ بَيْنِ اَصَابِعِهٖ وَذٰلِكَ اَنَّهُمْ كَانُوْا مَعَهٗ فِی سَفَرٍ فَشَكَوْا اَنْ لَا مَاءَ مَعَهُمْ اور جو سرورِ کائنات علیہ الصلوٰۃ والہ سی اُمور بعد از بعثت کی ظہور مین آئی وہ معجزات وخارقِ عادات سوای قرآن کی بہت سی جمہور کو دکہائی اوسمین جاری ہونا انگشتِ شریف کی پانی کا جو ثقاتِ صحابہ سی علمانی پایا ثبتِ تالیف کیا کہ ایک سفر خیر البشر مین جمعیت لشکر ہمراہ تہی منزلِ قرار گاہ مین رفقا شاکی ہوی جو بوند پانی کی باقی نرہی وَاَنَّهُمْ بِعَرَضِ التَّلَفِ وَسَبِيْلِ الْعَطَبِ فَقَالَ كَلَّا اِنَّ مَعِیَ رَبِّی عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وہ سب لوگ پیاس کی شدت سی قریبِ ہلاکت پہنچی جب گھبرائی تو اُکی حضرت سی ملتجی ہوی جناب نی ساری اصحاب کو جواب دلاسا دیا کہ میری ساتہہ فضلِ خدا ہی اوسپر مجہی ہمیشہ بخیہ توکل رہا ثُمَّ دَعَا بِرَكْوَةٍ فَصُبَّ فِيْهَا مَاءٌ مَا كَانَ لِيُرْوِیَ رَجُلًا ضَعِيْفًا وَجَعَلَ يَدَهٗ فِيْهِ فَنَبَعَ الْمَاءُ مِنْ بَيْنِ اَصَابِعِهٖ پس ایک ڈول منگا کی روبرو رکہا اتنا پانی جو مردِ ضعیف کو سیراب کری اوسمین ڈالا دستِ معجز نما کو اندر ظرف کی داخل کیا درمیانِ انگشتان حضرت سی پانی اوبلنا شروع ہوا وَصِيْحَ فِی النَّاسِ فَشَرِبُوْا وَسَقَوْا حَتّٰى نَهِلُوْا وَعَلُّوْا وَهُمْ اُلُوْفٌ وَهُوَ يَقُوْلُ اَشْهَدُ اَنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ حَقًّا خلایق کو واسطی سقایت کی پکارا سبنی جو ہزارون تہی اکی پیادہ دواب کو بہی پلایا یہان تک کہ ساری شک وچہاگل بہری ہرچند وہ صرف کرتی ویساہی بہرا پاتی تہی اوسوقت ناطقِ بحق نی پکار کی فرمایا کہ گواہی دیتا ہون

مجلس اول

کر زمین سو نخدا ہون ہدایت کو آیا منہا حنین الجذع الذی کان یخطب عندہ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ و ذلک انہ کان فی مسجدہ بالمدینۃ
یستند الی جذع فیخطب الناس اور یہی رونا سوکہی درخت خرما کا جو مسجد مدینہ مین
قدری زمین سی اونچا رکہا گیا تہا جب سرور انبیا کہڑی ہو کی خطبہ پڑہتی او سپر تکیہ کرتے
صحابہ سی موعظہ اور حدیث کہتی فلما کثر الناس اتخذ والہ منبرا فلما صعدہ حن
الجذع حنین الناقۃ فقدت ولدہا ہر گاہ حاضرین بزم رسالت کا مجمع زیادہ ہوا
واسطی عروج قدم بابرکت کی منبر بنا کی رکہا جب صدر آرای بساط قرب الہی نی اوسپر جلوہ فرمایا
چوب خشک نخل نی مثال ناقہ کی جسکا بچہ گم ہوجای آہ و نالہ کا شور مچایا فنزل رسول اللہ صلی اللہ
علیہ والہ حتی جاء فوضع یدہ علیہ فضمہ الیہ فکان یان انین الصبی الذی
یسکت وہ معدن رحم و کرم سنکی بیچین ہوی منبر سی اوترکی بیخ درخت کی پاس تشریف لیگئے
اوسی تسکین و تسلی مین اپنی گلی سی لگایا، یہانتک کہ جوش رقت مین اوس بیقرار کی آرام آیا جیسی روتا ہوا
لڑکا دلاسی مین چپ ہوجای، ویسا ہی حضرت کی پیارنی سوکہی لکڑی کو لوازم راحت پہنچائی سبحان اللہ
رسالت پناہ زاری وآہ چوب خشک پر دلداری کو دوڑی باوجود مرتبہ خلافت و بادشاہی لگر یکو
چہاتی سی لگاتی کہ اوسی چین پڑی تعجب ہی اونکی اولاد کو ستایا، شیون و پکار امت نی ترس نکہایا
گلا کاٹا، اسباب لوٹا، گہر جلایا، عورات و اطفال کو عوض دلاسا مار کی رولایا ایک رحم دل نہ تہا اوس
کر سکینہ دختر یتیم کی رقت کو بہلائی، کوئی مسلمان نہتا جو زینب خاتون کی شیون مین پرسا دیتی کو
قریب آتی عزیزونکی سر لہو بہری نیزون پر سامنی لیجاتی جو حرم محترم اشک بہاتی ظالم بی رحم
ڈراتی کعب نیزہ اور تازیانہ لگاتی، وہ بی پدر بچونکا افغان ستمگر اعدا کا طغیان منہا حدیث
الغار وانہ علیہ والہ السلام لما اوی الی الغار بقرب مکۃ یعتورہ النزال

مجلس اول

ویاوی الیہ الرعاۃ متوجہۃ الی الجحر انضا مثل حدیث غار ہی جو شتم روزگار ہی ہرگاہ معاندین قریش نی کثرت آزار مین تدبیر قتل صفوۃ اللہ کی سید ابرار نی قرب مکہ زاویہ کوہ مین پناہ لی جہان آیندو روند بچاو کو طپش آفتاب سی ٹہرتی کہ یہ ہی چرپایہ کی تہکی ماندی اوترا کرتی جزم ہجرت سید البشر اوسکی اندر پوشیدہ رہی ساماں سفر جب پایا صدمات غربت سہی فخرج القوم فی طلبہ فعمی اللہ اثرہ وھو نصب اعینھم وصدھم عنہ واخذ بابصارھم دونہ وھم دھاۃ العرب نقش قدم سرور پر مناقین تلاش مین باہر آئی خدانی اثر نعلین شریف سازمین پراونکی پیش نظر سی چہپائی پردہ حیرت اور سرگردانی حائل کیا آنکہون سی اونہیں امن و امان مین رکہا وہ روسای قوم عرب جنی ہوی عیار تہی جو قیاس و مظنہ سی غار تک جا پہنچی وبعث سبحانہ وتعالی العنکبوت فنسجت فی وجہ النبی فسترتہ وآیسھم ذلک من الطلب فیہ سبحانہ وتعالی نی عنکبوت کو مامور کیا جو در غار پر اوسنی فوراً جالا تنا مکڑی کی تار سی روبروی رسالت مآب حجاب ہوا کہ اعدا کو اوس مزاحمت نی جستجو اور طلب سی حضرت کی نا امید رکہا وبعث اللہ حمامتین وحشیتین فوقعتا بفم الغار دو کبوتر صحرائی کو رب داور نی خدمت سرور مین بہیجا کہ منہ پر شکاف کوہ کی وہ جوڑا بیٹہا فاقبل فتیان قریش من کل بطن رجل بعصیھم وھراواھم وسیوفھم حتی اذا کانوا من النبی بقدر اربعین ذراعاً ہر قبیلۂ قریش سی چالاک و ہوشیار آدمی لاٹہی اور تلوار لئی ہہی دوڑی تا کہ در میان خیر المرسلین تہوڑا فاصلہ رہا وہان تک بڑہی تعجل رجل منھم لینظر من فی الغار فرجع الی اصحابہ ایک شخص سبقت کرکی بیشتر سب سی گیا جو غار مین دیکہی کون ہی جا کی جلدی پہر کر رفقا کو پکارا یہان کچہہ نہین پہر چلو عبث اپنی اوقات ضایع نکرو فقالوا لہ مالک الا تنظر فی الغار اشقیا نی کہا تجہی کیا ہوا کہ بیچ پاس آتا اور ہمین روکتا ہی جو اکی نہ بڑہین تا معلوم ہوتا

۴۱

کوہ مین کیا ہی فَقَالَ رَاَیْتُ حَمَامَتَیْنِ بِفَمِ الْغَارِ فَعَلِمْتُ اَنْ لَیْسَ فِیْہِ اَحَدٌ
جواب دیا جوڑا کبوترانِ وحشی کا غار پر آشیان لگائی بیٹھی ہین اس علامت سی مین جانا یہان کوئی
نہین ہی وَسَمِعَ النَّبِیُّ مَا قَالَ وَدَعَا لَهُنَّ النَّبِیُّ وَفَرَضَ جَزَاؤُهُنَّ فَانْحَدَرْنَ فِی
الْحَرَمِ حضرت نبی اونکی سب باتین جو آپسمین ہوئین سماعت کین کبوترونکو دعا مین خیر و سلامتی
اور برکت کی دین اونکا ستانا اور ساری کبوترِ حرم کا مارنا حرام فرمایا اوسدن سی کبوتر کی جوڑی نی
خانہ خدا مین آشیان رہنی کو بنایا مِنْهَا اِنَّ اَصْحَابَہٗ صَلَوٰۃُ اللّٰہِ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ اَرْمَلُوْا وَ
ضَاقَتْ بِهِمُ الْحَالُ وَصَارُوْا بِعَرَضِ الْهَلَاکِ لِفَنَاءِ الْاَزْوَادِ فِیْ یَوْمِ الْاَحْزَابِ
اور غزوہ احزاب مین اصحاب رسالت مآب پر فقر اور بینوائی کی شدت ہوئی تمام آذوقہ خورش مین
نوبتِ ہلاکت پہنچی فَدَعَاہُ رَجُلٌ مِّنْ اَصْحَابِہٖ اِلٰی طَعَامِہٖ فَاَجْفَلَ الْقَوْمُ مَعَہٗ فَدَخَلَ
وَلَیْسَ عِنْدَ الْقَوْمِ الْاَقُوْتُ رَجُلٍ وَّاحِدٍ اَوْ رَجُلَیْنِ ایک خیرخواہِ فدائی کو قدری طعام
میسر آیا ضیافت کی واسطی رسول اللہ کو بلایا سارا مجمع قوم کا رفاقتِ حضرت مین ساتھ چلا
جب وارد ہوئی تو دیکھا میزبان کی پاس بقدرِ خوراکِ ایک آدمی یا دو سی زیادہ نتہا فَقَالَ
رَسُوْلُ اللّٰہِ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ غَطُّوْا اِنَاءَکُمْ ثُمَّ بَارَکَ عَلَیْہِ وَقَدَّمَہٗ سرورِ عالم نے
فرمایا کہانی کی ظرف پر چادر ڈھانک دین پھر قدرت خدا سی اعجاز نبی کا تماشا دیکھین خیرخواہ نے
اپنا دستِ حق پرست واسطی برکت کی اوسپر پھرایا نکال کی دیا اور کہلانا شروع کیا تا سب
لشکر کو پہنچایا وَالْقَوْمُ اُلُوْفٌ فَاَکَلُوْا وَصَدَرُوْا وَکَانَ لَمْ یَعْبَؤُا قَطُّ شِبَاعًا رِوَاءً
وَالطَّعَامُ بِحَالِہٖ لَمْ یَفْقِدْ وَمِنْہُ شَیْئًا وہ گروہ ہزارون آدمی تہی جو آتی نوش کرتی
سیر ہو کی پھر جاتی کوئی باقی نرہا چھوٹا بڑا جسکا پیٹ مانند کرم سی نہ بھرا لاکن وہ برتن کو خورش سی
ویسا ہی لبریز باقی ہو سنین تحایف درود اور شکرِ معبود بجا لاتی مِنْهَا اِنَّہٗ اَجْتَمَعَ اِلَیْہِ

مجلس اول

فقراء قومه واصحابه فی غزوة تبوک فشکوا الجوع روایت ہی غزوۂ تبوک مین فقرای
سپاہ اور اصحاب رسول اللہ اونکی خدمت مین فراہم ہوی بہوک اور فقدان طعام سی الجوع کی نالہ
اونکو کیئی فدعا بفضل زادلهم فلم یوجد الا بضع عشرة تمرة فطرحت بین
یدیه حضرت نی توشہ پس ماندہ اونکا منگایا ہرچند ساری لشکر مین ڈہونڈہا پندرہ سولہ دانہ خرما کی
سوا کچہہ نملا وہ خورش قلیل نوباوہ خلیل کو لاکی دی خلیفۃ اللہ نی اپنی روبرو رکہی فانجفل القوم
فوضع یده علیها وقال کلوا بسم اللہ قوم طالب غذا کا جوش وخروش ہوا ابو القاسم نی اپنا
ہاتہہ اوسپر دہا لوگونکو دیا اور کہلانا شروع کیا فرمایا تم سب آو بسم اللہ کہو نعمت سناو
عطای رسول نوش کرو فاکل القوم حتی شبعوا وهی بحالها یرونها عیانا پس جملہ ہم اہیان
رکاب سعادت مآب کا وہ خورش سی پیٹ بہرا پہر دیکہا تو اطعمہ ویسا ہی برقرار اور موجود رکہا
ایسا معجزہ باہرہ آشکارا نظر سی گذرا مومنین کو سرور منافقین کا رو سیاہ رہا ومنها ان ظبیة
کلمته حین وقعت فی شبکة فقالت له یا رسول اللہ ان لی طفلا یحتاج
الی لبن منقول ہی مادہ ہرن نبی ذو المنن سی ہم سخن ہوی جب صیاد کی جال مین پہنسی کہبراتی تہی
عرض کی ای حاجت روای کونین میرا بچہ چہوٹا ہی جنگل مین بہوکا دود کو ترپتا ہی وانی قد وقعت
فی هذه الشبکة فخلنی حتی ارضعه مین پہندی مین گرفتار بلا ہون اگر چہرا دو تو دی جاکی
شیر پلاون فقال صلی اللہ علیه واله کیف اخلیک وصاحب الشبکة غائب
فرمایا کیونکر تجہی رہا کرون صیاد مالک دام غائب ہی اوسکا جواب کیا دون قالت فانی
ارجع فخلاها وجلس حتی رجعت الظبیة وجاء صاحبها فتشفع رسول اللہ صلی
اللہ علیه واله حتی خلی سبیلها مادہ آہو نی کہا مین وعدہ کرتی ہون خلاف نہوگا اپنی بچہ کی
پاس جلدی جاونگی دود پلاکی اوسی پہر اونگی پس مشکلکشای عالم نی اوسی چہوڑ دیا اور آپ اوس جگہ بیٹہی

مجلس اول

دہان ہرنی کی بدلی توقف کیا تہوڑی دیر مین وہ غزال دوڑتی آئی اور حضور مین مالکِ جال کی سعادتِ قدم بوسی پائی شافعِ عبید واحرار نی اوسکی لئی رہائی مانگی شکاری صاحب جال نی خاطرِ حضرت سی ہرنی چہوڑ دی فَاتَّخَذَ الْقَوْمُ مِنْ ذٰلِكَ الْمَوْضِعِ مَسْجِدًا اہلِ اسلام نی اوس جا کی حرمت اور شرافت بڑہانی کو واسطی خدا کی برکتِ رسول سی مسجد بنائی مِنْهَا حَدِيثُ الْاِسْتِسْقَاءِ وَاِنَّ اَهْلَ الْمَدِيْنَةِ مُطِرُوْا حَتّٰى اَشْفَقُوْا مِنْ خَرَابِ دُوْرِهَا وَانْهِدَامِ بُنْيَانِهَا ایضاً روایت ہی نزولِ باران کی جو کرامت ہی رسولِ یزدان کی ایک دفعہ اہالی شہرِ مدینہ پر زور شور سی مینہ برسا اسقدر کثرت سی جو اندیشہ ہوا مکانات کی انہدام کا پس فریاد رس ہر درماندہ و بیکس کی قرین صحابہ ضبط آئی خرابی مسکن اور تلفِ جان و تن کا شکوہ زبان پر لائی فَقَالَ عَلَيْهِ وَاٰلِهِ السَّلَامُ اَللّٰهُمَّ حَوَالَيْنَا وَلَا عَلَيْنَا فَانْجَابَ السَّحَابُ عَنِ الْمَدِيْنَةِ وَاَطَافَ حَوْلَهَا مُسْتَدِيْرًا كَالْاِكْلِيْلِ حضرت نی درگاہِ خدا مین راز و نیاز سی دعا کی کلماتِ فرج مین رحمت سی رہائی رحمت چاہی فوراً بادل فوقِ شہر سی ہٹا اور ہٹ گیا اطرافِ مدینہ مین حلقہ کئی مانند تاج کہڑا ہاؤ وَالشَّمْسُ طَالِعَةٌ فِي الْمَدِيْنَةِ وَالْمَطَرُ يَهْطِلُ عَلٰى مَا حَوْلَهَا گہرون کی در و دیوار پر آفتاب چمکتا تہا چارون جانب آبادی کی پانی پڑتا تہا ذٰلِكَ ظَاهِرًا مُؤْمِنُهُمْ وَكَافِرُهُمْ وَضَحِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ حَتّٰى بَدَتْ نَوَاجِذُهٗ مومنین اور کافرین ظاہر اور باہر معجزہ دیکہتی تہی سید المرسلین ہنستی اسقدر کہ دردندان نظر پڑتی تہی وَقَالَ لِلّٰهِ دَرُّ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ لَوْ كَانَ حَيًّا قَرَّتْ عَيْنَاهُ مَنْ يُنْشِدُنَا فرمایا خدا بخشی اگر اسوقت چچا ابوطالب زندہ اور سلامت ہوتی تو مزیدِ سرورِ دل روشنی دیدہ مین اشعار انکی پڑہ کی ہوش کہوتی فَقَامَ اَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَاَنَّكَ اَرَدْتَ قَوْلَهٗ علی ابن ابی طالب نی سنکی وہ بروہ کہڑی ہو کی کہا یا رسول اللہ گویا اس نظم کا

مجلس اول

انکو دہیان آیا جو میری والد ماجد نی موزون کیاہی آنکی مدح مین گو ہر مضمون باندہاہی **بلیت**

وَأَبيضَ يُستَسقى الغَمامُ بِوَجهِهِ ثِمالُ اليَتامى عِصمَةٌ لِلأَرامِلِ يَطُوفُ بِهِ

الهُلّاكُ مِن آلِ هاشِمٍ فَهُم عِندَهُ في نِعمَةٍ وَفَواضِلِ منها شَكوى البَعيرِ اِلَيهِ

عِندَ رُجُوعِهِ اِلَى المَدِينَةِ مِن غَزوَةِ بَنِي ثَعلَبَةَ مکارم اخلاق و مروت سی اوس معدن

رحمت کی بیان کیاہی کہ جب غزوۂ بنی ثعلبہ سی مدینہ کو پہری تو ایک بوڑہا اونٹ دیکہا روبرو

حضرت فریاد کرتاہی فَقالَ اَتَدرُونَ ما يَقُولُ هٰذَا البَعِيرُ قالَ جابِرٌ قُلنا اللّٰهُ وَرَسُولُهُ

اَعلَمُ جناب نی اصحاب کیطرف خطاب فرمایا تم جانتی ہو یہ حیوان مجہسی کیا کہتی ہو آیا جابر ابن عبد اللہ نی

عرض کی خدا و رسول اعلم ہین کیا غرض ہی اسکی قالَ اِنَّهُ يُخبِرُنِي اَنَّ صاحِبَهُ عَمِلَ عَلَيهِ

حَتّٰى اِذا اَكبَرَهُ وَاَدبَرَهُ وَاَهزَلَهُ اَرادَ نَحرَهُ وَبَيعَهُ لحمه مخبر صادق بولی یہ مجہی اپنا دکہ

سناتاہی کہ مالک نی مدت جوانی مین بوجہہ لادکی بہرایاہی سواریکا ارام پایاہی اب ناتوان دیکہا

تو گوشت بیچنی کو نحر کیا چاہتاہی يا جابِرُ اِذهَب مَعَهُ اِلٰى صاحِبِهِ فَاْتِنِي بِهِ قالَ قُلتُ

وَاللّٰهِ ما اَعرِفُ صاحِبَهُ قالَ عَلَيهِ وَآلِهِ السَّلامُ هُوَ يَدُلُّكَ ارشاد کیا ای جابر اسکی

ساتہہ مالک پاس جاؤ اور میری حضور مین بلاکی لاؤ راوی نی کہا مینی عرض کیا یا رسول اللہ مین اوسی

نہین پہچانتا فرمایا اونٹ خود بتا دیگا جہان ہوگا قالَ فَخَرَجتُ حَتّٰى اِنتَهَيتُ اِلٰى بَنِي حَنظَلَةَ

اَو بَنِي واقِفٍ جابر ناقل ہین شتر کی پیچہی چلا تا کہ محلہ بنی حنظلہ مین مجہی لیگیا وہان جاکی کہڑا ہوا

دیکہا بڑا مجمع بیٹہا تہا فَقُلتُ اَيُّكُم صاحِبُ هٰذَا البَعِيرِ فَقالَ بَعضُهُم اَنا قُلتُ اَجِب

رَسُولَ اللّٰهِ مینی پکارا کون تمہاری غول مین اسکا صاحب ہی ایک بولا مین ہون تو حسن کا طالب

مینی کہا اوٹہو جلدی چلو رسو خدا نی بلایا حاضر ہو فَجِئتُ اَنا وَهُوَ البَعِيرُ اِلٰى رَسُولِ اللّٰهِ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ پس وہ اونٹ اور مالک نی قدم بڑہائی میری ہمراہ نبی اللہ کی پاس آئی

مجلس اول

فَقَالَ عَلَيْهِ وَآلِهِ السَّلَامُ بِعْنِيكَ هٰذَا الْبَعِيْرَ بِكَذَا وَكَذَا قَالَ قَدْ كَانَ ذٰلِكَ
يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ حضرت نے اوسکو ارشاد فرمایا اے مرد تیرا اجمازہ جیسی ایسا اظہار کرتا ہے
اوسنے عرض کی یا خیر الورے یونہین ہے جیسا کہتا ہے فَقَالَ بِعْنِيْهِ قَالَ هُوَ لَكَ قَالَ لَا بَلْ
بِعْنِيْهِ رحمۃ العالمین مخزن رحم وکرم نے زبانِ فیض ترجمان سے کہا اپنی اونٹ کو میری ہاتھہ
فروخت کر بشرطِ رضا عرض کی یونہین اپکی نذر ہے تمہاری اختیار مین مال وجانِ ہر شہ ہے فرمایا
یہ نہین ہو سکتا بلکہ بیدال تو لونگا فَاشْتَرَاهُ مِنْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ ثُمَّ صَرَفَ عَلٰى صَفْحَتِهِ
فَتَرَكَهُ يَرْعٰى فِيْ ضَوَاحِي الْمَدِيْنَةِ پس صاحبِ شتر نے جو قیمت مانگی پہر و رشافعِ محشر نے
فوراً عطا کی اونٹ کی پشت پر دستِ شفقت پہیرا خوشی خواہ رسول اللہ نے چھوڑ دیا کہ اطراف
مدینہ مین سبزہ چرتا پہرتا رہا بندِ اندوہ اور ہلاک سے ازاد زنج جاوید ہوا فَكَانَ الرَّجُلُ مِنَّا
إِذَا أَرَادَ الرَّوْحَةَ وَالْغَدْوَةَ وَضَعَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ لِقُرْبِ إِلَيْهِ
جابر کہتی ہین ہر شخص ہماری گروہ صحابہ سے واسطی رضاے سیدِ انبیا اوس اونٹ کو پانی اور چارہ
دیا کرتا صبح اور شام اوسکا راتب جابجا سے ملتا رہتا قَالَ جَابِرٌ فَرَأَيْتُهُ وَقَدْ ذَهَبَتْ
دَبَرَتُهُ وَرَجَعَتْ إِلَيْهِ نَفْسُهُ راوی نے ذکر کیا دیکھا مینے تھوڑی دن مین اوسکا ضعف
اور نشانِ زخم جاتا رہا فربہ اور توانا ہو گیا بہت رنگ و روپ لایا اللہ اکبر کیا فیضِ وجود ہے
اوس بحرِ عطا کی کہ زحمت وتکلیف حیوان بہی گوارا نہی ہرن کو دامِ صیاد اور تیغِ جلاد سے بچایا
شتر کو بندِ ہلاک جورِ بیداد سے چھڑایا افسوس کہ اوکی عترتِ طاہرہ اسیر ہون کوئی ترس نہ کہائی
اولاد بہوکی پیاسی ماری جای کسی کو رحم نہ اے زین العابدین کو قید مین بہی ایذا دین زینب و
ام کلثوم کی بازو مین رسی باندہین کھینچی پھرین یتیم بچون کی سینہ پر بجای تسلی سیلی اور طمانچی لگائین
سرہای آلِ نبی نازپرور بتول در بدر لاکی دروازون پر لٹکائین فِيْ ذِكْرِ مَبْدَءِ الْمَبْعَثِ

مجلس اول

ذکرَ علیّ بن ابراهیم بن هاشم وهو من اجلّ رواة اصحابنا فی کتابه انما یثبت اطراد

وساده رسالت مین ذکر کیا ہی علی بن ابراہیم نی جو ہماری بڑی اصحاب حدیث تہی اپنی کتاب مین لکہا ہی

اِنَّ النَّبیَّ لَمّا اتی لَهُ سَبعٌ وثلاثونَ سَنَةً کانَ یَریٰ فی نَومِهِ کَاَنَّ آتیاً اَتاهُ

صفوة الله کا سنِ شریف تیس اور سات برس کو پہنچا تو خواب مین ایسا دیکہتی کوئی شخص انکی سامنی کہڑا ہوا

فیقولُ یا رسولَ اللهِ فینکرُ ذلکَ وہ بشارت سی خطاب کرتا ہی ای رسول خدا مگر یہ کلام حضرت کی

دل سی کوارا نہوتا فلمّا طالَ علیهِ الامرُ وکانَ بینَ الجبالِ یرعیٰ غنماً لابی طالبٍ

جب مدتکا زمانہ اسپر گذرا تو ایک دن ابی طالب کی دنبی چرانی کو پہاڑ مین عبور ہوا فنظرَ الی شخصٍ

یقولُ لهُ یا رسولَ اللهِ فقالَ لهُ مَن انتَ فقالَ انا جبرئیلُ ارسلنی اللهُ

الیکَ لیتخذکَ رسولاً ناگاه مرد نورانی صورت دکہائی دیا اور اونسی ادب سی عرض کی

ای رسول خدا پوچہا تو کون ہی جو یہان آیا ہی کہا مین جبرئیل ہون کہ الله نی تمہاری پاس بہیجا ہی

تا خلعتِ نبوت اپکو پہنائی اور دعوتِ خلق پر واسطی ہدایت مبعوث فرمائی فاخبرَ رسولُ اللهِ

خدیجةَ بذلکَ وکانت خدیجةُ قد انتهیٰ الیها خبرُ الیهودیِّ وخبرُ بحیرا وحدّثت

بهِ آمنةُ امُّهُ پس مخبرِ صادق نی یہ ماجرا خدیجہ سی دہرایا کہ اونکو بیانِ یہود اور قول بحیرا و حدیث

آمنہ والدہ حضرت سی گوش زد ہوا تہا فقالت یا محمّدُ انّی لارجو ان تکونَ کذلکَ وکانَ رسولُ

اللهِ یکتمُ خدیجہ بولین کہ یا محمد ایسہ ہی یونہین اپکی واسطی ظہور مین آئی گا لاکن خیر البشر نی بہت دن تک

یہ راز اغیار سی چہپائی رکہا فنزلَ جبرئیلُ وانزلَ علیهِ ماءً من السماءِ فقالَ یا محمّدُ

قم فتوضّأ للصلوةِ پس ایک روز جبرئیل امین آئی تہو اپانی آسمان سی لائی کہا ای محمد اٹہو

نماز کی لیئی وضو کرو فعلّمهُ جبرئیلُ الوضوءَ علی الوجهِ والیدینِ من المرفقِ ومسحِ

الرأسِ والرجلینِ من الکعبینِ جبرئیل نی منہ دہونا کہنی تک ہاتہون پر پانی ڈالنا بتایا

اور سر و پا کا مسح کعبین تک سکہایا وَعَلَّمَهُ الرُّكُوْعَ وَالسُّجُوْدَ اداے صلوۃ مین قیام وقعود کی
ترکیب بتہائی. عبد و معبود کی راہِ سلوک و رضاجوئی حبیب دکہائی فَلَمَّا تَمَّ لَهُ اَرْبَعُوْنَ
سَنَةً اَمَرَهُ بِالصَّلٰوةِ وَعَلَّمَهُ حُدُوْدَهَا فَلَمْ يَنْزِلْ عَلَيْهِ اَوْقَاتُهَا ہرگاہ چالیس برس
عمر مبارک کی گذری پہر جبرئیل حاضر خدمت والا ہوئی نماز پڑہنی کو امر کیا تاکہ بجا لائیں اور اوسکی
ارکان وحدود حضرت کو بتائی لاکن وقت سی خبر نہ دی اور عددِ رکعات سی بہی کمی رہی فَكَانَ
رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ يُصَلِّيْ رَكْعَتَيْنِ فِيْ كُلِّ وَقْتٍ پس پیشواے کائنات
عبادت مین کہڑی رہتی، ہر وقت مین دو رکعت نماز ادا کرتی وَكَانَ عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ
عَلَيْهِ السَّلَامُ يَاْلَفُهُ وَيَكُوْنُ مَعَهُ فِيْ مَجِيْئِهٖ وَذِهَابِهٖ لَا يُفَارِقُهُ فَدَخَلَ
عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَهُوَ يُصَلِّيْ علی بن ابیطالب علیہ السلام جو خیر الانام سی
الفت زیادہ رکہتی تہی ہر دم انی جانی مین رفاقت سی جدا نہ ہتی تہی جب رسول مقبول نماز مین
مشغول تہی ناگاہ شاہِ ولایت پناہ وارد ہوئی فَلَمَّا نَظَرَ اِلَيْهِ يُصَلِّيْ قَالَ يَا اَبَا الْقَاسِمِ
مَا هٰذَا قَالَ هٰذِهِ الصَّلٰوةُ الَّتِيْ اَمَرَنِيَ اللّٰهُ بِهَا ہرگاہ سرور اولیا نی سید انبیا کو مصروف
صلوۃ رکوع اور سجود مین دیکہا، عرض کی ای ابو القاسم یہ کیا فعل ہی کہا نماز جسکو مجہی خدا نی امر کیا
وَدَعَاهُ اِلَى الْاِسْلَامِ فَاَسْلَمَ وَصَلّٰى مَعَهٗ ہادی امت نی شاہِ نجف کو دعوتِ اسلام اور شعار
ملت کی ولی اللہ نی فوراً مسلمان ہو کی ساتہہ نماز پڑہی وَاَسْلَمَتْ خَدِيْجَةُ وَكَانَتْ لَا تُصَلِّيْ
اِلَّا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَعَلِيٌّ وَخَدِيْجَةُ خَلْفَهُ پس خدیجہ نی بہی مذہب
اسلام رغبت سی قبول کیا. خیر الوری کی پیچہی نماز پڑہنی والا کوئی نتہا سواے خدیجہ اور علی مرتضی
فَلَمَّا اَتٰى لِذٰلِكَ اَيَّامٌ دَخَلَ اَبُوْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اِلٰى مَنْزِلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَمَعَهٗ جَعْفَرٌ ہرگاہ یونہین چند روز گذری ایک دن ابو طالب رضی اللہ عنہ

مجلس اول

کہر مین پیغمبر کی وارد ہوی اونکی ساتہہ جعفر بہی آئی رسم تحیت اور سلام بجالائی فنظر الی رسول اللہ

وعلی علیہما السلام بجنبہ یصلیان فقال لجعفر صل جناح ابن عمک خلیفہ بنی

دیکہا مصروف نماز ہین اور علی علیہ السلام اونکی برابر کہڑی ہوی وستا رہین ابو طالب اپنی فرزند

جعفر سی بولی جاکی بہی بہائی عم زاد کی مقتدی ہوئی فوقف جعفر بن ابی طالب من

جانب الاخ فلما وقف جعفر علی یسارہ بدر رسول اللہ صلی اللہ علیہ

والہ من بینہما وتقدم وانشد ابو طالب فی ذلک یقول پس جعفر انکی بائین

پہلو مین مامومہ ٹہری جب بائین طرف شاہ نجف کی وہ ذی شرف تقیم ہوئی تو رسول اللہ اونکی بیچ سے

آگی بڑہی او سدم بدح امام اور مولای انام واکابر اسلام پر ابو طالب نی اپنی شعر پڑہی روی

عن عباد بن عبد اللہ عن علی علیہ وآلہ السلام قال کنا بمکۃ مع رسول اللہ صلی اللہ

علیہ وآلہ فخرج فی بعض نواحیہا عباد بن عبد اللہ نی علی ابن ابی طالب علیہ السلام سے

روایت کی ہی فرمایا کہ ہم رسولخدا کی ساتہہ مکہ مین رہتی تہی ناگاہ ایک سفر کو سید البشر چلے

ہم بہی اونکی ہمراہ قدم بیما ہوی فما استقبلہ شجر ولا جبل الا قال لہ السلام

علیک یا رسول اللہ پس راہ مین کوئی درخت اور پہاڑ اور سنگ نہین ملا کہ جسنی فروتنی اور

ادب سی السلام علیک یا رسول اللہ نہ کہا وفی حدیث ابی ذر عنہ علیہ السلام

ان الانبیاء مائۃ الف واربعۃ وعشرون الف نبی وذکر ان الرسل منہم

ثلاث مائۃ وثلاثۃ عشر اولہم آدم ابی ذر نی اوس جناب سی نقل کی جو فرمایا

بدرستی کہ خدای تعالی نی ایک لاکہہ چوبیس ہزار بزرگوار کو نبی بنایا اور یہی راوی نی ذکر کیا

کہ اون ہین تین سو تیرہ کو درجہ رسالت دیا پہلی سب سی آدم ابو البشر ہین آخر ہین محمد مصطفی

علیہ السلام پیغمبر داور ہین روی عن واثلۃ بن الاسقع قال قال علیہ السلام ان اللہ

مجلس اول فضایل نبوی مین

اصطفی من بنی کنانۃ قریشا واصطفی من قریش بنی ہاشم واصطفانی من بنی
ہاشم والمراد ان آنسنع نے کہا کہ مخبر صادق علیہ السلام کا ارشاد ہوا خدا نے اولاد ابراہیم سے
اسماعیل کو چنا اور اوس مین بنی کنانہ اور اون مین قریش اور اونسے بنی ہاشم کو منتخب کیا مجھے بھی
برگزیدہ آل ہاشم بنایا کہ میری حسب ونسب سے سبکو فخر آیا وروی عنہ ابوذر وابن
عباس وجابر بن عبد اللہ وابن عمر وابو ہریرۃ انہ قال اعطیت خمسا وفی
بعضہا ستا لم یعطہن نبی قبلی صحابہ مذکور نے متفق حدیثین نقل کین حضرت نے فرمایا
مجھے عطا ہوین پانچ کرامتین اور دوسری روایت مین چھ شرافتین جو کسی نبی کو پہلے نہین ملین نصرت
بالرعب مسیرۃ شہر وجعلت لی الارض مسجدا وطہورا فایما رجل من
امتی ادرکتہ الصلوۃ فلیصل نصرت پائی مینے اللہ سے کہ ایک ماہ راہ تک رعب میرا پہلیا ہے
اور ساری زمین میری مسجد بنائی جو کوئی اس امت سے وقت نماز مین چاہے ہر جا پڑھ سکتا ہے
واحلت لی الغنائم ولم تحل لاحد قبلی وبعثت الی الناس کافۃ واعطیت
الشفاعۃ اموال مشرکین وعیال کفار سے غنیمت حلال کی جو پیشتر کسیکی واسطے اس عنایت پر
مجال نہتی مبعوث کیا مجھے ساری دنیا کی ہدایت کو جو روز قیامت تک یہ شریعت باطل نہو
تاج شفاعت سے خلایق کی سرفراز کیا وسیلہ آمرزش بنایا او سپر لوای حمد اور حوض کوثر دیا ایضا
وقال علیہ السلام ان بنی اسرائیل افترقوا علی اثنین وسبعین فرقۃ
وان امتی تفترق علی ثلاث وسبعین کلہا فی النار الا واحدۃ قالوا ومن ہم
یا رسول اللہ قال الذی انا علیہ الیوم واصحابی ارشاد کیا رسولخدا صلی اللہ علیہ وآلہ نے
صحابہ سے جو بیٹھے تھے بدرستیکہ قوم بنی اسرائیل بعد موسی کے بہتر فرقہ ہوے میری امت سے ستر اور تین گروہ
بنین گے سوای جماعت واحدہ کے سب دوزخ مین جلین گے پوچھا وہ کون لوگ ہین جنکی رتبے عظیم ہین فرمایا

مجلس اول

پابند اس راہ کی جسپر آج ہم اور صحابہ مستقیم ہین ای سلیمین مبین مدح و منقبت کو تمسی سنا خوش ہو نیکو اب حاضرین شرح مصیبت گوش کرو رونیکو مروی فی کتابِ کاملِ الزیارت بسندہٖ عَنْ اَبِیْ عَبْدِ اللّٰہِ عَلَیْہِ السَّلَامُ قَالَ لَمَّا اُسْرِیَ بِالنَّبِیِّ کتاب کامل الزیارت مین اپنی سند سے روایت کی ہے کہ ابی عبد اللہ جعفر صادق علیہ السلام فی یہ حدیث کہی ہی جب سرور کائنات کو معراج میں رتبہ قابَ قوسَینِ اَوْ اَدْنیٰ کی سیر دکہائی اور بساطِ قرب الٰہی پر اوس صدر نشین کو مین کی تشریف پہنچائی قِیْلَ لَہٗ اِنَّ اللّٰہَ مُخْبِرُکَ بِثَلَاثٍ لِیَنْظُرَ کَیْفَ صَبْرُکَ اونسی کہا اللہ تعالیٰ تین امر مین تمہین مختار کرتا ہے کہ دیکھی اونمین صبر اور تحمل کا مقام کیا ثابت رہتا ہی قَالَ اُسَلِّمُ لِاَمْرِکَ یَا رَبِّ وَلَا قُوَّۃَ لِیْ عَلَی الصَّبْرِ اِلَّا بِکَ عرض کی ای خدا مین اوس امر کی تسلیم کرونگا اور سوای تیری مدد کی قوت صبر نہین پاونگا فَمَا ہُنَّ قِیْلَ اَوَّلُہُنَّ الْجُوْعُ وَالْاَثَرَۃُ عَلٰی نَفْسِکَ وَعَلٰی اَہْلِکَ لِاَہْلِ الْحَاجَۃِ نبیِ الوری نی پوچہا وہ کیا ہین اونکا بیان تا فرمایا گیا پہلی اونمین فقر اور فاقہ کی ابتلا تمہاری ذات تک بہوکا رہنا اور اہل و عیال پر بہی وہ صدمہ ہونا و اسطی حاجت والونکی ایثار کرنا اپنی اوپر اونکو مقدم کرنا قَالَ قَبِلْتُ یَا رَبِّ وَرَضِیْتُ وَسَلَّمْتُ وَمِنْکَ التَّوْفِیْقُ وَالصَّبْرُ خیر البشر نی کہا ای داور مینی قبول کیا رضا و تسلیم پر تجہسی توفیقِ صبر کو چاہا وَاَمَّا الثَّانِیَۃُ فَالتَّکْذِیْبُ وَالْخَوْفُ الشَّدِیْدُ وَبَذْلُکَ مُہْجَتَکَ فِیْ مُحَارَبَۃِ اَہْلِ الْکُفْرِ بِمَالِکَ وَنَفْسِکَ دوسری ایذا تکذیب اور خوف شدید کی بلا اوٹہانا اپنی تئین اہلِ کفر کی جہاد پر ہلاکت مین ڈالنا مال اور جان کو اونمین بیدریغ بہونا اور بذل و جہد مین و نزات مصروف ہونا وَالصَّبْرُ عَلٰی مَا یُصِیْبُکَ مِنْہُمْ مِنَ الْاَذٰی مِنْ اَہْلِ النِّفَاقِ وَالْاَلَمِ فِی الْحَرْبِ وَالْجِرَاحِ اس مین جو مصیبت پہنچی وہ اذیت پر صبر کرنا اور حالات مین سب کرب و بلا کی راضی رہنا منافقونکی آزار اور الم پر تاب لانا جراحاتِ بدن کا جنگ مین رنج و غم اوٹہانا قَالَ یَا رَبِّ قَبِلْتُ وَرَضِیْتُ وَسَلَّمْتُ وَمِنْکَ التَّوْفِیْقُ وَالصَّبْرُ سید انبیا نی کہا ای مولا مینی یہ بہی قبول کیا

مجلس اول

اوسپر تہ دل سی راضی ہوا گردن طاعت کو راہِ رضا مین جھکایا اور تیری توفیقِ طاعت و صبر پر
تکیہ لگایا وَاَمَّا الثَّالِثَۃُ فَمَا یَلْقٰی اَھْلُ بَیْتِکَ مِنْ بَعْدِکَ مِنَ الْقَتْلِ امر تیسرا وہ ہی جسمین
مبتلا ہونگی اہلبیت بعد از تمہاری سب ماری جائینگی جور اور جفا سی وہ بیچاری اَمَّا اَخُوْکَ عَلِیٌّ فَیَلْقٰی
مِنْ اُمَّتِکَ الشَّتْمَ وَالتَّعْنِیْفَ وَالتَّوْبِیْخَ وَالْحِرْمَانَ وَالْجَھْدَ وَالظُّلْمَ وَاٰخِرُ ذٰلِکَ الْقَتْلُ پس
بہائی تمہاری علی امت کی ہاتہ سی گرفتارِ ستم رہینگی برا کہینگی ذلت اور مذمت مین سرزنش کرینگی
اپنی حق سی محروم اور ناکام ہونگی زندگی بہر بسترِ اذیت پر سوئینگی انکارِ شرف اور بزرگی سی انواعِ ظلم مین
ستائینگی آخر کوان بلیات کی درجہ شہادت پائینگی فَقَالَ یَا رَبِّ قَبِلْتُ وَسَلَّمْتُ وَرَضِیْتُ وَمِنْکَ
التَّوْفِیْقُ وَالصَّبْرُ رسولِ مجیدنی جواب دیا یعنی تسلیم و رضا مین یہ قبول کیا اور تجہسی ای خدا توفیقِ صبر کا آسرا
لگایا وَاَمَّا ابْنَتُکَ فَتُظْلَمُ وَتُحْرَمُ وَیُؤْخَذُ حَقُّھَا غَصْبًا الَّذِیْ جَعَلْتَہٗ لَھَا اور بیٹی تمہاری
پس اوسپر ظلم کی آری چلینگی جو حق تمنی دیا ہوگا وہ غصب سی چہین لینگی وَتُضْرَبُ وَھِیَ حَامِلَۃٌ وَ
یُدْخَلُ عَلٰی حَرِیْمِھَا وَمَنْزِلِھَا بِغَیْرِ اِذْنٍ جس حال مین وہ حاملہ ہوگی دشمن دین مارینگی بی اذن اوسکی محل مین
داخل ہونیکو قدم دہرینگی ثُمَّ یَمَسُّھَا ھَوَانٌ وَذُلٌّ ثُمَّ لَا تَجِدُ مَانِعًا پہر اوسی بہت اذیت او
ذلت کی شدت پہنچی گی حامی اور مددگار مانعِ آزار کوئی نہین دیکہی گی وَتَطْرَحُ مَا فِیْ بَطْنِھَا مِنَ الضَّرْبِ
وَتَمُوْتُ مِنْ ذٰلِکَ الضَّرْبِ پیٹ کا بچہ اوس ضرب کی صدمہ سی گرجائیگا یہ غمخصہ اوس مظلومہ کی جان گنوا بیٹہیگا
فَقُلْتُ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ قَبِلْتُ یَا رَبِّ وَسَلَّمْتُ وَمِنْکَ التَّوْفِیْقُ وَالصَّبْرُ
پیغمبرِ خدا فرماتی ہین کہ مینی حضورِ باری مین استرجاع کیا جملہ رضا و کلمہ تسلیم اور طلبِ صبر و توفیق کو سنا دیا
وَیَکُوْنُ لَھَا مِنْ اَخِیْکَ ابْنَانِ فَیُقْتَلُ اَحَدُھُمَا غَدْرًا وَیُسْلَبُ وَیُطْعَنُ تَفْعَلُ ذٰلِکَ بِہٖ
اُمَّتُکَ اوس بیٹی کی تمہاری بہائی سی دو فرزند پیدا ہونگی فریب اور مکر سی زہر دیکی ایک کو مارینگی
ہنگامہ بلوا مین اسباب لوٹ لیجائینگی دستِ جفا سی خنجر کا وار لگائینگی یہ آزار اور ستم تمہاری امت کے ادبار انکی

مجلس اول

جانی ہی پر ہی تیر ہیدا و بعد شہادت بر سنیکی قَالَ فَقُلْتُ یَا رَبِّ وَسَلَّمْتُ وَاِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا
اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ عرض کی رسالت پناہی نی کہ الٰہی یہی بہی منظور ہی اور دل و زبان پر تسلیم و رضا ہی
صبر و شکر سو نو ہی وَاَمَّا اِبْنُہَا الْاٰخَرُ فَتَدْعُوْہُ اُمَّتُکَ اِلَی الْجِہَادِ ثُمَّ یَقْتُلُوْنَہٗ صَبْرًا
وَیَقْتُلُوْنَ وَلَدَہٗ وَمَنْ مَعَہٗ مِنْ اَہْلِ بَیْتِہٖ دوسرا بیٹا اوس دختر کا امت کی لوگ نامی
بہوائنگی پردیسمین جہاد کی واسطی غریب مظلوم کو بلاینگی بحالت صبر او کیسی اور پیاس مین قتل کرینگے
اوسکی فرزند اور ساری اقربا جو ساتھ ہونگی سبکو مارینگی ثُمَّ یَسْلُبُوْنَ حَرَمَہٗ پھر عورات اہلحرم کا اسباب
زیور لوٹینگی وہ بی وارث نالہ و کاسی چہاتی کوٹینگی فَیَسْتَعِیْنُ بِیْ وَقَدْ مَضَی الْقَضَآءُ مِنِّیْ
فِیْہِ بِالشَّہَادَۃِ لَہٗ وَلِمَنْ مَعَہٗ وہ ستمزدہ مجھسی امداد مانگیگا اپنی حال زار پر اعانت چاہیگا
بتحقیق کہ میری قضا و قدر مین اوسکی شہادت کا امر ہو چکا اور جو رفقا و عزیز ہمراہی مین ہونگی اونکا بہی
لکہہ گیا وَیَکُوْنُ قَتْلُہٗ حُجَّۃً عَلٰی مَا بَیْنَ قُطْرَیْہَا اوسکی قتل کا حادثہ جہان پر دست آویز اور حجت ہوگا
عذاب اور ثواب کا نتیجہ ناری او ناجی کو ملیگا فَیَبْکِیْہِ اَہْلُ السَّمٰوٰتِ وَاَہْلُ الْاَرْضِیْنَ
جَزَعًا عَلَیْہِ اوسکی شہادت میں ساری اہل آسمان و زمین نوحہ و بیقراری کرینگی با چشم پر نم اور دل حزین
وَتَبْکِیْہِ مَلٰٓئِکَۃٌ لَمْ یُدْرِکُوْا نُصْرَتَہٗ مدام رقت مین آنسو بہائینگی سب مہمان فدائی اور وہ
فرشتی جنہون نی اوسکی سعادت نصرت نہین پائی ثُمَّ اُخْرِجُ مِنْ صُلْبِہٖ ذَکَرًا بِہٖ اَنْصُرُکَ اوسکی
صلب اطہر اور نسل بہتر و برتر سی ایک فرزند رشید پیدا کرونگا اوسکی برکت وجود سی تیری دین اور ملت کو خوب
رونق دونگا وَاِنَّ شَبَحَہٗ عِنْدِیْ تَحْتَ الْعَرْشِ یَمْلَأُ الْاَرْضَ بِالْعَدْلِ وَیُطْبِقُہَا
بِالْقِسْطِ یَسِیْرُ مَعَہُ الرُّعْبُ یَقْتُلُ حَتّٰی یُشَکَّ فِیْہِ وہ صورت نورانی کی شبیہ میری تحت
عرش زینت افزا ہی اوسکی ہاتھونسی روی زمین پر مجہی عدل اور برکت کو بہرنا ہی لشکر ہیبت اور اقبال و
ظفر وہ سرور کی ہمراہ رہیگا کافر اور ناپاک انسان و حیوان کو قتل کریگا یہان تک جو دفور مقاتلہ سے

مجلس اول

شکایت کہینگی صدق و صفاسی اسلام اور ایمان کا دم بہرینگی فقلت اِنّا للهِ وَاِنّا اِلَیهِ رَاجِعُونَ کہا
فَقیلَ لِی اِرفَع رَاسَکَ فَرَفَعتُ رَاسِی فَنَظَرتُ اِلیٰ رَجُلٍ مِن اَحسَنِ النّاسِ صُورَۃً
وَاَطیَبِہِم رِیحًا پس منادی نی آواز دی مجہی کہ ذرا سر اوٹہا کر و عرصہ رحمت مین قدرت خدا کا
تماشا دیکہو جب مینی منہ کو اوٹہایا تو ایک جوان رعنا نظر آیا کہ ساری جہان کی خلق نیکو سی خوشرو تہا
اور لطافت مین رائحہ کی عطر غالیہ اور عنبر سی زیادہ شگفتہ تہا وَالنُّورُ یَسطَعُ مِن بَینِ عَینَیہِ وَ
مِن فَوقِہِ وَمِن تَحتِہِ لمعان نور اوسکی پیشانی اور سراپا سی چمکتا تہا کہ انکہون مین پرتو روشنائی
اوسکو سرور پہنچاتا فَدَعَوتُہُ فَاَقبَلَ اِلَیَّ وَعَلَیہِ ثِیَابُ النُّورِ وَسِیمَا کُلِّ خَیرٍ پس مینی اوسکو
اپنی پاس بلایا تو میری نزدیک آیا لباس نور پہنی ساری نیکی کا حسن دلربا دکہائی دیا حَتّیٰ قَبَّلَ
مَا بَینَ عَینَیَّ مجہسی بہت محبت اور پیار سی ملا تا کہ میری درمیان چشم اور پیشانی کا بوسہ لیا وَنَظَرتُ
اِلیٰ مَلَائِکَۃٍ حَفُّوا بِہٖ لَا یُحصیٰ عَدَدَہُم اِلّا اللهُ عَزَّ وَجَلَّ فرشتونکو نظر کی مینی جو اوسی چاروں طرف
گہیری تہی کہ اونکی تعداد سوای خدا کوئی حساب نہین کر سکی فَقُلتُ یَا رَبِّ تَغضَبُ بِهٰذَا المِنَّ
اَعدیٰ ہٰؤُلَاءِ رسول خدا کہتی ہین مینی عرض کی بار الہا جو عداوت رکہی میری عترت سی اسکی ہاتہون
اونپر غضب نازل کرتا ہی وَقَد وَعَدتَنِی النَّصرَ فِیہِم فَاَنَا اَنتَظِرُہٗ مِنکَ بتحقیق کہ تونی حق
اہلبیت مین وعدہ کیا ہی نصرت اور یاریکا پس منتظر ہون وفای اقرار اور ظہور مددگاری کا وَہٰؤُلَاءِ
اَہلِی وَاَہلُ بَیتِی وَقَد اَخبَرتَنِی بِمَا یَلقَونَ مِن بَعدِی پروردگارا یہ لوگ جان اور جگر
اہل و عیال ہین میری جو مصائب مین مبتلا ہونگی تونی سب خبر دی مجہی وَلَو شِئتَ لَاَعطَیتَہُمُ
النَّصرَ فِیہِم عَلیٰ مَن بَغیٰ عَلَیہِم اگر تو چاہتا اور مصلحت جانتا تو اونکی نصرت اور امداد کرتا دشمنون پر
جو بغاوت کرین اونکو ظفر دیتا کہ عداوت کا نام کوئی شقی نہ لیتا وَقَد سَلَّمتُ وَقَبِلتُ وَرَضِیتُ
وَمِنکَ التَّوفِیقُ وَالرِّضَا وَالعَونُ عَلَی الصَّبرِ بدرستیکہ مینی تیری مشیت پر تسلیم ارادہ تقدیر کی

مجلس اول

مرضی رب قبول ہوئی توفیق طاعت کو مجلس بپا ہا اور ورد صبر کا طلب گار رہا فقیل بے

اَنَا اَخُوكَ فَجَزَاؤُهُ عِنْدِی جَنَّةُ الْمَاْوٰی نُزُلًا لِصَبْرِهِ مخبر صادق فرماتے ہین پس

ندای غیب آئی اور مجہی بشارتِ دلنواز سنائی یا محمد وہ بہائی تمہارا جو علی مرتضیٰ ہی اوسکی اذا جزا

صبر کی عوض جنت الماوی ہی اَفْلَجَ حُجَّتُهُ عَلَى الْخَلَائِقِ يَوْمَ الْبَعْثِ روز قیامت اوسکی حجت

اور بزرگی خلایق پر کہلی گی اوس شرف بحساب کا زبانِ دوست اور دشمن اقرار کرینگی وَاُوَلِّيهِ

حَوْضَكَ يَسْقِي مِنْهُ اَوْلِيَاءَكُمْ وَيَمْنَعُ مِنْهُ اَعْدَاءَكُمْ تمہاری حوضِ کوثر کا اوسی

اہتمامِ سقایت دونگا جمخانہ کرم اور عفو کا پیمانہ بخش نام کرونگا کہ تمہاری ساری محبون کو آب سرد

پلائی اور اعدا کو پیاسا مار کی دور تر ہیگائی وَاجْعَلُ عَلَيْهِ جَهَنَّمَ بَرْدًا وَسَلَامًا يَدْخُلُهَا

فَيُخْرِجُ مَنْ كَانَ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ مَوَدَّةً زبانۂ آتش اوسپر جہنم کا سرد اور سلامت

ہو جاےگا تا اوسمین داخل ہوکی دوستونکو عذاب سی چہڑا لیگا جسکی دل مین ذرہ برابر اپنی محبت پائیگا

نکال کی بہشت مین عزت سی پہنچا دیگا وَاَمَّا ابْنَاكَ الْمَقْتُولُ الْمَخْذُولُ وَابْنُكَ الْمَغْرُورُ

الْمَقْتُولُ صَبْرًا فَاِنَّهُمَا مِمَّا اُزَيِّنُ بِهِمَا عَرْشِي اور تمہارا اپیارا پایمالِ جفا شہید زہر دغا

اور دوسرا فرزند جگرپارہ تیغ ستم کا مارا وہ مقتول عمامہ اور جامہ بدن سی عریان ذبیح خاک اور خون

مین غلطان صبر کرنیوالا محنتِ شہادت کا مبتلای مصیبت ایذای امت کا اون دونون سی اپنی عرش کی

زینت بڑہاؤنگا قائمۂ جلال کی پاس منبرِ نور پر بٹہاؤنگا تا کہ خلق اونکی رتبۂ شرف اور عزت کو پہچانین

اور بلا کا عوض آلِ عبا پائین وَلَهُمَا مِنَ الْكَرَامَةِ سِوٰى ذٰلِكَ مِمَّا لَا يَخْطُرُ عَلٰى قَلْبِ بَشَرٍ

لِمَا اَصَابَهُمَا مِنَ الْبَلَاءِ واسطی اونکی اور فضل و کرم اسقدر ہی کہ وہ کسی بشر کی خیال مین ہرگز

نہین گذری بسبب اوس امتحان جور و جفا کی جو اونپر پڑیگی اوس شدتِ اذیت مین صبر اور شکر

میری درگاہ مین کرینگی فَعَلَيَّ فَتَوَكَّلْ پس تو مجہپر توکل اور تکیہ اعتماد کرنا اور چشم امید رحمت کی

مجلس اول

وصول ہین رہنا و لِكُلِّ مَنْ اَتَى قَبْرَهُ مِنَ الْخَلْقِ مِنَ الْكَرَامَةِ لِاَنَّ زُوَّارَهُ زُوَّارُكَ

وَزُوَّارُكَ زُوَّارِىْ وَعَلَىَّ كَرَامَةُ زَائِرِىْ خلایق سی جو اونکی تربت پر زیارت کو

اَینگا وہ کرامت اور ثواب عظیم دنیا و آخرت کا پایگا بدرستی کہ اونکا زایر تمہارا زوار ہی اور تمہارا

زیارت کرنیوالا میرا زوار ہی مجہپر لازم ہی اپنی زوار کی توقیر بجا لانی واجب گردانا نعمات عالیہ کثیر

سُبْحَانِىْ وَاَنَا اُعْطِيْهِ مَا سَاَلَ وَاَجْزِيْهِ جَزَاءً يَغْبِطُهُ مَنْ نَظَرَ اِلَى عَظَمَتِىْ اِيَّاهُ

وَاَرَدْتُ لَهُ مِنْ كَرَامَتِىْ وہ لوگ جس امر کی طالب ہون عطا کرونگا ایسی مغفرت اور عنایت

نیک جزا دونگا کہ جو دیکہی اوسی غبطہ آئی کسی وہم و خیال ہین وہ مرتبہ نہ سمای سیری شیت نی

اونکی واسطی کرامت کا قصد کیا اور عاملان قضا و قدر کو نفاذ کا حکم دیا وَاَمَّا ابْنَتُكَ فَاطِمَةُ

فَاِنِّىْ اُوْقِفُهَا عِنْدَ عَرْشِىْ دختر نیک اختر تمہاری فاطمہ پس اوسکو بلاونگا روز محشر سایہ مین

اپنی عرش کی ٹہراونگا فَيُقَالُ لَهَا اِنَّ اللهَ قَدْ حَكَّمَكِ فِىْ خَلْقِهِ پس خطاب ہوگا کہ اللہ نی تجہی

آج کی دن حاکم عرصات کیا ساری بندون کی جزای نیک اور سزای بد کا اختیار دیا فَمَنْ ظَلَمَكِ

وَظَلَمَ وَلَدَكِ فَاحْكُمِىْ فِيْهِ بِمَا اَحْبَبْتِ ای فاطمہ جسنی تجہپر ظلم روا رکہا خواہ تیری اولاد کا دل

اوسکی ہاتہہ سی دکہا اپنی دشمن کی حق مین جو چاہو پاداش عقوبت عذاب کی تجویز کرو فَاِنِّىْ اُجِيْزُ

حُكُوْمَتَكِ فِيْهِمْ تحقیق کہ مین اونکی باب مین تیری حکم کو منظور کرونگا اور ویسی ہی سلوک سی پیش

اونگا فَتَشْهَدُ الْعَرْصَةَ فَاِذَا اُوْقِفَ مَنْ ظَلَمَهَا اَمَرَتْ بِهِ اِلَى النَّارِ تو ل عذرا شور

نشور مین بہرینگی جسکو اپنی حق کا غاصب اور ظالم دیکہین گی اوس بدکار کو گرفتاریکا امر کرینگی آتش

جہنم مین لیجانی کا فرمان دینگی پس ای اہل ولا اپنی ہادی اور پیشوا کا ماجرا تمنی سنا اذیت ذات اور

اولاد کی محنت کا رتبہ صبر و شکیبا دیکہا کہ پیغمبر آخر الزمان ہماری اوپر کسقدر مہربان تہی جو اپنی عزیز اور

اقربا محبوبون پر قربان کئی روز ازل سی چاہا کہ راہ خدا مین فرزند ہلاک ہوجائین مگر قیامت مین ذریعہ

مجلس اول وفات سرور کائنات

شفاعت سے عاصیان است نجات پائین ایسی غربا پرور کی واقعۂ ہجرت مین رونا مین ثواب جہاد
عزای سید البشر مین اہلبیت کی شراکت کو فرض شیخ و شاب پہچانو روزِ وفات مین سرورِ کائنات کے
محدثین فریقین اختلاف رکہتے ہین مگر اہل ایران اٹھائیسوین شہر صفر کو رسم عزا مین کار دنیا نہین کرتے ہین
رحلت کا سبب بیماری تپ عارضۂ دردِ سر جو شدت سے ہوا لکہا ہی اور دوسری روایت مین زن
یہودیہ کی فریب خفا سے شہادت پانا لکہا ہی حضرت کو عداوت سے دعوت مین اپنی گہر بلایا گوشت
حلوان مین زہرِ قاتل ملایا خوانسالارِ فیض ربانی کو وہ طعام کہلایا اوسکی اثر نی مرضِ بخار جسمِ اقدس مین
پہیلایا نظم لمولفہ سو سو وقتِ فغان آیا مقامِ داد ہی + زینتِ بزمِ مصیبت نالہ و فریاد ہی +
محرمِ اسرارِ حق دنیا سے کرتا ہی سفر + فاطمہ صاحب عزا کی چاہیئی امداد ہی + بیتِ احزان مین علی و مجتبیٰ
اندوہناک + بیقراری کی سبب جانِ حسین برباد ہی + مثل ابر نوبہار اس غم سے جور و تا رہی + خلد کی انعام
وہ روزِ محشر شاد ہی + یہ زبان حال مین اشعار ناظم نی کہی + فروِ تحسین کی مولائی لکھا صاد ہی + یہی سند
مصرع جسے ارشاد کرتے ہین ضمیر + اجتماعِ خاص ہو جس پر وہی اوستاد ہے +

ماجرای بیماری اور وفات و دفن رسولخدا صلی اللہ علیہ و آلہ جو کتاب جلاء العیون سے نقل ہوا

محرمانِ کعبۂ وصال روحانی و مہاجرانِ مدینۂ حیاتِ جسمانی مصلیانِ محرابِ عزا و مصیبت و خطیبانِ منبرِ بکا و
رقت بازماندگانِ اہلبیتِ شیون و نالہ سرایانِ اصحابِ اندوہ و محن صفحاتِ روایاتِ حزن و الم سے رحلت
سید کائنات کی اخبارِ ماتم کو بیان کرتے یون روتی ہین کہ جب دعوتِ حق کا پیامِ شوق جنابِ خیر الانام کو
آیا اور وقتِ خرامِ قدمِ احمدی و عیدگاہِ قرب مین جانب دار السلام نزدیک پہنچا روزِ آسایش اور آرام
علی مرتضیٰ کا شامِ غم سے مبدل ہوا شبِ راحت انجام فاطمہ زہرا نی صبحِ الم سے تدارک اجل کیا سامان یتیمی کیا
حسن اور حسین کا دکہائی دیا باب دربدری او غریبی زینب و ام کلثوم کہلا راوی نی کہا وارثِ مقام

رضا و رضوان

مجلس اول وفات سرور کائنات

ابراہیم فی حجۃ الوداع سے مدینہ میں رجعت کی ہر خطبہ میں صحابہ کو اپنی وفات کی خبر مصیبت دی ولما
حس النبی صلی اللہ علیہ وآلہ بالمرض الذی اعتراہ وذلک یوم السبت او یوم
الاحد للیال بقین من صفر بیماری خیر الوری اوس مرض میں کہ عارض حال رہا بالیقین نجوری
سر منت رہا وہ آخر مہینا شہر صفر کا بیان کیا کہ ہفتہ خواہ اتوار کا دن تہا اخذ بید علی علیہ
السلام وتبعہ جماعۃ من اصحابہ وتوجہ الی البقیع نہایت ضعف سے علی مرتضی کا
ہاتہ تہام کی بقیع میں گئی اونکی ہمی بہت صحابہ محزون اور مغموم جا پہنچی اہل قبور مومنین سی کلام محبت کیے
ارواح شہدا کو ہدایای رحمت دیئے ثم قال ان جبرئیل کان یعرض علی القرآن کل سنۃ
مرۃ وقد عرضہ علی العام مرتین یہہ کہا کہ جبرئیل ہر سال مجھی الجبار قران سناتا اکی برس میں
دو مرتبہ عرض کیا ولا اراہ الا لحضور اجلی اسکا باعث کچہ نہیں دیکھتا مگر یہہ کہ حضور خدا میں جانا
اور زمانہ اجل کا قریب پہنچا ثم قال یا علی انی خیرت بین خزائن الدنیا والخلود فیہا
او الجنۃ فاخترت لقاء ربی والجنۃ پہر خطاب کیا یا علی مجہی اختیار دیا دنیا کی ساری خزانی
اور ہمیشہ زندہ رہنی کا یا شربت موت پینا جنت الماوا میں جانا پس مینی لقای پروردگار کو مانگا اور
داخل ہونا فردوس کا چاہا ثم عاد الی منزلہ فمکث ثلاثۃ ایام موعوکا پہر مبتلای
پہرتی تین روز شدت میں تپ لرزی کی مبتلا رہی ثم خرج الی المسجد یوم الاربعا
معصوب الراس متکیا علی علی بیمنی یدیہ وعلی الفضل بن عباس بالید الاخری
روز چہارشنبہ دہنی ہاتہ سی دوش پر علی ابن ابی طالب کی تکیہ لگائی اور دست چپ شانی پر فضل ابن
عباس کی رکہی مسجد میں تشریف لائی تسکین درد سر کو عصابہ باندہی تہی ضعف ونقاہت سی قدم
تہراتی تہی فجلس علی المنبر فحمد اللہ واثنی ثم قال اما بعد ایہا الناس انہ قد
حان منی خفوق من بین اظہرکم عرشہ منبر پر اجلاس فرمایا حمد اور ثنای خدا کو ادا کیا حاضرین

مجلس اول وفات سرورکائنات

صحابہ کو پیام فراق سنایا کہا ای گروہ خلایق میری رحلت کا وقت آیا ہین عنقریب سفر آخرت کرنا
فَمَنْ کَانَتْ لَهُ عِنْدِیْ عِدَةٌ فَلْیَاتِنِیْ اُعْطِهِ اِیَّاهَا وَمَنْ کَانَ لَهُ عَلَیَّ دَیْنٌ فَلْیُخْبِرْنِیْ
بِهٖ جسکی واسطی میرا کوئی طرح کا وعدہ ہو بیان کری اوسی دیا جائی اور جو کسی کا میری اوپر کچھہ قرض ہو
مانگی تا اسکو ادا کرون تا اسدم ادا کروں آباحق بائی فَقَامَ اِلَیْهِ رَجُلٌ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لِیْ عِنْدَکَ عِدَةٌ اِنِّیْ
تَزَوَّجْتُ فَوَعَدْتَنِیْ اَنْ تُعْطِیَنِیْ ثَلَاثَةَ اَوَاقٍ ایک شخص نی حضرت کی روبرو اوٹھہ کی کہا
ای سید انبیا تمہارا میری ساتھہ اقرار ہوا تہا جب مینی شادی کی تو آپنی وعدہ کیا مجھی تین اوقیہ عطا
کرنی کا فَقَالَ عَلَیْهِ وَاٰلِهِ السَّلَامُ اَنْحِلْهَا اِیَّاهُ یَا فَضْلُ فرمایا ای فضل خزانہ کرم سی لا دو
اور سایل کا مدعا پورا کرو ثُمَّ نَزَلَ فَلَبِثَ الْاَرْبِعَاءَ وَالْخَمِیْسَ بعد ادای پند و نصایح
نیچی اوتری روز چہارشنبہ اور پنجشنبہ غلبہ مرض مین مبتلا رہی وَلَمَّا کَانَ یَوْمُ الْجُمُعَةِ جَلَسَ عَلَی
الْمِنْبَرِ فَخَطَبَ جمعہ کی دن مسجد مین قدم رکہا منبر پر جا کی خطبہ پڑہا ثُمَّ قَالَ اَیُّهَا النَّاسُ اِنَّهُ
لَیْسَ بَیْنَ اللّٰهِ وَبَیْنَ اَحَدٍ شَیْءٌ یُعْطِیْهِ بِهٖ خَیْرًا اَوْ یَصْرِفُ بِهٖ عَنْهُ شَرًّا اِلَّا الْعَمَلُ
پھر پکار کی کہا ای گروہ خلایق یقین جانو درمیان بندی اور خدا کی واسطہ قرابت نہ مانو جسکی سبب سے
اپنی نیکی دی اور برائی کو عبادسی دور کری سوای عمل خیر کی جو اوسمین سطیع اور سرگرم ہی لَمْ یَدَّعِ
مُدَّعٍ وَلَا یَتَمَنَّ مُتَمَنٍّ اس دعوی باطل پر کوئی قدم نہ بڑہائی اور تمناسی بیہودہ مین سنہ کی نہ کہائی
وَالَّذِیْ بَعَثَنِیْ بِالْحَقِّ لَا یُنْجِیْ اِلَّا عَمَلٌ مَعَ رَحْمَةِ اللّٰهِ وَلَوْ عَصَیْتُ لَهَوَیْتُ
قسم ہی اوسکی جسنی مجھی برحق نبی کیا کہ نجات دینی والا میرا کوئی نہین مگر عمل خیر کا وہ بہی جب رحمت
الہی شامل رہی اور اگر مین گناہ کرون تو ہلاکت سی جان نہ بچی اَللّٰهُمَّ هَلْ بَلَّغْتُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ
خداوندا مینی تیرا حکم پہنچایا پس میرا گواہ بلاغت رہنا اس کلام کو تین بار تکرار کیا اور منافقین کو بہت
ڈرا دیا ثُمَّ نَزَلَ فَصَلّٰی بِالنَّاسِ ثُمَّ دَخَلَ بَیْتَهٗ وَکَانَ اِذْ ذَاکَ بَیْتَ اُمِّ سَلَمَةَ

مجلس اول وفات سرور کائنات

فاقام بہ یوما او یومین پس مقتدای انام نی نزول فرماکی ہمراہ صحابہ نماز پڑہی اور ناتوانی
کرتی پڑتی حجرۂ طیبہ کی راہ لی اس حال سی گہر مین ام سلمہ کی کئی ایک دن خواہ دو روز وہان
بسر ہوی فَجَاءَتْ عَائِشَةُ تَسْاَلُهٗ اَنْ يَنْقِلَ اِلٰى بَيْتِهَا لِتَتَوَلّٰى تَعْلِيْلَهٗ فَاَذِنَ لَهَا
وہان بی بی عایشہ عیادت کو آئین اپنی مکان مین اونہا لیجانی کو چاہا کہ بیماری کا اچہا علاج ہو
حضرت نی بہی منظور کیا فَانْتَقَلَ اِلَى الْبَيْتِ الَّذِيْ اَسْكَنَتْهُ عَائِشَةُ فَاسْتَمَرَّ بِهٖ
فِيْهِ اَيَّامًا وَثَقُلَ عَلَيْهِ وَاٰلِهِ السَّلَامُ حبیب خدانی اوس کاشانی مین نقل مکان فرمائی
دو دن جو وہان رہی بیماری نی شدت دکہائی ثُمَّ اُغْمِيَ عَلَيْهِ مِنَ التَّعَبِ الَّذِيْ لَحِقَهٗ
فَمَكَثَ هُنَيْئَةً پہر طغیانی آزار کی سبب غش آیا تہوڑی دیر تک وہی حال رہا وَبَكَى الْمُسْلِمُوْنَ
وَارْتَفَعَ النَّحِيْبُ مِنْ اَزْوَاجِهٖ وَوُلْدِهٖ وَمَنْ حَضَرَهٗ اس محنت اور ملال مین سب
مسلمین آواز بلند سی چلائی نالہ و شیون مین ازواج طاہرات اور اولاد نی سرشک بہائی جو آیا
خاتم انبیا کا صدمۂ مرض دیکہا بیتاب ہوکی رونی لگا صبر جاتا رہا فَاَفَاقَ عَلَيْهِ وَاٰلِهِ السَّلَامُ
فَقَالَ وَلٰكِنْ اِحْفَظُوْنِيْ فِيْ اَهْلِ بَيْتِيْ پس فریاد و زاری سنکی خیر البشر چونکی حاضرین سی [illegible]
اتمام حجت مین کوئی لاکن میری اہلبیت پر نظرِ عنایت رکہنا قرابتِ رسول کی باعث عزت اور حرمت
کرنا وَاسْتَوْصُوْا بِاَهْلِ الذِّمَّةِ خَيْرًا وَاَطْعِمُوا الْمَسَاكِيْنَ الصَّلٰوةَ وَمَا مَلَكَتْ
اَيْمَانُكُمْ میری سفارش پاسداری مین کمی اہل ذمہ کی نہ ہو تو بہو کی مساکین کو طعام کہلاؤ اگر کچہہ
تمہاری پاس حاضر ہو تو خدا سی اونکی واسطی دعا مانگو لونڈی غلام پر مہربان رہو بندگان الٰہی کو بی رحم
نہ مارو فَلَمْ يَزَلْ يُرَدِّدُ ذٰلِكَ ثُمَّ اَعْرَضَ بِوَجْهِهٖ عَنِ الْقَوْمِ فَنَهَضُوْا بار بار ایسا ہی کلام
فرماتی رہی جب منہ اودہر سی پہیرا تو سب لوگ چلی گئی وَبَقِيَ عِنْدَهُ الْعَبَّاسُ وَالْفَضْلُ وَعَلِيٌّ
وَاَهْلُ بَيْتِهٖ خَاصَّةً فَقَالَ لَهُ الْعَبَّاسُ جب حضور غیر سی غیر سب دور ہوئی عباس اور فضل

مجلس اول وفات سرور کائنات

اور علی علیہ السلام باقی رہے تو عباس بولے یا رَسُولَ اللّٰہِ اِن یَکُنْ هٰذَا الْاَمْرُ فِیْنَا مُسْتَقِرًّا

مِنْ بَعْدِكَ فَبَشِّرْنَا وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّا نُغْلَبُ عَلَيْهِ فَاَوْصِ بِنَا اے رسول خدا اگر وہ

یہ امر خلافت بعد تمہارے ہمکو ملے تو بشارت دو اور اگر جانتے ہو کہ ہم دبائے جائینگے صدمات اوٹھائینگے

تو ہمیں وصیت کرو فَقَالَ اَنْتُمُ الْمُسْتَضْعَفُوْنَ مِنْ بَعْدِيْ وَاَصْمَتَ جواب دیا کہ میرے

پیچھے تم عاجز اور پھر دم بخود ہوگئے یہ فرما کے حضرت خاموش ہوئے وَنَهَضَ الْقَوْمُ وَهُمْ يَبْكُوْنَ وہ سب

لوگ اوٹھ کے چلے اور فراق و مصیبت میں روتے تھے فَلَمَّا خَرَجُوْا مِنْ عِنْدِهٖ قَالَ رُدُّوْا اِلَيَّ

اَخِيْ عَلِيَّ بْنَ اَبِيْ طَالِبٍ وَعَمِّيْ فَحَضَرَا فَلَمَّا اسْتَقَرَّ بِهِمَا الْمَجْلِسُ جب سارے حاضرین گھر سے

باہر نکلے تو سید المرسلین خادموں سے بولے میرے بھائی علی اور چچا عباس کو پکارو کہہ کہا ہے سامنے بلالو

وہ دونو بزرگوار پھر دولت سرا میں پھرے خدمت اقدس میں روبرو بیٹھے قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ يَا

عَبَّاسُ يَا عَمَّ رَسُوْلِ اللّٰهِ تَقْبَلُ وَصِيَّتِيْ وَتُنْجِزُ عِدَتِيْ وَتَقْضِيْ دَيْنِيْ فرمایا

اے عم کرام خیر الانام کی میری وصیت گوش قبول میں سنو اور وعدونکو وفا قرض کو ادا کرو فَقَالَ

الْعَبَّاسُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عَمُّكَ شَيْخٌ كَبِيْرٌ ذُوْ عِيَالٍ كَثِيْرٍ وَاَنْتَ تُبَارِي الرِّيْحَ سَخَاءً

وَكَرَمًا وَعَلَيْكَ وَعْدٌ لَا يَنْهَضُ بِهٖ عَمُّكَ عباس نے جواب دیا کہ اے حبیب خدا تمہارا چچا بہت

بوڑھا اور بال بچوں والا ہے تم سخاوکرم میں طوفان وعدہ عطا وجود بے پایان اوسے عم غریب

وفا نہیں کرسکتا فَاَقْبَلَ عَلٰى عَلِيٍّ فَقَالَ يَا اَخِيْ تَقْبَلُ وَصِيَّتِيْ وَتُنْجِزُ عِدَتِيْ وَتَقْضِيْ

دَيْنِيْ فَقَالَ نَعَمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ پس امیر المومنین علی کی جانب خطاب کیا فرمایا اے بھائی میرے

وصیت یاد رکھنا جو وعدہ کیا ہے وفا اور جتنا قرض ہے وہ سب ادا کرنا عرض کی بہت اچھا

اے رسول خدا فَقَالَ لَهٗ اُدْنُ مِنِّيْ فَدَنَا مِنْهُ فَضَمَّهٗ اِلَيْهِ وَنَزَعَ خَاتَمَهٗ مِنْ يَدِهٖ

فَقَالَ لَهٗ خُذْهَا فَضَعْهُ فِيْ يَدِكَ یہ جواب سنکے رسالت مآب نے اونکو پاس بلایا جب نزدیک آئے

مجلس اول وفات سرور کائنات

تو سینہ سی لگایا، دریای نبوت اور امامت کو جوشِ الفت مین ملایا ابواب علوم اور فتوح کی رموز کا
طریقہ سنایا انگشتری مہر دستِ مبارک سی اوتاری اور تاجدار ہل اتی کو عطا کی، فرمایا یہ نشانی ہماری
لو اپنی انگشتِ مبارک شامین پہنو وَدَعَا بِسَيْفِهِ وَدِرْعِهِ وَجَمِيعِ لَامَتِهِ فَدَفَعَ ذَلِكَ
اِلَيْهِ پس نبی اللہ نی شمشیر خاص اور جوشن زرہ اور سارا سامان منگایا، ہر گاہ وہ جمع ہوا شاہ اولیا کو
عنایت کیا وَالْتَمَسَ عِصَابَةً كَانَ يَشُدُّهَا عَلٰی بَطْنِهِ اِذَا لَبِسَ دِرْعَهُ سرور اوصیا نی
وہ پٹکا مانگا جو زرہ پہننی کمر مبارک مین باندھا جاتا اَنَّ جَبْرَئِيلَ نَزَلَ بِهَا مِنَ السَّمَاءِ فَجِيءَ بِهَا اِلَيْهِ
فَدَفَعَهَا اِلٰی اَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ مدت تھی کہ جبرئیل امین ایک روز آئی تھی وہ کمربند آسمان سی ہدیہ لائی تھی
رسول مجید نی وہ بھی طلب کیا جب آیا تو آپنی پشت و پناہ امیر المومنین کو دیا وَقَالَ لَهُ اِقْبِضْ
هٰذَا فِي حَيَاتِي فرمایا ای جان پاک میری حیات مین اس مال پر قبضہ کرو پھر مال مین دیکھا جاہی کیا
کیا انقلاب ہو وَدَفَعَ اِلَيْهِ بَغْلَتَهُ وَسَرْجَهَا وَقَالَ امْضِ عَلٰی اسْمِ اللّٰهِ اِلٰی مَنْزِلِكَ
اپنا مرکب سواری اور ساز و زین منگایا، شاہ دین کو سونپکی کہا اپنی گھر لیجاؤ با مانِ خدا وَكَانَ
مِنَ الْغَدِ حُجِبَ النَّاسُ عَنْهُ وَثَقُلَ فِي مَرَضِهِ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَاٰلِهِ جب دوسرا
دن ہوا خلق نی آنا جانا کم کیا، مرض کی زیادتی سی ضعف بڑھا جان کو صدمہ دیا وَكَانَ عَلِيٌّ
لَا يُفَارِقُهُ اِلَّا لِضَرُورَةٍ فَقَامَ فِي بَعْضِ شُؤُونِهِ اوس حال مین حیدر صفدر دم بھر جدا
نہین ہوتی تھی ایک دفعہ رفع ضرورت کو باہر گئی تھی فَاَفَاقَ اِفَاقَةً فَافْتَقَدَ عَلِيًّا رسول خدا کو
جو تھوڑا سا ہوش آیا، تو علی مرتضی کو اپنی بالین پر نہ پایا فَقَالَ ادْعُوا اِلَیَّ اَخِي وَصَاحِبِي وَ
عَاوَدَهُ الضَّعْفُ فَاَصْمَتَ کہا بلاؤ میری بھائی اور مصاحب اور مونسِ جان کو پھر صدمۂ
مرض مین غش آیا، سکتہ ہوا زبان کو کسی نی کسی کو آدمی بھیجا اور دوسری نی کسی کا نام لیا فَدَخَلَ
فَلَمَّا نَظَرَ اِلَيْهِ اَعْرَضَ عَنْهُ بِوَجْهِهِ جو آیا وہ سامنی گیا حضرت نی دیکھا اور اپنا منہ پھیر لیا

مجلس اول وفات سرور کائنات

ثم قال ادعوا الی اخی وصاحبی پھر فرمایا میری بھائی اور یاور کو لاو جسی دل اور جان سے
دہونڈہتا ہون بلاو فقالت ام سلمة ادعوا له علیاً فانه لا یرید غیره ام سلمہ نے
سمجہایا کہ پکارو اونکی واسطی علی مرتضی کو بتحقیق کہ نہین چاہتی اونکی سوا غیر کو فدعی امیر
المؤمنین فلما دنی منه اومی الیه فاکب علیه پس شاہ ولایت کو حاضر کیا ہر گاہ جناب
رسالت مآب کا سامنا ہوا محبت کی اشارہ سی نزدیک بلایا امام کبار نی اپنا سر پیمبر کی سینہ پر جھکایا
فناجاه رسول الله طویلاً ثم قام فجلس ناحیة حتی اغفی رسول الله دیر تک
رسول دوسرانی علی ولی خدا کو چہاتی سی لگا کی راز و نیاز کئی اوسکی بعد سید اوصیا اونکی علاحدہ
بیٹہی کہ خیر الوری سو رہی ثم ثقل رسول الله وحضر الموت فلما قرب خروج نفسه
قال له ضع راسی یا علی فی حجرک پھر خاتم انبیا پر غلبہ مرض کی صدمات بڑہی موت کا وقت
آیا مفارقت روح کی سامان بندہی کہا یا علی بالین کی پاس رہو میرا سر اپنی گود مین رکھو فقد
جاء امر الله عز وجل بہ تحقیق کہ پیام اجل آیا ہی منکام رحلت دکھائی دیا ہی فاذا فاضت
نفسی فتناولها بیدک وامسح بها وجهک جب دم میری سانس اوکھڑتی پانا اپنا ہاتھ
بڑہا کی برابر وہان ہی لانا اوسکو اپنی منہ پر پھرانا انکشاف رموز نظر بد سی بچانا ثم وجهنی الی
القبلة وتول امری وصل علی اول الناس ولا تفارقنی حتی تواریني
فی رمسی واستعن بالله عز وجل مجھی قبلہ رو لٹانا نہلانا کفن پہنانا جنازہ کیواوٹھانا
سب سی پہلی نماز میت پڑہنا ایک دم سرہانی سی جدا نہ ہونا جبتک مجھی قبر مین رکھنا اور خدا سے
طالب امداد ہوا کرنا واخذ علی راسه فوضعه فی حجره فاغمی علیه وصی مصطفی نی
پیغمبر کا سر اوٹھایا آغوش مین لیا تو سید البشر کو غش آیا واکبت فاطمة تنظر فی وجهه
وتندبه وتبکی وتقول فاطمہ زہرا بیتاب ہو کی نزدیک بالین پدر آئین پدر کی سینہ پر

مجلس اول

سر پہکا کی شدت بکا مین انکہین سوجا ئین روی مبارک اندوہ و یاس مین دیکہتین نوحہ و زاری مین

مین جگر خراش کرتین وَاَبْیَضُ یُسْتَسْقَی الْغَمَامُ بِوَجْهِهٖ ثِمَالُ الْیَتَامٰی عِصْمَةٌ لِّلْاَرَامِلِ

حیف یہ چہرہ سفید نورانی جسکی ز ابرو ابر پانی بہرتا ہی وہ فریاد رس یتیمان اور پناہ بیوہ زنان

دنیا سی گذر کرتا ہی فَفَتَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ عَیْنَیْهِ وَقَالَ بِصَوْتٍ ضَئِیْلٍ یَا بُنَیَّةُ

هٰذَا قَوْلُ عَمِّكِ اَبِیْ طَالِبٍ لَا تَقُوْلِیْهِ وَلٰكِنْ قُوْلِیْ رسو لخدا نی انکہین کہولکی نظر

تاسف مین دیکہا آواز نقاہت اور ضعف سی فاطمہ کو خطاب کیا ای فرزند یہ قول تمہاری چچا

ابیطالب کا ہی اسی نہ کہو بلکہ یہ کلام حق بہت اچہا ہی وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ

مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ اَفَاِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰی اَعْقَابِكُمْ فَبَكَتْ طَوِیْلًا

اس بیان حسرت ترجمان کو سنکی بتول عذرا بی قرار ہوگئین زندگانی پدر سی نا امید ہوکی زار زار

روئین فَاَوْمَی اِلَیْهَا بِالدُّنُوِّ مِنْهُ فَدَنَتْ فَاَسَرَّ اِلَیْهَا شَیْئًا تَهَلَّلَ لَهٗ وَجْهُهَا

پس اشارہ سی اوس نالان و حزین کو آگی بلایا جب پاس آئین تو چہاتی سی لگایا اونکی کان مین

آہستہ کچہہ کہا جو چہرہ کا رنگ خوشی مین چاند سا چمکا ثُرُوِیَ قَالَ الصَّادِقُ عَلَیْهِ السَّلَامُ

جَاءَ جَبْرَئِیْلُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَقَالَ یَا مُحَمَّدُ هٰذَا اٰخِرُ نُزُوْلِیْ اِلَی الدُّنْیَا

اِنَّمَا كُنْتَ اَنْتَ حَاجَتِیْ مِنْهَا کتاب اعلام الوری مین لکہا ہی کہ حضرت صادق علیہ السلام

فرمایا ہی حالت سکرات مین نبی کی جبرئیل نازل ہوئی ر و رو کی حسرت مین سید المرسلین سی بولی

یا محمد یہ آخری آنا ہی دنیا مین اسو اسطی کہ مقصد اور مراد تم تہی اوسمین جب آپکو زندہ نہ پاؤنگا

تو پہر کر زمین پر نہین آؤنگا ثُمَّ قَضٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهِ السَّلَامُ وَیَدُ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ الْیُمْنٰی

تَحْتَ حَنَكِهٖ فَفَاضَتْ نَفْسُهٗ فَرَفَعَهَا اِلٰی وَجْهِهٖ فَمَسَحَهٗ بِهَا اوسوقت آثار

انتقال صوت پر احمد مختار کی نمودار ہوئی امیر المومنین اپنا داہنا ہاتہ ٹہوڑی کی نیچی رکہی تہی جو نفس مبارک

مجلس اول وفاتِ سرورِ کائنات

دم والپسین نکلی روحِ شریف نی خلدِ برین کی راہ لی یداللہ نی اپنا دستِ حق پرست پیمبر کی رخساری پھرایا
وس ہاتھہ سی اپنی منہ کو مسح کیا ثمّ وجّهه وغمّضه ومدّ علیه ازاره واشتغل بالنظر
فی امرہ شاہ اولیانی سید انبیا کو قبلہ رو لٹایا آنکھونکو رومال سی باندھا جسدِ مطہر پر بالاپوش اوڑھایا
اوس حال مین شیون اور بکا سی اہتمام کیا قال وصاحت فاطمة علیها السلام وصاح
المسلمون ویضعون التراب علی رؤسهم اوسوقت فاطمہ زہرا غم بدر سی چلائین سینہ
اور سرپیٹ کی پچھاڑین کھائین وا محمداہ واسیداہ واابتاہ کہتین زبانِ حال مین جگرخراش نوحہ کرتین
ہای یہ طلعتِ مہر وحبت کہان پاونگی اندوہ وبلا مین دردِ جگر کسکو سناونگی حسنین کی نازکون اوٹھائیگا
فقر اور فاقہ مین نعمتِ راحت کون پہنچائیگا ساری مسلمین بیتاب ہوکی آنسو بہاتی سینہ چاک اپنی سرپر
خاکِ مصیبت اوڑاتی علیِ مرتضی ماتم سی نالان سبطِ مصطفی نانا کی لئی محوِ فغان زینب اور ام کلثوم دارِ
مار کی روتین زوجات نبی شیون اور فریاد مین جان کھوتین ومات علیه واله السلام للیلتین
بقیتا من صفر سنة عشر من هجریة سالِ دہم ہجرت مین حضرت کی رحلت ہوئی جو ماہ
صفر کی دوراتین تاریخ آخر سی باقی تہین وروی ایضا الاثنتی عشرة لیلة من شهر ربیع
الاول یوم الاثنین اور دوسری روایت مین بارہوین ربیع الاول کو ذکر کیا کہ وہ دوشنبہ کا روز تہا
قال ابان بن تغلب وحدثنی ابومریم عن ابی جعفر علیه السلام قال قال الناس
کیف الصلوة علیه ابان ابنِ تغلب یہ روایت کو ابومریم سی لایا کہ اوسنی کہا حضرت باقر
علیہ السلام نی فرمایا بعداز وفاتِ پیغمبر صحابہ نی چرچا کیا آپسمین کہ جنازہ رسول پر کیونکر نمازِ میت پڑہین
فقال علی ان رسول الله امامنا حیا ومیتا فدخلوا علیه عشرة عشرة امام متقی نی
کہا خیر الوری موت اور حیات مین تہی ہماری پیشوا الاش مصطفی کی برابر دس دس آدمی کہڑی ہوکی نماز
کرو اداؔ فصلوا علیه یوم الاثنین ولیلة الثلثا حتی الصبح ویوم الثلثا

مجلس اول وفات سرورِ کائنات

خلائق نے روزِ دوشنبہ سے صلوٰۃ بے شروع کی شب سہ شنبہ اور منگل کے دن بھی بارہ پہر تک وہی رسم جاری رہی حتی صلّی علیہ صغیرھم وکبیرھم وذکرھم وانثاھم وضواحی المدینۃ بغیر امام یعنی کل ساری چھوٹی اور بڑی مرد و عورت آئی اور باری باری طریقہ نماز کو بجالائی وخاض المسلمون فی موضع دفنہ فقال علی ان اللہ سبحانہ لم یقبض نبیا فی مکان الا ارتضاہ لرمسہ فیہ پس گروہ مسلمین نے باہم چرچا کیا کہ وہ فخر آسمان و زمین کہاں دفن کیا جائیگا ابوتراب نے کہا بدرستیکہ خدا قبض روح نہیں کرتا نبی کی کسی جا ہی مگر یہہ کہ اوسکا مدفن وہی قرار دیتا وانی دافنہ فی حجرتہ التی قبض فیھا ورضی المسلمون بذلک سرورِ عالم کو اونکی حجرے میں جہاں دنیا سے گذرے دفن کرونگا اس تجویزِ امام کو سب اہلِ اسلام نے بہی اتفاق سے قبول کیا فلما صلّی المسلمون علیہ انفذ العباس رجلا الی عبیدۃ بن الجراح وکان یحفر لاھل مکۃ ویضرح وانفذ الی زید بن سھل بن ابی طلحۃ وکان یحفر لاھل المدینۃ ویلحد فاستدعاھما جب ساری خلقت نے جنازہ پر سرورِ کائنات کی سلام بہیجا تو عباس نے ابوعبیدہ کو جو اہلِ مکہ کی قبر کھودتا تہا بلایا اور دوسرا زید بن سہل جو مردمِ مدینہ کا گورکن تہا اوسی بہی طلب کیا وقال اللھم خر لنبیک فوجد ابوطلحۃ فقیل لہ احفر لرسول اللہ فحفر لہ لحدا دعا مانگی خداوندا پیغمبر کیواسطی بہم پہنچا تربت کا بنانی والا پس ابوطلحہ آیا اوس سے جو کہا تو لحد کو طیار کیا ودخل امیر المومنین علی والعباس والفضل والاسامۃ بن زید لیتولوا دفن رسول اللہ پس علی اور عباس اور فضل و اسامہ آگی بڑہے سب بزرگوار متوجہ دفنِ احمد مختار ہوی + فنادت الانصار من وراء البیت یا علی انا نذکر اللہ حقنا الیوم من رسول اللہ ان تذھب ادخل منا رجلا یکون لنا بہ حظ من مواراۃ رسول اللہ پس زمرۂ انصار عقب در سے سیّدِ ابرار کی پکاری یا علی ہم اللہ سے عرض کرتے ہیں خدماتِ رسول کو روبرو تمہارے جو ہمکو

مجلس اول وفاتِ سرورِ کائنات

شرفِ تجہیز سے غیر کی محروم رکھو ایک آدمی ہمارا بھی اپنے ساتھ شریک بلالو فَقَالَ لِیَدْخُل اَوس
بنُ خَوْلِی رَجُلٌ مِنْ بَنِي عَوْفِ بنِ الخَزرَجِ وَکَانَ بَدْرِیًّا فَدَخَلَ البَیْتَ وَقَالَ لَہُ عَلِیٌّ
اِنْزِلِ القَبْرَ فَنَزَلَ حسب تمنا اوس بن خولی مقرر ہوا کہ وہ صحابی غازیان بدر سے تہا گہر میں
آیا تو شاہِ اولیا نے فرمایا قبر کے اندر جا پس وہ بھی اوترا و وَضَعَ عَلِیٌّ رَسُولَ اللّٰہِ عَلٰی یَدَیْہِ
ثُمَّ وَلّاہُ فِی حُفْرَتِہٖ ثُمَّ قَالَ لَہُ اُخْرُجْ فَخَرَجَ وَنَزَلَ عَلِیٌّ حیدرِ صفدر نے سرورِ کائنات کو
ہاتھوں پر اوٹھایا قبرِ مطہر میں جنازہ پہنچایا اوس انصاری سے کہا کہ باہر آیا تو خیبر کشا نے اپنا قدم اندر
بڑہایا فَکَشَفَ عَنْ وَجْہِ رَسُولِ اللّٰہِ وَوَضَعَ خَدَّہٗ عَلَی الاَرْضِ مُوَجِّھًا اِلَی القِبْلَۃِ
عَلٰی یَمِیْنِہٖ ثُمَّ وَضَعَ عَلَیْہِ اللَّبِنَ وَھَالَ عَلَیْہِ التُّرَابَ پس منہ چادرِ کفن سے کہولا رخسارہ
تابناک سطحِ خاک پر رکہا رو بقبلہ دہنی کروٹ سے لٹایا در لحد خشتِ خام لگا کے مٹی کو ملا آہ اہلِ عزا
یہ سانحہ جانگزا وفاتِ خیر الوریٰ کا تہی سنا کہ جب چراغِ حیاتِ نبی گل ہوا عالمِ امکان میں غم کا اندہیرا
چہایا کائنات میں یوں سے زلزلہ آیا لاکن خاتمِ انبیا جو اپنا عالی تبار خویش اور عزیزوں نے اہتمام پر سایہ دیا
قبلہ رو ہاتہہ پیر کو برابر پہیلایا تحت الحنک اور آنکہوں میں رومال کو باندہا آبِ طیب سے بادب
جسمِ مطہر نہلایا جامہ بہرہ اور برد یمانی سے کفن پہنایا کافورِ جنت ہدیہ جبرئیل سے حنوط کیا اور باری
صحابہ نے نماز کو پڑہا حجرۂ مقدس میں مزار بنایا جسدِ پاکیزہ قبرِ پر انوار میں لٹایا اہلِ حرم میں رسمِ ماتم
برپا ہوئی چند روز و شب تربت پر فریاد و زاری بہم رہی اس بیان میں بسری دہیان میں گذرا
اوس مظلوم کا جنازہ جسے ان اسباب سے کچہہ میسر نہو الاش صد پاش کو صدرِ زین سے زمین پر گرایا
سینہ کو زانو کی تلے قاتل نے دبایا پیاس کی شدت میں بوند پانی کی نہ دی خنجر کی رگڑوں سے غش میں گردن
کاٹی بدن کا لہو خاک پر بہایا سر کو خونچکان نیزے پر چڑہایا جنازے کو بے غسل و بے دفن چہوڑ گیا گہوڑے
گہوڑوں کی استخوان پہلو کو توڑا جسد بے سر خاک اور خون بہرا دہوپ میں پڑا رہا اولادِ مجروح کو

غرا مین رونا نظم ملولفہ زبانِ خامہ کو اگی ہنین مجالِ مقال + سحاب سینہ مین جان ہی دل تزلزل بہ حال + فلک پہ پہنچا ہی اسدم یہ شورِ شیون و شین + صفِ عزا مین ملک ہین فسردہ حال کمال + جنابِ روحِ امین کو قلق مین ہوش نہین + فرازِ عرش پہ پھیلی بساطِ رنج و ملال + زمانہ ماتمِ احمد مین ہی تہ و بالا + ہجومِ نار سی برہم ہی بارگاہِ جلال + خموش ناظمِ پرغم زیادہ حدِ ادب + کہ ممکنات سی اور خیالِ فرضِ محال +

مجلس دوسری اخبارِ ولادت اور فضیلتِ فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا اور مصیبت و رحلتِ بتول عذرا

رباعی افزون ہی حساب سی ثنائی زہرا + ہی سرمہ چشم خاکِ پائی زہرا + ہو دیکا وہ جنتی بلاشبہ و شک + جو اشک فشان ہوا برائی زہرا + رباعی خالی جو ہوئی جہان مین جائی زہرا + ہر سمت کو غل ہی ہائی ہائی زہرا + تنہا یہ بشر نہین ہین غمسی نالان + روتی ہین ملک بھی انبرائی زہرا + رباعی کیا قامتِ زہرا و علی زیبا ہین + ایمان کی گو یا دو الف یکجا ہین + ان دونو نکے فرزند ہین گیارہ معصوم + جیسی دو الف سی یازدہ پیدا ہین + رباعی دنیا کا عجیب کارخانہ دیکھا + کس کس کا نہ یہان ہمنی زمانہ دیکھا + رہتا تھا سر و نہ جنکی چترِ زرین + تربت پہ اونکی شامیانہ دیکھا + تمہید بکا فضائل و مناقبِ حضرت فاطمہ زہرا صلواۃ اللہ علیہا انجمنِ اہل ولا سخنِ مدحت سی خیر النساکی رشکِ نگارخانۂ ختن + اور بزمِ صدق و صفا کامِ فضیلت سی ام الائمۃ النجبا کی غیرتِ گلشن آبیاری بیان سی مناقبِ زہرا کی صفحہ مجالس نہالِ کمال گہرباری سرشکِ اعیان سی مصائب بتول عذرا کی دامن محفل مالامال + وہ محبوبۂ کبریا کہ جسکی سایۂ چادرِ طاہر سی لمعانِ نورِ طاہر وہ صدیقۂ کبرا کہ اوسکی محلِ مفاخرت کی خدمت کو رضوان و حور حاضر + ناظر نام وہ اسم اعظم ہی کہ عقدۂ ان سلسلۂ مصیبت کو بندِ عقبات سی چھڑائی + مقام وہ رتبۂ مکرم ہی کہ محبانِ عترت کو درجۂ

حسنات مین پہنچایئے گہر وہ بیت الشرف کہ جسکی پاس ادب سی ملائکہ مقرب بی اذن اندر نہ آئین
پدر وہ پیشوای سلف کہ اونکی علمای امت مثل انبیای بنی اسرائیل پر سبقت لیجائین شوہر ایسا جو شفیع
اوس مظہر اسرار کی دیکہنی سی بندون نی خدا کہا فرزند وہ اولاد نامور کہ جسکی تعزیت پر عقدہ آخر تک
دست رحمت سی کہلا بیٹیان ایسی گرامی نصیب جو اسیری مین بہ رنج رضا و تسلیم کو اوڑہتی بچہرین
لونڈیان تحمل وحرمت کی زینب جو بنات انبیا اونکی تعظیم کرتی رہین ای حاضران سوگوار جبا
منقبت سیدہ ابرار کو سنو تو لازم ہی دل نیک نہاد سی شادمانی کرو اور آثار مصیبت جو دیدہ
بصیرت مین دیکہو تو واجب ہی کہ چشم اعتقاد کی دریای سرشک سی کنار نوحہ خوانی بہر دو ہر کلمہ
مدحت پر شور صل علی برپا ہو ہر فقرہ حسرت ومحنت پر جوش نالہ وبکا ہو قیل ولدت فاطمہ
بمکۃ بعد النبوۃ بخمس سنین کتاب مناقب ابن شہر آشوب مین روایت کی ہی او
ظہور نور سیدہ نسا کی بشارت مومنین کو دی ہی کہ شہر مکہ مین بعثت خیر الانبیا سی جب پانچ برس گذری
تو اہل بصیرت نی سرور عالم کی گہر مین فاطمہ زہرا کی قدم دیکہی و بعد الاسراء بثلاث
سنین رسول مقبول بعد تین سال شب معراج کی روز ولادت سی بتول کی مسرور ہوی و
فی العشرین من جمادی الآخرۃ جمادی الثانی کی بیسوین تاریخ تہی جو ماہ وہر پر ضیاء وجہ
خیر النسا چمکی واقامت مع ابیہا بمکۃ ثمانی سنین ثم ہاجرت معہ الی المدینۃ
والد بزرگوار کی پاس مکہ مین سات برس رہین پہر اونکی ہمراہ مدینہ کو مہاجرہ ہوئین فزوجہا
من علی بعد مقدمہا المدینۃ بسنتین اول یوم من ذی الحجۃ پس شادی کردی
اونکی علی مرتضی علیہ السلام سی اول ماہ ذی الحجہ کو جو دو برس ورود مدینہ مین بسر ہوی وقبض
النبی ولہا یومئذ ثمانی عشر سنۃ وسبعۃ اشہر و ولدت الحسن ولہا
اثنتی عشرۃ سنۃ جب شفیعہ محشر کی عمر بارہ برس گذری تو امام حسن علیہ السلام کی تولد کا دن تہا

دوسری مجلس فضائل بتول علیہا السلام

اور سرورِ عالم کی وفات مین اٹھارہ سال چھ مہینے کا سن تھا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ اِنَّ فَاطِمَۃَ خُلِقَتْ حُوْرِیَّۃً فِیْ صُوْرَۃٍ اِنْسِیَّۃٍ جناب سوخدا صلی اللہ علیہ وآلہ نی صفتِ زہرا مین فرمایا ہے درستی کہ بتولِ عذرا کی خلقت حوریہ ہی جو صورتِ انسان مین اوسنی جلوہ پایا ہے واقعی ہماری پروردگار نی اوس شمائلِ قابل پر ایسی فضائل کا جامہ پہنایا کہ بدوِ ایجاد سی آدمی زاد مین کوئی بندہ کامل کو نہین پہنایا امالی مع عَنِ ابْنِ الْمُتَوَکِّلِ قَالَ قَالَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰہِ عَلَیْہِ السَّلَامُ کتاب امالی مین شیخ مفید اور جامع ترمذی مین ابن متوکل سی یہ روایت آئی ہی کہ اوسنی کہا حضرت ابو عبد اللہ امام جعفرِ صادق علیہ السلام نی بشارت فرمائی ہی لِفَاطِمَۃَ تِسْعَۃُ اَسْمَاءٍ عِنْدَ اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ واسطی فاطمہ زہرا صلواۃ اللہ علیہا کی نو نام خدا تعالی نی رکھی کہ وہ اسمای مقدسہ کسی خاتونِ برگزیدہ کو نہ ملی تھی فَاطِمَۃُ وَالصِّدِّیْقَۃُ وَالْمُبَارَکَۃُ وَالطَّاہِرَۃُ وَالزَّکِیَّۃُ وَالرَّاضِیَۃُ وَالْمُحَدَّثَۃُ وَالزَّہْرَاءُ وَالْمَرْضِیَّۃُ ان القاب سی وہ جناب زمین وآسمان مین مشہور اور ساری عالم کی صفحہ زبان پر فخر و مباہات سی مسطور مَرْوِیٌّ عَنْ عَلِیٍّ عَلَیْہِ السَّلَامُ عَنْ فَاطِمَۃَ قَالَتْ قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ ذکر کیا علی مرتضی علیہ السلام نی بتولِ عذرا سی کہ وہ صدیقہ کہتی ہین رسولخدا نی فرمایا مجھسی یَا فَاطِمَۃُ مَنْ صَلّٰی عَلَیْکِ غَفَرَ اللّٰہُ لَہٗ وَاَلْحَقَہٗ بِیْ حَیْثُ کُنْتُ مِنَ الْجَنَّۃِ ای فاطمہ جو اہلِ اسلام تحیت و درود بھیجی تیری نام اوسکی گناہ بخشدیگا ملکِ علام اور زیدہ محشور کریگا روزِ قیام میری ساتھ بہشت مین تباہی کار ہنی کا مقام مَرْوِیٌّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْقَسِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ مُعَنْعَنًا عَنْ اَبِیْ عَبْدِ اللّٰہِ عَلَیْہِ السَّلَامُ اَنَّہٗ قَالَ محمد ابن قسم نی حضرتِ صادق سی یہ کلام سنا کہ اوس جناب نی اپنی صحابہ سی فرمایا اِنَّا اَنْزَلْنَاہُ فِیْ لَیْلَۃِ الْقَدْرِ اَللَّیْلَۃُ فَاطِمَۃُ وَالْقَدْرُ اللّٰہُ تَعَالٰی خدا نی قران مین پردہ شب کے اندر

خبر دی ہے اور یہ آیت شان میں بضعۂ احمد کی بہیجی مراد لیل سے فاطمہ زہرا ہیں اور اللہ کی قدر مین اشارا
مرتبہ بتول کا کہلا ہی فَمَنْ عَرَفَ فَاطِمَةَ حَقَّ مَعْرِفَتِهَا فَقَدْ اَدْرَكَ لَيْلَةَ الْقَدْرِ جسنی قدر
اور منزلت اونکی پہچانی ہے اوسنی پائی شرافت اور فضیلت شبِ قدر کی وَاِنَّمَا سُمِّيَتْ فَاطِمَةَ لِاَنَّ
الْخَلْقَ فُطِمُوا عَنْ مَعْرِفَتِهَا یہی وجہ ہی نام رکہا گیا اوس طاہرہ کا فاطمہ کہ خلایق کو اونکی محبت اور
معرفت چہڑا یکی عقاب اور حساب سے روز جزا کے ابْنُ مَقْبَرَةَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ
عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ فَاطِمَةَ الصُّغْرٰى عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ اَخِيهِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ عَلَيْهِمُ
السَّلَامُ قَالَ رَاَيْتُ اُمِّي فَاطِمَةَ قَامَتْ فِي مِحْرَابِهَا لَيْلَةَ جُمُعَتِهَا کتاب جرایح مین ابن
مقبرہ کہ اوسنی جعفر صادق اور حضرت نے اپنی والد آخر مین حسن بن علی علیہما السلام سے روایت کی ہی
فرمایا کہ مینی دیکہا اپنی والدہ فاطمہ زہرا کو ہر شبِ جمعہ محرابِ عبادت مین مناجات کرتی گذری ہی
فَلَمْ تَزَلْ رَاكِعَةً سَاجِدَةً حَتّٰى اتَّضَحَ عَمُودُ الصُّبْحِ ساری رات اونکی رکوع اور سجود مین توجہ
رہتی تا کہ سفیدی صبح کی جلوہ گر تی وَسَمِعْتُهَا تَدْعُو لِلْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَتُسَمِّيهِمْ
وَتُكْثِرُ الدُّعَاءَ لَهُمْ وَلَا تَدْعُو لِنَفْسِهَا بِشَيْءٍ اوسی مینی سنا ہا کہ زن و مرد مومنین کو واسطی
دعا مانگتین اور تضرع سے ہر ایک نام کو زبان پر لاتین اپنی حاجت ذکر نفرماتین درگاہ خدا سے
لوگونکا مقصد چاہتین فَقُلْتُ لَهَا يَا اُمَّاهُ لِمَا تَدْعُوا لِنَفْسِكِ كَمَا تَدْعُوا لِغَيْرِكِ فَقَالَتْ
يَا بُنَيَّ اَلْجَارُ ثُمَّ الدَّارُ مینی عرض کی ای مادرِ گرامی کیون تم اپنی لیئی کچھہ استدعا نہین کرتی ہو
جیسا کہ غیرونکی خاطر حصولِ دعا چاہتی ہو جواب دیا ای فرزند دلبند پہلی ہمسایہ کو فیض پہنچانا ہمارا کام
پھر گہر والونکو نعمت خدا کا دلانا اکرام ہی رُوِيَ اَنَّ جَبْرَئِيلَ اَتٰى بِحُلَّةٍ قِيمَتُهَا الدُّنْيَا
کتاب بحار مین آخوند مولف نی سندِ معتبر سے روایت کی ہی حضرت زہرا نی ایک تقریبِ شادی مین
جانی کی عزیمت کی قسم سے لباس نمایش کی بر مین تہی بلکہ زہد و تقوی سے خلعتِ فقر و فاقہ مین گذر

دوسری مجلس فضائل بتول عذرا علیہا السلام

ہوئی تہی ناگاہ جبرئیل خداوند جلیل کی طرف سی آئی اور خلہ پر نور کہ ساری دنیا کی برابر اوسکی قیمت تہی
لائی فَلَمَّا لَبِسَتْهَا تَحَيَّرَتْ نِسْوَةُ قُرَيْشٍ مِنْهَا وَقُلْنَ مِنْ اَيْنَ لَكِ هٰذَا قَالَتْ هٰذَا
مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ جب وہ جامہ وزیور گرانبہا زیب قامت رعنا فرماکی جمع قریش مین تشریف لیگئین
وہان کی عورات کمال حیرت سی بولین ای بی بی بندہ آزاد کی یہ کپڑی فاخر کہان سی آئی اوس خاتون
معظمہ نی ارشاد کیا خدائی ہدیہ مین بہوائی قب وَرَهَنَتْ عَلَيْهَا السَّلَامُ كِسْوَةً لَهَا عِنْدَ
اِمْرَاَةِ زَيْدِ الْيَهُوْدِيِّ فِي الْمَدِيْنَةِ وَاسْتَقْرَضَتِ الشَّعِيْرَ کتاب مناقب مین سند
معتبر سی یہ روایت درج فرمائی اتفاقات سی اوس حاجت روای خلق کو ضرورت پیش آئی
زید یہودی کی جورو کو اپنا برقع بطور گرو دیا شہر مدینہ مین اوس سی تہوڑا غلہ جو کا قرض لیا فَلَمَّا
دَخَلَ زَيْدٌ دَارَهُ قَالَ مَا هٰذِهِ الْاَنْوَارُ فِيْ دَارِنَا قَالَتْ لِكِسْوَةِ فَاطِمَةَ ہرگاہ زید
صاحب خانہ اپنی گہر مین آیا تو حجرہ کو مثال برج قمر کی روشن پایا پوچہا یہ نور ہماری مکان مین
کہان سی چمکا اوسکی بی بی بولی پرتو سی چادر فاطمہ زہرا کی نکلا فَاَسْلَمَ فِي الْحَالِ وَاَسْلَمَتْ
اِمْرَاَتُهُ وَجِيْرَانُهُ حَتّٰى اَسْلَمَ ثَمَانُوْنَ نَفْسًا فورا وہ یہودی اسلام لایا اوسکی زوجہ نی بہی
شرف ایمان پایا ہمسایہ اور قبیلہ کی ستر آدمی نی کلمہ طیبہ پڑہا اوس خلہ کرامت کی آستین ہدایت سی
جامہ دین کا دامن بڑہا وَرَوَى الْحَسَنُ بْنُ يَزِيْدٍ اَنَّهُ قَالَ قُلْتُ لِاَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ
لِمَ سُمِّيَتْ فَاطِمَةُ الزَّهْرَاءَ کتاب بحار مین روایت کی ہی حسن ابن یزید نی کہا مینی ابی عبد اللہ
جعفر صادق علیہ السلام سی پوچہا یا ابن رسول اللہ کس وجہ سی لقب کیا خیر الوری نی اپنی دختر کا
فاطمہ زہرا قَالَ لِاَنَّ لَهَا فِي الْجَنَّةِ قُبَّةً مِنْ يَاقُوْتٍ حَمْرَاءَ اِرْتِفَاعُهَا فِي الْهَوَاءِ
مَسِيْرَةَ سَنَةٍ مُعَلَّقَةٍ بِقُدْرَةِ الْجَبَّارِ مجہی جواب دیا اس وجہ سی کہ اوس بانو کا باغ بہشت مین
ایک قبہ یعنی محل سرخ یاقوت کا ہی بلندی مین سال بہر کی راہ ہوا پر قدرت خدا سی برپا ہی

لا علاقۃ لہا من فوقہا فتمسکہا و لا دعامۃ لہا من تحتہا فتلزمہا یعنی اوسمین
کوئی لگاوٹ جو پکڑی ہو اور نہ تلی ستون کا کچہ سہارا ہی کر اوسپر بوجہ دہری ولہا مائۃ
باب علی کل باب الف من الملائکۃ اوس قصر والاشان کی سو ہزار دروازی ہین
ہر باب پر ہزار فرشتی مجاور خالق کی نوازی ہین یراہا اہل الجنۃ کما یری احدکم
الکوکب الدری الزاہر فی افق السماء فیقولون ہذہ الزہراء لفاطمۃ
اوس بیت الشرف کو مانند برج قمر یا فرج کو ہر اہل جنت چمکتا نظر کرینگی جیسی روشن درتابان
ستارہ فلک پر ہو دیکہکی کہینگی یہ درخشان مکانِ تابندہ ایوان مسکن فاطمہ سیدۂ زنان جہان ہے
کہ مانند اسکی دنیا و مافیہا مین عدم امکان ہے ای اہل عزا تصور کی جاہی سر و سینہ پیٹنا روا ہی وہ
بی بی جسکی زینت کو رب العزت حلۂ جنت زیور بیش قیمت ہدیہ کری اور بہشت کی ایسی گہر مین توقیر
عظمت سی رہی اوسکی دختران عزیز کو امت بی رحم چادر و معجر سی برہنہ کرین خرابہ مین شام کی
مثل اسیران کفار ذلیل و خستہ قید رکہین کس خواریسی ہر شہر مین دربدر پہرائین کون مرتبہ اوسکو
اور ضرر کو پہنچائین مع و روی عن ابن المتوکل عن سدیر الصیرفی عن ابی عبد اللہ
عن ابائہ قال کتاب معانی الاخبار مین ابن متوکل سی اور راوسنی سدیر صراف کی زبانی روایت
سنی کہ ابی عبد اللہ یانی جعفر ابن محمد علیہما السلام نی اپنی اباءی کرام سی شنیدہ یہ عبارت کہی
قال رسول اللہ خلق نور فاطمۃ قبل ان تخلق الارض و السماء خیر الوریٰ نے
صفت زہرا مین فرمایا کہ نور فاطمہ پیش از خلق آسمان و زمین پیدا ہوا فقال بعض الناس
یا نبی اللہ فلیست ہی انسیۃ بعض صحابہ بولی ہم کی نقصان سی ای رسولِ خدا کیا وہ مخدومہ
جہان نہین ہی صنف انسان سی فقال فاطمۃ حوراء انسیۃ سید انبیا نی یون جواب دیا
کہ خدا نی فاطمہ کو حوراء انس ایجاد کیا قالوا یا نبی اللہ و کیف ہی حوراء انسیۃ حاضرین نے

دوسری مجلس فضایل بتول عذرا علیہا السلام

عرض کی ای پیغمبر خدا کیونکر حورا انس ہوین بتول عذرا قال خلقہا اللہ عز و جل من نورہ
قبل ان یخلق ادم اذ کانت الارواح خیر الوری نی صحابہ کو جواب دیا خالق ارض و
سمائی اوسکو ایجاد کیا پہلی اوس زمانی سی کہ ابو البشر آدم ہو پیدا جبکہ عالم ارواح مین وجود
جسم نہتا فلما خلق اللہ عز و جل ادم عرضت علی ادم پس حق تعالی ہرگاہ صفی اللہ کو
جامہ آفرینش پنہایا یہ نور اوسکو سپرد فرمایا قیل یا نبی اللہ واین کانت فاطمۃ
لوگون نی پوچھا ای حجت کبریا پھر اس عرصہ دراز مین کہان رہین فاطمہ زہرا قال کانت
فی حقۃ تحت ساق العرش سرور کائنات نی خبر بشارت دی نور کی قندیل ہین تحت عرش
باری اتنی مدت گذری قالوا یا نبی اللہ فما کان طعامہا سوال کیا ای خلیفہ کبریا اس ایام
تک اونکی خوراک کیا تھی کونسی غذا پر زندگی باقی رہی قال التسبیح والتہلیل والتحمید
جواب دیا قوت اونکا ذکر حمد اکرنا پروردگار کی تسبیح و تہلیل و تحمید پر ہوتا تہا جینا فلما خلق اللہ
عز و جل ادم واخرجنی من صلبہ ہرگاہ ایجاد فرمایا صانع عالم نی ابو البشر آدم کو اور میرا
مقدم ظہور کیا اونکی صلب مکرم کو فاحب اللہ عز و جل ان یخرجہا من صلبی جعلہا
تفاحۃ فی الجنۃ واتانی بہا جبرئیل پس جب چاہا ایزد تعالی نی کہ اوسکو میری نطفہ سی
پیدا کری بہشت عنبر سرشت مین نہال قدرت پر سیب بنایا جبرئیل وہ میوہ معطر کو بطریق ہدیہ میری
پاس لایا فقال لی یا محمد ان ربک یقرئک السلام قلت منہ السلام والیہ
یعود السلام کہا ای محمد رب داور تمپر سلام اور تحیت بھیجتا ہی مینی جوابدیا سلام اوسیکی
جانب سی اور وہی مبدا بازگشت ثنا ہی قال یا محمد ان ہذہ تفاحۃ اہداہا اللہ
عز و جل الیک من الجنۃ فاخذتہا وضممتہا الی صدری جبرئیل نی یہ بات کہی
یا نبی الوری ایک سیب کو خدا نی تمہاری لئی تحفہ بھیجا دیا فورا مینی وہ ثمر روح پرور کو لیکی سونگھا

دماغ جان معطر کیا سینہ سی لگایا وقال یا محمد یقول اللہ جل جلالہ کلہا ففلقتہا فرأیت
نورًا ساطعًا وفزعت منہ حامل وحی بولا ایزد تعالی نی فرمایا ہماری ہدیہ طیب وطاہر کو
نوش کرو پھر شجر صنع سی عجایب قدرت کا میوہ دیکھو میں گرامی عطیہ باریکو ایکبار کی دو ٹکڑی کیا
دیکھا اوسکی اندر سی وہ لمعہ نور چمکا کہ مجھی خوف ہوا فقال یا محمد ما لک لا تأکل کلہا ولا
تخف فان ذلک النور للمنصورۃ فی السماء وہی فی الارض فاطمۃ جبرئیل کاری
یا محمد کیون تم نہین کہاتی تناول کرو اور کچھ اندیشہ مت رکھو یہ لمعہ تابندہ نور ظہور مقدسہ ہی
اوسکا جو آسمانون مین مشہور منصورہ ہی اور سطح زمین پر فاطمہ بانوی معصومہ ہی قلت حبیبی
جبرئیل ولم سمیت فی السماء المنصورۃ وفی الارض فاطمۃ مینی کہا ای دوست صادق
جبرئیل کیا باعث ہی جو نام رکہا گیا اوسکا افلاک مین منصورہ اور اراضی دنیا پر فاطمہ مسطور قال
سمیت فی الارض فاطمۃ لانہا فطمت شیعتہا من النار وفطم اعداءہا من
حبہا جواب یا وہ معصومہ اسواسطی زمین پر فاطمہ معروف ہوی کہ چہڑاینگی اپنی دوستونکو آتش سوزان سے
اور دشمنونکو دور کرینگی سعادت محبت وعرفان سی وہی فی السماء المنصورۃ وہ برگزیدہ یزدان
عورات جہانکی سیدہ مشہورہ ہی اور آسمانون مین لقب اوسکا منصورہ ہی وذلک قول اللہ عز
وجل ویومئذ یفرح المؤمنون بنصر اللہ ینصر من یشاء یعنی نصر فاطمۃ لمحبیہا یہ دلیل ہے
قول خدا کی جو قران مین آئی بتول کی شان مین ساری آیت نازل فرمائی یعنی روز قیامت کو خوشحال
ہونگی مومنین نصرت الہی ہی مراد نصر ولای زہرا ہی کہ اپنی محبونکو نجات دینگی بدرستی کہ خدا یاری کرتا ہے
جسکی چاہتا ہی ما الفحام عن المنصوری عن عم ابیہ عن ابی الحسن الثالث عن ابائہ
قال قال رسول اللہ انما سمیت ابنتی فاطمۃ لان اللہ عز وجل فطمہا وفطم من
احبہا من النار کتاب امالی مین شیخ مفید کی فحام اور منصوری اور اوسکی عم والد نی ابو الحسن امام

دوسری مجلس فضایل بتول عذرا علیہا السلام

علی نقی علیہ السلام سی روایت کی ہی جو حضرت نی اپنی اباء کرام سی اس خبر کی بشارت دی ہی کہا کہ رسولخدا نی فرمایا اسواسطی مینی اپنی دختر کا فاطمہ نام رکہا جو اللہ تعالی نی سوز آتش سی حضرت کی اسی بچایا اور اوسکی محبونکو عذاب نار سی چہڑایا ع عَنْ جَابِرٍ عَنْ اَبِیْ عَبْدِ اللّٰہِ قَالَ قُلْتُ لِمَ سُمِّیَتْ فَاطِمَۃُ الزَّہْرَاءُ زَہْرَاءَ کتابِ عیونِ معجزات مین جابر سی روایت ہی جو ناقل کتاب ہی کہ مینی حضرتِ صادق سی پوچہا کس وجہ سی فاطمہ کا زہرا نام رکہا ہی فَقَالَ لِاَنَّ اللّٰہَ عَزَّ وَجَلَّ خَلَقَہَا مِنْ نُوْرِ عَظَمَتِہٖ فَلَمَّا اَشْرَقَتْ اَضَاءَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ بِنُوْرِہَا جواب دیا خدا تعالی نی اوسکو اپنی نورِ عظمت سی خلق کیا جب وہ لمعہ قدرت چمکا تو آسمان و زمین اوسکا اوجیالا پہیلا وَغُشِیَتْ اَبْصَارُ الْمَلٰئِکَۃِ وَخَرَّتِ الْمَلٰئِکَۃُ لِلّٰہِ سَاجِدِیْنَ وَقَالُوْا اِلٰہَنَا وَسَیِّدَنَا مَا ہٰذَا النُّوْرُ نظارہ سی چشمِ قدسیونکو چکاچوند آئی ملائکہ نی سجدہ الہی مین گردن جہکائی عرض کی ای مالک و خداوند ہمارے یہ کیسا نور ہی اور کونسی عجایبِ سلطنت کا جلوہ ظہور ہی فَاَوْحَی اللّٰہُ اِلَیْہِمْ ہٰذَا نُوْرٌ مِنْ نُوْرِیْ اَسْکَنْتُہٗ فِیْ سَمَائِیْ خَلَقْتُہٗ مِنْ عَظَمَتِیْ اللہ نی اونکو وحی کی یہ نور ہی میری پرتوِ رحمت کا جسی اپنی عظمت و کبریائی سی موجود کردانا اور افلاک مین مقام دیا سکونت کا اُخْرِجُہٗ مِنْ صُلْبِ نَبِیٍّ مِنْ اَنْبِیَائِیْ اُفَضِّلُہٗ عَلٰی جَمِیْعِ الْاَنْبِیَاءِ اپنی پیغمبر کی صلب سی اوسکو باہر لاونگا اور وہ نبی کو سب مرسلین پر افضل بناونگا وَاُخْرِجُ مِنْ ذٰلِکَ النُّوْرِ اَئِمَّۃً یَقُوْمُوْنَ بِاَمْرِیْ یَہْدُوْنَ اِلَی حَقِّیْ وَاَجْعَلُہُمْ خُلَفَائِیْ فِیْ اَرْضِیْ بَعْدَ اِنْقِضَاءِ وَحْیِیْ اس نور سی اوصیاء و امام رہنما نکالونگا بعد از قطعِ وحی کی اونہین خلیفہ رسول بناونگا جو میری حقِ معرفت کو بتاینگی خلق کو طریقہ عبادت سکہاینگی مصباح فِیْ اَوَّلِ یَوْمٍ مِنْ ذِیْ حِجَّۃٍ زَوَّجَ رَسُوْلُ اللّٰہِ فَاطِمَۃَ مِنْ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَرُوِیَ اَنَّہٗ کَانَ فِیْ یَوْمِ السَّادِسِ کتابِ مصباح الانوار مین یہ روایت لکہی ہی کہ اولِ شہرِ ذیحجہ سالِ دوم

ہجرت مین تزویج فاطمہ زہرا علی مرتضیٰ کی ساتھ ہوی ہی اور دوسری خبر مین جیٹھی کہی ہی کہ جسمین
رات کو شادی رہی ہی لی ابن الولید عن سعد عن الصادق عن آبائہ علیہم السلام
قال قال امیر المؤمنین دخلت ام ایمن علی النبی وفی ملحفتہا شیء فقال لہا
ابن ولید اونہی سعد اونہی جناب صادق اور حضرت نی آبای کرام سی روایت کی ہی جو امیر المومنین
فرماتی ہین ایکدن ام ایمن رسول مومن کی خدمت مین پہنچی اوسکی گوشہ معجر مین گرہ بندہی سرور انبیا نے
دیکھی فقال لہا رسول اللہ ما معک یا ام ایمن فقالت ان فلانۃ املکوہا فنثروا
علیہا فاخذت من نثارہا ثم اخر الزمن بولی ای ام ایمن تمہاری پاس یہ کیا ہی جواب دیا
ایک بی بی کی شادی ہوی جب نچھاور ڈالی تو مینی کچھہ اوٹھا لیا ہی ثم بکت ام ایمن وقالت
یا رسول اللہ فاطمۃ زوجتہا ولم تنثر علیہا شیئا ام ایمن یہ بات سنا کی رو دین
اور خیر الوری سی حسرت سی بولین حیف کہ تمنی فاطمہ زہرا کا بیاہ کیا اور کوئی نقد وجنس نثار نہین
پہینکا فقال رسول اللہ یا ام ایمن لم تکذبین وفی روایۃ لم تبکین فان اللہ
تبارک وتعالی لما زوج فاطمۃ علیا پیغمبر نی فرمایا ای ام ایمن کیون خلاف بولتی یا کیواسطے
روتی ہو بتحقیق کہ جب اللہ تعالی نی تزویج کیا علی مرتضیٰ سی فاطمہ زہرا کو امر اشجار الجنۃ ان تنثر
علیہم من حلیہا وحللہا ویاقوتہا ودرہا وزمردہا واستبرقہا فاخذوا
منہا ما لا یعلمون حکم کیا باغ بہشت کی اشجار پر کہ نثار کرین اپنی ساز وزیور اور جامہ ہای گرانبہا سے
پر زر وجواہر یاقوت وموتی وزمرد وامتعہ استبرق بحید وحصر لس لوٹا اونکو اہل جنت نی خدا جانی کس قدر
ولقد نحل اللہ طوبی فی مہر فاطمۃ فجعلہا فی منزل علی عقد کرم اور مہر عنایت کیم شے
نہال طوبی کو مہر فاطمہ مین باندھا اوسکو بنا بسر ای علی مرتضیٰ علیہ السلام مین پیدا کیا وہان سے
جنت مین پہیلایا ما الحسین ابن ابراہیم عن ابی عبد اللہ علیہ السلام قال قال

إِنَّ اللهَ تَعَالَى أَمْهَرَهَا فَاطِمَةَ رُبُعَ الدُّنْيَا فَرُبُعُهَا لَهَا کتاب امالی مین حسین بن ابراہیم اور اوسنی ابی عبد اللہ ثانی سی روایت کی فرمایا کہ اللہ تعالی نی مہر فاطمہ زہرا مین ربع مسکون دنیا باندہی شب برات مین عروس حجلہ تقدیس کو بڑی کرامت دی کہ ساری کائنات مین ذی شرافت بنی و اَلْجَنَّةَ وَالنَّارَ تُدْخِلُ أَعْدَاءَهَا النَّارَ وَتُدْخِلُ أَوْلِيَاءَهَا الْجَنَّةَ اور نقد رحمت سی کابین فاطمہ پر اضافہ کیا بہشت و دوزخکو قبالہ عطایا مین لکھدیا کہ اپنی دشمنونکو عذاب نار مین ڈالی اور محبونکو جنت خلد مین داخل کری وَهِيَ الصِّدِّيقَةُ الْكُبْرَى وَعَلَى مَعْرِفَتِهَا دَارَتِ الْقُرُونُ الْأُولَى جناب کو صدیقہ کبری فخر مریم و حوا کہا ہی اونکی معرفت پر زمانی کا مدار و قرار ہو رہا ہی کشف رَوَى الْحَافِظُ مُحَمَّدُ بْنُ مَحْمُودٍ الْبُخَارِيُّ قَالَ سَمِعْتُ أَسْمَاءَ بِنْتَ عُمَيْسٍ تَقُولُ لَيْلَةَ دَخَلَ بِي عَلِيُّ بْنُ أَبِيطَالِبٍ أَفْزَعَنِي فِي فِرَاشِي کتاب کشف الغمہ مین حافظ محمد ابن محمود بخاری سی روایت کی ہی اوسنی کہا مجھی یہ حکایت اسما بنت عمیس کی زبانی پہنچی ہی وہ بیان کرتی تہی کہ میری خاتون فاطمہ نی یہ بات فرمائی جس رات کو علی مرتضی ہم بستر ہوی خوف و دہشت کی سامان مجہپر ہجوم آور ہوی فَقُلْتُ أَفْزَعَتْ يَا سَيِّدَةَ النِّسَاءِ قَالَتْ سَمِعْتُ الْأَرْضَ تُحَدِّثُهُ وَيُحَدِّثُهَا مینی عرض کی ایا ڈر گئی ہو اوسنی ای سیدہ نسا فرمایا سبب یہ تہا کہ زمین کو علی اور اونہین زمین سی باتین کرتی سنا فَأَصْبَحْتُ وَأَنَا فَزِعَةٌ فَأَخْبَرْتُ وَالِدِي فَسَجَدَ سَجْدَةً طَوِيلَةً ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ وَقَالَ جب وہ رات گذری صبح دکہائی دی مین ڈرتی ہوی اوٹہی اپنی والد کی پاس گئی اونسی حکایت مذکور ساری کہی میری پدر نی ہر کاہ سر گذشت سنی جبہہ مبارک زمین نیاز پر جھکایا دیر تک شکر خدا مین لب ارادت کو ہلایا پہر شاد و خرم سر اوپر اوٹہایا مجہہ سی مہربانی مین فرمایا يَا فَاطِمَةُ أَبْشِرِي بِطِيبِ النَّسْلِ فَإِنَّ اللهَ فَضَّلَ بَعْلَكِ عَلَى سَائِرِ خَلْقِهِ بشارت ہو تجھی ای فاطمہ اولاد کی طہارت اور پاک ہونی سی جو خبث کو بر طرف کیا اور تیری شوہر

حضرت داورنی ساری عالم پر شرف دیا وَاَمَرَ الْاَرْضَ اَنْ یُحَدِّثَہٗ بِاَخْبَارِھَا وَمَا یَجْرِیْ عَلٰی وَجْہِھَا مِنْ شَرْقِ الْاَرْضِ اِلٰی غَرْبِھَا زمین کو مامور کیا امیر المومنین سی باتین کری جو کچھ اوپر گذری شرق سی مغرب تک وہ خبر کہتی رہی سبحان اللہ کیا شان وتجمل اور مقام بندگی مین اونکا صبر وتحمل ہی مالک دنیا ومافیہا کا محل رضا پر تکیہ جز وکل اور توکل بار یسی توسل ہی اوس اقتدار واختیار مین کتنی جراعد اکی محنت سہی روایت اور سنو کہ زہد وقناعت مین کیونکر عمر شریف گذری کا عَنْ عَلِیٍّ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ اَبِیْ عَبْدِ اللّٰہِ عَلَیْہِ السَّلَامُ قَالَ کَانَ اَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ یَحْتَطِبُ وَیَسْتَقِیْ وَیَکْنِسُ کتاب کافی مین علی اور اوسکی پدر سی مُسنَد لکہا ہی کہ وہ ابی عبداللہ علیہ السلام سی روایت کرتا ہی جب علی مرتضی کی فاطمہ زہرا علیہما السلام سی شادی ہوئی صورت گذران خانہ داری کی باہم یون ٹہری کہ امیرِ وزیرِ سید بشیر ونذیر باہر سی جلانیکی لکڑیان جنس اذوقہ لائین پانی بہرین کپڑو نکو بنائین شوب دین ہر گاہ میلی ہو جائین وَفَاطِمَۃُ تَطْحَنُ وَتَعْجِنُ وَتَخْبِزُ فاطمہ زہرا چکی پیسین آٹا گوندہین روٹی پکائین گہر کی خدمتین رہین ب اِبْنُ طَرِیْفٍ عَنْ جَعْفَرٍ عَنْ اَبِیْہِ عَلَیْہِمَا السَّلَامُ قَالَ کَانَ فِرَاشُ عَلِیٍّ وَفَاطِمَۃَ حِیْنَ دَخَلَتْ عَلَیْہِ اِھَابُ کَبْشٍ کتاب قُرْبُ الْاِسْنَادِ مین ابنِ طریف سی منقول ہی کہ یہ روایت جعفر ابن محمد اور اونکی آبای کرام علیہم السلام تک موصول ہی ہر گاہ شاہِ لافتیٰ کا بیاہ بضعہ رسول اللہ کی ساتہہ عیان ہوا بیت الشرف مین مہر وماہ نی مطلع انوار سی قرانِ السعدین کیا + دنبی کی پوستِ خشک سی اونکا بچہونا تہا یہی اسباب معاش مین سرمایہ بساط رہا تہا اِذَا اَرَادَا اَنْ یَّنَامَا عَلَیْہِ قَلَبَاہُ فَنَامَا عَلٰی صُوْفِہٖ رات کو جو استراحت کی طالب ہوتی تو سیدہی طرف سی بالونکی بچہاتی اوسپر سوتی + دنکو چمڑی کی جانب سے پہلاتی اونٹ کو دانہ اور بہوسہ کہلاتی قَالَ وَکَانَتْ وِسَادَتُہُمَا اَدَمًا حَشْوُھَا لِیْفٌ راوی کہتا ہی تکیہ اون صاحبان سندِ جلال کا پوست سی سنڈہا تہا کہ اوسکی اندر خرما کی پتی بہری

دوسری مجلس فضایل بتول عذرا علیہا السلام

ہوی اور پیوند لگا تہا قَالَ وَکَانَ صَدَاقُہَا دِرْعًا مِنْ حَدِیْدٍ اوس بانوی جہان کے صداق نکاح مین زرہ آہن بندہی تہی جسکی قیمت تیس درہم معین ہو رہی تہی رُوِیَ عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ عُمَیْسٍ قَالَتْ لَقَدْ جُهِّزَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰہِ اِلٰی عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ وَمَا کَانَ حَشْوُ فُرُشِہِمَا وَوَسَائِدِہِمَا اِلَّا اللِّیْفُ اسماء بنت عمیس نی کہا جب فاطمہ زہرا کا ورود گہر مین علی مرتضی کی ہوا بستر آرامگاہ مین پیال بہی اور تکیہ کہجور کی تیونکا دیکہا وَلَقَدْ اَوْلَمَ عَلِیٌّ لِفَاطِمَةَ فَمَا کَانَتْ وَلِیْمَةٌ فِیْ ذٰلِکَ الزَّمَانِ اَفْضَلَ مِنْ وَلِیْمَتِہٖ سرور اولیائی بتول عذرا کے ولیمہ کا ایسا طعام کہلایا کہ اس عہد مین ادنا شادی کا اوس سی بہتر پایا رَهَنَ دِرْعَهٗ عِنْدَ یَہُوْدِیٍّ وَکَانَتْ وَلِیْمَتُہٗ اَصْوُعًا مِنْ شَعِیْرٍ وَتَمْرٍ وَحَیْسٍ زرہ اپنی عوض قرض یہودی کی پاس گرو رکہی دعوت پر صلای عام کی ارد جو اور خرما روغن اور دہی آتش کی پکائی وہ سبکو دی رَوَی تَفْسِیْرُ الثَّعْلَبِیِّ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَلَیْہِمَا السَّلَامُ اَنَّہٗ قَالَ رَاَی النَّبِیُّ فَاطِمَةَ وَعَلَیْہَا کِسَاءٌ مِنْ اَجِلَّةِ الْاِبِلِ وَہِیَ تَطْحَنُ بِیَدَیْہَا وَتُرْضِعُ وَلَدَہَا ایکدن تشریف مقدم نبی خانہ فاطمہ مین پہنچی تو دیکہا کہ بتول عذرا کمل اونٹ کی پشم کا اوڑہی تہین صدرنشین عرش و کرسی زمین پر بیٹہی تہین دونو ہاتہہ سی آسیہ گردانی کرتین اور گود مین لیئی فرزند کو دودہ پلاتین فَدَمَعَتْ عَیْنَا رَسُوْلِ اللّٰہِ فَقَالَ یَا بِنْتَاہُ تَعَجَّلِیْ مَرَارَتَ الدُّنْیَا بِحَلَاوَةِ الْاٰخِرَةِ اس محنت کے نظارے مین اشکِ حسرت پیغمبر کی انکہونسی بہی دلکو آزار اور صدمات زہرا چین کرتی رہی فرمایا ای پیاری بیٹی تہوڑی زحمت دنیا سہو کہ جلدی گذری گی تلخی ناداری اور فقر و فاقہ ساتہہ حلاوتکی عیشِ آخرت سے بدلی فَقَالَتْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی نَعْمَائِہٖ وَالشُّکْرُ لِلّٰہِ عَلٰی اٰلَائِہٖ عرض کی ای رسول کردگار حمد و سپاہی پروردگار کی نعمات پر اور شکر بیشمار اوسکی آلا اور عنایات پر فَاَنْزَلَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَلَسَوْفَ یُعْطِیْکَ رَبُّکَ فَتَرْضٰی پس خدانی یہ آیت نازل کی عترت مصطفی کو بشارت کامل دی

دوسری مجلس فضایل بتول عذرا علیہا السلام

یج رُوِیَ اِنَّ اَبَا ذَرٍ قَالَ بَعَثَنِی رَسُوْلُ اللّٰہِ اُدْعُوا عَلِیًّا کتاب خرایج مین لکہا ہے کہ ابوذر نی کہاہی ایکروز خیر الوریٰ نی مجہی بہیجا کہ علی مرتضیٰ کو بلالا فَاَتَیْتُ بَیْتَہٗ فَنَادَیْتُہٗ فَلَمْ یُجِبْنِیْ اَحَدٌ وَالرَّحیٰ تَطْحَنُ وَلَیْسَ مَعَہَا اَحَدٌ مین اونکی در دولت سراپر گیا ہر چند پکارا لیکن جواب ندیا لاکن دیکہا چکی آپسی پہرتی تہی اور کوئی عورت پیسنی والی نظر نہ پڑتی تہی فَنَادَیْتُہٗ فَخَرَجَ وَاَصْغیٰ اِلَیْہِ رَسُوْلُ اللّٰہِ فَقَالَ لَہٗ شَیْئًا لَمْ اَفْہَمْہُ پہر کی آیا خدمتین سرور انبیاکی چلایا سارا ماجرا سنایا جو بدون سہارا ہی آسیا کو دوران مین پایا حضرت کی پاس خانہ زادی بیت الشرف سی قدم رکہا رسول داور برابر جاکی ایسی کلام سی گویا ہوی کہ مین اوسکو نہین سمجہا فَقُلْتُ عَجَبًا مِنْ رَحیٰ فِیْ بَیْتِ عَلِیٍّ تَدُوْرُ لَیْسَ مَعَہَا اَحَدٌ مینی کہا تعجب ہی آسیا کی جو مسکن علی مین دیکہی کوئی آدمی پاس نہ تہا آپ ہی گردش کرتی تہی قَالَ اِنَّ ابْنَتِیْ فَاطِمَۃَ مَلَاءَ اللّٰہُ قَلْبَہَا وَجَوَارِحَہَا اِیْمَانًا وَّیَقِیْنًا وَاَنَّ اللّٰہَ عَلِمَ ضُعْفَہَا فَاَعَانَہَا عَلیٰ دَہْرِہَا وَکَفَاہَا مخبر صادق نی فرمایا میری دختر فاطمہ کی اعضا و دلکو خدا نی ایمان و یقین سی بہرا ہی اوسکی ضعف پر اللہ نی ترس کہایا خواب و آرام غالب کیا اور سلادیا ہی اَمَا عَلِمْتَ اَنَّ لِلّٰہِ مَلَائِکَۃً مُوَکَّلِیْنَ بِمَعُوْنَۃِ اٰلِ مُحَمَّدٍ ایا تو نہین جانتا کہ قادر توانا فرشتہ ہای مقرب کو بہیجتا ہی واسطی خدمتگاری ال محمد اونکو مامور فرماتا رہتا ہی یج رُوِیَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ قَالَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ اَقَامَ اَیَّامًا وَلَمْ یَطْعَمْ طَعَامًا حَتّیٰ شَقَّ ذٰلِکَ عَلَیْہِ کتاب خرایج مین جابر ابن عبداللہ سی منقول ہی جو کہا اتفاقا رسول خدا پر چند روز گذری اور طعام میسر نہوا زحمت فاقہ سی دشواری پائی طاقت بشر سی زیادہ محنت شکیبائی اوٹہائی فَطَافَ فِیْ دِیَارِ اَزْوَاجِہٖ فَلَمْ یُصِبْ عِنْدَ اَحَدٍ مِّنْہُنَّ شَیْئًا اپنی ہر ایک زوجہ کی حجری مین تلاش قوت پر گردش فرمائی لاکن کسی جا سی مطلق غذا ہاتہہ نہ آئی فَاَتیٰ فَاطِمَۃَ

٨١

دوسری مجلس فضایل بتول عذرا علیہا السلام

فَقَالَ یَا بُنَیَّۃُ هَلْ عِنْدَكِ شَیْءٌ اٰكُلُهُ فَاِنِّی جَائِعٌ آخر کو فاطمہ زہرا کی پاس گئی

پوچھا کچھ ہی جو کہاوں ای فرزند دلبند مین کئی دن سی بہوکا ہون قَالَتْ لَا وَاللّٰهِ بِنَفْسِی

وَاَخَوَیَّ بتول عذرا نی ناداری اور فقر و فاقہ پر سوگند یا دکی بولین حسنین اور اونکی پدر و مادر بہی

گرسنہ ہین مجھی قسم اپنی جان اور برادر عم زاد کی فَلَمَّا خَرَجَ عَنْهَا بَعَثَتْ جَارِیَۃٌ لَهَا رَغِیفَیْنِ

وَبِضْعَ لَحْمٍ فَاَخَذَتْهُ وَوَضَعَتْهُ تَحْتَ جَفْنَةٍ وَغَطَّتْ عَلَیْهَا جب خیر الوری

مایوس پہری ایک لڑکی نی دو روٹیان اور تہوڑا گوشت پختہ بہیجا بضعہ طاہرہ نی کاسہ مین

رکہکی سرپوش ڈہانک رکہا وَقَالَتْ وَاللّٰهِ لَاُوثِرَنَّ بِهَا رَسُولَ اللّٰهِ عَلٰی نَفْسِی وَغَیْرِی

وَكَانُوا مُحْتَاجِیْنَ اِلٰی شَبْعَةِ طَعَامٍ بولین بخدا کہ والد کو اپنی اوپر مقدم رکہونگی اگرچہ وہ بزرگوار

سب محتاج اور بہوکی تہی لاکن کہا پہلی پدر کو دونگی فَبَعَثَتْ حَسَنًا وَحُسَیْنًا اِلٰی رَسُولِ اللّٰهِ

فَرَجَعَ اِلَیْهَا حسنین سی امر کیا جاو اپنی جد امجد کو بلالاو نواسون نی خدمت مین ناناکی قدم بڑہائی

سید انبیا پہر کی خانۂ زہرا مین تشریف لائی فَقَالَتْ فَقَدْ اَتَانَا اللّٰهُ بِشَیْءٍ فَخَبَاْتُهُ لَكَ

فاطمہ نی عرض کی ای رسالت پناہ اللہ نی میری واسطی رزق دیاہی اوس طعام کو تمہاری لیئی چہپار کہاہی

فَقَالَ هَلُمِّی عَلَیَّ یَا بُنَیَّةُ فَكَشَفَتِ الْجَفْنَةَ فَاِذَا هِیَ مَمْلُوَّةٌ خُبْزًا وَلَحْمًا پیغمبر خدا بولی

ای دختر اپنی کہانی کو نزدیک لانا ہرگاہ سیدۂ نسائی وہ برتن کہولا تو روٹی اور گوشت سی بہرا نظر آیا

فَلَمَّا نَظَرَتْ اِلَیْهِ بُهِتَتْ وَعَرَفَتْ اِنَّهُ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ جسوقت یہ معجزہ دیکہا حیرت ہوئی

جانا کہ پروردگار کیطرفسی مزید برکت ہی فَحَمِدَتِ اللّٰهَ وَصَلَّتْ عَلٰی نَبِیِّهٖ اَبِیْهَا وَقَدَّمَتْهُ

اِلَیْهِ اللہ کی شکر مین زبان حمد و ثنا کہولی صلواۃ اوپر اپنی والد نبی خیر الوری کی بہیجی فَلَمَّا رَاٰهُ

حَمِدَ اللّٰهَ وَقَالَ مِنْ اَیْنَ لَكِ هٰذَا جب سرور کائنات نی اوس نعمات کو دیکہا حمد خالق بجالائی

اورکہا ای فاطمہ یہ مائدۂ رحمت کہان سی آیا جو ایسا خوشبو اور لطیف پکا پایا فَقَالَتْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ

دوسری مجلس فضایل بتول عذرا علیہا السلام

اِنَّ اللّٰهَ یَرْزُقُ مَنْ یَشَاءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ عرش کی واہب العطایا نی غیب سی بہوایا ہی
جسی وہ چاہتا ہی روزی بیحساب پہنچاتا ہی فَبَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلٰی عَلِیٍّ فَدَعَاهُ وَحَضَرَهُ
وَاَكَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَعَلِیٌّ وَفَاطِمَةُ وَالْحَسَنُ وَالْحُسَیْنُ وَجَمِیْعُ اَزْوَاجِ النَّبِیِّ حَتّٰی
شَبِعُوْا پس رسول خدا نی آدمی روانہ فرمایا علی مرتضی کو باہر سی وہ گہر مین بلالایا اوس خاصہ
طیبہ کو اکیجا بیٹہ خیر الوری وصی مصطفی اور فاطمہ زہرا و حسنین علیہم السلام نی تناول کیا ساری
مخدرات حرم زوجات نبی کو بہی اوس طعام سی پیٹ بہر کی ملا قَالَتْ فَاطِمَةُ وَبَقِیَتِ الْجَفْنَةُ
كَمَا هِیَ فَاَوْسَعْتُ مِنْهُ عَلٰی جَمِیْعِ جِیْرَانِیْ جَعَلَ اللّٰهُ فِیْهَا بَرَكَةً وَخَیْرًا كَثِیْرًا صدیقہ کبری
فرماتی ہین وہ کاسہ ویسا ہی طعام سی مملو تہا مینی اوسمین سی جملہ زنان ہمسایہ کو حصہ بہیجا
پہر بہی خیر و برکت سی بہرا رہا ہیج قب رُوِیَ اَنَّ الْیَهُوْدَ كَانَ لَهُمْ عُرْسٌ فَجَاءُوْا اِلَی
النَّبِیِّ وَقَالُوْا لَنَا حَقُّ الْجِوَارِ فَنَسْاَلُكَ اَنْ تَبْعَثَ فَاطِمَةَ بِنْتَكَ اِلٰی دَارِنَا حَتّٰی یَزْدَادَ
عُرْسُنَا بِهَا وَاَلَحُّوْا عَلَیْهِ کتاب خرایج اور مناقب مین یہ قصہ لکہا ہی جب شاہ اولیا کا بتول عذرا سے
بیاہ ہو چکا ہی اَسْرَارُ الطَّیِّبَاتِ لِلطَّیِّبِیْنَ کا منادی کہلا ثمار مَرَجَ الْبَحْرَیْنِ یَلْتَقِیَانِ سے
دریای نبوت اور امامت کو وصال ملا منافقین قریش کو جذبہ طیش آیا مشرکین اور یہود کو
صدمہ حسد نی گہیرا اتفاقات سی زمرہ موسائی مین کسی نی بساط انبساط پہیلائی کہا اپنین عورت
زہرا کی رسم اسواسطی ٹہرائی کہ اونکو فرط عسرت مین زیور و لباس میسر نہین کہنہ جامہ پہنی آئنگی
ہماری گہنی اور بہاری جوڑی دیکہنی سی شرمائینگی پس حضور مین رسول خدا کی سماجت سی کہا
تیرحق ہمسایگی ثابت ہی ہمارا سامان نشاط غریب خانی مین برپا کرکی حاضر خدمت ہوی
چاہتی ہین اپنی دختر کو بزم عروسی مین بہیجو کہ ہنگامہ عشرت بڑہی فَقَالَ اِنَّهَا زَوْجَةُ
عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ وَهِیَ بِحُكْمِهٖ حضرت نی جوابدیا وہ زوجہ علی مرتضی ہی اختیار بین شوہر کی

۸۳

دوسری مجلس فضایل بتول عذرا علیہا السلام

اونکا جانا اناہی وسالوہ ان یشفع الی علی فی ذلک عورت ومردنی درخواست کی کہ آپ
سفارش کرین اور فاطمہ زہرا کو رخصتِ زوج سی ہماری گھر بہجدین وقد جمع الیہودی
الطیب والزہر من الحلی وظن الیہود ان فاطمۃ تدخل فی بذلتہا واراد وا الستہانۃ
بہا ان یہودنی بہت اہتمام سی حلہ ہای عمدہ اور زیورِ تحفہ پیکرِ تفاخر مین سنواری تہی شفیع محشر نی
بنورِ کرم سی اونکا سوال قبول کیا منظر العجایب کی حجری مین گئی بیٹی کو پیام منقول دیا ہر چند مقام
عذر تہا مگر بنتِ رسول نی اجابت کی اپنی خجالت پر دہیان نرکہا امر پدر مین عزیمت کی فجاءہ
جبرئیل بثیاب من الجنۃ وحلی وحلل لم یروا مثلہا ناگاہ جبرئیل طرفسی رب جلیل کی
ساز وسامان لیتی آئی عمدہ گہنا اور کپڑی جنت کی جو چشم فلک سی نہ گذری تہی لائی کہا ای سرِ پردۂ
آرایش وجود یہ وہ پیرایہ ہی کہ سادہ کارِ قدرت نی کہرا دراور گوہر افتخار کو زیبایش ترصیع سی دست
رحمت نی الان جڑا ہ دنیای نظر کو اس حلہ کی مضر کن فیکون مین نساج قضا نی تار و پود نظر سی نور پاک
سیاہ چادرِ عصمت برقعِ طہارت پیراہن عفت کو جامہ خانہ ربع مسکون مین خیاطِ صنع نی سیا صفای
ہر دانہ کو سوزنِ مژگان سی حوا کی رشتہ امتیاز ملا اور مقراضِ ثنا نی ہاجرہ اور سارا کی مدام گریبان
نیاز پر ہاتہ ملا آسیہ اور مریم کو اسکی آستین شرف سی آرزوی بوس وکنار تہی ہر خاتونِ مکرم نی
ہوس مین نظارۂ قدر وقیمت پر امید وار تہی الوانِ رفعت اور بزرگی سی رضوان خم کرامت مین
ایسی رنگ لایا پردۂ دیدۂ ملک سی مستور اس جامۂ نور کی دامن مین عطر عنایات مینی لگایا کسی حسن و
بشرنی ایسی خلعت فضیلت نہین پائی جو خالقِ اکبر نی واسطی بضعۂ رسالت کی بہجوائی فلبستہا
فاطمۃ وتحلت بہا فتعجب الناس من زینتہا والوانہا وطیبہا پس ملقبین حجلۂ تقدیس نی
وہ پوشاک نفیس پہنی گویا ان ہپنی انواعِ زینت خداداد وشاطکی دایۂ عزت اور توقیر سی دست وپا مین شادمانی
سبہی ناظرین کو اوس لباس وزیور کی چمک دمک نی حیرت مین ڈالا زنگ ڈبو نی چشم و دماغ سی حاسدو نکی

دوسری مجلس فضائل بتول عذرا علیہا السلام

دود ندامت کالا شوکت و اقبال امر بی نیاز جلو سواری مین عصا بردار جلو ناموس ذو الجلال کی
ہمراہ حفظ باری یمین و یسار چلا حورین مجمرہ جاہ و حشم لئی پیش قدم روان تہین حجۂ قدسی اہتمام
دورباش مین آواز طرقو سناتی جب سیدہ جہان ترین فلما دخلت فاطمۃ دار الیہود
سجد لہا نسائہم یقبلن الارض بین یدیہا ایسی تزک اور شان سی جنت شاہ
مرسلان خانہ یہود مین پہنچین کہ وہ سب گہبرا کی استقبال کو نکلین تجمل اور شکوہ خداساز دیکہا
تو زمین پر گرین تعظیم سی بجای تسلیم سجدہ کیا خاک نعلین کو چشم بصیرت سی بوسہ دیکی انکہون مین
لگایا ایوان قدر و منزلت مین فرش دل و جان بچہایا صدر عظمت پر نور خدا کو مثال نقطہ
ایمان بٹہایا و اسلم بسبب ما رأو خلق کثیر من الیہود جو روشنی اور جلوہ ہدایت کو
دیکہا اسلام لائی بہت سی عورات اور مردان یہود کلمہ پڑہ کی زمرۂ خدام سی کہلائی تصدیق
رسالت پر اقرار اتفاق ہوا قدم اشرف کی برکت سی کمراہونکو نقد وفاق ملا فی البحار و سئل
نزل الہروی الحسین بن روح فقال کم بنات رسول اللہ فقال اربع
جلد عاشر بحار مین یہ قول لکہا ہی کہ نزل ہروی نی حسین بن روح سی پوچہا ہی دختران سرورِ خدا
کتنی پیدا ہوئین جواب دیا کہ چار بنات مصطفی تہین فقال ایتہن افضل فقال فاطمۃ
کہا اون مین فضیلت اور شرف کسکا زیادہ فرمایا ہی بوبی فاطمہ زہرا نی مرتبۂ فخر و عزت
سوا پایا ہی قال و لم صارت افضل و کان اصغرہن سنا و اقلہن صحبۃ
لرسول اللہ سائل نی اعتراض کیا وہ کیونکر توقیر مین سب سی بڑہ گئین باوجود اسکی جو عمر مین
چہوٹی اور صحبت نبی سی تہوڑی مدت شرفیاب رہین قال لخصلتین خصہا اللہ بہما
انہا ورثت رسول اللہ و نسل رسول اللہ منہا بوبی اس امر مین دو صفت کا
باعث معلوم کیا کہ خدائی خاص اونکو درجۂ رفعت دیا ایک پیغمبر سی میراث اور حفظ وصیت پائی

لی عن ابن عباس قال ان رسول اللہ کان جالسا ذات یوم و عندہ علی و فاطمۃ و الحسن و الحسین فقال اللہم انک تعلم ان ہؤلاء اہل بیتی و اکرم الناس علی فاحبب من احبہم و ابغض من ابغضہم و وال من والاہم و عاد من عاداہم و اعن من اعانہم و اجعلہم مطہرین من کل رجس معصومین من کل ذنب و ایدہم بروح القدس منک ثم قال یا علی انت امام امتی و خلیفتی علیہا بعدی و انت قائد المؤمنین الی الجنۃ و کان انظر الی ابنتی فاطمۃ قد اقبلت یوم القیامۃ علی نجیب من نور عن یمینہا سبعون الف ملک و عن یسارہا سبعون الف ملک و بین یدیہا سبعون الف ملک و خلفہا سبعون الف ملک تقود مومنات امتی الی الجنۃ فایما امرأۃ صلت فی الیوم و اللیلۃ خمس صلوۃ و صامت شہر رمضان و حجت بیت اللہ الحرام و زکت مالہا و اطاعت زوجہا و والت علیا بعدی دخلت الجنۃ بشفاعۃ ابنتی فاطمۃ و انہا لسیدۃ نساء العالمین فقیل یا رسول اللہ اہی سیدۃ نساء عالمہا فقال ذلک لمریم بنت عمران فاما ابنتی فاطمۃ فہی سیدۃ نساء العالمین من الاولین و الآخرین و انہا لتقوم فی محرابہا فیسلم علیہا سبعون الف ملک من الملائکۃ المقربین و ینادونہا بما نادت بہ الملائکۃ مریم فیقولون یا فاطمۃ ان اللہ اصطفاک و طہرک و اصطفاک علی نساء العالمین ثم التفت الی علی فقال یا علی ان فاطمۃ بضعۃ منی و ہی نور عینی و ثمرۃ فؤادی یسوءنی من ساءہا و یسرنی من سرہا و انہا اول من یلحقنی من اہل بیتی فاحسن الیہا بعدک و اما الحسن و الحسین فہما ابنای و ریحانتای و ہما سیدا شباب اہل الجنۃ فلیکرما علیک کسمعک و بصرک ثم رفع یدہ الی السماء فقال اللہم انی اشہدک

دوسری مجلس فضایل بتول عذرا علیہا السلام

دوسری اسد فی ذریت نبی اولاد زہرا سی برہانی ولم یخصہا بذلک الا بفضل اخلاص عرفۃ

من نیتہا یہ خصلت نہین ملی مگر بسبب اوس فضیلت کی جو حق تعالی اونکی نیت خالص دیکھی معرفت پر

طاعت کی ایضا ورد واعن عایشۃ ان فاطمۃ کانت اذا دخلت علی رسول اللہ

قام لہا من مجلسہ بی بی عایشہ زوجہ خیر الوری سی روایت کی ہی جو یہ خبر صدق درایت کہی کی

جب فاطمہ زہرا رسول خدا کی خدمت مین اتین مبیت الشرف پہ رہین قران السعدین باتین حضرت اپنی

مقام سی اونکی تعظیم کو سرو قد کہری ہو جاتی پیار مین سر کا بوسہ لیتی چہاتی سی لگاتی پہلوی اکرام اور اعزاز

مین برابر بٹہاتی قدر و منزلت بیٹی کی سب سی بڑہاتی واذا جاء الیہا لقیتہ وقبل کل واحد

منہما صاحبہ وجلسا معا بر گاہ رسالت پناہ خانہ بتول مین جاتی فاطمہ استقبال کرتین

سلام کو ادب سی جہکتین دست پدر چومتین شادمان اور مفتخر ہوتین سید انبیا بعد از بوس وکنار

اجلاس فرماتی وروی ابو السعادات فی فضائل العشرۃ وابن المؤذن فی

الاربعین بالاسناد عن عکرمۃ عن ابن عباس قالوا کان النبی اذا اراد سفرا

کان اخر الناس عہدا بفاطمۃ ابو السعادات کی فضائل اور ابن مؤذن کی اربعین مین لکہا ہے

جو سند عکرمہ سی زبانی ابن عباس کی یون کہا ہی جب ارادہ سفر کا رسول خدا دلمین رکہتی تو سب کی بعد فاطمہ

زہرا سی ملتی اور وداع کرتی واذا اقدم کان اول الناس عہدا بفاطمۃ ہرگاہ مراجعت فرماتی

سفر سی اتی تمام اقربا و حرم محترم سی پہلی ملاقات بتول کو جاتی ولو لم یکن لہا عند اللہ تعالی

منہا غیرہٗ تھوڑا ذکر مقدس بطور قطرہ دریا و دانہ خرمن ایراد کیا جو صفات مین اوس جناب کا کوئی شریک نہین ہوا وَمِنْہَا عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ اَنَّہٗ سَمِعَ النَّبِیَّ یَقُوْلُ فِیْ عَلِیٍّ اَنْتَ اَوَّلُ مَنْ اٰمَنَ بِیْ وَاَنْتَ اَوَّلُ مَنْ یُصَافِحُنِیْ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ ابوذر غفاری نے کہا کہ پیغمبر الورٰی سے سنا جو علی مرتضی کی حق مین فرمایا مقام عزت اور معرفت بتایا ای برادر حیدر صفدر تم وہ صاحب شرف ہو کہ سب سے پہلی ایمان لائی میری طرف ہو روز قیامت ساری اہل بہشت ملو کی مقدم ثقلین مجھ سے مصافحہ کرو گی وَاَنْتَ الصِّدِّیْقُ الْاَکْبَرُ وَاَنْتَ الْفَارُوْقُ تُفَرِّقُ بَیْنَ الْحَقِّ وَالْبَاطِلِ وَاَنْتَ یَعْسُوْبُ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمَالُ یَعْسُوْبُ الْکَافِرِیْنَ تم ہو صدیق اکبر حق اور باطل کی فارق بین سردار مومنین اور آخر کو یعسوب الکافرین وَرُوِیَ عَنْ اَبِیْ اَیُّوْبَ الْاَنْصَارِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ لَقَدْ صَلَّتِ الْمَلٰٓئِکَۃُ عَلَیَّ وَعَلٰی عَلِیٍّ سَبْعَ سِنِیْنَ وَذٰلِکَ اَنَّہٗ لَمْ یُصَلِّ مَعِیْ غَیْرُہٗ ابی ایوب انصاری نے کہا کہ رسالتمآب نے ارشاد کیا بدرستی کہ سات برس تک ملائکہ نے علی اور مجھ پر صلوٰۃ بھیجی اسواسطے کہ سوای حیدر کی میری ساتھ کسینی نماز نہین پڑھی منہا قولہٗ یَوْمَ اُحُدٍ وَقَدِ انْہَزَمَ النَّاسُ وَبَقِیَ عَلِیٌّ یُقَاتِلُ الْقَوْمَ حَتّٰی فَضَّ جَمْعَہُمْ وَانْہَزَمُوْا اور اونہین قول ہی خیر الورٰی کا جبکہ اصحاب نی غزوہ احد مین مقابلہ کفار سے کنارہ کیا علی مرتضی کا قدم تھا مقدم برباد اعدا سے آنا لڑے جو سبکو بھگا کی چھوڑا فَقَالَ جِبْرَئِیْلُ اِنَّ ھٰذِہٖ لَھِیَ الْمُوَاسَاۃُ جبرئیل نے نظر انصاف سے دیکھکی کہا کہ یا محمد ای کعبہ ای سرور انبیا یہ ہی مرتبہ دوستی اور محبت الٰہی کا جو حیدر کرار نے تم سے ای احمد مختار ادا کیا فَقَالَ عَلَیْہِ وَاٰلِہِ السَّلَامُ لِجِبْرَئِیْلَ عَلِیٌّ مِّنِّیْ وَاَنَا مِنْہُ فَقَالَ جِبْرَئِیْلُ وَاَنَا مِنْکُمَا سید البشر بولی کیون نہ ہو وہ اہل وفا کا پیشوا کہ علی ہی میرا مین ہون اوسکا

١١٢

مجلس تیسری فضایل اور مناقب علی مرتضی علیہ السلام

ہیں کل نے عوض کی میں تم دونو کا توسل والا و منہا قولہ صلی اللہ علیہ و الہ انا مدینۃ العلم و علی بابہا من اراد العلم فلیات الباب پھر ارشاد ہی سرور انبیا کا بمعرفت کو شاد او بیان کی فضل حقیقت کہو لا یمن شہر معمور علم خدا کا اور علی دروازہ عالی اوسکا جو طالب ہو دار العلم نبوت میں انی کا وہ پیدا کری باب سی راہ و رسم تو لا و منہا قولہ علیہ و الہ السلام ضربۃ علی یوم الخندق افضل من عبادۃ الثقلین او منقبت کی خبر حضرت بانی فرمائی کہ علی ولی نی غزوہ خندق میں ایسی بہت بڑہائی جو ایک ضربت سر مشرک پر لگائی عبادت ثقلین سی زیادہ فضیلت پائی مروی عن کعب بن محمد القرظی قال افتخر طلحۃ بن عبد الدار و عباس بن عبد المطلب و علی بن ابی طالب کتاب اخو بدمعی میں لکہا ہی کعب ابن محمد قرظی نی کہا ہی ایک روز حرم خدا میں طلحہ اور عباس اور علی ابن ابیطالب بیٹہی تہی ہر واحد اپنی شرف کی مقام پر فخر و مباہات کرتی تہی فقال طلحۃ معی مفاتیح الکعبۃ و لو اشاء بت فیہا طلحہ بولی میری ہاتہہ میں بیت اللہ کی قفل اور کنجی ہی اور جب بند کروں یا کہولوں اختیار مجہی ہی و قال العباس انا صاحب السقایۃ و القائم علیہا و لو اشاء بت فی المسجد عباس نی کہا حاجیوں کی پانی پلانی کا اہتمام رکہتا ہوں چاہ زمزم اور سبیل بیت الحرام کا مالک رہتا ہوں رغبت اپنی دیکہوں پلاؤں اور چاہوں تو آرام سی مسجد میں رہوں فقال علی علیہ السلام ما ادری ما تقولون خانہ زاد خدا صاحب مقام اعلانی فرمایا تم دونو کیا کہتی ہو میری دہیان میں نہیں آیا لقد صلیت والی القبلۃ سبعۃ سنین و ستۃ اشہر قبل الناس و انا صاحب الجہاد الاکبر میں سات برس اور چہ مہینی تک سب سی پہلی نماز پڑہتی ہیں والی قبلہ رہا اور وہ صاحب جہاد اکبر ہوں جسنی راستہ دین و ایمان کا خلق پر کہولا فانزل اللہ تعالی فیہ بسم تاید

۱۱۳

مجلس تیسری فضیلت اور منقبت علی مرتضی علیہ السلام

تائید فرمائی شاہ ولایت کی اور حق تعالی نی آیت رحمت بھیجی اَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ الْحَاجِّ وَعِمَارَةَ
الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ كَمَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ لَا يَسْتَوُوْنَ عِنْدَ اللّٰهِ وَاللّٰهُ
لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ وَمِنْهَا اَنَّهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ اٰخٰى بَيْنَ اَصْحَابِهٖ
وَضَرَبَ بِيَدِهٖ اِلٰى عَلِيٍّ فَقَالَ اَنَا اَخُوْكَ وَاَنْتَ اَخِيْ اور بھی جب رسولخدا علیہ
و آلہ السلام نی درمیان صحابہ کی برادری مقرر کی شانی پر علی مرتضی کی خواہ کہ دست پر ہاتھ
مار کی یہ بات کہی مین تمہارا ہون بہائی تمہی میری اخوتکی شرافت پائی فَكَانَ عَلَيْهِ
السَّلَامُ اِذَا اَعْجَبَهُ الشَّيْءُ قَالَ اَنَا عَبْدُ اللّٰهِ وَاَخُوْ رَسُوْلِهٖ لَا يَقُوْلُهَا بَعْدِيْ
اِلَّا كَذَّابٌ پس امیر المومنین ہرگاہ کسی مقام تعجب پر آجاتی تو کلام صدق نظام لوگونکو سناتے
مین ہون بندہ رب علا اور برادر محبوب خدا نہین کہیگا اس قول کو میری سوا بعد ازین
کوئی بشر الا وہ جہوٹا ہوگا وَمِنْهَا مَا قَالَهٗ فِيْهِ يَوْمَ خَيْبَرَ مِمَّا لَمْ يَقُلْهُ لِاَحَدٍ غَيْرِهٖ
اور بہی جنگ خیبر مین واسطی شاہ مردانکی ایسا کچہہ فرمایا جو اور کسی کی شان مین کبہی نہین کہا تہا
قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَاُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ غَدًا رَجُلًا يُحِبُّ اللّٰهَ
وَرَسُوْلَهٗ وَيُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ لَيْسَ بِفَرَّارٍ يَفْتَحُ اللّٰهُ عَلٰى يَدَيْهِ يَوْمَ غزوہ
خیبر جو اکابر صحابہ معرکہ جہاد سی بی حصول ظفر پھر آئی بیشتر لشکر اسلام اشرار کفار سی شرمائی
سید البشر نی کہا قسم خدا کی جسکی قبضہ مین یہ جان ہی کل نشان اپنا دونگا اوسکی ہاتھہ مین کہ شیر یزدان ہے
جو خدا و رسول کو دوست رکہتا ہو اور وہ بھی پیار کرتی بہت چاہتی ہون اوسکو فرار کو مقابلہ
اعدا سی عار سمجھی اللہ اس قلعہ کی فتح جمہی اوسکی ہاتھہ سی دی وَمِنْهَا ذَكَرَ اَبُوْ اِسْحَاقَ
اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعِيْدٍ الثَّقَفِيُّ فِيْ كِتَابِ الْمَعْرِفَةِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ
الْاَنْصَارِيِّ اور ابو اسحاق ابراہیم بن سعید نی روایت کی کہ جابر ابن عبداللہ انصاری نی

لابن عباس ما تقول فی علی

بن ابیطالب فقال ذکرت

والله احد الثقلین سبق

بالشهادتین وصلی بالقبلتین

وبایع البیعتین واعطی السبطین

الحسن والحسین ورُدّت علیه

الشمس مرتین بعد ما غابت

المغربین وجرّد السیفین ذا الثمرین

ومن صاحب الکلام بن بدالک مولای علی

فالامة مثل ذی القرنین ومثله ومن مناقب ابن مردویه الی ابی مریم

بن ابیطالب و منها بن فعه الی اعطی علی بن ابیطالب

قال قال عمر بن الخطاب لقد ان تکون لی خصلة منها احب

ثلاث خصال تمنی قیل وما هی یا امیر المؤمنین

الی من اعطی حمر النعم فاطمة بنت محمد رسول الله وسکناه

قال تزوج بحیر رسول الله یحل له ما یحل له والرایة

المسجد مع رسول الله ومنها بن فعه الی محمد بن خالد الضبی

یوم خیبر و عمر بن الخطاب فقال لو صبی فما کم

قال خطبهم ال مانتکی ون ما کنتم ما نعین

عما نحن فیه ان الکی اکا الان

قال فان لم ابت فقال ملک افاقال لاعلی علیه السلام

115

عیناک فقال اذن نضرب الذی یفعل ذلک فقال اذن کذنک فان بیت

الامة من ان اعوجنا اقام اودنا فقال عمر الحمد لله الذی جعل فی هذه

ومن

فضائل السمعانی بن فعه الی عائشة قالت

سمعت رسول الله یقول علی مع الحق والحق

مع علی لن یفترقا حتی یردا علی الحوض ومن

مناقب ابن مردویه بن فعه الی ام سلمة

قالت سمعت رسول الله یقول علی مع القرآن

والقرآن معه لا یفترقان حتی یردا علی

الحوض و منها بن فعه الی سالم مولی

مجلس تیسری فضیلت ومنقبت علی مرتضی علیہ السلام

یہ عبارت کہی قَالَ لَمَّا قَدِمَ عَلِیٌّ عَلٰی رَسُوْلِ اللهِ بِفَتْحِ خَیْبَرَ قَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللهِ لَوْلَا اَنْ یَقُوْلَ فِیْكَ طَوَائِفُ مِنْ اُمَّتِیْ مَا قَالَتِ النَّصَارٰی فِیْ عِیْسَی بْنِ مَرْیَمَ راوی خبر دیتا ہی بعد کشایش باب ظفر خیبر جب حیدر صفدر حضور پیغمبر خدا مین آئی مع ساقی کوثر مین سرور انبیا یہ سخن لب پر لائی اگر اندیشہ نہوتا کہ بعض امت سی حق مین علی کی وہ کلمہ کہین جو نصارا عیسی ابن مریم کو نسبت دیتی یعنی خالق مانتی رہین لَقُلْتُ فِیْكَ الْیَوْمَ قَوْلًا لَا تَمُرُّ عَلٰی مَلَاٍ اِلَّا اَخَذُوْا مِنْ تُرَابِ رِجْلَیْكَ وَمِنْ فَضْلِ طَهُوْرِكَ یَسْتَشْفُوْنَ بِهٖ تو ہر اینہ یا علی تجہہ بیان کرتا مین وہ فضیلت سی تمہاری جو نہین گذرتی کسی قوم کی جمعیت سی ایکبار ہی دالایہ کہ خاک قدم کو دوڑکی اوٹہاتی اور پانی ہاتہہ پانوکی دہونی کا واسطی شفای امراض لیجاتی وَلٰکِنْ حَسْبُكَ اَنْ تَکُوْنَ مِنِّیْ وَاَنَا مِنْكَ تَرِثُنِیْ وَاَرِثُكَ لاکن یہ کفایت کرتا ہی جو تم دنیا وآخرت مین میری اور مین تمہارا تم ہو میراث لینی والی میری اور مین وارث تمہارا وَاَنْتَ مِنِّیْ بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُوْسٰی اِلَّا اَنَّهٗ لَا نَبِیَّ بَعْدِیْ اور تمکو نسبت قدر میری ساتہہ ہی ایسی جیسی ہارونکو موسی کی قرابت مین برابری تہی مگر یہ کہ نبوت نہین ہو سکتی جو خدانی وہ تشریف مجہپر قطع کردی وَاَنْتَ تُؤَدِّیْ دَیْنِیْ وَتُبْرِئُ ذِمَّتِیْ وَتُقَاتِلُ عَلٰی سُنَّتِیْ میرا قرض تم ادا کروگی جو حق کسیکا ہے بجای میری طرفسی پہنچاوگی طریقہ سنت پر کمر اہون سی لڑوگی اہل خروج اور بغاوت کو تہ تیغ رکہوگی وَاَنْتَ فِی الْاٰخِرَةِ غَدًا اَقْرَبُ النَّاسِ مِنِّیْ وَاَنْتَ غَدًا عَلَی الْحَوْضِ خَلِیْفَتِیْ وَاَنْتَ اَوَّلُ مَنْ یَرِدُ عَلَیَّ الْحَوْضَ غَدًا کل روز محشر تم سب سی زیادہ میری مقرب رہوگی اور پہلی آکی حوض کوثر کا پانی پلانی کو نائب بنوگی وَاَنْتَ اَوَّلُ مَنْ یُکْسٰی مَعِیْ وَاَنْتَ اَوَّلُ مَنْ یَدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ اُمَّتِیْ بدرستی کہ ساری مخلوق سی پہلی میری ساتہہ قدم بڑہاوگی جانہ جنت پہنکی قیام حشر کو

بن فعه الی ابن عباس عن بریدة الاسلمی

عمر هو امرنا ومن مناقب الخوارزمی

یقولون فی حیاة النبی ذلک فقال

ورحمة الله وبرکاته فقیل کنتم

السلام علیك یا امیر المؤمنین

یحیی تمامه حتی جاء ابو بکر و عمر فقالا

علی قال کنت مع علی فی ارض لهو هی

مجالس میری تصنیف اور منقبت علی مرتضی علیہ السلام

اوکی لوای حمد فضل و کرم باری سی اونہاوکی سبب اپ سی ہمیشہ بہشت مین جاوینگی وَاِنَّ
شِیْعَتَکَ عَلٰی مَنَابِرَ مِنْ نُوْرٍ رِوَاءً مَرْوِیُّوْنَ مُضِیْئَۃً وُجُوْہُھُمْ حَوْلِیْ
اَشْفَعُ لَھُمْ وَیَکُوْنُوْنَ غَدًا فِی الْجَنَّۃِ جِیْرَانِیْ تمہاری دوست اور پیرو نور کی منبروں
جلوس کرینگی رخساری اونکی ماہ و مہر سی زیادہ درخشان میری نزدیک مانوس ہینگی پہلی مین اونکی
شفاعت کوبڑہ جاونگا مراتبِ عالیہ رضاء مغفرت دلواونگا وہ گروہ محبین خلد برین مین جاینگی
ہماری مہمان ہوکی نعماتِ ابدی پاینگی وَاِنَّ حَرْبَکَ حَرْبِیْ وَاِنَّ سِلْمَکَ سِلْمِیْ وَاِنَّ سِرَّکَ
سِرِّیْ وَاِنَّ عَلَانِیَتَکَ عَلَانِیَتِیْ تمہاری جنگ بعینہ میری لڑائی اور آشتی بہی جیسی مینی صلح
ٹہرائی تمہاری دلکا بہید راز میرا ہی اور ہر کار ظاہر شالِ امرِ علانیہ مصطفی ہی وَاِنَّ اَلسَّرِیْرَۃَ
صَدْرِکَ کَسَرِیْرَۃِ صَدْرِیْ ساری نیکیان تمہاری سینہ مین بہری ہین مانند میری حیاتی کی
جو اوسمین مملو حسناتِ خفی اور جلی ہین وَاِنَّ وَلَدَکَ وَلَدِیْ وَاِنَّکَ تُنْجِزُ عِدَتِیْ
تمہاری اولاد سب میری فرزند ٹہری اور میری وعدی تمہاری ایفاسی گذری وَاِنَّ الْحَقَّ
مَعَکَ وَاِنَّ الْحَقَّ عَلٰی لِسَانِکَ وَفِیْ قَلْبِکَ وَبَیْنَ عَیْنَیْکَ تحقیق کہ صدق اور حق
تمہاری ساتہہ دل اور زبان پر ہی ساری اعضا مین حق کا مظہر اور انکہونکو بہی مد نظر ہی وَاِنَّ
الْاِیْمَانَ مُخَالِطٌ لَحْمَکَ وَدَمَکَ کَمَا خَالَطَ لَحْمِیْ وَدَمِیْ ایمانِ کامل تمہاری گوشت اور لہو سی
ملا ہی جس طور سی میری رگ و پی مین نورِ ایمان بہرا ہی وَاِنَّہٗ لَا یَرِدُ عَلَی الْحَوْضِ مُبْغِضٌ لَکَ
وَلَنْ یَغِیْبَ عَنْہُ مُحِبٌّ لَکَ غَدًا حَتّٰی یَرِدُوا الْحَوْضَ مَعَکَ یا علی تمہارا دشمن حوض کوثر پر کبہی
آینگا پیاس کی شدت مین پانی نہ پائیگا دوست باقی نرہینگی سب تمہاری ساتہہ ہجوم کرینگی
ہنگامہ واپسی مین قدم بڑہاینگی جامِ خوشگوار لب سی لگاینگی فَخَرَّ عَلِیٌّ عَلَیْہِ السَّلَامُ
سَاجِدًا ثُمَّ قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ مَنَّ عَلَیَّ بِالْاِسْلَامِ وَعَلَّمَنِیَ الْقُرْاٰنَ وَحَبَّبَنِیْ

اِلیٰ خیرِ البریّۃِ خاتمِ النّبیّین اِحساناً منہٗ اِلیٰ و صلاۃً منہٗ علیّ یہ بشارت سنکی شاہ ولایت سجدی مین جھکی رب العزت کی شکر عنایت پر کہنی لگی بحمد خدا کی جسنی مجہپر منت رکھی عطای اسلام کی اور تعلیم قرآن فرمائی اپنی کلامِ معجز نظام کی دوست گردانا پیغمبر خیر البشر کا فضل اور شرف دیا داوری محشر کا۔ فقال لہ النّبیُّ عند ذٰلک لولا اَنتَ یا علیُّ لم یُعرفِ المؤمنون بعدی او سوقت مخبرِ صادق نی وصیِ برحق سی خطاب کیا اگر بعد میری یا علی تمہارا قدم درمیان مین اس امت کی نرہتا ہرا ینہ لوگ نہین جانتی طریقہ ایمان کو نہ پہچانتی دین اور شریعت کی ارکان کو۔ و منہا اَن شرّفہ اللّٰہ تعالیٰ بطاعۃ النّارِ لہ علیہ السّلام عن عبدِ اللّٰہِ بنِ عُمرَ قال سمعتُ علیّاً یقولُ اَنا قسیمُ النّارِ اَقولُ ھٰذا لی و ھٰذا لکِ اور شرف دیا اللہ نی امیر مومنان کو جو قبول کری آتش جہنم اونکی فرمان کو اپنی سند سی عبد اللہ بن عمر نی کہا کہ علی مرتضی سی بگوش خود سنا فرماتی تہی مین ہون قسمت کرنیوالا بدکارون پر دوزخکی عذاب اور نکال کا امرِ الٰہی سی حکم دونگا وہ شقی تیری لئے اور یہ سعید میری واسطی جنی گئی۔ قال فذکرتہٗ لمحمّدِ بنِ اَبی لیلیٰ فقال یعنی اَنّ ولیّی فی الجنّۃِ و عدوّی فی النّارِ توثیقِ سند مین راوی کہتا ہی اس حدیث کو محمد ابن ابی لیلی سی ذکر کیا ہی وہ بولا یعنی علی نی فرمایا دشمن آگ مین جلینگی اور دوست میری ساتھ جنت کو چلینگی قلتُ سمعتہٗ قال نعم مینی پوچھا اس بیان کو تمنی اونسی بہی سنا ہی جواب دیا کہ ہان شرح مدعا سماعت کیا ہی۔ و منہا قال الجمّانی فی حدیثہٖ کانَ اِذا جلسَ صلّی اللّٰہ علیہ و آلہٖ اتّکا علیٰ علیٍّ و اِذا قامَ وضعَ یدہٗ علیٰ یدِ علیٍّ علیہ السّلام جمانی سی حدیثِ طویل مین یہ عبارت ذکر ہوی فرطِ الفت رسالت پناہ کو برادرِ ذیجاہ سی اتنی تہی کہ ہر گاہ رسول اللہ کہین اجلاس فرماتی تو اپنی قوتِ بازو پشتیبانِ دین سی تکیہ لگاتی جب کھڑی ہو کی راہ چلتی تو ید اللہ کی

عطا التول انہ قتل من جند الجمل سنۃ عشر الفا

کلہ سبط ابن الجوزی قال ان طلحۃ و کابہ

من الفریقین عشر الف ذکر ھذا

من الفریقین یوم الجمل قتیل قتل

بنا انہما فاشتد فاختلفوا فمن قال

طلحۃ یا زبیر ارجعا انہما

خرج شاب من بنی سعد فقال یا

وحکی ابن جریر عن سیف ابن عمر قال

کتاب سبط ابن الجوزی مرآۃ الزمان قال

فی دم عثمان و ھذا معلوم بلا ریب و من

بثاری بعد الیوم لان طلحۃ کان قد شرک

ورکبتہ یعنی طلحۃ فقتلہ فقال لا اطلب

لا اطلب بثاری بعد الیوم فرماہ بسہم فاصاب

و الزبیر یوم الجمل فلما اشتبکت الحرب قال مروان

و منہا یرفعہ الی القیسی قال کان مروان مع طلحۃ

فمع من قال مع علی بن ابی طالب یقتل عمار بن یاسر

قلنا یا رسول اللّٰہ امرتنا بقتال ھؤلاء

بعد الذی یستغیثون

قال امرنا رسول اللہ بقتال الناکثین و القاسطین و المارقین

یا ابا الحسن اوقات من امرھا شیئا فادفن بہا و

فقال انظری لا ترکبی بہا یا حمیرا ثم التفت الی علی فقال

خروج بعض امہات المؤمنین فضحکت عائشۃ

ابی العبدۃ قال ذکر النبی صلی اللہ علیہ و آلہ

معاویۃ و اصحابہ و منہا یرفعہ الی سالم بن

اہل الجمل و المارقون الخوارج و القاسطون

فقیل لہ یا امیر المؤمنین من الناکثین قال

انا قاتل الناکثین و القاسطین و المارقین

عن علی علیہ السلام قال عہد الی رسول اللہ

فی الدین و منہا یرفعہ الی ابی سعید التیمی

ما انا قاتل القوم قال علی الاحداث

معوجل فقال یا رسول اللہ علی

تنا النبی ان ادعو الیہ لاجل

اللہ ان قبضنی الیہ قال یا

و انی و حق صحبتی الا ...

قال فیکا و قال اسئلک بحق

اللہ اعلی ما یلقی من بعدہ

الی ابی سعید قال ذکر علی

صمم یعتبر و منہا یرفعہ

یخلف ما اتاہ و بعثنا بما کان

مجلس تیسری فضیلت اور منقبت شاہ ولایت علیہ السلام

ہاتھ میں ہاتھ لئی پھرتی و روی جابر الجعفی قال اخبرنی وصی الاوصیاء قال قال

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ لعایشۃ لا تؤذونی فی علی فانہ امیر

المؤمنین وسید المسلمین نقل ہی جابر جعفی سی کہ خبر دی مجھی بہترین اولیائی او

کہا کہ فرمایا اس حدیث کو بی بی عایشہ سی رسول دوسرائی رحمت وایذا نہ یا میری تئین

علی مرتضی کی شانی میں تحقیق کہ وہ امیر مومنین اور سردار مسلمین ہی زمانی میں یقعدہ

اللہ غدا یوم القیامۃ علی الصراط فیدخل اولیاءہ الجنۃ واعداءہ النار

خدای تعالی فردای قیامت اوسی پل صراط پر حاکم ٹھہائی گا تا کہ اپنی دوستونکو جنت کی اندر

اور اعدا دوزخمیں پہنچائی گا ومنہا انہ علیہ السلام جعل محبتہ علما علی الا

یمان وبغضہ علما علی النفاق بقولہ منہ لا یحبک الا مؤمن ولا یبغضک

الا منافق تایید ہی اسپر قول حضرت پیغمبر جو خاتم انبیا نی محبت شاہ مردان کو علم ایمان

اور بغض کو نفاق کا نشان بتایا بولی ای حیدر صفدر تمہیں دوست نہیں رکھیگا مگر مومن

اور دشمن نہوگا الا منافق یہ کلیہ جتایا روی فی البحار عن سید الابرار قال

حبنا اہل البیت یکفر الذنوب ویضاعف الحسنات کتاب میں بحار کی

روایت ہی کہ جناب سید ابرار سی یہ بشارت ہی ہماری اہلبیت کی مودت گناہوں کو

موجب کفارہ رہتی ہی ثواب کو اعمال محبین کی رحمت خدا دار حسنات میں مضاعف

کرتی ہی وان اللہ تعالی یتحمل عن محبینا اہل البیت ما علیہم من مظالم

العباد الا ما کان منہم فیہا علی الاصرار وظلم المؤمنین فیقول للسیئات

کونی حسنات بدرستی کہ خدا یتعالی ہماری عترت کی دوستی میں خطا کو ثواب سی بدل

دیتا ہی جو ہماری محبوں پر بار گناہ خالق یا مظلمہ خلایق سی ہوتا ہی مگر یہ کہ وہ موالی عصیان پر مصر نہو

مجلس تیسری فضیلت اور منقبت شاہ ولایت علیہ السلام

اور ظلم وستم اونکا مومنین کو مضر ہو اس اوقات مین سیّئات کو فرمایگا حسنات ہو جائین
برائیان منقلب صورت نیکی دکہائین ایضاً روی الصدوق فی العلل عن محمد بن حرب
الهدانی امیر المدینة فی حدیث طویل انه قال قال النبی لعلی یا علی ان الله حمل
ذنوب شیعتک ثم غفرها الی شیخ صدوق نی کتاب علل مین ذکر کیا کہ محمد بن حرب
حاکم مدینہ نی روایت طولانی کی اخر مین کہا جو حضرت صادق سی گوش مین آیا کہ رسول غنی
شاہ اولیا سی فرمایا پروردگار نی یا علی تمہاری سب دوستونکی گناہ فراہم کئی اور انکو
اول سی آخر تک میری لئی بخش دئی و ذلک قوله عزّ وجلّ لیغفر الله لک ما تقدّم
من ذنبک وما تأخّر قول اللہ سی محکم دلیل ہی یہ آیت حدیث کی سند پر کفیل ہی ومنها
قال رسول الله علیه السلام واله لامیر المؤمنین لو اجتمعت الخلائق علی ولایتک
لما خلق الله النار اور مخبر صادق نی ارشاد کیا جناب امیر المومنین کو مژدہ دیا اگر دوستی اور محبت
تمہاری یا علی خلایق مین اتفاق پڑتا پھر اسنہ خدا تعالی آتش دوزخ پیدا کرتا وفی الخبر عن سیّد
البشر انه قال یدخل الجنة من امّتی سبعون الفا بلا حساب علیهم ولا عذاب
یصل الیهم کتاب اعلام الورٰی مین رسول دوسری روایت کی جو خاتم انبیا نی صحابہ کو بشارت دی
کہ روز قیامت مین میری امت کی ستر ہزار آدمی بہشت کو جائینگی اونسی حساب کی نہ پرسش ہو
اور نہ وہ لوگ آویزش عذاب کا صدمہ پائینگی ثم التفت الی علی علیه السلام وقال
صلی الله علیه واله شیعتک هم وانت امامهم پھر جناب سرورکائنات نی ولایت مآب کے
جانب خطاب کیا اور فرمایا ای برادر وہ اشخاص تمہاری پیرو ہین اور تم ہو اونکی مقتدا ومنها
رواه جابر بن عبد الله الانصاری عنه وروی عنه ابو جعفر الباقر علیه السلام
اور ہی اوسی کتاب مین ابو جعفر علیہ السلام سی روایت کی جو اوس جناب نی جابر بن عبد اللہ

١١٩ ابن حنبل

محمداً رسول الله فقال یا جابر
وتشهد ان لا اله الا الله وانک
فقال جابر بن عبد الله یا رسول الله
یوم القیامة یهودیا او نصرانیا

تیسری مجلس فضیلت اور منقبت شاہ ولایت علیہ السلام

اسا سی حکایت کی قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ یَقُوْلُ لِعَلِیٍّ اَلَا اَسُرُّکَ اَلَا اَمْنَحُکَ
اَلَا اُبَشِّرُکَ فَقَالَ بَلٰی یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ راوی نی کہا کہ مخبرِ صادق سی میری سماعت مین آیا
پیغمبر خدا نی ایک روز علیِ مرتضیٰ سی فرمایا چاہتی ہو تمہین مسرور کرون خوشخبری دون عرض کی
ہان ای سیدِ انبیا بہو تو شادمان ہون قَالَ خُلِقْتُ اَنَا وَ اَنْتَ مِنْ طِیْنَۃٍ وَّاحِدَۃٍ
فَفَضَلَتْ مِنْہَا فُضْلَۃٌ فَخَلَقَ اللّٰہُ مِنْہَا شِیْعَتَنَا خیر الوریٰ بولی کہ یا علی ہم اور تم
ایک طینت سی پیدا ہوئی اور جو بچی اوس مین سی زیادہ بچی ہماری محب ایجاد کئی فَاِذَا کَانَ
یَوْمَ الْقِیَامَۃِ دُعِیَ النَّاسُ بِاَسْمَاءِ اُمَّہَاتِہِمْ سِوٰی شِیْعَتِنَا فَاِنَّہُمْ یُدْعَوْنَ
بِاَسْمَاءِ اٰبَائِہِمْ لِطِیْبِ مَوْلِدِہِمْ جب روز قیام ہوگا ساری لوگ اپنی ماکی نام سی پکاری
جائینگی الا ہماری دوستونکو باپ کی اسم سی بلائینگی بسبب پاکیزگی اور عفت خلقت و طہارت
نسب اور صفای ولادت مَرْوِیٌّ عَنْ اِبْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ مَنْ سَرَّہٗ
اَنْ یَّحْیَا حَیٰوتِیْ وَ یَمُوْتَ مِیْتَتِیْ وَ یَدْخُلَ جَنَّتِیْ جَنَّۃَ عَدْنٍ مَنْزِلِیْ وَ یُمْسِکَ قَضِیْبًا
کتابِ آماتی مین زبانی ابنِ عباس کی روایت کی جو اوسی کہا یہ حدیث حضرت رسالت علیہ وآلہ السلام
طلاقت کی جو آدمی خوش گذرانی ایسا چاہی میری زندگانی کی مثال اور جیسی میرا وفات ہو تمنا کری
ویساہی انتقال ہو تجہنی کو بہول کہا ہنکو پہل میری جنت عدن کا خواہان ہو ٹہنی کو جو ازبسکہ نعمات ابدی کا جو باغ
مشتاقِ رضوان ہو غَرَسَہَا رَبِّیْ عَزَّ وَجَلَّ قَالَ لَہٗ کُنْ فَکَانَ جو درختونکو بویا میری خدا نی امر کیا اوسپر پیدا ہو
پس وہ سب نکلی تر و تازہ بامزہ رنگین اور خوشبو فَلْیَتَوَلَّ عَلِیَّ بْنَ اَبِیْطَالِبٍ وَ لْیَأْتَمَّ بِالْاَوْصِیَاءِ
مِنْ وُلْدِہٖ لازم ہی دوست رکہی امام جانکی علی بن ابیطالب کو اور اونکی فرزند جو اوصیا ہونگی
وہ سبکو فَاِنَّہُمْ عِتْرَتِیْ خُلِقُوْا مِنْ طِیْنَتِیْ وَ اَعْطَاہُمُ اللّٰہُ فَہْمِیْ وَ عِلْمِیْ بدرستیکہ وہ میری
اولاد ہین ایک طینت سی اونکا ہمارا جسم ایجاد ہوا خدا نی میری فہم اور علم و جان سی اونکو بہرہ ور کیا

تیسری مجلس فضائل و مناقب علی ابن ابیطالب علیہ السلام

روی الصدوق باسنادہ عن عبادۃ بن ربعی قال قلت لعبد اللہ بن عباس لم کنی رسول اللہ علیا ابا تراب کتاب امالی مین شیخ صدوق نی عبادہ ابن ربعی سی روایت کی اوسنی کہا مینی ابن عباس کی خدمت مین دریافت حقیقت کی رسولخدانی کیا سبب تہا جو کنیت سے ابا تراب کی علی مرتضی کو معروف رکہا قال لانہ صاحب الارض و حجۃ اللہ علی اہلہا بعدہ و بہ بقاؤہا و الیہ سکونہا جواب دیا اسواسطی کہ وہ مالک و مختار ہین زمین اور اہل دنیا پر حجت خدا تہی بعد خیر المرسلین کی وجود عالی کی باعث خالق تعالی بقا و پایداری دیگر ارض کی ہر بلا و آفت کو اونکی قدم سی تسکین و استواری ملی و لقد سمعت رسول اللہ یقول انہ اذا کان یوم القیامۃ و رای الکافر ما اعد اللہ تبارک و تعالی لشیعۃ علی بن ابیطالب من الثواب و الزلفی و الکرامۃ بدرستیکہ نبی الوری سی مینی سن پایا فرمایا جب روز قیامت ہوگا ہر ایک منافق اور کافر دیکہیگا وہ رتبۂ عالی جو شیعۂ علی ابن ابیطالب کو ثواب اور کرامت کا ملیگا مرغزار بہشت اور دروازہ خلد کا راستہ انکی بخوشی پر کہلیگا قال یا لیتنی کنت ترابا ای من شیعۃ علی علیہ السلام اوسدم ہر کافر زبان تمنا سی بولیگا مین بہی کاش کہ تراب ہوتا یعنی پیرو محبت علی علیہ السلام ہوتا و ذلک قول اللہ عز و جل و یقول الکافر یا لیتنی کنت ترابا یہی نازل ہوا قول خدای عز و جل سی قران مین کہ روز محشر ظہور کریگا جو عہد کیا انکی شان مین و روی عن عبد الرحمن بن عوف قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ انا شجرۃ و فاطمۃ فرعہا و علی لقاحہا و الحسن و الحسین ثمرہا و شیعتنا ورقہا اعلام الوری مین عبد الرحمن ابن عوف سی روایت کی ہی جو اصحاب حدیث نی اپنی سند موثق معتبر سی کتابت کی ہی کہتا ہی یہ قول مینی سنا ہی خاتم انبیا و ما ینطق عن الہوی نی ارشاد کیا ہے مین اصل ایک درخت ہون کہ جسکی فاطمہ شاخ اور علی لقاح یعنی مادہ پیدائش ثمر ہی حسنین میوہ شجر

تیسری مجلس فضایل ومناقب علی ابن ابیطالب علیہ السلام

اور ہر ایک دوست ہمارا برگ تازہ و تر ہی اَلشَّجَرَۃُ اَصْلُهَا فِی جَنَّةِ عَدْنٍ وَالْفَرْعُ وَالثَّمَرُ
وَالْوَرَقُ فِی الْجَنَّةِ اوس شجر طیبہ کی جڑ بنیاد جنتِ عدن کی چمن مین شاخ اور تخم اور پھل اور پتے
سب خلد کی سکن مین رَوَی الشَّیْخُ فِی اَمَالِیْهِ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ سَمِعْتُ
رَسُوْلَ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ یَقُوْلُ اَعْطَانِیَ اللهُ خَمْسًا وَاَعْطٰی عَلِیًّا خَمْسًا
شیخ صدوق نے روایت کی اپنی کتاب امالی مین کہ ابن عباس نے کہا اس حدیث کو پیغمبر خدا نے فرمایا
جو مجھے سناہ اللہ تعالی نے پانچ کرامتین مجھے عطا کین اور فضیلت خمسہ کی شرافتین علیِ مرتضی کو دین
اَعْطَانِیْ جَوَامِعَ الْکَلِمِ وَاَعْطٰی عَلِیًّا جَوَامِعَ الْعِلْمِ مجکو عنایت فرمایا جوامع کلم اور سرور
اولیا کو جوامعِ علم کا لوازم وَجَعَلَنِیْ نَبِیًّا وَجَعَلَهٗ وَصِیًّا مجکو نبی بنایا اور علی کو وصی ٹھرایا
وَاَعْطَانِیَ الْکَوْثَرَ وَاَعْطَاهُ السَّلْسَبِیْلَ مجھے چشمہ حوضِ کوثر بخشا اور علی کو نہرِ سلسبیل پر قابض
کیا وَاَعْطَانِیَ الْوَحْیَ وَاَعْطَاهُ الْاِلْهَامَ مجھپر وحی نازل کی اور انہین الہام سے قدر کامل دی
وَاَسْرٰی بِیْ اِلَیْهِ وَفَتَحَ لَهٗ اَبْوَابَ السَّمَاۗءِ وَالْحُجُبِ حَتّٰی نَظَرَ اِلَیَّ وَنَظَرْتُ اِلَیْهِ مجھے
معراج مین اپنے پاس بلایا اور ہر دروازہ آسمانکو کھلوایا یہانتک جو منظر العجایب نے ہر جا مجھے اتے جاتے پایا
اور مین بھی اونکو ہر مقام پر نظر مین لایا قَالَ ثُمَّ بَکٰی رَسُوْلُ اللهِ فَقُلْتُ لَهٗ مَا یُبْکِیْکَ فِدَاکَ
اَبِیْ وَاُمِّیْ جب یہ کلام ارشاد کر چکے تو خیر الانام بیتاب رونے لگے مینے عرض کی آپ پر ماں باپ قربان
میری رقت کا باعث کیا ہے یہ تو ہنگام سرور اور محلِ شادی اپکا ہے فَقَالَ یَا ابْنَ عَبَّاسٍ
اِنَّ اَوَّلَ مَا کَلَّمَنِیْ بِهٖ رَبِّیْ قَالَ یَا مُحَمَّدُ اُنْظُرْ تَحْتَکَ فَنَظَرْتُ اِلَی الْحُجُبِ قَدِ
انْخَرَقَتْ وَاِلٰی اَبْوَابِ السَّمَاۗءِ قَدِ انْفَتَحَتْ فرمایا اے ابنِ عباس پہلی جو بات خدا نے مجسے کہی
وہ گفتگوی مبارک بہت راز و نیاز کی تھی یا محمد اپنی تحت مین دیکھہ مینے نظر جھکائی تو عجایب قدرت دیکھی
حقیقتِ فضل و کرم سامنے آئی سارے حجاب درمیان سے ہٹے آسمانو کے ابواب کھلے پردے دوری کے

انت و شیعتک فی الجنۃ

یا علی اول من تنشق الارض عنہ

محمد ثم انت و اول من یکسیٰ

و عیناہ تذرفان بالدموع

راکب علیہ النبی فقال یا علی

تیسری مجلس فضائل و مناقب علی ابن ابیطالب علیہ السلام

بی فنظرت الی علی و ھو رافع راسہ فکلمنی و کلمتہ و کلمنی ربی عزوجل

پس مینی جانب علی مرتضی دیکھا کہ وہ سر اونچا کئی میری طرف متوجہ تھا ابن عم مکرم نی مجھسی

باتین کین اور مینی بھی اونسی دکھی سنی ساری کہین میری اور خدا کی درمیان سخنان مرحمت نشان

ائی بہت سی کلمات اطمینان خالق نی ارشاد فرمائی فقلت لہ یا رسول اللہ بم

کلمک ربک مینی پوچھا یا نبی اللہ وہ کیا کلام تھا جو موجد کام و زبان کا آپ سی ہوا

قال قال لی یا محمد انی جعلت علیا وصیک و وزیرک و خلیفتک

من خلقی من بعدک فاعلمہ جوابدیا کہ ایزد تعالی نی فرمایا ای محمد مینی علی کو خلیفہ

و وزیر اور وصی تمہارا بنایا ساری مخلوق سی جنکی اوپر بار امانت دہری کہ بعد تمہاری

سر انجام ہدایت کری قلت فھا ھو یسمع کلامک مینی درگاہ ربانی مین عرض کی

وہ موجود کھڑی ہین تیرا فرمان بگوش خود سن رہی ہین فاعلمتہ و انا بین یدی

ربی پس علی کو ارشاد الہی سی خبردار کیا اور آپ حضور پروردگار مین متوجہ رہا فقال

لی قد قبلت و اطعت مظہر العجایب گویا ہوی سب امر خدا قبول کیا اور طاعت معبود مین

سر و جان و مال دیا فامر اللہ ملائکۃ ان تسلم علیہ ففعلت فرد علیہم السلام

پس رب علا نی ملایکہ سی کہا تا اونپر سلام کرین تعظیم کا سب نی مجرا و تسلیم کو ادا کیا و لی اللہ نی فصاحت

اور بلاغت سی اونکا جواب دیا و رایت الملائکۃ یتباشرون پھر دیکھا مینی ساری

فرشتونکو جو مبارکباد اور بشارت دیتی تھی ایکدوسری کو و ما مررت بملائکۃ من

ملائکۃ السماء الا ھنونی جب مین حضور الہی سی پھرا تو جدھر صف ملایکہ سی آسمانکی گذرا

وہ دوڑکی شاد و خرم پاس آتی جاتی سی امیر المومنین کی تہنیت بجا لاتی و قالوا یا محمد

والذی بعثک بالحق نبیا لقد دخل السرور علی جمیع الملائکۃ باستخلاف

سبحانہ انما ولیکم اللہ و رسولہ والذین

و غالب ابن عبداللہ انما عنی بقولہ

قال السدی و عتبۃ ابن ابی حکیم

وھم راکعون من تفسیر الثعلبی

الذین یقیمون الصلوۃ و یؤتون الزکوۃ

انما ولیکم اللہ و رسولہ والذین امنوا

المذکورۃ والحمد للہ

تیسری مجلس فضائل و مناقب علی بن ابیطالب علیہ السلام

عز و جل لک ابن عمک مجھ سے بولے یا محمد قسم ہے اللہ کی جس نے تمہیں برحق نبوت دی ہ
ہماری جی کو مسرت اور شادی ملی کہ خدا نے تمہارے بھائی کو خلعتِ خلافت بخشی و رأیت
حملۃ العرش قد نکسوا رؤسہم الی الارض حاملانِ عرشِ علا کو دیکھا زمین کی
طرف سر جھکائے تھے نظارہ مقصود کے لئے گردن بڑھائے آنکھیں لڑائے تھے فقلت یا جبرئیل
لم نکس حملۃ العرش رؤسہم میں نے جبرئیل سے کہا یہ فرشتے کیوں منہ بھرائے ہیں کیا
زمیں کو خاکر بکٹکی لگائے ہیں فقال یا محمد ما من ملک من الملائکۃ الا وقد
نظر وجہ علی بن ابیطالب استبشارا بہ ما خلا حملۃ العرش جواب دیا
اے نبی الوریٰ کوئی صنف قدسیوں کی نہیں بچی کہ جمالِ شاہِ مرداں کی زیارت اوس نے خوشی میں
نہیں کی مگر حاملانِ عرش باقی رہی تھے اونکی دل میں دیدارِ حیدرِ کرار کی ارمان بھری تھے
فانہم یستاذنوا اللہ عز و جل فی ہذہ الساعۃ فاذن لہم ان ینظروا
الی علی بن ابیطالب فنظروا الیہ اس دم اونھوں نے باریتعالیٰ سے اجازت مانگی
نظارۂ رخسارۂ مرتضیٰ میں حکایتِ غلبۂ شوق کہی پس اونکو دیدار کی رخصت ملی اور سب نے
ولیِ پروردگار کی زیارت کی ولما ہبطت جعلت اخبرہ بذلک وہو یخبرنی
معراج سے جب میں اپنی مقام پر پھر کے آیا، و برو شیرِ خدا کے اپنا سارا ماجرا وہرایا جو درمیان
میری اور اللہ کی معاملہ گذرا تھا وہ حال مفصل علی نے مجھسے ایسا کہا جیسے دیکھا تھا فعلمت انی لم
اطاء موطئا الا وقد کشف لعلی عنہ حتی نظر الی اوسوقت میں نے جانا جہان کہیں
مین گیا اوس دستِ قدرت نے پیشِ نظر سے علی کی پردہ اوٹھایا اور اوس واقفِ رموز نے سارا ماجرا
گذشتہ رای العین سے مشاہدہ کیا جو حالاتِ معارج اور مدارجِ نبوت اونکی دل نے جان لیا و ہے
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ ان الریاض اقلام و البحر مداد و الجن

تیسری مجلس بیان فضیلت اور منقبت شاہ ولایت علیہ السلام

والانس کتاب ما احصوا فضائل علی بن ابیطالب اکثر علمای حدیث نے روایت کی ہو. سو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ کی منقبت حیدر کہی اگر ساری اشجار دنیا قلم ہوین اور آب دریا جملہ سیاہی رقم کی نہین جن وانس کتابت باہم کرین توبہی فضائل علی علیہ السلام تمام لکہہ سکین

وروی قال رسول اللہ علیہ وآلہ السلام ان اللہ تعالی جعل لاخی علی بن ابیطالب فضائل لا تحصی عددھا غیرہ سند وثقین سی یہ روایت آئی کہ مخبر صادق نی حدیث یہ فرمائی تحقیق کہ خدای نی علی بن ابی طالب کو اسقدر فضائل عطا کئی جو سوی اللہ کی شمار اونکا خلق سی نہین ہو سکی من ذکر فضیلۃ من فضائلہ مقرا بہا غفر اللہ ما تقدم من ذنبہ وما تاخر ولو اتی یوم القیامۃ بذنوب الثقلین جو بیان کری اونکی مناقب سی ایک فضیلت کو اور دل مین بہی مانتا ہو صاحب کرامت کو خدای تعالی سیئات اول و آخر اوسکی بخشدیگا اگرچہ روز قیامت وہ شخص ذنوب ثقلین سی آئی بخشا جائیگا

فمن کتب فضیلۃ من فضائلہ لم تزل الملائکۃ یستغفر لہ ما بقی من تلک الکتابۃ رسم پس جو کوئی ایک تعریف یا صفت لکہی مجموعہ کرامت سی شاہ ولایت کی ہمیشہ ملائکہ اوس کاتب کی لئی طالب مغفرت رہینگی مادامی کہ اثر تحریر صفحہ روزگار مین باقی رہیگی

ومن استمع فضیلۃ من فضائلہ غفر اللہ لہ الذنوب التی اکتسبہا بالاذن والاستماع جو مومن سنی کوئی فضیلت سرور اوصیا کی عفو کری کا رب العزت وہ خطا کہ سماعت سی اوسنی پیدا کی ومن نظر فضیلۃ من فضائلہ غفر اللہ لہ الذنوب التی اکتسبہا بالنظر اور جو بندہ خاص داور شوق سی دیکہی طرف ایک منقبت ساقی کوثر کی خالق اکبر بخشدیگا اوسکی وہ گناہ جو کسب کئی ہونگی نظر کی رباعی برتر ہی علی کا ہر نسبہ سی پایہ اوس خیر نسبہ کو پاک شہر سی پایا کعبہ مین ولادت ہوی مسجد مین وفات جو کچہ پایا خدا کی

تیسری مجلس بیان فضیلت اور منقبت شاہ ولایت علیہ السلام

کہری پایا تمہید بکا خوشا محبان امیر المومنین کا حال جو ایام رنج و مصیبت مین باہم جمع ہوتی ہین
مرحبا دوستان شاہ مردان کا مآل جو کلام حدیث و روایت سنکی روتی ہین ہر مردم چشم کو اہل
بصیرت کی سواد منقبت مولا سرمہ جلا ہی آئینہ دلکو زمرہ حقیقت کی فضیلت مرتضی کا ایراد
مصقلہ صفا ہی خاطر شوریدہ کو شیرینی مدح امام عالم پناہ ہی کی حلاوت ایمان کا ذائقہ
دیتی ہی طبع ژولیدہ کو ثنای مضر عام الہی زیب و زینت شوق مین سنوار لیتی ہی زور و قوت
سامعہ کلام وصف شاہ دین سی جوش رغبت مین آتا ہی طلاقت ناطقہ تعریف امیر المومنین سے
کلمہ صل علی کا مفسر ہو جاتا ہی حرف تکرار اخبار حیدر کرار کا شمال باد بہار گلزار اسلام کو تر و تازہ
کرتا ہی لفظ اذکار سرور اخیار مانند لطیفہ گردکار تقوی و زہد کا سرمایہ عباوت رہتا ہی ہر مرتبہ
مضمون معرفت وجہ اللہ کا جلوہ ہدایت بڑہاتا ہی انجمن سخن مین شان قدرت اللہ سی دوسری
تقریر کا رنگ انارت چمک پاتا ہی خصال حسنہ سی خلیفہ ذو الجلال کی دست اعجاز آستین بیان سے
نکالوان تا ذائقہ مصر نفاق کو صفوف مجالس مین اشعہ ید بیضا دکہاوں کمال فرزنہ سی حجت شمعال کی
وہ تکلم زبان اذعان پر لاون کہ مردہ دلان جوار انکار کو صفت مسیحا احیای اعتقاد مین زندہ تولا
اوہا بٹہاون ملا مہدی نراقی فی کتاب محرق القلوب مین لکہا ہی متوجہ ہو کی سنو خارسی کا
ترجمہ اردو مین کیا خوب مطابق رکہا ہی شجاعت کا ثمرہ اوسی دلاور غازی کی وہ تہا کہ مرحب و
عمرو انتر و عمرو بن عبدود کو ایک پیادہ مارا جو ہر ایک پہلوان عرب مین لاثانی ہزار سوار کی برابر گنا
جاتا قوت اور تہور مین شیر ژیان کو وہیان مین نلاتا غزوات خندق و بدر و احد و تبوک و
حنین و خیبر مین لشکر ہای گران کو مضر عام الہی نی ہکایا صدہا مشرکین کو راہ حنہ امین مارا تاکہ
نخل اسلام کو سیراب [illegible] رسول کرا رغیر فرار لقب ہوا مدح مین جبرئیل نے
یہ صیحہ [illegible] امیر المومنین کی اسد کردگار لا فتی الا علی لا سیف الا ذو الفقار

١٢٦

تیسری مجلس بیان فضیلت او منقبت شاہ ولایت علیہ السلام

ساتھ قنبر کی اوسی حوالہ کرو زہد و تقوی مین لکھا ہی جب عبادت سی فرصت پاتی تو مزدوری کیلئی
تشریف لیجاتی جو کچہ اُجرت مین آبیاری زراعت کی لیتی راہِ خدا مین فقرا کو صدقہ دیتی یہان تک
جو اپنی محنت سی بہت بندی خریدی اون سب کو راہِ خدا مین سرخطِ آزادی بخشی علمای فریقین نے
حکایت عطای انگشتر کی سند سی لکھی ہو مسجد مین درمیانِ قیامِ نماز سایل کو ملی اوسکی قیمت خراجِ
ملکِ شام کی برابر تہی کہ چار سو خروار سونا اور چہہ سو خروار چاندی مقرر تہی عوض مین خدا نی یہ آیت
بشارت بہجی جزو قرآن مین ثنای حضرت شانِ رحمت سی لکھی اِنَّمَا وَلِیُّکُمُ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ
وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوا الَّذِیْنَ یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوۃَ وَیُؤْتُوْنَ الزَّکٰوۃَ وَھُمْ رَاکِعُوْنَ
عدالت اور نصفت مین حق رسانی پر اسدرجہ مصروف ہر شہر تہی کہ ہنگامِ خلافت مین شاہ و گدا کی
خاطر ایکسان امر و نہی پر تہی اجرای احکامِ الٰہی مین خویش و بیگانہ کو برابر سمجہتی رؤسای عظام کو
تعدی مظلوم سی خوف و خطر مین رکہتی معاملہ چراغ بجہانی کا ملاقات پر طلحہ اور زبیر کی
سب کتابون مین مذکور ہمقدمہ عقیل ابن ابی طالب اور سوا کی حضرت امیر داستانون مین مشہور
نقل ہی کہ ایک دفعہ بلادِ یمن سی چند مشکین شہد بہری تعسوبِ دین کی پاس آئین ہولانی و رب
امانت سربستہ قنبر کو سپرد فرمائین اتفاقا امام حسین علیہ السلام کی پاس ایک مہمان آیا حضرت نی
طعامِ ضیافت سی گہر مین کچہ موجود نپایا بہ ارسعی ایکدرہم قرض کی بازار سی اوسکی روٹی خریدی
قنبر سی کہا میری حصی مین ایک رطل شہد مشک سی نکالو نانخورشِ مہمان کی واسطی مجہی بضرورت دو
ہنگام تقسیم اوسکو مجرا لینا بلکہ والد بزرگوار سی عرض کر دینا قنبر جب ارشاد سید الشہدا بجا لایا
مہر توڑ ڈالی کہا یا مامراحت کو قدم بڑہایا جب شاہ ولایت نی مشکین طلب فرماکی دیکہا تو کہا
شاید اسمین کسی نی کچہ تصرف کیا غلام نی حضرت مولا مین کیفیت عرض کی اوس جناب کو
حالت غضب طاری ہوی آدمی امام حسین علیہ السلام کی طلب کو متواتر بہیجی ہر گاہ خدمت مین

تیسری مجلس فضائل و مناقب امیر المومنین علی ابن ابیطالب علیہ السلام

بی پدر کی بھی محبت نفّے تازیانہ اوٹھایا فرزند جگر بند کی مارنی کو ہاتھ بڑھایا سبطِ مصطفیٰ نے فرمایا
ای بابا مجھی نہ مارو، عمِ گرامی جعفرِ طیار کی واسطی معاف کرو، ید اسد نی ضرب دست کو روک
لیا نورِ چشم سید البشر سی یون کہا ای جانِ پدر کیا سبب نی تمہاری صبر و تحمل کو بدلوایا جو تمنی
شہد سب سلمانون سی پہلی نکلوایا، مظلومِ کربلا بولی ایا ہمارا حصہ اسمین تہا، ولی خدا نی اسبات کے
پسر مین کہا، ہر چند تم اپنی حق مین تمورد سر فرازی ہو، لاکن اہلِ اسلام سی مقدم نہین چاہیی بعد اذان
کرو پہر اکدرہم اپنی مال سی دیکر قنبر کو فرمایا، جاکی بازار سی شہد خرید جب وہ سامنی لایا تو اوسکی
دستِ حق پرست سی مشک مین بھرا، روتی جاتی کہ حسین کو معاف کرنا ایخدا، عبادت مین
وہ کثرت اور سرگرمی تہی کہ وظائف مین یادِ الہی سی کبہی فرصت نہ ملتی، محدثینِ فریقین کا لکہاہی
وہ راتِ ثقہ نی کہاہی ہر شب منزلِ علی ابن ابیطالب علیہ السلام سی ہزار تکبیر کی آواز آتی کہ ہر ایک سی
دو رکعت نمازِ نوافل پڑہی جاتی، ابو درداء نا قل ہی راتکو نخلستانِ مدینہ سی مین گذرا، صدا مناجات
کی تلاش مین ہر طرف پھرا، حضرتِ ابو تراب کو خاکہ مشغول نماز دیکہا، ذکرِ خدا مین رقت زدہ
سر کو سجدی مین رکہا، تقدیس اور تہلیل اور تسبیح سی گویا ہوتی عشقِ الہی مین بیخود روتی ناگاہ اوس
ہمدم راز و نیاز کی آواز بند پائی، جب دیر تک نالہ یا اللہ کی صوت نہ آئی، تو مینی بیشتر جاکی پکارا کچھ جناب سے
جواب نہ ملا بیتابانہ دوڑکی نزدیک تر گیا، سجدی مین سر جہکای نظر آئی دیا، ہر چند بازو کو ید اللہ کی ہلایا
مگر صوت سی جنی مردہ، قالب بیجان کا حکم لگایا، مین روتا ہوا شہر کی اندر پہنچا، فاطمہ زہرا کی دراز پر پکار
بتول سی کہا ای بضعۂ خیر الوری خبر لو کہ علیِ مرتضی علیہ السلام نی انتقال کیا، خاتونِ محشر نی پوچہا تو نی کیونکر
جانا مینی عرض کی اس راتکو میانِ باغ مدینہ گذرا، وہان امامِ ہدی کو ایسی کیفیت مین چھوڑا، صدیقۂ کبری نی
خندان ہو مین جواب مین تسکین کو بولین ای ابو درداء عبادتِ ربِ علا مین ہر شب وصی مصطفی کا
ایسا حال ہوتا ہی، جو دنیا سی گذرنی مرنی کا خیال اودہر جاتا ہی، تواضع اور حسنِ خلق کا اوس شہ والی

۱۲۹

الصحیح الثابت من کتب صحاحکم
الاجتہاد فی مقابلۃ النص الصریح
نضاف انظروا فی مقالتکم و
بما طوق الاحصاء فیا اہل الا
ہذہ من ہذہ و نظائر التی لا یحیط
ناقۃ صالح و اشقی الآخرین من یخضب
السلام یا علی اشقی الاولین عاقر

مجلس تیسری فضائل و مناقب امیر المومنین علی ابن ابیطالب علیہ السلام

خلق کا وہ مرتبہ اعلی کہ باوجود پادشاہت اور خلافت جو ملک مفتوحہ پر قبضہ تہا کشور حجاز و یمن و عراق و ایران و توران تا افریقہ مغرب تصرف مین رکھتے فقرا و مساکین کی ساتھ نشست و برخاست یکسان تلطف مین رہتے لباس شندرس پہنے پا پیادہ تنہا بازارون مین پہرتے اہتمام سواری اور ترک بزرگواری مین کبہی توجہ نکرتے ہرگاہ غربا اور محتاج دعوتین بلاتے تو اونکی پاس جاتی نان خشک جو کی بساط بوریا پر بیٹہی کہاتے ہر چند قبول اسلام سی پیشوا ترویج دین مین سبکی امام رہنما تہی سلام کرنی مین مومنین و حاضرین پر سبقت فرماتے خرد و بزرگ رعب و دہشت سی شاہنشاہ کی ڈرتے لاکن وہ حضرت شگفتہ سی پیش آتے جب طفل و جوان و پیر پاس آتے علم اور مروت کا وہ حال کہ مانند اوسکی بشر سی خیال محال ہی اپنی واسطی کبہی طبیعت کو غصہ نہ آیا اگر کوئی نادان آدمی نی برا کہا یا مارا تو اوسکو ملایمت اور مدارا مین سمجہایا خدا سی اوسکی واسطی استغفار کیا عفو فرمایا نقل ہی ایک غزوہ مین کسی کافر کو زیر کیا سر کاٹنی کو زمین پر گرا دیا سینہ پر چڑہکی دشنہ خونریز نکالا مشرک نی دلکو سمجہا لا بہ سے آبد ہن خسارہ مولا پر ڈالا مجاہد غازی تحمل سی بدن کو چہوڑا متبسم ہوکی فرط سکون مین منہ کو موڑ عدو بولا ای حق کی شناسا کیا سبب ہوا جو ارادہ قتل کو میری واسطی پورا نہ کیا فرمایا مین تجہی خدا کی راہ مین مارتا تہا جب ایسی بی ادبی تونی کی نفس کو متوجہ انتقام دیکہا آتش غضب کو آب ملایمت سی بجہایا تیری ہلاکت سی دست تصرف اوٹہایا ہرگاہ محض رضای خدا کا امر نہ ہا غصہ و قہر و غلبہ کو طلاق کہا یہ کلام ہدایت انجام سنکی وہ گمراہ قدم سرور پر بوسہ کو بڑہا صدق نیت سی حضرت کی کلمہ طیبہ پڑہا ورع اور پرہیزگاری زہد اور تقوی مین سرآمد کائنات گذری مدت العمر مین گیہونکی روٹی سی مین روز پی در پی سیر نہوئے نان جو کو بہی نصف بہوک نوش فرماتے بیشتر نمک یا سرکہ نان خورش بناتے واکثر کلام اوس جناب کا یہ تہا بیزاری لذات مین ارشاد ہوا کرتا علی کیونکر دنیا کا طعام سیر کہائے اور حجاز مین کوئی فقیر بہوکا رہ جائے ایکدن کسی محب نی حلوا بطریق ہدیہ نیاز داخل کیا

کیف الصلاة علیکم اہل البیت فان اللہ قد علمنا کیف نسلم قال قولوا اللہم صل علی محمد وعلی آل محمد کما صلیت علی ابراہیم وعلی آل ابراہیم انک حمید مجید

ومن موطا مالک ابن انس یرفعہ الی ابی مسعود الانصاری انہ قال اتانا رسول اللہ فی مجلس سعد بن عبادة فقال لہ بشیر بن سعد امرنا اللہ ان نصلی علیک یا رسول اللہ فکیف نصلی علیک ... ثم قال قولوا اللہم صل علی محمد وعلی آل محمد کما صلیت علی ابراہیم وعلی آل ابراہیم انک حمید مجید والسلام کما قد علمتم

ومن صحیح مسلم مثلہ

ومن تفسیر الثعلبی فی قولہ تعالی قل لا اسئلکم علیہ اجرا الا المودة فی القربی

تیسری مجلس فضائل و مناقب امیر المؤمنین علی بن ابیطالب علیہ السلام

پاس بھیجا حضرت نے انگشت مبارک اوسمین فروکی اور سونگھا ارشاد ہیا اے حلوا رنگ و بو سے تو پہچانا معلوم نہیں فی الحقیقت تیرا کیسا ہے پھر انگشت کو صاف کر کے بولے او مشالوا سے لیجا کے کسی دوسرے کو دو ایک روز مکانِ بیت المال مین حضرت کا عبور ہوا تو وہان چاندی اور سونے کو خطاب کر کے کہتے ہیں کہا اے زر و سیم دنیا میرے سوا غیر کو فریب دینا مین ہرگز تیرا فریفتہ نہوونگا ہمیشہ تجھسے بیزار اور جوناخوش رہونگا پس تمام دولت اور مال کو اوٹھوا یا فقرائے مساکین اسلام کو واسطے بھجوا یا اوس پانچ برس کی مدت مین جو سلطنت ظاہر ملی تہی کبھی خشت عمارت باہم نہیں جوڑی جب دنیا سے دار بقا کو تشریف لیگئے تو ایک درہم نہیں چھوڑی بیشتر فرماتے کہ نعمت مین حلال جہان کی حساب ہے اور دولت مین حرام عالم کی عذاب و عتاب ہے بنقلِ معتبر ہے ایک مرتبہ حسنین علیہما السلام کو عارضہ بیماری لاحق ہوا والدین اور ساری گھر نے بعد صحت ادائے نذر کا روزہ رکھا شام کو افطار کے لئے ہر ایک نے قرص نانِ جو پائی جب ارادہ کہانے کا ہوا تو فقیر سائل کی آواز کان مین آئی معدنِ جود و سخا علی مرتضی علیہ السلام نے اپنا حصہ پہلے اوسکو حوالے کیا پھر فاطمہ زہرا و حسنین صلوات اللہ علیہم اور فضہ خادمہ نے لائی اپنی روٹی کو اوٹھا دیا فقط پانی پیکے دوسرے دن کا روزہ رکھا فقر و فاقہ مین نعماتِ طاعت اور نایاب صبر و قناعت کا مزہ چکھا اوس روز بھی ہرگاہ شام ہوئی ایک ایک روٹی جو کی سبکو ملی پھر سائل نے دروازہ کرم پر دستِ طلب نکالا سرورِ اتقیا نے اپنا حصہ اوسکی دامن امید مین ڈالا سب گھر کے لوگ ویسا ہی عمل مین لائے پانی سے افطار کر کے دل بہلائے تیسرے دن پھر وہی صورت یعنی اسحاکی عیش ہوئی گدا در پر شاہِ اولیا کے آیا الجوع پکارا روٹی اوسکو ملی اون بزرگوارون نے تین روز کے دن رکہے اور اپنا کھانا بھوکے فقیر کو بخشا پانی پیکے رہے حق تعالی نے اس طاعت کی شان مین سورہ ہل اتی کا نزول فرمایا منزلِ تعریف مین بسم اللہ امانت کی خروشان لکھوایا اب تصور کی جا ہے حاضرانِ بزم عزا نوحہ و فریاد روا ہے اس حادثہ جانکاہ مین صبح و مسا جو امامِ غربا نوا کہ تین دن غذا نکہائی

علیہ السلام حسد الناس بی فقال اما ترضی ان تکون رابع اربعة اول من یدخل الجنة انا و انت و الحسن و الحسین و ازواجنا عن ایماننا و شمائلنا و ذریتنا خلف ازواجنا ... خلف ذریتنا ... الصدقة و یقسم فیهم الخمس ... عبد المطلب الذین لم یفترقوا فی الجاهلیة و الاسلام ... یدل علی ذلک قوله تعالی و اعلموا انما غنمتم من شیء فان لله خمسه و للرسول و لذی القربی ... تعالی و آت ذا القربی حقه ...

١٣١

و قوله انما یرید الله لیذهب عنکم الرجس اهل البیت و یطهرکم تطهیرا ... الا الاسلام و یشهد بصحة هذا قوله فیما ... مثل فاطمة و علی و ابناهما ... قوله تعالی و من یقترف حسنة نزد له فیها حسنا برفعه الی ابن عباس قال و من یقترف الآیة قال هی المودة لآل محمد و منها ... برفعه الی ابی و ائل قال قرأت فی مصحف ابن مسعود ان الله اصطفی آدم و نوحا و آل ابراهیم و آل محمد علی العالمین و من

کتاب السقیفة برفعه الی عائشة قالت ان فاطمة و العباس اتیا ابا بکر یلتمسان میراثهما من رسول الله و هما یطلبان ارضه و سهمه من خیبر فقال لهما ابو بکر انی سمعت رسول الله یقول لا نورث ما ترکناه صدقة انما یاکل آل محمد من هذا المال

مجلس تیسری فضائل اور شہادت امیر المومنین علیہ الصلوۃ والسلام

اپنا اور بچونکا طعام راہ خدا مین ہو کی فقیر کو پہنچا ئے افسوس اور دریغ ایسی رہنما کو ابن ملجم غدار نے
مارا جسکی ساتہہ مراعات کرتی رہی اوس شقی نی احسان کا بدلا لگوا رسی او مارا ، روزہ دار کم فطار کو
ایام صیام مین پیمانہ ہلاک پلایا ، عابد شب زندہ دار کو محراب نماز مین خاک پر گرایا ، مجاہد اسلام کو
مسجد مین خون بہایا ، برادر خیر الانام کو شب قدر مین روز موت دکھایا ، محبونکو مصیبت مولا سے
تباہ کیا ، غلاموںنکو شہادت آقا مین عَلَمِ نالہ وآہ دیا ، اندنون حسنین کو غم پدر مین رولایا ، زینب
اور ام کلثوم کو صف ماتم پر بٹھایا ، عباس اور عون و جعفر درد یتیمی سی بیقرار ہوئی گھر مین اہلبیت کی
سب اپنی بیکانی سو گوار بنی ، بالجملہ درداکہ علی مرتضی کو مارا + صد حیف وصی مصطفی کو مارا
ابن ملجم نی از رہ جور عناد + بابای شہید کربلا کو مارا نظم ملمع لفہ غم ولی خدا کا یہ جوش ہی
ونزات + کہ اشک چشم ہوا موج زن مثال فرات + رسول زار و ملول و بتول سوگ نشین +
حسن حسین کو غم نی کیا قرین ممات + الم کی پنجہ سی پیٹو عزیز و سینہ و سر + کہ ٹوٹا بازوی خیر الوری
زکین ہیہات + فلک سی بارش خون ہی وفور ماتم پر + عجب نہین جو خزان ہو جہان کا باغ حیات
صف عزا مین جو رقت زدہ رہا ناظم + صراط حب علی پر دہر اہی پای ثبات

ضربت سے فرق شاہ ولایت کے جراحت اور بعد صیبت شکستگی سی دفن حجرہ عصمت کے

راکعان سجادہ تسلیم و رضا و ساجدان محراب تیغ قدر و قضا ، عاکفان صومعہ عرفان و محبت
و شہیدان معرکہ امتحان محنت ، سر نہادگان وعدہ قرب وصال و مہمانان خوان اندوہ و ملال
یکر مضمون خونچکان گلیم بیان حسرت نشان بیت الاحزان سامعہ مین پہنچاتی یون شور
مچاتی ہین کہ جب زمانہ بی پدری حسنین علیہما السلام کا آیا + اور دست روزگار نی دربدری
زینب وام کلثوم کا ہنگام پایا + عباس و عون و جعفر کی یتیمی نی صوت غم دکھائی + اسلام کے

١٣٢

مناقب ابن المغازلی الشافعی

ومن مناقب ابن المغازلی الشافعی فی قولہ تعالی والنجم اذا ہوی یرفعہ الی ابن عباس
قال کنت جالسا مع فتیۃ من بنی ہاشم عند النبی اذا انقض کوکب فقال النبی من
انقض ہذا النجم فی منزلہ فہو الوصی من بعدی
فتیۃ من بنی ہاشم فنظروا فاذا الکوکب قد انقض
فقالوا یا رسول اللہ

مجلس میری فضائل اور شہادت امیر المؤمنین علیہ السلام

بناہی مولیکی مصیبت مشتہر آئی شب قدر کو امیر المومنین کا وعدہ وصال مشتہر ادر یاد روز لقاء
محبوب کو قدم سر سی جانی کا اشتہار کہا دنیوین رات ماہ رمضان کی شوق بیتابی مین گذری
ہردم مناجات اور عبادت سی اندر باہر جاتی اتی بسر ہوئی قَالَ اَنَّهُ بَاتَ فِی الْمَسْجِدِ
وَمَعَهُ رَجُلَانِ اَحَدُهُمَا شَبِیْبُ بْنُ بَجَرَةَ وَالْاٰخَرُ وَرْدَانُ بْنُ مُجَالِدٍ یُسَاعِدُ
اَنَّهُ عَلٰی قَتْلِ عَلِیٍّ عَلَیْهِ السَّلَامُ راوی کہتا ہی عبد الرحمان ابن ملجم ہرگاہ عشق قطامہ بنت اخضر
تیمی کا مبتلا ہوا زہر سی بجہائی تلوار لئی مسجد مین اکی زمرۂ عاکفین مین سو رہا اوسکی ساتھ دو
شبیب بن بجرہ اور وردان ابن مجالد بہی مددگار اوس ہر ایک نی مانند فتنۂ خوابیدہ جای کمین مین
بستر جفا و آزار پہیلائی فَلَمَّا اَذَّنَ وَنَزَلَ مِنَ الْمَاذَنَةِ جَعَلَ یُسَبِّحُ اللّٰهَ وَیُقَدِّسُهُ
وَیُکَبِّرُهُ وَمِنَ الصَّلٰوةِ عَلَی النَّبِیِّ پس امام کبار نی عرشہ منار پر جاکی اذان صبح دی اوس آواز سی
کہ ساری شہر کوفہ مین گوش مردوزن کو پہنچی وہان سی اوتری تو بہت تسبیح اور تقدیس الہی ادا کی
راہ محراب عبادت لی صلوٰۃ اور تحیات نام نبی بہیجی وَکَانَ کَرَمُ اَخْلَاقِهٖ یَتَفَقَّدُ النَّائِمِیْنَ
فِی الْمَسْجِدِ وَیَقُوْلُ الصَّلٰوةَ یَرْحَمُکَ اللّٰهُ راوی کہتا ہی ہمیشہ مد نظر امام معروف خلق
امیر مومنین کی عادت کرم اور صفت خلق سی تہا سو تونکو مسجد کی مہربانی سی جگاتی رحمت خدا کی
یاد نماز دلاتی فَفَعَلَ ذٰلِکَ کَمَا کَانَ یَفْعَلُهٗ عَلٰی جَارِیْ عَادَتِهٖ مَعَ النَّائِمِیْنَ فِی الْمَسْجِدِ
حَتّٰی اِذَا بَلَغَ اِلَی الْمَلْعُوْنِ فَرَاٰهُ نَائِمًا عَلٰی وَجْهِهٖ بدستور سابق خفتگان مسجد کو اوٹھایا
قطب فلک امامت ہر طرف گردش بجا لایا تا کہ بالین پر ابن ملجم کی آئی اوسی اوندھا سوتا دیکھا
تو بارشاد ہدایت ہلائی قَالَ لَهٗ یَا هٰذَا قُمْ مِنْ نَوْمِکَ هٰذَا فَاِنَّهَا نَوْمَةُ اَهْلِ النَّارِ
بولی ای مرد اوٹھ نماز کو یہ سونا تیرا خواب شیطان ہی یون اولٹا نہ لیٹا کر کہ طریقہ اہل نیران ہی
قَالَ فَتَحَرَّکَ الْمَلْعُوْنُ کَاَنَّهٗ یُرِیْدُ اَنْ یَقُوْمَ وَهُوَ مِنْ مَکَانِهٖ لَا یَبْرَحُ وہ مردود

١٣٣

النامر متی سمی علی امیر المومنین ما کان
فضلہ متی بہ ذلک وادم بین الروح
والجسد حین قال اللہ تعالی الست
بربکم قالوا بلی قال اللہ تعالی انا ربکم
ومحمد نبیکم وعلی امیرکم ومن
مناقب ابن مردویہ برفعہ
الی داود بن ابی عوف قال حدثنی
معاویۃ بن ابی ثعلبۃ اللیثی قال

مجلس تیسری فضائل اور شہادت امیر المومنین علیہ السلام

کروٹ لیکی جنبش مین آیا گویا کھڑا ہوا چاہتا تہا لاکن ٹہر گئی وہین پڑا رہا فقال لہ امیر المومنین
لقد ہممت بشیٔ تکاد السموٰت یتفطرن منہ و تنشق الارض و تخر
الجبال ہدا و لو شئت لانبأتک بما تحت ثیابک مظہر العجائب نے اوسکو ثنا یا
وای او پر تیری جو ارادہ سی قدم بڑہایا اوس صدمہ سی آسمان اور زمین ٹکڑی ہوجائی پہاڑ و
زلزلہ اوڑ پڑی گر جائی اگر چاہی تو بتادون کہ زیر دامن کیا بلا لایا ہی اور تجہی آگاہ کردون کسواسطے
یہان آیا سینہ کو چہپایا ہی ثم ترکہ و عدل عنہ الی محرابہ و قام قائما یصلی و کان
یطیل الرکوع و السجود فی الصلوٰۃ کعادتہ و الفرائض و النوافل حاضرا قلبہ
پس مانند رحمت الٰہی اوسکی طرف سی منہہ پہر لیا قدم بڑہا کی مشتبر جلی محراب عبادت مین قیام کیا
نماز نافلہ پڑہنی کو کہڑی ہوی حسب عادت رکوع اور سجود طولانی کرتی رہی فلما احس بہ
فنہض الملعون مسرعا و اقبل یمشی حتی وقف بازاء الاسطوانۃ التی کان
الامام یصلی علیہا ابن ملجم مرادی نی جب یہ موقع مراد پایا جلد سی شال شیطان محتشم جانب
خلیفہ رحمان آیا اوس ستون کی پیچہی جاکی اوٹ مین کمین کی جسکی برابر امام بحر و بر نی نیت نماز باندہی
تہی فامہلہ حتی رکع الرکعۃ الاولی و رکع و سجد السجدۃ الاولی منہا و رفع
راسہ ظالم پر جفانی اتنی مہلت دی کہ حجت بی نیاز نی ایک رکعت پہلی تمام کی سجدہ اول سی
سر انور اوٹہایا اور دوسری کا تہیہ فرمایا فعند ذلک اخذ السیف و ہزہ ثم ضربہ
علی راسہ المکرم الشریف فوقعت الضربۃ علی الضربۃ التی ضربہ عمرو بن
عبد ود العامری اوسدم جلکی سی تیغ زہر آبدار نکالی ہاتہ مین تولکی سر اقدس مکرم پر ضرب لگائی
قضا و قدر سی بارہ وہان پڑی جہان عمرو بن عبد ود کی سیف لگی تہی ثم اخذت الضربۃ
الی مفرق راسہ الی موضع السجود پس ٹوٹی دست جفا سی وارکو تان کی ایسا کہینچا

کہ دنبالۂ شمشیر نے فرق سے پیشانی تک دو پارہ کیا فلما احس الامام بالضرب لم یتأوہ
وصبر واحتسب ووقع علی وجهه ولیس عنده احد قائلاً بسم الله
وبالله وعلی ملة رسول الله ہر گاہ زخم کا صدمہ جانکاہ ولایت پناہ کو پہنچا
آہ نہ کی تحمل وصبر میں دل مضبوط رکھا سر انور سے کہ چشمہ سار فضل وکرم تھا خون مانند فوارہ کی
اوبلا رکن ایمان قبلہ کیطرف یہ کہتی ہوئی جھکی جا نماز پر شاہ اولیا منہ کی بل گری بالین مبارک پر
کوئی نتھا جو سر گذشت محنت کہیں سامنی کچھ نظر نہ آیا کہ اوسپر تکیہ لگائی رہیں جب گردن
سرور بار شہادت سے جانب کعبہ خم ہوئی بسم الله وبالله علی ملة رسول الله یہ عبارت پڑہی
ثم صاح وقال قتلنی ابن ملجم ورب الکعبة ایها الناس لا یفوتنکم ابن
ملجم پہر فرمایا بخدای کعبہ کہ ابن ملجم نے مجھے مارا ای حاضرین تمہاری ہاتھ سے جانی نپائی قال فجال
وسار السم فی راسه وبدنه وهو فی محرابه یشد الضربة ویاخذ التراب
ویضعه علیها اثر زہر ساری بدن میں سرایت کر گیا سر تا قدم اعضا کی طاقت نے جواب دیا
محراب میں امام رہنما زخم کو ہاتھ سے تھامتے لہو بند کرنیکو مشت خاک اوٹھاکی اوسپر ڈالتے

ثم تلا قوله تعالی منها خلقناکم وفیها نعیدکم ومنها نخرجکم تارة اخری
اوس حجت اور کلام الله ناطق نے شان ونزول بلا کو رحل سر پر لیا اور صورت صبر ورضا میں
اس آیت کو تلاوت کیا ثم قال علیه السلام جاء امر الله وصدق رسول الله
پہر فرمایا قضا وقدر الہی کا امر آیا اور جو رسول خدا نے وعدہ کیا تہا پورا پایا ثم انه ضربه
الملعون ارتجت الارض وماجت البحار والسماوات واصطفقت ابواب
الجامع پس جب اوس بیدین کی تلوار چلی تہی زمین کانپتی تہی اور ہلتی تہی دریاؤں کو موج
اور جوش وخروش سے تلاطم ہوا ساتون فلک تہرائی انقلاب انجم ہوا دروازی مسجد کی باہم ٹکرائی

١٣٥

ثم قال لها رسول الله یا فاطمة لعلی ثمانیة
وتزویجه فاطمة وسبطاه الحسن والحسین
وامره بالمعروف ونهیه عن المنکر وقضاؤه
بکتاب الله یا فاطمة انا اهل بیت اعطینا
سبع خصال لم یعطها احد من الاولین
ولا یدرکها احد من الآخرین نبینا
خیر الانبیاء وهو ابوک ووصینا خیر الاوصیاء
وهو بعلک وشهیدنا خیر الشهداء وهو
عم ابیک حمزة ومنا من له جناحان یطیر بهما
فی الجنة حیث شاء وهو جعفر ابن عمک
ومنا سبطا هذه الامة وهما
ابناک ومنا والذی نفسی بیده
مهدی هذه الامة الذی
یصلی خلفه عیسی بن مریم ثم ضرب
علی منکب الحسین فقال من هذا مهدی
هذه الامة

مجلس تیسری فضائل اور شہادت امیر المومنین علیہ السلام

دنیا اور ما فیہا کی لوگ گھبرائی فَلَمَّا سَمِعَ النَّاسُ الضَّجَّةَ ثَارَ اِلَيْهِ كُلُّ مَنْ كَانَ فِي الْمَسْجِدِ
ثُمَّ اَحَاطُوا بِاَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ خلایق نی جو آواز جانگداز سنی تو حاضرین مسجد دوڑی
روتی پیٹتی چارطرف امیر المومنین کی ہجوم آور ہوئی وَصَارُوا يَدُوْرُوْنَ وَلَا يَدْرُوْنَ
اَيْنَ يَذْهَبُوْنَ عَنْ شِدَّةِ الْبُكَاءِ وَالدَّهْشَةِ لوگ سب گھبرائی ہوئی ادہر اودہر
بہی پہرتی بکثرت رقت اور دہشت مین اوپر تلی گرتی وَهُوَ يَشُدُّ رَاْسَهُ بِمِئْزَرِهِ وَالدَّمُ
يَجْرِيْ عَلٰى وَجْهِهٖ وَلِحْيَتِهٖ وَقَدْ خُضِبَتْ بِدِمَائِهٖ دیکہا اوس جناب نی فرقِ
فرقد ساصابی محکم باندہا ہی خون کا جوش نہین ٹہرتا منہہ پر اور محاسن مبارک سی بہاتی جبا
پوچہتی ہین پہر قطرہ قطرہ مانند لعل ٹپکانی نکلتا ہی ریش مقدس کو خضاب کیا زمین پر ٹپکتا ہی
وَضَجَّتِ الْمَلَائِكَةُ فِي السَّمَاءِ بِالدُّعَاءِ وَهَبَّتْ رِيْحٌ عَاصِفٌ سَوْدَاءُ مُظْلِمَةٌ
راوی کہتا ہی ملائکہ نی نالہ وفغان مین دعای رنج خوف مانگی ہوای تیرہ وتاریک غبار وگرد بہری چلی
وَنَادٰى جَبْرَئِيْلُ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ بِصَوْتٍ يَسْمَعُهُ كُلُّ مُسْتَيْقِظٍ تَهَدَّمَتْ
وَاللّٰهِ اَرْكَانُ الْهُدٰى وَانْطَمَسَتْ وَاللّٰهِ نُجُوْمُ السَّمَاءِ وَاَعْلَامُ التُّقٰى وَانْفَصَمَتْ
وَاللّٰهِ الْعُرْوَةُ الْوُثْقٰى جبرئیل نی درمیان زمین وآسمان ایسی فریاد وزاری کی جو ہر ایک
جاگتی اور سوتی نی وہ بیقراری سنی واللہ ارکانِ ہدایت اسدم توٹی اور نشانِ تقوی او
پرہیزگاری ہاتہہ سی چہوٹی ستاری فلکِ دین واسلام کی چہپی محکم رشتہ ایمان تونکی ہا بود ری
قُتِلَ ابْنُ عَمِّ الْمُصْطَفٰى قُتِلَ الْوَصِيُّ الْمُجْتَبٰى قُتِلَ عَلِيُّ نِ الْمُرْتَضٰى قَتَلَهُ شَقِيُّ
الْاَشْقِيَاءِ ابن عمِ محمد مصطفی اور وصی خیر الوری کو اسدم شہید کیا علی مرتضی کو شقی ترین
اشقیا نی نا زمین مار لیا وَلَمَّا سَمِعَتْ اُمُّ كُلْثُوْمٍ نَعْيَ جَبْرَئِيْلَ فَلَطَمَتْ عَلٰى
وَجْهِهَا وَخَدِّهَا وَشَقَّتْ جَيْبَهَا وَصَاحَتْ وَا اَبَتَاهُ وَا عَلِيَّاهُ وَا مُحَمَّدَاهُ

تیسری مجلس شہادت امیر المومنین علیہ السلام

راوی کہتا ہی جبدم سی جناب امیر مسجد مین تشریف لائی تہی ام کلثوم اور زینب خاتون کی دلمین سو طرحکی وسوسی آئی تہی گہر کی اندر اور صحن مین مضطرب ہوتی پہرتین اور اکی باتین بیقراری اور یاس پدر کی باہم کرتین ناگاہ صدای نوحہ جبرئیل آسمان وزمین کی درمیان سی آئی کہ ستید اولیائی ایک شقی کی ہاتہہ سی ضربت کہائی ام کلثوم نی یہ کلام سنکی بیتابانہ جوش حسرت مین رو دیا رخ پر طمانچی مار کی منہہ اور سر اپنا پیٹ لیا گریبان پہاڑا حال اپنا غیر بنایا ہای بابا واعلیا واحمدا کہکی شور مچایا ثُمَّ اَقْبَلَتْ اِلٰی اَخَوَیْہَا الْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ فَاَیْقَظَتْہُمَا وَقَالَتْ لَہُمَا لَقَدْ قُتِلَ اَبُوْکُمَا اپنی دونو بہائی حسنین کو بالین پر جاکی خواب سی اوٹہایا کہا دوڑو جلدی خبر لو ہماری تمہاری والد کو مار ڈالا واحسرتا اولاد علی سب یتیم و بی پدر ہوئی اب زمانی مین بی وارث اور رہ گئی فَقَامَا یَبْکِیَانِ فَقَالَ لَہَا الْحَسَنُ یَا اُخْتَاہُ کُفِّیْ عَنِ الْبُکَاءِ حَتّٰی نَعْرِفَ صِحَّۃَ الْخَبَرِ کَیْلَا تَشْمَتَ الْاَعْدَاءُ حسنین روتی ہوی بستر سی اوٹہی ضبط شور و شین مین دلاسا دیکی بولی ای بہن ذرا رقت کو تہام لو تا کہ خبر صحیح ہمکو حقیقت سی دریافت ہو اعدا بیقراری پر طعنہ نہ دین بی وجہ زاری سی شماتت نکرین بابا کی پاس ہم جاتی ہین جو حال گذرا ہی وہ دیکہہ آتی ہین فَخَرَجَا فَاِذَا النَّاسُ یَنُوْحُوْنَ وَیُنَادُوْنَ وَا اِمَامَاہُ وَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ قُتِلَ وَاللّٰہِ اِمَامٌ عَابِدٌ لَمْ یَسْجُدْ لِصَنَمٍ قَطُّ کَانَ اَشْبَہَ النَّاسِ بِرَسُوْلِ اللّٰہِ پس شتاب اور پریشان بیتاب طرف مسجد قدم بڑہائی راہ مین لوگ سراسیمہ اور گریان پائی فریاد زنان شیون اور نوحہ کرتی واعلیاہ ہای آقا زاری سی کہتی دریغا ایسی امام عابد کو قتل کا آزار دیا جسنی کبہی سجدہ اصنام الجبار نہ کیا رسولخدا کا شبیہ بی مثال تہا خلق زمانہ مین نیکی سی مالامال تہا فَلَمَّا سَمِعَ الْحَسَنُ وَالْحُسَیْنُ صَرَخَاتِ النَّاسِ نَادَیَا وَا اَبَتَاہُ

سعید الخدری قال سمعت رسول اللہ
یقول ایہا الناس قد ترکت فیکم
الثقلین خلیفتین ان اخذتم بہما
لن تضلوا بعدی احدہما اکبر من الآخر
کتاب اللہ حبل ممدود من السماء
الی الارض وعترتی اہل بیتی وانہما
لن یفترقا حتی یردا علی الحوض قال
سفیان اہل بیتہ ہم ورثۃ علمہ

تیسری مجلس شہادت امیرالمومنین علی علیہ السلام

فَوَاعَلِيَاهُ لَيْتَ الْمَوْتَ اَعْدَمَنَا الْحَيَاةَ جب یہ بین اور شور و شین حسنین نی سنی شدت غم سی
بیچین ہوی الم درد مین سر دہنی بی اختیار بولی کاش اسوقت موت نی ہمین فنا کیا ہوتا جوش قلق مین
زادہ خیر النساء ہیں جسکو امت میں تمنے امانت سونپا فَاشْهَدْ عَلَيْهِمْ يَا نَبِيَّ اللهِ اِنَّهُمْ خَذَلُوْنِيْ وَضَيَّعُوْنِيْ وَلَمْ يَحْفَظُوْنِيْ وَهٰذِهٖ شَكْوَايَ اِلَيْكَ حَتّٰى اَلْقَاكَ پس گواہ رہنا یا نبی اللہ کہ تمہاری اہل امت نے مجھے بہت ستایا جور و جفا سے روندا عزت اور حرمت کو میرا میں ضایع اور برباد ہوا مرتبہ رحمت کا بحضور نہ سمجہا آپکی قرابت کا کچہہ لحاظ اعدا نے منظور نہ کیا یہ تھوڑا سا شکوہ ہے اونکی ایذا کا جو گذرا ہے باقی جب دم تمسے ملاقات کرونگا تو صدمات کا ماجرا سارا کہونگا قَالَ ثُمَّ قَامَ فَصَفَّ قَدَمَيْهِ فَلَمْ يَزَلْ رَاكِعًا وَسَاجِدًا راوی ناقل ہے بعد ادای کلام وہ امام عبادت کی نیت سے کہڑے ہوے خضوع اور خشوع سے متصل رکوع اور سجود کو نماز میں کرتے رہے قَالَ وَاَرْسَلَ الْوَلِيْدُ اِلٰى مَنْزِلِ الْحُسَيْنِ لِيَنْظُرَ اَخَرَجَ مِنَ الْمَدِيْنَةِ اَمْ لَا ولید نے اپنا آدمی امام حسین علیہ السلام کی بیت الشرف کو دریافت حال میں بہیجا تا خبر دے وہ حضرت شہر میں رہے یا کسی طرف کو سفر کیا فَلَمْ يُصِبْهُ فِيْ مَنْزِلِهٖ فَقَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَخْرَجَ وَلَمْ يَبْتَلِيْنِيْ بِدَمِهٖ وہ خادم جا کے پہر آیا اور کہا میں نے سبط رسول کو مکان میں نہیں دیکھا ولید نکی بہت خوش ہوا بولا شکر اور احسان اوس خدا کا ہے جسنے حسین کو سلامت مدینہ سے باہر نکالا مجھے اونکی خون میں نہ ہونے دیا مبتلا قَالَ وَرَجَعَ الْحُسَيْنُ اِلٰى مَنْزِلِهٖ عِنْدَ الصُّبْحِ رات بہر وہ نور نظر خیر البشر ذکر اور مناجات بجالائے قریب صبح شاہ امم اپنی منزل اشرف میں پہر آئے فَلَمَّا كَانَتِ اللَّيْلَةُ الثَّانِيَةُ خَرَجَ اِلَى الْقَبْرِ اَيْضًا جس ہنگام میں دوسری شب ہوئی اور پاسبانوں کی آنکہہ نیند سے لگ گئی پہر قبلۂ انام حرم سرا سے باہر نکلے قبر نبی کرام کی بالین پر پہنچے و صلی رَكَعَاتٍ فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ صَلٰوتِهٖ جَعَلَ يَقُوْلُ کئی رکعت نماز پڑہی جب فراغت پائی درگاہ خدا میں ہاتہہ اوٹہا کے یہ دعا سنائی اَللّٰهُمَّ هٰذَا قَبْرُ نَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ وَاَنَا ابْنُ بِنْتِ نَبِيِّكَ وَقَدْ حَضَرَنِيْ مِنَ الْاَمْرِ مَا قَدْ عَلِمْتَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اُحِبُّ الْمَعْرُوْفَ وَاُنْكِرُ الْمُنْكَرَ

چھٹی مجلس عزم روانگی الشہید اور تذکرہ وداع تربت رسول خدا علیہ وآلہ السلام

وَاَنَا اَسْاَلُکَ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ بِحَقِّ الْقَبْرِ وَمَنْ فِیْهِ اِلَّا اخْتَرْتَ لِیْ مَا هُوَ لَکَ رِضًی وَلِرَسُوْلِکَ رِضًی اے خدا یہ تیری پیغمبر کی قبر مطہر ہے جسپر آشفتہ سر ہون اور مین اوسکا پسر نور نظر عازم سفر ہون میری اور مرقد سے فراق نہایت دشوار ہوا تو جانتا ہے کہ اعدا کا زغہ بیشمار ہوا پس مہیا فرما وہ سامان جسمین تیری رضا ملی اور تا ایسی راہ جو رسول کی خوشی سرا پا کلی قَالَ ثُمَّ جَعَلَ یَبْکِیْ عِنْدَ الْقَبْرِ حَتّٰی اِذَا کَانَ قَرِیْبًا مِنَ الصُّبْحِ راوی کہتا ہے کہ حضرت کلمات کو ذکر فرماتی اور قبر انور پر سنہ رکھی روتی جاتی تا کہ آثار صبح نمودار ہوی اور چادر ظلمت کی تار بکھرنی لگی وَضَعَ رَاْسَهٗ عَلَی الْقَبْرِ فَاَغْفٰی فَاِذَا هُوَ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ قَدْ اَقْبَلَ فِیْ کَتِیْبَةٍ مِنَ الْمَلَائِکَةِ عَنْ یَمِیْنِهٖ وَعَنْ شِمَالِهٖ وَبَیْنَ یَدَیْهِ اوسوقت نانا کی تربت سی تکیہ اسید و بیم لگا یا غنودگی مین آنکھونکو بند کیا سر تسلیم جھکایا ناگاہ رسول اللہ اونکی قرین مزار سی تشریف لائی فرشتونکی غول یمین و یسار اکی پیچھے گھیری آی حَتّٰی ضَمَّ الْحُسَیْنَ اِلٰی صَدْرِهٖ وَقَبَّلَ بَیْنَ عَیْنَیْهِ فرط شوق مین اکی بڑی امام حسین علیہ السلام سی ملی یہان تک جو سینہ سی لگا کی پیشانی کی بوسی لیی وَقَالَ حَبِیْبِیْ یَا حُسَیْنُ اَرَاکَ عَنْ قَرِیْبٍ مُرَمَّلًا بِدِمَائِکَ مَذْبُوْحًا بِاَرْضِ کَرْبٍ وَبَلَاءٍ مِنْ عِصَابَةٍ مِنْ اُمَّتِیْ فرمایا اے روشنی چشم دل کی چین پیاری نواسے نانا کی یا حسین وہ دن قریب ہی کہ تجھی اپنی لہو مین ڈوبا خاک پر لوٹتا دیکھون اور اوتہان زمین محنت اور بلای کربلا مین امت اشقیا کی ہاتھ سی سر کٹا پاون وَاَنْتَ مَعَ ذٰلِکَ عَطْشَانُ لَا تُسْقٰی وَظَمْاٰنُ لَا تُرْوٰی اوس حال مین تو پیاسا ہو کوئی پانی ندی مانند مچھلی کی تڑپتا ہی ایک رحم دل خبر نہ لی حَبِیْبِیْ یَا حُسَیْنُ اِنَّ اَبَاکَ وَاُمَّکَ وَاَخَاکَ قَدِمُوْا عَلَیَّ وَهُمْ مُشْتَاقُوْنَ اِلَیْکَ اے آرام جان یا حسین بدرستی کہ تیری والد اور مادر و

رای الحصین بن نمیر وکان علی الرماة فصاح اصحاب الحسین علیه السلام بالنبل ورشقوهم فلم یلبثوا ان عقروا خیولهم وجرحوا الرجال منهم وارجلوهم واشتد القتال بینهم ساعة وجاء شمر بن ذی الجوشن لعنه الله فی اصحابه فحمل علیهم زهیر بن القین فی عشرة رجال وکشفوهم عن البیوت وعطف علیهم شمر فقتل من القوم ورد الباقین الی مواضعهم وکان القتل یبین فی اصحاب الحسین علیه السلام لقلة عددهم ولا یتبین فی اصحاب عمر بن سعد لکثرتهم وکثر القتل فی اصحاب الحسین علیه السلام ثم زالت الشمس فصلی الحسین علیه السلام باصحابه صلوة الخوف وتقدم سعد بن حنظلة الشامی بین یدی الحسین علیه السلام فنادی اهل الکوفة یا قوم انی اخاف علیکم مثل یوم الاحزاب یا قوم انی اخاف علیکم یوم التناد یا قوم لا تقتلوا حسینا فیسحتکم الله بعذاب وقد خاب من افتری ثم تقدم فقاتل حتی قتل رحمه الله وتقدم بعده شوذب مولی شاکر فقال السلام علیک یا ابا عبد الله ورحمة الله وبرکاته استودعک الله ثم قاتل ولم یزل یتقدم رجل بعد رجل من اصحابه فیقتل حتی لم یبق مع الحسین علیه السلام الا اهل بیته خاصة فتقدم ابنه علی بن الحسین علیه السلام وکان من اصبح الناس وجها وله یومئذ بضع عشر سنة فشد علی الناس وهو یقول انا علی بن الحسین بن علی نحن وبیت الله اولی بالنبی تالله لا یحکم فینا ابن الدعی ففعل ذلک مرارا واهل الکوفة یتقون قتله فبصر به مرة بن منقذ العبدی لعنه الله فطعنه وصرعه واحتواه القوم فقطعوه باسیافهم فجاء الحسین علیه السلام حتی وقف علیه فقال قتل الله

چہٹی مجلس عشرۂ محرم روانگی سید الشہدا مدینہ سی او وداع قبر نبی وخبر کلمات رسول اپنی اہلبیت سی

برادر میری پاس آئی ہین وہ سب مشتاق ملاقات انتظار مین کہڑی ہدیہ سلام لائی ہین۔
وَاِنَّ لَکَ فِی الْجِنَانِ لَدَرَجَاتٍ لَنْ تَنَالَهَا اِلَّا بِالشَّهَادَةِ تیری واسطی بہشت مین
ایسا بڑا درجہ رکہا ہی کہ اوسکو بدون شہادت کی پا نہین سکتا ہی فَجَعَلَ الْحُسَیْنُ فِی مَنَامِهٖ
یَنْظُرُ اِلٰی جَدِّهٖ وَیَقُوْلُ یَا جَدَّاهُ لَا حَاجَةَ لِیْ فِی الرُّجُوْعِ اِلَی الدُّنْیَا فَخُذْنِیْ
اِلَیْکَ وَاَدْخِلْنِیْ مَعَکَ فِیْ قَبْرِکَ امام حسین عالم رؤیا مین جد بزرگوار کو دیکہتی ہی
اور یہ کلام حسرت انجام عرض کرتی ہی ای نانا مجہی اب دنیا مین جانا گوارا نہین اس مصیبت مین
زندگی فانی کا مزہ نہین نظر توجہ سی اپنی دیکہو میرا ہاتہہ پکڑو اپنی قبر مین داخل کر لو جوار رحمت مین
رکہو فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ لَا بُدَّ لَکَ مِنَ الرُّجُوْعِ اِلَی الدُّنْیَا حَتّٰی تُرْزَقَ الشَّهَادَةَ
وَمَا قَدْ کَتَبَ اللّٰهُ لَکَ فِیْهَا مِنَ الثَّوَابِ الْعَظِیْمِ رسولخدا نی فرمایا ای حسین دنیا مین رہنی
اور بلا سہنی کی لئی ضرور تم جاؤ تا شہادت اور جو مرتبہ عظیم ثواب کا خدا نی اوس وعدی پر بہنچہ کیا ہی
وہ پاؤ قَالَ فَانْتَبَهَ الْحُسَیْنُ مِنْ نَوْمِهٖ فَزِعًا مَرْعُوْبًا راوی کہتا ہی کہ وہ جناب خواب سی
دہشت اور ہراس مین جاگی آمادہ ہوی واقعہ شہادت اور مصیبت کربلا کی فَقَصَّ رُؤْیَاهُ
عَلٰی اَهْلِ بَیْتِهٖ پس امام حسن وبشر با چشم تر اور دل مضطر گہر مین تشریف لائی عالم رؤیا کا
قصہ حسرت زدہ بہن بہائی اور فرزندونکو سنائی فَلَمْ یَکُنْ فِیْ ذٰلِکَ الْیَوْمِ فِیْ مَشْرِقٍ وَلَا
مَغْرِبٍ قَوْمٌ اَشَدُّ غَمًّا مِنْ اَهْلِ بَیْتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ عجب طرحکا غم اور الم اونپر طاری ہوا
گویا روز عاشورا کا صدمہ اونکو دکہائی دیا فرط الم سی پارای ضبط اور قرار نرہا سب عورت
اور مردونی رقت وزاری مین حال تباہ کیا مشرق اور مغرب مین کوئی مکان عزا و بکا ہنو کا ایسا
جس شدت سی گہر مین اہلبیت کی اوس روز غم اور ماتم کا چرچا پہیلا قَالَ وَتَهَیَّاَ الْحُسَیْنُ وَ
الْخُرُوْجَ مِنَ الْمَدِیْنَةِ راوی کہتا ہی کہ سید الشہدا نی اندیشۂ جور وجفا سی اعدا کی ہجرت

چھٹی مجلس تذکرہ وداع سید الشہدا قبر فاطمہ زہرا و حسن مجتبیٰ علیہما السلام سے

وطن کا ارادہ کیا اور بحکم قضا و قدر سامان سفر اوٹہا لیا روضہ احمد کو داغ فراق دیا و مضی فِی جَوفِ اللَّیلِ اِلیٰ قَبرِ اُمِّہٖ فَاطِمَةَ الزَّہرَاءِ فَوَدَّعَہَا جب سائبان ظلمت کا صحن مابین بچہایا امام حسین علیہ السلام نی والدہ فاطمہ زہرا کی مزار پر قدم رکہا بعد تقبیل سی لپٹی واسطے وداع کی روتی رہی پھر مناسب مقام زبان حال سی گویا ایسی کلام کہی ای مادر گرامی تمہین میری محبت مین ذرات قرار نہ ترپا ملاحظہ رنج و محنت سی یارای صبر نہو تا دل زار تڑپتا دیکہو کہ بعد پدر اور برادر ہمپر کیا مصیبت کی پہاڑ توٹی ہین نرغہ اعدا سی گہر بار سنہ را اور اقربا سب چہوٹی ہین رسول باری نانا کی مزار سی حسرت مین جدائی ہی تمہاری تربت اور بہائی حسن کی قبر سی دور ہونا آفت کی چڑہائی ہی اس موسم طوفان مخالف مین وطن سی مجبور جاتا ہون اپنی بہائی بہن زینب اور ام کلثوم بیٹی سکینہ کو بہی سفر مین ساتہہ پہراتا ہون کیا کرون علی اصغر طفل شیرخوار متحمل صدمات راہ کا نہین ہماری اہلبیت کی چہوٹی بڑون کو دشت و کوہ و صحرا مین پناہ نہین ثُمَّ مَضیٰ عَلَیہِ السَّلَامُ اِلیٰ قَبرِ اَخِیہِ الحَسَنِ عَلَیہِ السَّلَامُ فَفَعَلَ ذٰلِکَ اوس بقعہ طاہرہ سی محزون اور دیدہ پرخون باہر نکلی روضہ برادر بزرگوار حسن مجتبیٰ مین جا کی قبر سی لپٹی برسم وداع یہ کلمات زبان حال پر لائی نالہ ہذا فراق بینی و بینک ایسا کیا جو درد دلوا تہرائی ملا علی نقی بروجردی نی حکایت سوز و گداز کہی ہی اپنی کتاب عین البکا مین سند سی کہ جب امام حسین علیہ السلام سب مزاروں سی بکمال شور و شین رخصت ہوی اپنی بیت الشرف کو پہری تدارک سفر مین وطن سی ہجرت کی مستعد رہی سرور انام کی ایک چہوٹی بیٹی فاطمہ نام اون دنون مین بہت مریض ہو رہی تہی سات برس کی عمر مین تہوڑی ایام پیشتر ماں بہی دار دنیا سی گذر گئی تہی وہ صغیرہ زار و وا زار مین بیماری اور بی مادری کی آتش فراق گرفتار اور لیل و نہار سوز حسرت سی مثال شمع اشکبار حمی محرقہ مین منہہ خشک لب پر تبخالہ صدمہ درد سر سی چہرہ زرد جی نڈہال جسم نازک ناتوان

والعسل من اهل بيته فقال
عنه فقتل مع القاسم بن
الحسن بن علي بن ابي طالب
عليه السلام ثم جلس الحسين
عليه السلام امام الفسطاط فاتي
ابنه عبد الله بن الحسين
عليه السلام وهو طفل فاجلسه
في حجره فرماه رجل من بني
اسد بسهم فذبحه فتلقى الحسين
عليه السلام دمه فلما ملأ كفه
صبه في الارض ثم قال رب ان تك
حبست عنا النصر من السماء فاجعل ذلك لما هو خير
وانتقم لنا من هؤلاء الظالمين ثم حمله حتى وضعه
مع قتلى اهله ورمى عبد الله بن عقبة الغنوي
ابا بكر بن الحسن بن علي بسهم فقتله فلما رأى
العباس بن علي كثرة القتلى في اهله قال لاخوته
من امه وهم عبد الله وجعفر وعثمان يا بني امي تقدموا
حتى اراكم قد نصحتم لله ولرسوله فانه لا ولد لكم
فتقدم عبد الله فقاتل قتالا شديدا فاختلف
هو وهاني بن ثبيت الحضرمي ضربتين فقتله
هاني وتقدم بعده جعفر بن علي فقتله ايضا هاني
وتعمد خولي بن يزيد الاصبحي عثمان بن علي
وقد قام مقام اخوته فرماه بسهم فصرعه وشد
عليه رجل من بني دارم فاحتز رأسه
وحملت الجماعة على الحسين عليه السلام فغلبوه
على عسكره واشتد به العطش فركب المسناة
يريد الفرات وبين يديه اخوه العباس
فاعترضه خيل ابن سعد وفيهم رجل من بني دارم
فقال لهم ويلكم حولوا بينه وبين
الفرات ولا تمكنوه من الماء فقال الحسين
عليه السلام اللهم اظمئه فغضب الدارمي
ورماه بسهم فاثبته في حنكه فانتزع
الحسين عليه السلام السهم وبسط يديه
تحت حنكه فامتلأت راحتاه
بالدم فرمى به ثم قال اللهم اني اشكو
اليك ما يفعل بابن بنت نبيك ثم
رجع الى مكانه واشتد به العطش
واحاط القوم بالعباس فاقتطعوه
عنه فجعل يقاتلهم وحده حتى

چھٹی مجلس مدینہ سی عزم روانگی سید الشہدا بروایت عین البکا وداع فاطمہ صغرا

شال تشریح پوست اور استخوان صوت گذران مین زندگی وبال جان روز وشب فرقت رنجور اندوہ وتعب سی مادر کی فراق مین ناصبور باپ اور بہائی کی وصال سی تسکین پاتی پہوپہی کی ملاقات مین اپنی جی کو بہلاتی واسطی تسلی کی ہر وقت شاہدین اوسکو چہاتی سی لگاتی دامن محبت مین رات کو ارام سی سلاتی ہشہوہی چہوٹی بچی کو علاقہ الفت کا بدر کی طبیعت مین پدر اور مادر سی بڑہتا ہی اپنی پالنی والون سی نیچ اور محنت مین ایکدم کی جدائی پر ساہنا ہو تکا پڑتا ہی فاطمہ کو بہی والد بزرگوار سی موانست کمال تہی حضرت کی پاس دن رات رہنی مین راحت سی مالا مال تہی زانوی پدر کو بالین فرحت کا تکیہ جانتی خوشبوی صحبت کو دماغ صحت کا نخلہ پہچانتی تبرید معتدل اوسکی مزاج کو شربت دیدار تہا قدم عیادت سی سرور کی پاشویہ بخار تہا لاکن اس آفت کی خبر نتہی کہ دست قضا جدائی پر مائل ہو کی انتھا نکریگا چہوٹی عمر مین بڑی مصیبت کی بار اوٹہانی کو دیکا عنقریب آغوش مرحمت سی بابکی بہی کنار تہای کا اور تپ سوزان مین جلانی سی علاوہ عزیز واقربا کا نایرہ فراق دکہائیگا امام حسین علیہ السلام نی ہرگاہ عزم سفر کو جزم ٹہرایا صبیہ مرضیہ کی وداع کو بالین فاطمہ پر قدم بڑہایا جسدم نظر حضرت اوس نور چشم علیلہ کی جانب پڑی بی اختیار آنکہون سے آنسو بہی اور لگی جہڑی عالم تصور مین فاطمہ کی بیکسی کا نقشہ دیکہا خالی گہر مین در و دیوار پر سر پٹکنی کا خیال بندہا کہ شوق ملاقات مین بیتابی سی وہ گہبرائیگی زمان انتظار مین قاصد اور نامہ وصال در وازی سی باہر جاتیگی وہ معصومہ رقت حضرت سی اپنی طرف بد مظنہ ہوی کہ شاید بیماری کی طول سی اب مدت زیست باقی نرہی عرض کی باباجان پیشتر جو تم عیادت کو میری آتی تہی مجہی ہنکی بجرت اور تپ درد سر کی شدت مین تسلی فرماتی تہی اسدم کیا باعث ہی کہ دیکہتی ہی یون روتی ہو آہ سرد بہرتی ہوش اور حواس میری کہوتی ہو شاید تمہر کہل گیا اس عارضہ سی مین

چوتھی مجلس مدینے سے عزم روانگی سید الشہدا وداع فاطمۂ صغرا

سست نہ پاؤنگی قرینۂ حال سے تصین جانا کہ اب جلدی مرجاؤنگی کمی زندگانی مرگِ نوجوانی پرانکو
حسرت ہے بزید الفت مین بیقراری سے یہ جوشِ رقت ہے اے واقفِ آشکارا و پنہان اگر وہی ہی
سبب ہے تو مجھی اسکی خوشی اور عینِ مطلب ہے ہزار مرتبہ میری جان انکی قدم پر نثار ہو خدا کرے اقربا کی
سلامتی مین اجل پرستار ہو بہت اس امر سے خوشحال ہون کہ انکے روبرو انتقال کرون آرزو ہی کہ
ہنگام نزع اپنے ہاتھ سے میری آنکھیں باندہو قبلہ رو لٹا کے یاسین پڑہو سامانِ غسل آمادہ کرو
ردا کے دامن سے کفن دو کافورِ حنوط چہرے کو بہائی سید سجاد اور علی اکبر کے ہمراہ نماز کو کہڑے ہو دوش
مبارک پر جنازہ اوٹہاو بقیع مین لیجا کے خاکِ جد پر سلاو مٹی ڈالکے چہوٹی سی تربت بناو ہزار ہزار
گلِ یاس چڑہاو آبِ رقت بہاو مگر امیدوار ہون میری قبر پر کبہی کبہی آیا کرو بہن سکینہ اور اخی علی اصغر کو
بہی لایا کرو سورۂ قران کی تلاوت سے روح کو ثوابِ نیاز بخشو ملکِ عدم جانے مین ذکرِ فاتحہ سے
میری یاد کو نہ بہولو جو یہ باعث ہی توشاد رہو غم نہ کہاو والادل کراہت نشرل کا مدعا اور وجہ بکا
بتاو امام حسین علیہ السلام نے زیادہ سر اشک بہاکے تاسف اور دریغ فرمایا ہاتھ بڑہا کے اوسکا
اپنی چہاتی سے لگایا کہا اے غریب کم نصیب مجہی سفرِ دور جانا ہے صدماتِ جانکاہ کو راہ اور گذر کی
اوٹہا تو بیمار اور مبتلاے ضعف و نقاہت ہے تحملِ محنت مین پردیس کی اندیشۂ ہلاکت ہی ابتدا
تا چار مدینہ مین ام سلمہ نانی کو سپرد کر جاونگا بعد از افاقۂ مرض اور حصولِ آرام اپنے پاس بلالونگا
اس کلام کی سماعت سے فاطمہ کے ہوش اور حواس جاتے رہے جو فی الجملہ طاقت اور توانائی تہی
وہ بہی گئی آنسو منہہ پر بہے کہا اے مولا تم جانتے ہو کہ مین بیمار ہون مرگِ والدہ سے ماتم دار اور بیقرار
ہون بعد از تمہاری پہوپہی زینب اور ام کلثوم دوائے علاج کو میرے اٹہا ئینگی طریقِ دلداری
اور پرستاری مین مجہی کب چین سے رکہین گی حضرت نے دخترِ مضطر کو جواب دیا وہ دو نوجوان تو
مینی ہمراہ لیا ہے فاطمہ نے عرض کی بہائیون مین یہان کسکو چہوڑا ہے اور چچا عباس خواہ عون جعفر سے

میری سفارش کیا کرتا ہے فرمایا وہ بھی تو سفر مین جائینگی شہر وطن مین مجال اقامت نہین پائینگی
اس کلام پیام اجل سی فاطمہ کی جان پر بن گئی فرط سنت اور زاری مین ہچکیان لینی لگی کہا ای
سب اہل حرم کو اپنی رفاقت مین قرین عزت کیا الا مجہہ بیمار و ناچار کو حقیر پا کی داغ فرقت دیا
اہل وطن اولاد پنجتن کی قدیمی دشمن ہین اکیلی گہر مین ایام دکہہ اور مصیبت کی و بال جان و تن ہین
اگر اس مرض سی فاطمہ مرجائی تو کون سامان کریگا خاک مذلت پر شاید جنازہ بی وارث پڑا رہیگا
حضرت نی تسلی دیکی فرمایا خاطر جمع رہنا غم تنہائی اور جدائی کو تہوڑی دن سہنا ہرگز نہ گہبرانا
جب ملک عراق مین پہنچون اور ارام پاؤنگا عباس خواہ علی اکبر کو تیری طلب مین بہیجونگا اوس وقت
کلام فاطمہ اور مقال امام سی رقت اہلبیت کا جوش اور خروش ہوا ہر ایک نی جدا جدا گلی لگایا
اور وداع حواس و ہوش کیا نظم المولفہ گہر سی جو نکلی سب وہ دین آستین فشان ۔ وہ ماجرا ہے
جسکا نہین ہو سکی بیان ۔ فریاد واہ و زاری و رقت کی تہی یہ دہوم ۔ جیسی کہ شاہ رسنی کو اوٹہتی ہی
جہوم جہوم ۔ لرزان وجود غم سی مزار بتول پاک ۔ حال رسول کیا کہون دامن کفن کا چاک ۔ شبیر
جان حیدر و زہرا و مصطفیٰ ۔ مرنی کو جای پیا سا یہ ہی چہٹنی کی جا ۔ روز وداع فاطمہ برہم مدینہ تہا

ناظم مثال حشر کی غل کا قیامت تہا

ساتوین مجلس تمہید کتاب حد یکا افترا قصا شعر اغرہ سفر سید الشہدا منا م ام سلمہ محمد حنفیہ ظعن

رباعی لکہون جو زبر صوت زر نبجائی ۔ تحریر کرون جو زم قسم نبجائی ۔ گردون مین صدف
گوشہ کی منہہ سی تشبیہ ۔ قطرہ جو صدف مین ہو گہر بنجائی ۔ رباعی معمور غم شاہ سی جو سینہ ہی
واللہ وہی سینہ بی کینہ ہی اوس شخص کا یہ مرتبہ ہی بعد فنا ۔ ہر خشت لحد غیرت آئینہ ہی
رباعی ایک ایک کو فردوس کا گلزار ملی ۔ عاصی کو بھی دوزخ کا نہ آزار ملی ۔ گر حشر مین ہو شفیع

ساتوین مجلس تذکرهٔ عزم سید الشہدا کے نکلنا وداع ام سلمہ ومحمد حنفیہ و بیان نخلہ کربلا

لطفِ حیدر، ڈھونڈہتو نہ پہچ کوئی گنہگار ملی، ہر عاصی گر سبط نبی کی مہربانی ہوجای + مردونکو نصیب زندگانی ہوجای، ڈرتی نہیں دوزخ سی ہواخواہِ حسین، سایہ ڈالین تو آگ پانی ہوجای + پیشخوانی لموٗلفہ شرب کی شور و شین سی برہم ہوا حجاز، پیر و جوان کی دل پہ کیا غم نی ترکتاز + اندوہِ سینہ جوش مین آ یا گیا نجیب، ہی اشک زیبِ دامن و رخسار کی طراز، سوسن کی آبرو ہی سرِ شک دو چشم تر + قرب خدا کا سوزِ الم ہی وسیلہ ساز، ہر گہر مین اہلبیت کی رقت کا ذکر ہی، شیون بکا مین فرض خموشی ہی احتراز، رونی مین عین طاعت حق کا ثواب ہی، خمس و زکوٰۃ و روزہ ہی حج ہی نماز + رتبہ مصیبتِ شہ بیکس کا دیکھہ لو، کعبہ سیاہ پوش عزادار بی نیاز، روحِ نبی و حیدر و زہرا کی آہ سی، رضوان ہی شغل نالہ مین گیسوی حور واز جبریل بیقرار نہو کس طرح سی جب، ماتم سرای قدس بنی عرش کا فراز + آیا نظر جو نوح کا طوفان اندنون خشکی مین ڈوبا آلِ رسالت کا ہی جہاز، سامانِ سوگواری گلگون قبا کرو، چھاتی کو پیٹو خاک بسر ہو جگر گداز + بزمِ جہان مین منصب ناظم ہوا و چند، خالق سی مدح خوانون مین پایا ہی امتیاز + تمہید بکا تنبیہ ار باب افترا حاضرین محفلِ عزا + جالسینِ منزل تولاّیہ صدق و یقین جانو ہرگز وسوسہ شیاطین کو نہ مانو، درگاہِ خدا مین سیدِ الشہدا کا مرتبہ بہت اعلاہی اور محب سلطانِ کربلا دارین مین برگزیدہ امتِ خیر الوریٰ جو شخص امام حسین علیہ السلام کی مصیبت مین روتا ہی شمولِ رحمتِ پروردگار موصولِ احمد مختار ہوتا ہی جب کوئی موزون طبع اونکی تعزیت سی شعر و نظم مرثیہ کہتا ہی سب خلقِ دنیا سی ائمہ اطہار کا مقبول اور باکرامت رہتا ہی ذاکرِ آلِ نبی کو امام برحق نی اپنا محسن اور مددگار فرمایا ہی مجلس مین فراہم ہوکی سرگذشت محن سننی کو ثواب عبادت سی زیادہ بتایا ہی مداح اور مرثیہ خوانِ شاہِ کربلا خدا کی پیاری ہین اونکی ثنا اور صفت مین ارشاد پیغمبر سی صدہا اشاری ہین کتاب لسانُ الذاکرین مین ملا ہادی نائینی لکھتی ہین کہ امام حسین نی بانِ حی

ساتوین مجلس تذکرہ عزم سید الشہدا مدینہ سی نکلنا اور مدحت مرثیہ گو شعرا

ترجمان سی یہ حدیث کہتی مَن قَالَ فِیْنَا بَیْتًا بَنَی اللّٰہُ تَعَالٰی بَیْتًا لَہٗ فِی الْجَنَّۃِ یعنی جو ہماری مدحت خواہ محنت پر ایک بیت سی گویا ہیکا خالقِ عالم اوسکی لئی عوض مین ایک گہر بہشت کا پیدا کریگا ایضًا مَا قَالَ مُؤْمِنٌ بِمَدْحِنَا شِعْرًا اِلَّا بَنَی اللّٰہُ لَہٗ مَدِیْنَۃً فِی الْجَنَّۃِ اَوْسَعَ مِنَ الدُّنْیَا سَبْعَ مَرَّاتٍ دوسری جا وارد ہوا فرمایا کوئی ناظم اور مؤمن ہماری واسطے شعر نہین کہتا ہی مگر یہ کہ خدا دو مصرع کی صلہ مین ایک شہر زمین بہشت پر بناتا ہی وہ سات مرتبہ برابر دنیا سی زیادہ ہوگا، اوسمین شاعر کا قیام بی تقطیع مدام ہوگا وَیَزُوْرُہٗ کُلُّ مُؤْمِنٍ مُخْلِصٍ وَمَلَکٍ مُقَرَّبٍ وَنَبِیٍّ مُرْسَلٍ مؤمنین خالص اور ملایکہ مقرب اور پیغمبران مرسل مادح کی زیارت کو اوس جا آئینگی تحیت اور سلام کی تحایف ثناخوانِ خیر الانام کو ردیف مرحبا سنائینگی مگر شگفتہ قافیہ عالی فکر کو لازم ہی غواصی بحرِ شہرت مین حدیث جعل اور قولِ زور کا مضمون موزونِ بہتان ہرگز نہ کہی اوپر خدا و رسول اور اپنی امام و اہلبیت کی افترا باندہنی سی بچتا رہی واسطی رولانیکی سامعین کو روایتِ نو تالیف اور تازہ عراق اور کربلا سی نہ منگائی واہ واہ کی خاطر خانہ دین بلکہ معمورہ اسلام اپنا اور حاضرین کا تباہ نہ بنائی جو عبارتِ جدید حاشیہ بیاض سے مولوی صاحب وغیرہ فضلا کی پائی اوسمین بنظرِ غور عصمت و رتبہ امامت کی مناسبت کو دیکھی آئی تو زبان پر لائی ورنہ فتح نامہ یزید نقل مقابلہ اور شکستِ ہر شہید تمہید تازہ بتازہ نو بنو جہان سے اوسکی صفحہ کتاب کو مرید ابی کذاب اور جو تقلید ملا در بندی پر ہوا اوٹھائی کیونکہ اس خطا سی آدمی کا دین اور دنیا مین جریدہ عمل سیاہ بلکہ قابلِ مواخذہ ہوتا ہی اہلِ خلاف کا دستِ طعنہ دراز کی دیتی کو اب ملامت سی اوسکو ہو عرقِ خجالت مین ڈوبتا ہی فحوائی کلامِ امام اور فتوای علمای فہام سے مناسب ملال حسب ابتہال ساتہہ زبانِ حال کی ذاکر کو پڑہنا شایان ہی جیسا کہ مضامین الہام اون شعرا کی جو روبروی اَیِمَّہ اَنام اپنی تصانیف کو پڑہتی رہی عیان ہی یا روجب زینہ منبر اور سطح

صبر اسی زیادہ گناہ جاے اشکِ عزا جب نکلتی یا مچھر کی پر سی برابر باہر نکلی دریای مغفرت بنی
عصیان کو بہاے محبتِ شاہِ ولایت کی ساتہہ اگر اقتضای بشریت سی کوئی مبتلای طغیان
ہوتا ہی البتہ جناب احدیت اوسکو مزید کرم اور امتنان سی عفو کرتا احسان کر دیتا ہی حکایت
رُوِیَ عَنِ ابْنِ دِعْبِلِ الْخُزَاعِی قَالَ اِذَا بَلَغَتْ رُوحُ اَبِی عِنْدَ التَّرَاقِی اِسْوَدَّ وَجْهُہٗ
ابن دعبل شاعر خزاعی سی یہ حکایت نقل کی ہی اور کتاب عاشر بحار مین بہی بسند صدق لکہی ہی اونہنی
کہا جب کہ آخر عمر مین باپکی مرنی کا وقت قریب ہوا سکرات موتکا صدمہ اوسپر سخت گذرا شدت
جان کا بہنہ اگلی مین اڑا زبان بند ہوئی سارا منہہ کالا پڑا وَکُنْتُ عَلٰی ذٰلِکَ کَئِیبًا قَلِقًا
مَهْمُومًا دَاعِیًا لَهُ بِالْمَغْفِرَةِ اوس حالت کی ملاحظہ سی مین بہت عمگین اور حزین ہا پدر کی
واسطی طلبِ امرزش مین مناجات کرتا گیا خلایق سی پنہان اپنی والد کو غسل دیکی کفن پہنایا جنازہ
مخفی اوٹہایا نماز پڑہکی قبر مین لٹایا وہ ماجرا کسیکو نہین جتایا اِذْ رَأَیْتُ اَبِی بَعْدَ اَیَّامٍ قَلَائِلَ
وَجْهُهٗ مُنِیرًا کَالشَّمْسِ الطَّالِعِ مُکْتَسِیًا بِاَفْخَرِ الْاَلْبِسَةِ اوسکو باہزار فکر اور اندوہ
سوتا تہا بعد اندک زمان عالمِ رویا مین اپنی باپ کو دیکہا اوسکا چہرہ آفتاب سا چمکتا اور قرین
شادمانی ہی بر مین لباسِ عمدہ بہت سفید اوسپر ایک ردای نورانی ہی فَقُلْتُ یَا اَبَتَاهُ مَا الَّذِی
اَرَاکَ عَلَی الرَّغْمِ مَا رَاَیْتُکَ عِنْدَ الْعَطَبِ مینی پوچہا ای بابا کیا عجب حال ہی تمہارا
مرتی وقت یہ صورت کالی دیکہی اور اس گہڑی وہ تیرگی باقی نہین ہی قَالَ یَا بُنَیَّ اِنَّمَا
اِسْوَدَّ وَجْهِی عِنْدَ النَّزْعِ جَزَاءً لِمَا شَرِبْتُ الْخَمْرَ وَکَسَبَتْ یَدَایَ بَعْضَ الْمُنْکَرِ
جواب دیا ہان ای فرزند ساعت مین سکرات کی میرا نقشہ بگڑ گیا اوسکا سبب یہ ہی کہ مینی زندگی مین
شراب کو بہت پیا یہ گناہ ہونیکی پاداش سی جو مرتکب کبائر ہوا تہا قبر مین بہی وہ سوادِ کردار میری
ساتہہ رہا اِذْ جَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ عَلٰی حَفْرِی وَخَاطَبَنِی

ساتوین مجلس تذکرہ عزم سید الشہدا مدینہ سے گلنار روایت دعبل کا حضور امام قصیدہ پڑہنا

پر رفقا ناگاہ محدین رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ نے بالین پہ قدم رکہا مزید لطف و مدارے
پکار کی مجہسے پوچہا اَنْتَ دِعْبِلُ تَرْثِیْ شُہَدَاءَ اَہْلِبَیْتِیْ تو دعبل خزاعی ہی کہ میری
شہدا اہلبیت کی مصیبت مین مرثیہ کہتا ہی اور سامعین کو وہ مین سنا کی حالِ ملال پر مدام
رولاتا رہتا ہی قُلْتُ نَعَمْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ مین خواب مین اس جواب سے شاد کام ہا
کہ ہان ای نبی رب علا دنیا مین یہی کام تہا میرا قَالَ اِرْثِ مَا قُلْتَ فرمایا کہ اوسکو پڑہکی سنا
جو تونی انشا کیا کلام اپنا قُلْتُ × لَا اَضْحَکَ اللّٰہُ سِنَّ الدَّہْرِ اِنْ ضَحِکَتْ × وَ اٰلُ اَحْمَدَ
مَظْلُوْمُوْنَ قَدْ قُہِرُوْا مینی یہ اشعارِ جانسوز بیان کئی بی تکلف روبروی حضرت
پکار کی پڑہی خدا خوشی نہ دی زمانی کو جب چاہی کہ شاد رہی افسوس اولادِ احمد کو ظلم اور ستم سے
وہ برباد کری مُتَرَّدِیْنَ نُفُوْا عَنْ عُقْرِ دَارِہِمْ × کَاَنَّہُمْ جَنَوْا مَا لَیْسَ یُغْتَفَرُ
جبر و تعدی مین اعدانی اونکو گہرسی باہر نکالا گویا ایسا گناہ اونسی ہوا کہ لائق بخشش کی نہ تہا
قَالَ دِعْبِلُ اَنَا اُنْشِدُ الْاَشْعَارَ وَ ہُوَ یَبْکِیْ بُکَاءَ الثَّکْلٰی دعبل نی کہا مینی اپنی
قصیدہ کی اشعار یونہین پڑہی پیغمبر خدا انکی مانندِ زنِ پسر مردہ روتی کہی اِلٰی اَنِ انْتَہَیْتُ
اِلٰی اٰخِرِ مَا قُلْتُ یہان تک جو مرثیہ مینی تمام کیا اور تکلم سے آرام لیا فَکَسَانِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ
تِلْکَ الْکِسْوَۃَ وَ شَافَعَنِیْ وَ عَاطَفَنِیْ وَ قَالَ مَرْحَبًا یَا دِعْبِلُ خیر الوری نی اپنی دوش
مبارک سی لبادہ اوتارا × وہ حلہ مغفرت برسم خلعت دستِ عنایت سی مجہی اوڑہایا درگاہِ احدیت مین
گناہو کی شفاعت سی آمرزش دلائی بلطف و کرم سی بہت تسلی کی شاباش فرمائی پس ای پسر
یہ نوید صوت دعای خلیفہ داور کا ظہور ہی اور درخشانی جامہ رحمت مین ملبوس اور عطیہ خیر البشر سے
سُو ہی اَیْضًا فِیْ اَخْبَارِ الْاَحْزَانِ عَنْ اَبِیْ ہَارُوْنَ الْمَکْفُوْفِ قَالَ دَخَلْتُ
عَلٰی اَبِیْ عَبْدِ اللّٰہِ عَلَیْہِ السَّلَامُ فَقَالَ لِیْ اَنْشِدْ فَاَنْشَدْتُہٗ کتاب اخبار الاحزان مین

ساتوین مجلس تذکرۂ عزم سید الشہدا مدینہ سے کلنا اور ایت دوجگہ کو سیر سے خصت ہونا اور ابی ہارون کا مرثیہ پڑہنا

ابی ہارون مکفوف مین روایت کی ہی کہ اس حکایت مین شعرا کو عجب تی فکر ہو جسا سبب سے
ملی ہی راوی کہتا ہی ایک روز اپنی مولا کا شوق غالب ہوا تو جعفر صادق علیہ السلام کی پاس گیا
حضرت نی جب مجہی دیکھا تو مرحبا فرمایا اور ارشاد کیا کچہ نظم حزن افزا سنا کہ دل بھر آیا مینی جو
کلام حضرت فرجام یاد تہا پڑہا اوب تمام سی امام کا منتظر تحسین رہا فقال لا کما تنشدون
وکما ترثیہ عند قبرہ کہا ای ابا ہارون شعر پڑہنا یون نہین چاہتا ہون بلکہ عرب سے
ویسا سنون اور قرین زاری وفغان رہون جو تم قبر امام حسین علیہ السلام پر بی تکلف شیون
کرتی ہو ذاکر اور سامع فراہم آتی نالہ و بکا سی پڑہتی آہ کا دم بھرتی ہو فانشدتہ امرر علی
جدث الحسین فقل لاعظمہ الزکیۃ یعنی گذر کر تربت امام حسین مظلوم پر اور ان کی
فاطمہ کو دی خبر قال فلما بکی امسکت انا راوی کہتا ہی جب اوس جناب کو مبتلای رقت کا
صدمہ ہوا مین لحاظ کی ماری خاموش حسرت زدہ رہا فقال مر فمررت پھر اشارہ کیا
اور میسر سامنی چند بیت کو زیادہ پڑہا ثم قال زدنی زدنی فانشدتہ بار دیگر یوں
مجہی رونی مین سیری نہین ملی اور پڑہا راوی کہتا ہی یعنی دوسرا قصیدہ شروع کیا جو مضمون تعزیت کا
دیا بہا یا مریم قومی واندبی مولاک وعلی الحسین فاسعدی ببکاک ای مریم مادر
بتول عذرا الحدسی اوٹہکی کہری ہو حسین شہید پر نوحہ و نالہ سی اشک جاری کر قال فبکی و
تہایج النساء قال فلما ان امسکن ابو ہارون سنتی ہی کہ حضرت بہت روتی رہی حرم سرا سے
شیون عورا کی خروش بلند ہوئی دیر تک اندر گہر کی ماتم سی غوغا اور شور مچا جب صدمۂ فزا مین
وہ جوش غم ٹہرا قال لی یا ابا ہارون من انشد فی الحسین فابکی عشرۃ ثم جعل
ینقص واحدا بعد واحد حتی بلغ الواحد فلہ الجنۃ پس ارشاد کیا ای ابا
ہارون جو شعر کہی مرثیہ امام حسین علیہ السلام کی بادل پر خون بکا مین لائی دس آدمی کو سامعین سے

ساتوین مجلس مذکرہ عزم شہید الشہدا مدینہ سے کلنا روایت فضیل کا حضور امام قصیدہ پڑھنا

پھر ایک رونیوالی کو قصہ کیا نہ مرہ حزین سے وہ جنت کا جیب اور قطعہ نعیم صلہ مین پای گا

نتیجہ طبع رسا قافیہ غفران کا ردیف دنیا سے جای گا قَالَ مَنْ اَنْشَدَ فِی الْحُسَیْنِ

شِعْرًا فَاَبْکٰی وَاحِدًا فَلَهُ الْجَنَّةُ پھر کہا اگر موزون کری واسطی ابی عبداللہ کی او نتہا

ایک شخص کو رولائی وہ بھی خلعت رضا جاگیر خلد سے لذت بی تقطیع اوٹھائی ثُمَّ قَالَ مَنْ

ذُکِرَ عِنْدَهُ فَبَکٰی فَلَهُ الْجَنَّةُ پھر بولی جو اپنی نظم سے آپ روئی وہ بھی فردوس مین داخل ہوئی

حُکِیَ عَنْ فُضَیْلِ بْنِ عَبْدٍ اَنَّهُ قَالَ دَخَلْتُ عَلَی الْاِمَامِ مُوسَی بْنِ جَعْفَرٍ عَلَیْهِمَا

السَّلَامُ فَقُلْتُ لَهُ یَا سَیِّدِیْ اِنِّیْ اُنْشِدُكَ قَصِیْدَةً جلد عاشر بحار مین فضیل ابن

عبد سے حکایت کی ہے اونسے کہا ایک دن اپنی امام موسی ابن جعفر علیہما السلام کی زیارت

ہوئی اونسے عرض کی ٹری تمنا مین آیا جو رخصت پاون تو قصیدہ پڑھکی حضور کو سناون

قَالَ اَجَلْ ثُمَّ اِنَّهُ عَلَیْهِ السَّلَامُ اَمَرَ بِسُتُوْرٍ فَسُدِلَتْ وَاَبْوَابٍ فَفُتِحَتْ

وَاَجْلَسَ حَرِیْمَهُ مِنْ وَرَاءِ السُّتُوْرِ فرمایا بہت اچھا اور خدام سے امر کیا پردہ ڈالین

اور دروازہ کھلوایا حرم محترم کو بلوایا اوسکی پیچھے ٹھایا پس عورات خبر ہو کی پشت حجاب

آئین مرثیہ جد بزرگوار کی مشتاق رہین ثُمَّ قَالَ اُنْشُدْ یَا فُضَیْلُ بَارَكَ اللّٰهُ فِیْكَ

مجھی اجازت دی بسم اللہ اب شروع کرو ای فضیل خدا برکت اور کرامت مین رکھی تجکو فَاَنْشَدْتُہ

قَصِیْدَةَ السَّیِّدِ الَّتِیْ اَوَّلُهَا لِاُمِّ عَمْرٍو بِاللِّوٰی مَرْبَعٌ مینی آواز بلند سے وہ ابیات کو

پڑھا جو سید اسماعیل نی کہا اور اول یہی اوسکا لِاُمِّ عَمْرٍو بِاللِّوٰی مَرْبَعٌ طَامِسَةٌ

اَعْلَامُهٗ بَلْقَعٌ فَلَمَّا بَلَغْتُ اِلٰی وَجْهُهٗ كَالشَّمْسِ اِذَا تَطْلُعُ وَسَمِعْتُ نَحِیْبًا

مِنْ وَرَاءِ السِّتْرِ وَ ذٰلِكَ بُكَاءُ اَهْلِ بَیْتِهٖ وَعِیَالِهٖ راوی کہتا ہی مین نظم پڑھتا

جاتا تھا تا کہ مصرع مذکور تک ذکر پہنچا ناگاہ شور بکا دولت سرا کی اندر سے اوٹھا کہ وہ شیون

۲۵۳

عن محمد بن یحیی عن محمد بن الحسین واحمد بن محمد عن اسماعیل بن منصور بن یونس عن ابی الجارود عن ابی جعفر الباقر علیہ السلام قال ان الحسین علیہ السلام لما حضرہ الذی حضرہ دعا ابنتہ فاطمۃ الکبری فدفع الیہا کتابا ملفوفا ووصیۃ ظاہرۃ وکان علی ابن الحسین مریضا لا یرون انہ یبقی بعدہ فلما قتل الحسین علیہ السلام ورجع اہل بیتہ الی المدینۃ دفعت فاطمۃ الکتاب الی علی بن الحسین علیہما السلام ثم صار ذلک الکتاب واللہ الینا یا زیاد

وعنہ عن عدۃ من اصحابہ عن احمد بن محمد عن علی ابن الحکم عن سیف بن عمیرۃ عن ابی بکر الحضرمی عن ابی عبد اللہ علیہ السلام قال ان الحسین علیہ السلام لما سار الی العراق استودع ام سلمۃ رضی اللہ عنہا الکتب والوصیۃ

ساتوین مجلس تذکرۂ عزم سید الشہدا مدینہ سی نکلنا روایت امام کا عفو خطای حمیری کو فضیل سی کہنا

اور زار محذرات حیال اور المفال جناب کا تہا و بکی ہو اَیضاً لِاَنَّهُ کَانَ دَقِیْقَ القَلْبِ
سَرِیْعَ العَبْرَۃِ و حضرت آپ بہی شدت سی روئی اور بیقرار تہی کہ بہت ملایم طبع نرم دل
اشعار تہی فَقَالَ یَا فُضَیْلُ لِمَنْ هٰذِهٖ فَقُلْتُ هٰذِهٖ لِلسَّیِّدِ الحِمْیَرِیِّ
فَقَالَ یَرْحَمُهُ اللّٰهُ ہرگاہ رقت سی افاقہ پایا مجہسی پوچہا ای فضیل یہ قصیدہ دلربا کسنی کہا
مین بولا سید اسماعیل حمیری نی موزون کیا ہی فرمایا اوسپر خدا کی رحمت ہو کہ ناصر ہمارے
فَقُلْتُ لَهُ یَا مَوْلَایَ اِنِّیْ رَاَیْتُهٗ یَرْتَکِبُ المَعَاصِیَ فَقَالَ یَرْحَمُهُ اللّٰهُ یعنی عرض
کی ای مولا اوسی گناہان کبیرہ کا مرتکب دیکہا بارہا وہ حجت خالق پہر ناطق ہوئی آمرزش
کری اوسکی باری تعالیٰ فَقُلْتُ اِنِّیْ رَاَیْتُهٗ یَشْرَبُ نَبِیْذَ الرُّسْتَاقِ فَقَالَ
یَعْنِی الخَمْرَ فَقُلْتُ نَعَمْ قَالَ یَرْحَمُهُ اللّٰهُ یعنی گذارش کی اپنی آنکہون سی مشاہدہ کیا ہی
جو اوسنی مدام نبیذ کو لیا اور پیا ہی فرمایا یعنی وہ شراب خوار تہا جواب دیا یہی بات ہی ای عقدا
حضرت نی اوسپر بہی ارشاد کیا رحمت مین داخل گردانی اوسی ایزد کبریا وَمَا ذَاكَ عَلَى
اللّٰهِ بِعَسِیْرٍ اَنْ یَغْفِرَ لِمُحِبِّ جَدِّیْ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ عَلَیْهِ السَّلَامُ اِنْ شَرِبَ
الخَمْرَ پہر زبان مبارک سی گہربار ہوئی میری اوپر ابواب اعتقاد کہول دیئے پروردگار پہ کیا دشوار ہے
فرید رحمت سی گناہ کبیرہ کا بخشنا ہمارے جد علی ابن ابیطالب علیہ السلام کی محب سی شراب خوار کو
عفو کرنا فَقُلْتُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلَی وِلَایَتِهٖ وَمَحَبَّتِهٖ ثُمَّ اِنِّیْ اَکْمَلْتُ القَصِیْدَةَ
اِلَی اٰخِرِهَا وَهُوَ عَلَیْهِ السَّلَامُ مَعَ ذٰلِكَ یَبْکِیْ اوسوقت یہ سنکی مین گویا ہوا کہ شکر
واہب العطایا کا جسنی ہمکو بنایا دوست اور پیرو علی مرتضی علیہ التحیۃ والثنا کا پس مینی قصیدہ کی
باقی اشعار سب پڑہی اور وہ جناب آخر تک سماعت سی روتی رہی اب ای حاضران بزم
عزا تمنی پہچانا ذاکرون کی قدر بی انتہا کو اور فضل رب علا ی جانا ولایت حیدر مین آمرزش خطا ہے

ساتوین مجلس تذکرہ عزم سید الشہدا مدینہ سی نکلنا روایت ام سلمہ کا وداع مین قشہ کربلا دیکھنا

پانا جنت وطوبی کو اس صورتمین لازم ہی کہ دامن تن صحن تعزیت مین زیادہ پہیلاؤ ما دام حیات لوازم محبت اور صدق ارادت سی ہاتہہ نہ اوٹہاؤ نظم لمولفہ شبیر کی ماتم سی حاصل وہ شرافت ہی بخشش ہی گناہون کی محشر مین فراغت ہی فردوس مین جای گا جو روی رولائی گا فرمودہ صادق سی یہ ہمکو بشارت ہی چاہو کہ خدا راضی خوشنود پیمبر ہو ہو زار رہو نالان افضل یہ عبادت ہی اقلیم تحمل کا دارین مین ہو مالک جسکو شہ مردان سے دعوای ولایت ہی تائید سی مولا کی ناظم نی کہی وہ نظم دیکھو تو ہر ایک مصرع دیوان سعادت ہے

مصیبت سید الشہدا و داع ام سلمہ سے اور تذکرہ دشت کربلا کی بلا کا اور محمد حنفیہ کی مرحمت جرای ابہرنا مالا روفت معلومات

مجاوران روضہ حسرت و بیقراری و محافظان شیشہ اندوہ و زاری ناظران صفحہ رقت ملال و واقفان معرکہ مصیبت وابتہال بیقراران عرصہ شیون وبکا و صابران واقعہ تسلیم رضا سانحہ دشت کرب وبلا کو انگشت شہادت نما سی دیدہ خون افشای عزا مین یون دکہتی ہین کہ جب قبہ مدینہ مین طوفان سی جور بنی امیہ کی جہاز آل نبی تباہی مین آیا یزید کی چار موجہ طغیان سے ناخدای ورطہ بلا نی اقامت کا لنگر اوٹہایا شرای نوحہ مشغول نالہ سی یمین ویسار ہر طرف آسمان فرسا تلاطم دریای شیون مین مقیاس صبر وشکیبائی کا تہا ہوش بر جا کشتی چشم ہر بشر کی گرداب سرشک سی چکر مین آئی سفینہ سینہ نی کوہ ماتم سی ہوای مخالف مین ٹکر کہائی بیکان سماوات سی سطحہ عرش تک قطب غم والم پر نگران عبری عبرات جن وانس کی لجہ آہ وفغان مین کنار دامن کو روان روضہ سید ثقلین کی سامان زاری اور شین بڑہا جدائی امام حسین علیہ السلام سی روح پیغمبر کو قبر مین چین جاتا رہا تربت بتول عذرا پر غمام اندوہ چہایا اوداسی کا شامیانہ بندہا چراغ مزار گل ہوا جو لحد کا مجاور تہا مسافر اور مقہور زمانہ بنا کلہ

ساتوین مجلس عزم سید الشہدا مدینہ سی نکلنا روایت ام کا وداع مین نقشہ کربلا دکہینا

مسجد پر فریاد و اویلا بلند کہ مقتدای محراب اور مصلا قدم نہین ٹہراتا ہی پایۂ منبر بہی جلسۂ
ملق کا پابند کہ صدر آرای بلا فراق کا خطبہ سناتا ہی حرم اہلبیت طہارت مین قیام عزا کی
صف بہی کہ جماعت نماز مین تفرقہ پڑا ارکن مین اذان و اقامت کی تکبیر بکا کا شور اوٹہا
کہ امام نیت ہجرت پر کہڑا ہوا گہر سی باہر تک زن و مرد مین آہ و نالہ سی کہرام ہر ایک زبان پ
عترت شاہ امم کا نام کوئی یتیم نوازی اور بیوہ پروری کو مولا کی بیان مین لاتا کوئی دلسوزی
اور کرم گستری مخفی و آشکار کا ماجرا دکہاتا کوئی زینب خاتون کی ضعیفی اور صدمات سفر سے
ہولناک خوفسی گرمی کی خردسالی سکینہ اور علی اصغر مین ہلاک کوئی عباس کی جوانی اور اخلاق
حسنی کا ذکر تاسف سی کرتا علی اکبر کی شیرین زبانی اور کم سنی قاسم کا اندیشہ تلہف رکہتا
حسرت مین کہتی افسوس ایسی شمشاد قامت رعنا پردیس کو چلی ہمارا شہر ویران ہوا صد حیف
کہ پرستار غربا نہی امداد کا آسرا ٹوٹا دل پریشان ہوا ہو کون کو اس دولتسرا سی کہانا ملا
تہا نگون کا تن جامہ خانۂ عطا سی کیسا ذرات ڈہکتا تہا بیمارونکی عیادت کو انکی سوا کون
اٹہکا بیکسونکو پناہ حمایت مین اب کون ٹہایگا دریغ و درد کہ بزرگان بنی ہاشم کا مکان عالیشان
خاک مین ملا خاندان رسالت اور امامت کا نشان دنیا سی چلا وَاَنَّہٗ عَلَیْہِ السَّلَامُ لَمَّا
عَزَمَ عَلَی الْخُرُوْجِ مِنَ الْمَدِیْنَۃِ اَتَتْہُ اُمُّ سَلَمَۃَ کتاب منتخب فخرمین اپنی سند سی
روایت کی ہی امام حسین علیہ السلام نی عزم سفر سی جب دوست و اقربا کو خبر دی ہی طیاری
اسباب روانگی سب اہل خلاف سی مخفی رکہی جناب عباس کو اہتمام سرانجام سی خدمت
میر سامانی بخشی پس عزیزونکا نام دفتر ہمراہیون مین خط غبار سی لکہا ساری رفقانی رکاب مین
امام کی ترک قیام پر قدم رکہا ناگاہ ام سلمہ زوجہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ نی یہ سنا نہا ہی
تاب ضبط و قرار دل سی کہی چہاتی بہر آئی چادر حسرت سر پر ڈالی نقاب رقت منہہ سی باندہی

ساتوین مجلس عزم سید الشہدا مدینہ سی نکلنا ام سلمہ کا وداع مین حادثہ کربلا پر نظر کرنا

عصای نالہ و آہ کو لئی فرزند بتول کی پاس پہنچی امام اور پیشوای آفاق کو معراج شہادت کے وصلی سوار براق فراق پایا مسافر ملک عراق کو رواق ہجر مین پا در رکاب کبھی دیکھا تو جذبۂ اشتیاق نی جوش کیا فقالت یا بُنَیَّ لا تُحزِنی بِخُرُوجِكَ اِلَی العِراقِ فَاِنّی سَمِعتُ جَدَّكَ یَقُولُ یُقتَلُ وَلَدِی الحُسَینُ بِاَرضِ العِراقِ یُقالُ لَها کَربَلا رونی کا تار بندھا یارای صبر نرہا با حواس پریشان بدن لرزان یون کہا ای نقبای نام و نشان آل عبا ای مقتدای دودمان مصطفی ای یادگار خاندان پنجتن ای سردار بزرگان وطن ای نور عین غمدیدہ یا حسین بنت پروردہ مین ایک ضعیفہ عاجزہ پیرزال ناتوان ہون تمہاری جد و پدر و برادر کی ملال سی نالان ہون دن رات اونکی ماتم سی روتی تھی تمہاری زیارت سی فی الجملہ تسلی پڑتی مہجوری رسول دوری بتول نی میری جان تمام کی مصیبت علی اور شہادت حسن مین طاقت قعود اور قیام نرہی عوض مین اسکی جو مجھی صدمہ تغیر سی تسکین دو درو جہ آئی ہین اپنی قرین پاس کرتی ہو چاہیی کہ مرہم وصال میری ناسور دل پر تم رکھو نہ یہ کہ نمک سوز فراق زخم جگر پر چھڑکو نام سفر سی اندیشہ میری خاطر ناشاد مین بڑہی اسواسطی کہ تمہاری نانا مخبر صادق سی اکثر سنا ہی پیارا حسین عاجز اور بیکس غربت مین جا بیگا زمین عراق مین جسی کربلا کہتی ہین شہادت پایگا اس قصد کو کہنا مانو ترک کرو سفر پر خطر سی میری نزدیک حضر مین رہو مبادا خدا نخواستہ پھر تمہین زندہ ندیکھون سوگوار تھی ساری بزرگونکی تازہ محنت مین مبتلا ہون فقال لها یا اُمّاہ وَاَنا وَاللهِ اَعلَمُ ذٰلِكَ وَاِنّی مَقتُولٌ لا مَحالَةَ وَلَیسَ لی مِن هٰذا بُدٌّ جواب دیا ای نانی قسم خدا کی مین اپنی ساری کہانی جانتا ہون سب جگہ موت کو سر پر آتی زندگانی اب محال الکانی پاتا ہون وَاِن لَم اَخرُج اِلَی العِراقِ یَقتُلُونی اَیضاً اگر جانب عراق نہ جاؤن تو بھی نہ بچونگا اعدا کی جفا سی امان سلامتی نہ پاؤن جہان رہونگا وَاِنّی وَاللهِ لَاَعرِفُ الیَومَ الَّذی

عبدك بفنائك مسكينك بفنائك فقيرك بفنائك قال طاوس ما دعوت بهن في كرب الا ...

وفي الفصول ... وروى ... عن ابراهيم بن علي عن ابيه قال حججت مع علي بن الحسين عليه السلام فالتاث عليه الناقة في سيرها فاشار اليها بالقضيب ثم قال اوه لولا القصاص وردّ يده عنها وفيه قال حج علي بن الحسين عليه السلام الى مكة وروى فما قرعها ... ابو محمد بن الحسن بن محمد بن العلوي باسناده قال وقف على علي بن الحسين عليه السلام رجل من اهل بيته فاسمعه وشتمه فلم يكلمه فلما انصرف قال لجلسائه قد سمعتم ما قال هذا الرجل وانا احب ان تبلغوا معي اليه حتى تسمعوا ردي عليه فقالوا نفعل فاخذ نعليه ومشى وهو يقول والكاظمين الغيظ الاية فعلموا انه لا يقول شيئا قال فاتى منزل الرجل وصرخ به فخرج الرجل متوثبا للشر فقال علي بن الحسين عليه السلام يا اخي انك كنت قد وقفت علي انفا فقلت وقلت فان كنت قلت ما فيّ فاستغفر الله منه وان كنت قلت ما ليس فيّ فغفر الله لك قال فقبل الرجل بين عينيه وقال بل قلت فيك ما ليس فيك وانا احق به قال الراوي للحديث والرجل هو الحسن بن الحسن بن علي بن ابي طالب عليه السلام وروى عن علي بن الحسين عليه السلام انه دعا مملوكه مرتين فلم يجبه ثم اجابه في الثالثة فقال له يا بني اما سمعت صوتي قال بلى قال فما بالك لم تجبني قال امنتك قال الحمد لله الذي جعل مملوكي يأمنني وكانت جارية لعلي بن الحسين تسكب عليه الماء فسقط الابريق من يدها فشجه فرفع راسه اليها فقالت الجارية ان الله تعالى يقول والكاظمين الغيظ فقال كظمت غيظي قالت والعافين عن الناس قال عفوت عنك قالت والله يحب المحسنين قال اذهبي لوجه الله فانت حرة وروى عن محمد بن اسحاق بن يسار قال كان ناس بالمدينة كذا وكذا اهل بيت يأتيهم رزقهم وما يحتاجون اليه لا يدرون من اين يأتيهم فلما مات علي بن الحسين عليه السلام فقدوا ذلك والاخبار في هذا المعنى وفيما روى عنه

ساتوین مجلس عزم سید الشہدا مدینہ سی نکلنا ام سلمہ کا وداع مین حادثہ کربلا ظاہر کرنا

اَمُلُ فِیْهِ وَاَعْرِفُ مَنْ یَقْتُلُنِیْ واللہ مین اوسکو بھی مارا پڑونگا جانتا ہون اپنی
قاتل کی نام ونشان کو پہچانتا ہون وَاَعْرِفُ الْبُقْعَةَ الَّتِیْ اُدْفَنُ فِیْهَا وَاِنِّیْ اَعْرِفُ
مَنْ یُقْتَلُ مِنْ اَهْلِ بَیْتِیْ وَقَرَابَتِیْ وَشِیْعَتِیْ میری دہیان مین ہی وہ زمین جہان
گرد ونگا رضا کی ساتھہ مجہیر کہلا ہی اہلبیت اور اقربا ومحبون مین کون مریگا کس کی ہاتھہ قَالَ
لَهَا یَا اُمَّاهُ قَدْ شَاءَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ اَنْ یَرَانِیْ مَقْتُوْلًا مَذْبُوْحًا ظُلْمًا وَعُدْوَانًا پہر کہا
ای امان قدر وقضا مین گذرا ہی بیر ازظلم وعدوان سی شہید ہونا خدای تعالی نی چاہا ہی کہ مجہی ذبح کا
جان کہونا وَقَدْ شَاءَ اَنْ یَرٰی حَرَمِیْ وَرَهْطِیْ وَنِسَائِیْ مُتَرَدِّدِیْنَ وَاَطْفَالِیْ
مَذْبُوْحِیْنَ مَظْلُوْمِیْنَ مَاْسُوْرِیْنَ مُقَیَّدِیْنَ شاہ حقیقی کی ارادہ مین گذرا ہی میری
اہلحرم اور ناموس واولاد کا دربدر پہرنا بچونکا تیغ جفاسی اعدا کی گلا کٹنا فرزندونکا بار جور وستم
اوٹہانا بند قید اور اسیری مین پہنسکی غل بہ مچانا وَهُمْ یَسْتَغِیْثُوْنَ فَلَا یَجِدُوْنَ نَاصِرًا
وَلَا مُعِیْنًا وہ ایسی دکہہ مین پڑین کہ ناچار فریاد وداد پکار اکرین یار اور مددگار کہین اونکو نہ ملین
کوئی پناہ دینی والا اپنا نہ کہین وَاِنْ اَرَدْتِ یَا اُمَّاهُ اُرِیْكِ حُفْرَتِیْ وَمَضْجَعِیْ وَ
مَصْرَعَ اَصْحَابِیْ پس ای والدہ ملول اور مہخوابہ رسول اگر تم چاہو تو اپنا موضع شہادت او
جای تربت بتا دون قتلگاہ اصحاب اور سرگذشت اقربا الان تمہاری نظر مین کہینچ لاؤن تاکہ
جانو کیا مصیبت اوٹہاؤنگا حسرت مین کیونکر مارا جاؤنگا کس طور خاک وخون مین غلطان ہونگا
تعدی منافقین کہان تک سہونگا جب اوس خدیجہ ثانی اور جان حوا و مریم نی یہ کلام سنا
شدت اندوہ سی بی آرام ہوکی سر دہنا کہا وہ ماجرا تمہاری دشمنون کا مشاہدہ کرون صابر
اور شاکر تقدیر باری مین رہون ثُمَّ مَسَحَ بِیَدِهٖ عَلٰی وَجْهِهَا فَفَتَحَ اللهُ عَنْ بَصَرِهَا
پس آئینہ حق نمای باصفا اور پردہ کشای نہان واشکار انما جب بدبیضای اعجاز وارث کرکے

ساتوین مجلس عزم سید الشہدا مدینہ سی نکلنا ام سلمہ کا وداع مین حادثہ کربلا نظر کرنا

ابنای بی نیاز فرزند ید اللہ نی اپنا دست خدا پرست بڑہایا ام سلمہ کی چہرہ پر واطی کہو لنی حجاب راز کی پنجہ مشکلکشا پہرایا قادر مطلق نی اوکی قوت بینائی مین موفور نور دیا کہ واقعہ آئندہ صفحہ امکان مین رأی العین سی مشاہدہ کیا ثم اشار الحسین علیہ السلام الی جہۃ کربلا پہر امام ارض وسمائی زمین کربلا کی جانب اشارہ فرمایا عجائب قدرتکا عالم ایجاد مین نقشہ تازہ بنایا فانخفضت الارض حتی اراہا مضجعہ ومدفنہ وموضع عسکرہ وموقفہ ومشہدہ مدینہ سی نینوا تک ساری بانع تحت ماتم مبتہی اور پردۂ دوری جو مزاحم نظر تہی سامنی سی اوٹہی صفحہ دشت بلائی روبرو جلوہ کیا معرکہ روز عاشورا صاف دکہائی دیا ایکطرف سوکہی ریتی پر خیمی آسمان سا اوسمین عورات حرم سراممحو شور ونوا لشکر حسینی کا پرا چند طفل وجوان وپیر سی بندہا ہوا ماہ بنی ہاشم اوکی درمیان علم نور افشان لئی کہرا ہوا مقابل مین سپاہ خونخوار کا اژدہام تاخت اور تاراج قتل سادات کی اہتمام امام حسین علیہ السلام کی ہر ایک رفیق اور عزیز کا مارا جانا سوار وپیادہ کا دریای خون مین باری باری نہانا فریاد العطش سی چلانا اکیلا رہکی سردار کا تسکین عورات کو انا تن تنہا ہزارون سی پیاسا لڑنا کثرت زخم سی نیزہ وتلوار وتیر کی خاک پر گرنا صدمہ مین زین سی اولٹنی کی جراحات کا پہٹنا رکڑون سی خنجر قاتل کی رگہای گردن کا کٹنا سر کو نیزہ پر چڑہا کی دور میدان مین پہرانا لاش کو ٹاپون سی رہوارونکی روندنا اور کہوڑی جہکانا یہان تک جو لشکر مخالف چارطرف سی دوڑا سراپردہ جلایا اسباب کی لوٹ مین تہلکہ پڑا عورات کا قافلہ روتا ہوا باہر نکلا چادر ومعجر وزیور کی چہن جانی سی دکہ ملا چہوٹی بڑی شہیدونکی سر کٹی گور وکفن کی بدن زخم دل پہٹی مستورات ذلت اور خواری مین اسیر ہوئین قید کی جا کی تعقل اقربا اور لاشہای شہدا پر گرین مارکوٹ کی جب سپاہ ظلم نی کوچ مین قدم بڑہایا جنازون کو خاک وخون مین مجمع وحوش اور طیور

علم الدين بقرا فاذا لقيته فاقرءه مني
من الحسين عليه السلام فقال له محمد بقر
عليه واله يوشك ان تلقى ولدا لي
قال قال له رسول الله صلى الله
الآثار عن جابر بن عبد الله الانصاري
واله باقر العلم على ما رواه نقلة
وعرفه رسول الله صلى الله عليه
ووجوه التابعين وفقهاء المسلمين

ساتوین مجلس بذکرہ عزم روانگی سید الشہداء مدینہ سی نکلنا اور محمد حنفیہ کا وداع غمین ہیئت کرنا

پایا او سوقت انکھون مین ام سلمہ کی غبار ماتم سی اندھیرا چھایا بانوی بیقرار کو شدت غم اور کثرت الم سی غش آیا فَعِنْدَ ذٰلِکَ بَکَتْ اُمُّ سَلَمَۃَ بُکَاءً شَدِیْدًا وَ سَلَّمَتْ اَمْرَہٗ اِلَی اللّٰہِ ہرگاہ قدری ہوش آیا رقت اور نالہ مین وہ حالت کی جو ساری حاضرین کو شیون مین طاقت باقی رہی ناچار شوقِ بیتابی مین دوڑ کی امام حسین علیہ السلام کو سینہ سی لگایا اونکا امر مشیت اور تقدیر خدا کو سونپا اور بار صبر اوٹھایا کیون غلامانِ علیِ مرتضی علیہ السلام اگر واقعہ کربلا مین دیکھتی تو کیا کہتی سانحہ عاشورا مین مصائبِ آقا اور مولا نظر پڑتی تو کیا کرتی کب ہوسکی اونپر وہ حادثات گذرین محب قدم بیشتر نہ دہرین سخت عجب ہی کہ اقربا و انصار سید الشہداء جان دارین ہم تم چکی رہین وہ کیا دوست امام تہی جو سامنی کہڑی ہو کی تن پر زخم کہاتی حمایت مین آل نبی کی زن و فرزند کو چہوڑ جاتی وہب نی کیسی وفاداری کی حبیب نی کس طور جان بازی مین طیاری کی غلامانِ باوفانی پاس نمک سی سر دیا بچون تک نی ادای حق رفاقت مین قدم لیا فَاَقْبَلَ اِلَیْہِ اَخُوْہُ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَنَفِیَّۃِ وَقَالَ لَہٗ یَا اَخِیْ اَنْتَ اَحَبُّ الْخَلْقِ اِلَیَّ لِاَنَّکَ نَفْسِیْ وَرُوْحِیْ وَبَصَرِیْ وَکَبِیْرُ اَہْلِ بَیْتِیْ یَا اَخِیْ تَخْرُجُ اِلٰی مَکَّۃَ پس اوسوقت بیتاب ہوکی محمد ابن حنفیہ امام حسین علیہ السلام کی پاس آئی با دیدہ پر آب اور تشویش تمام درین باب یہ کلام سنائی ای بہائی تم ساری زمانی سی زیادہ مجکو پیاری ہو میری جان اور تن و روح در روشنی چشم اور زہرا کی دولاری ہو اگر ناچار وطن کی سکونت کو چہوڑتی ہو ہماری کمر بار محن سی فراق کی توڑتی ہو تو نہار سمت عراق اور کربلا نہ جاؤ بلکہ جانب مکہ امانِ خدا مین امید آسائش پر قدم اوٹہاؤ فَاِنِ اطْمَاَنَّتْ بِکَ الدَّارُ وَاِلَّا لَحِقْتَ بِالرِّمَالِ وَ شُعُوْبِ الْجِبَالِ اگر وہان شر اعدا سی پناہ ملی تو خاطر جمع ہو والا دشت و صحرا یا شکاف کوہ مین جا کی چہپو وَخَرَجْتَ مِنْ بَلَدٍ اِلٰی بَلَدٍ ایک شہر سی دوسری کو ہمیشہ سفر کرو محنت

ساتوین مجلس تذکرہ عزم روانگی سید الشہدا مدینہ سی نکلنا اور محمد حنفیہ کا وداع مین نصیحت کرنا

غربت اور دربدری کو سہو حتّٰی نَنظُرَ مَا یَؤُلُ اللّٰہُ اِلَیْہِ اَمرَ النَّاسِ وَیَحکُمَ اللّٰہُ
بَیْنَنَا وَبَیْنَ الْقَوْمِ الْفَاسِقِیْنَ تا ہم دیکھین خلق کا آخر کار کیا ہوتا کہان پہنچا ہی ہماری
دشمن فاسق پر خدا تعالی کیونکر حکم دیتا ہی قَالَ فَقَالَ الْحُسَیْنُ یَا اَخِیْ وَاللّٰہِ لَوْ لَمْ یَکُنْ فِی
الدُّنْیَا مَلْجَاءٌ وَلَا مَاْوٰی لَمَا بَایَعْتُ یَزِیْدَ بْنَ مُعَاوِیَۃَ فَقَطَعَ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَنَفِیَّۃِ
الْکَلَامَ وَبَکٰی فَبَکَی الْحُسَیْنُ عَلَیْہِ السَّلَامُ مَعَہٗ سَاعَۃً امام حسین علیہ السلام نی فرمایا
ای برادر بخدا قسم ہرگاہ دنیا مین مجھی کہین امان و آسایش نہ ملی تیغ ظلم اور تعدی ہر جا گردن پر چلی
تو بھی یزید کی بیعت نہ کرونگا صدمات جور و جفای اعدا سہونگا یہہ محمد حنفیہ نی بہت قطع سخن
زاری اور بکا کی امام حسین علیہ السلام کو بھی اونکی ساتھہ رقت عظیم دیر تک طاری رہی ثُمَّ
قَالَ یَا اَخِیْ جَزَاکَ اللّٰہُ خَیْرًا فَقَدْ نَصَحْتَ وَاَشَرْتَ بِالصَّوَابِ وَاَنَا عَازِمٌ عَلَی
الْخُرُوْجِ اِلٰی مَکَّۃَ فرمایا ای بہائی خدا سی تمکو جزای خیر اگی آی جو تمنی صلاح اور مشورہ نیک مجھی
بتائی مین حرم الہی کو جاونگا اور مکہ مین پناہ یزدان سی راحت پاونگا وَقَدْ تَہَیَّاْتُ لِذٰلِکَ
اَنَا وَاِخْوَتِیْ وَبَنُوْ اَخِیْ وَشِیْعَتِیْ اَمْرُھُمْ اَمْرِیْ وَرَاْیُھُمْ رَاْیِیْ یہی سامان تدارک اور
سفر کرتا ہون بہائی بہن اور بہتیجی اولاد اور شیعہ اپنی کو ہمراہ لیجاتا ہون اونکا سارا کام فی الحقیقت
میرا ہی اور مجھی اونسی اتفاق رای کا بہروسا ہی وَاَمَّا اَنْتَ یَا اَخِیْ فَلَا عَلَیْکَ اَنْ تُقِیْمَ
بِالْمَدِیْنَۃِ فَتَکُوْنَ لِیْ عَیْنًا عَلَیْھِمْ لَا تُخْفِیْ عَنِّیْ شَیْئًا مِنْ اُمُوْرِھِمْ لاکن ای برادر تمپر
کچھہ نہین جو مدینہ مین رہو میری آنکھونکی جا حال اعدا دریافت کرکے مجھی خبر کرو پس محمد حنفیہ کو
سوای رقت اور صبر کی چارہ نہ ملا حسرت سی قد و بالا دیکھا ہاتھونکو بوسہ دیا گویا اوسی شدت
زاری مین فرقت کی علامت پائی اور آینہ ضمیر فی شہادت برادر کی صورت دکھائی سفر مکہ و
عراق مین ہمیشہ امام کا دہیان رہتا اور ایذای مخالفین کا اندیشہ مدام دلمین گذرتا کتاب

ن العیاشی من ابی عبداللہ علیہ السلام قال ان محمد بن المنکدر کان یقول ما کنت اری ان مثل علی بن الحسین یدع خلفا افضل منہ حتی رأیت ابنہ محمد بن علی فاردت ان اعظہ فوعظنی فقال لہ اصحابہ بای شیء وعظک قال خرجت الی بعض نواحی المدینۃ فی ساعۃ حارۃ فلقیت محمد بن علی وکان رجلا بدینا وھو متکئ علی غلامین اسودین او موليين لہ فقلت فی نفسی شیخ من شیوخ قریش فی ھذہ الساعۃ علی ھذہ الحال فی طلب الدنیا لاعظنہ فدنوت منہ فسلمت علیہ فسلم علی بنہر وھو یتصاب عرقا فقلت اصلحک اللہ شیخ من اشیاخ قریش فی ھذہ الساعۃ علی ھذہ الحال فی طلب الدنیا لو جاءک الموت وانت علی ھذہ الحال فخلی الغلامین من یدہ وتساند فقال لو جاءنی الموت وانا علی ھذہ الحال جاءنی وانا فی طاعۃ من طاعات اللہ عز وجل اکف بہا نفسی عنک وعن الناس وانما کنت اخاف الموت لو جاءنی وانا علی معصیۃ من معاصی اللہ فقلت صدقت رحمک اللہ اردت ان اعظک فوعظتنی وکان علیہ السلام یقول ما ینقم الناس منا الا انا اھل بیت الرحمۃ وشجرۃ النبوۃ ومعدن الحکمۃ وموضع الملائکۃ ومہبط الوحی وکان علیہ السلام یقول بلیۃ الناس علینا عظیمۃ ان دعوناھم لم یستجیبوا لنا وان ترکناھم لم یھتدوا بغیرنا وکان علیہ السلام یقول نحن خزنۃ علم اللہ ونحن ولاۃ امر اللہ وبنا فتح الاسلام وبنا یختمہ فمنا فتعلموا فواللذی فلق الحبۃ وبری النسمۃ ما علم اللہ فی احد الا فینا وما یبلغ ذلک ما عند اللہ الا بنا وروی ابن ابی عمیر عن عمر بن اذینۃ عنہ علیہ السلام قال لو انا حدثنا برأینا ضللنا کما ضل من کان قبلنا ولکنا حدثنا ببینۃ کان ربنا بینہا لنبیہ فبینہا لنا وسئل علیہ السلام عن الحدیث [illegible] ولا اسندہ فقال اذا حدثت بالحدیث فلم اسندہ فسندی فیہ عن ابی زین العابدین عن ابیہ الحسین عن ابیہ علی بن ابیطالب امیر المومنین علیہ السلام عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ

۲۶۱

ساتویں مجلس تذکرہ عزم سید الشہدا مدینہ سے نکلنا آخر کو ماجرا بازگشت اہلبیت میں محمد حنفیہ کا ملنا

کتاب ملا محمد حسن یزدی میں منقول ہے کہ جیسا محنت زدوں کا معمول ہے اہل حرم نے ہنگام بازگشت کربلا شہر کے باہر نخلستان میں مقام کیا کوچہ و بازار میں نوحہ قَدْ قُتِلَ الْحُسَیْنُ کا چرچا پھیلا یہ خبر مصیبت اثر جب گوش انتظار میں محمد حنفیہ کے پڑی اندوہ شدید میں آیہ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ پڑھ بیتاب ہو کے خارج مدینہ گئے باغ میں قدم رکھے دور سے خیمہ بی صاحب اور مرکب سیاہ پوش دیکھ کنار سراپردہ جب دم نالہ و افغان اہل حرم بلند پایا بے اختیار نعرہ واحسینا اور خروش وامظلوما سے غش آیا حسینی دوڑ کے امام زین العابدین علیہ السلام کو یہ واقعہ جا یاد کہ ہجوم غم اور بکا میں تمہارے عم نے اپنا حال غیر بنایا ہے سید الساجدین بیقرار ہو جا کے بالین پر تشریف لائے زمین سے اونکا سر اوٹھا کے زانو پر دھرا پھر اشک بہائے ہر گاہ محمد حنفیہ کو قدرے افاقہ ہوا فرزند برادر کو سرہانے روتا دیکھا آہ و زاری میں کہا اَیْنَ اَخِیْ وَقُرَّۃُ عَیْنِیْ وَثَمَرَۃُ فُؤَادِیْ وَخَلِیْفَۃُ اَبِیْ یا علی میرے بھائی صاحب کہاں ہیں کیوں پارۂ جگر نور نظر انکھوں سے نہاں ہیں جانشین پدر بزرگوار قبلۂ حرمین نور ثقلین کیا ہوئے ساری خویش و اقربا امام حسین علیہ السلام کے ساتھ کس دکھ میں ہیں بیمار کربلا نے زبان حال میں جواب دیا یَا عَمِّیْ اَتَیْتُكَ یَتِیْمًا مِنَ الْكَرْبَلَا اے چچا اہل بدعت نے ہم پر ظلم عظیم روا رکھا اونکی جفا سے میں گرفتار بلا یتیم ہو کے پھرا کاش تم صحرائے ماریہ میں قدم عبور دھرتے جو مصائب سید الشہدا پر گذرے ملاحظہ کرتے محمد حنفیہ نے پوچھا اے وارث آل عبا بیان ہو سکے تو کہو کیا سانحہ جفا و محنت پیش آیا مجھے سنا دو فرمایا خلق کوفہ نے ہزاروں خط لکھ صدہا قاصد پیغام فریب سے غلبۂ شوق امداد و نصرت کا وعدہ سوگند سے کیا عراق میں بلانے کو بہت دھوکا دیا برخلاف عہد روز عاشورا دشت نینوا میں طغیان جور و ستم سے گھیر چھوٹے بڑے انصار و اقربا کو دوپہر میں جان سے مارا فرات کے

ساتوین مجلس تا کرہ عزم سید الشہدا مدینہ سی نکلنا اور بازگشت اہل بیت میں محمد حنفیہ کا ملنا

پانی سی جو سگ و خوک وحش و طیر سیراب تہی ہمین روکا بہوک اور پیاس کی صدماتسی
اطفال اہلبیت کا برا حال ہوا عموجان تہی وہ آفت کا ہجوم نہین دیکہا کہ جسم علی اکبر و قاسم و عباس
کتنا پاش پاش تہا خیمہ گاہ مین زاری و افغان کا ہردم کہرام رہا بہید فرقِ کمر لاشو نکا انبار
خاک مقتل مین لہو بہا ایک چلو پانی کی لئی حلقِ علی اصغر کو ہدفِ تیر بنایا بیکسی مین پدر
بزرگوار نی وہ استغاثہ فرمایا کہ زمین و زمان آسمان بہی تہرایا ضربِ نیزہ اور تلوار سی
امام حسین علیہ السلام کا لہو بہایا گرسنہ اور تشنہ بدن سارا چور ہو رسی گرایا شمر نی سر کاٹ کی
سنان پر چڑہایا عمامہ و ردا و پیرہن غارت گری او تار لیا تمازتِ آفتاب مین جسد عریان کو
رہنی دیا بدنِ ساداتِ شہدا کو سمِ ستور سی روندا حرمِ محترم کا زیور اور مقنع لوٹا بہیج سنی مین باہر
نکالا پردہ چہوٹا ماننِ اسیرانِ کفار اونٹون پر بٹہایا اولادِ رسول کو دربدر شہر و نمین پہرایا
ضرب و شتم سی دخترانِ بتول کو بہت ستایا عجہی بہی بیماری مین طوق پہنایا زنجیر سی باندہا
لگایا اہلبیت کو رونی سی وداعِ مقتولین مین منع کیا دربارِ ابن زیاد و یزید مین مثل گنہگار و نکی
کہڑا رکہا اور طعنہ دیا زندانِ کوفہ اور شام کس دکہ سی بیتا قید رہی ہزارون طرح کا جفا سہا
شرحِ مصیبت ہماری سلسلہ بیان مین طولانی ہی ماجرای عترتِ نبی دنیا مین لاثانی ہی
اس کلامِ حسرت انجام سی محمد حنفیہ کو فرطِ شیون مین ہوش نرہا چارون طرفسی غلغلہ آہ و فریاد کا
خروش اوٹہا نظم لمولفہ زیادہ اس مین مناسب نہین حدیث کو طول کہ تا نہو کہین
طبعِ سامعین ملول فغان و نالہ سی برہم ہوا ہی بزمِ بکا زمانہ سوگ نشین ہی برای آلِ رسول
نزولِ رحمتِ باری مین ہی مقامِ دعا بزرگوار خدایا یہ تعزیت ہو قبول بحق پنجتن پاک
افتخارِ جہان مراد و مطلبِ حضار ہو وی جلد حصول خصوصِ ناظمِ افسردہ حالِ صدق
مقال کہ دلسی رہتا ہی مدحت سرای زوجِ بتول

وقبض في شوال سنة ثمان
واربعين ومائة وله خمس
وستون سنة اقام مع
مع جده وابيه اثنتي عشرة
سنة ومع ابيه بعد جده
اربع عشرة سنة وبعد ابيه
ايام امامته اربعا وثلثين
سنة وكان في ايام امامته
بقية ملك هشام بن عبد
الملك وملك الوليد بن يزيد بن
عبد الملك وملك يزيد بن الوليد
بن عبد الملك الملقب بالناقص وملك ابراهيم
بن عبد الملك وملك مروان بن محمد الحمار ثم صار
بن الوليد وملك خراسان مع ابي مسلم
المسودة من اهل خراسان وملك ابو العباس
اثنتين وثلثين ومائة فملك ابو العباس عبد الله بن
عبد الله بن محمد بن علي بن عبد الله بن العباس
بن عبد الله بن عباس الملقب بالسفاح
سنين وثمانية اشهر ثم ملك اخوه ابو جعفر عبد الله بن محمد
بالمنصور احدى وعشرين سنة واحد عشر شهرا وبعد عشر سنين من
وتوفي الصادق عليه السلام بعد عشر سنين
من ملكه ومضى ابيه
الحسن عليهم السلام الفصل الثاني في النص على امامته
۲۶۳
اما طريقة الاعتبار فمثل ما تقدم ذكره
في امامة ابائه عليهم السلام فاذا اعتبرنا
امامة من اختلف في امامته في عصره عليه
السلام وجدنا الامة بين اقوال قائل يقول
الامام في الوقت وقوله يبطل بما دللنا على
وجوب العصمة للامام ومن ادعى العصمة ولم
يقل بالنص من متاخري الزيدية فقوله
يبطل بما دللنا عليه من ان العصمة لا يمكن
ان يعلم الا بالنص او المعجز ومن اعتبر الصفات
من الكيسانية فقوله يبطل بما علمناه من
موت من ادعى حياته وايضا فان هذه
الفرقة قد انقرضت وخلا الزمان
من القائلين بقولها وانعقد الاجماع
على خلافها فاذا بطلت هذه الاقوال
ثبتت امامته عليه السلام والا ادى
الى خروج الحق من اقوال الامة واما
طريقة التواتر فمثل ما ذكرناه فيما

عند الفرقة الشيعة قد تواترت
خلفاً عن سلف الى ان اهل
عليهم الباقر عليه السلام
على النص على الصادق عليه
السلام كما تواترت ان ابيه
المؤمنين عليه السلام نص
على الحسن ونص الحسن على الحسين
عليهم السلام وكذلك الى كل امام

اٹھوین مجلس تذکرہ روانگی امام ہدی مدینہ سے مشایعت فاطمہ صغرا وداع پدر و مادر اور سکینہ سے

مجلس آٹھوین روانگی امام ھدی مدینہ سے مشایعت فاطمہ صغرا وداع پدر و مادر اور سکینہ سے

رباعی غافل تمسی تو یہ دم نکلجاوی گا + اور گور مین سارا جسم گل جاوی گا + جاتا ہی جہسی سو
زادرہ کی کر فکر + گر آج نہین گیا تو کل جاوی گا + رباعی جسدم نزدیک وقت رحلت ہوگا
یارو کیا ہی مقامِ حسرت ہوگا + کوئی عمل خیر جو ہوگا تمسی + آخر کو وہی رفیقِ تربت ہوگا +
رباعی دو دنکی حیات پر عبث غرہ ہی + خورشید نہ بن خاک کا تو ذرہ ہی + ہر شخص کی نخل زندگی
اونمین ایک سی منع فرمایا دو مجھی دین سألت اللہ لھما ان یجعلھما طاھرین
مطھرین زکیین فاجابنی الی ذلک مینی اونکی واسطی سوال کیا جو کردانی
دونو کو طاہر و مطہر و زکی پس قبول فرمایا اور اثر اجابت دکھایا کہ حسنین کو پاک
مزکی بنایا و سألت اللہ ان یقیھما وذرّیتھما وشیعتھما النار
فاعطانی ذلک پھر تمنا کی مینی کہ چھڑادی اونھین اور ذریت و محبون کو اونکی عذاب
نارسی پروردگار نی منظور کیا یہ مدعا اور دور کردانا مس النار سی وسألت
اللہ ان یجمع الامۃ علی محبّتھما فقال یا محمّد انی قضیت قضاءً
وقدّرت قدرًا تیسرا مدعا اپنا مانگا مینی خدا سی جو ساری امت کو اونکی
محبت پر متفق کری بد و نیک دنیا سی جواب دیا کہ ای حبیب میری محمد قضا و قدر ہو چکی
جو ارادہ و مشیت مین صلاح تھی گذرگئی وانّ طائفۃ من امّتک ستفی
لک بذمّتک فی الیھود والنصاری والمجوس وسیخفرون ذمّتک
فی ولدک بدرستی کہ ایک طایفہ اس امت شوم سی خوار و قطع کرینگی تیری پیدا کی ہوئی
کو زمرہ مجوس و یہود و نصاری سی زیادہ چھوڑ دینگی توقیر مین حرمت اولاد کی

فقال ابتداء منه لا الى المرجئة ولا الى القدرية ولا الى المعتزلة
ابو الحسن موسى عليه السلام
ادخل رحمك الله فدخلت فاذا
فاذا خادم بالباب فقال لي
عليهما السلام ثم خلا في
على باب ابي الحسن موسى بن جعفر

نوین مجلس ذکر فضیلت اور خبر شہادت خمسۂ نجبا

تیرا عہد و پیمان توڑینگی حمایت دین اسلام و نگہبانی ذریت سی منہہ موڑینگی و اِنّی
اَوجَبْتُ عَلیٰ نَفْسی لِمَنْ فَعَلَ ذٰلِکَ اِلّا اُحِلَّهٗ مَحَلَّ کَرامَتِی وَلا اُسْکِنُهٗ
جَنَّتِی وَلا اَنْظُرُ اِلَیْهِ بِعَیْنِ رَحْمَتِی یَوْمَ الْقِیامَةِ پس مینی اپنی اوپر واجب
لازم کردانا جو تمہاری اہلبیت کی ساتھہ مرتکب تقصیر ہوا دسکو محل کرامت و جنت سی
دور کردینا روز قیامت اوسپر نظر لطف و رحمت سی نہ دیکھنا عذاب و نکال قرین
اون سکو مبتلا رکھنا اَلی عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمانِ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ عَلِیِّ بْنِ اَبِی
طالِبٍ قالَ بَیْنا اَنا وَفاطِمَةُ وَالْحَسَنُ وَالْحُسَیْنُ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ
اِذِ الْتَفَتَ اِلَیْنا وَبَکیٰ کتاب امالی مین یہ روایت لکھی ہی کہ محمد ابن عبد الرحمان
اور اوسکی والد نی امیر المومنین سی حکایت کی ہی کہ ایکروز مین و فاطمہ و حسن و حسین حضرت
رسول مین حاضر تہی اور گلشن اختلاط سی باہم شگفتہ خاطر تہی ناگاہ رسالت پناہ نی
ہماری طرف دیکہا حسرت و بیتابی مین رو دیا فَقُلْتُ ما یُبْکِیکَ یا رَسُولَ
اللّٰهِ مینی عرض کی ای خیر الوریٰ کیا سبب ہی اس دم اشکباری کا فَقالَ اَبْکِی
مِمّا یُصْنَعُ بِکُمْ بَعْدِی مجہی یاد مصیبت سی تم سبکی رقت آئی جو سیری بعد ایذا اور زحمت
پہنچی گی فَقُلْتُ وَما ذاکَ یا رَسُولَ اللّٰهِ مینی پوچہا ای نبی الوریٰ وہ کیا ہی
جو آپکی خیال مین ہمارا حال گذرا ہی قالَ اَبْکِی مِنْ ضَرْبَتِکَ عَلَی الْقَرْنِ وَلَطْمِ
فاطِمَةَ خَدَّها وَطَعْنَةِ الْحَسَنِ فِی الْفَخِذِ وَالسَّمِّ الَّذِی یُسْقیٰ وَقَتْلِ
الْحُسَیْنِ فرمایا زاری و نالہ کرتا ہون واسطی تمہاری فرق کی جو تلوار سی شکاف
ہوگا اور یاد مین ناچاری فاطمہ کی جب حق چھین کی طمانچہ منہہ پر لگیگا مصیبت حسن
اسباب کا لٹ جانا و زخم خنجر ران مین لگانا زہر دغا کو پلانا لخت جگر بہانا زندگی سی

نوین مجلس تذکرہ مناجات سید الشہدا بر مزار خدیجہ کبریٰ بروایت انس ابن مالک

ناکام ہوکا پانا، پھر جنازہ پر ستم ڈہانا، سب سی زیادہ واقعہ شہادت حسین کا
سامنی آنا، پیاسی گلی پر تیغ ابدار کا پھرانا دشت غربت مین برادر و فرزندی کے ہمراہ
لہو بہانا عترت کا بار ظلم و جفا اوٹہانا۔ قَالَ فَبَكىٰ اَهْلُ الْبَيْتِ جَمِيعًا اس بیان
غم والم سی اہلبیت مین رقت و بکا برپا ہوی سب نی رسم عزا و ماتم دل سی ادا کی
فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا خَلَقَنَا رَبُّنَا اِلَّا لِلْبَلَاءِ امیر المومنین ارشاد
کرتی ہین کہ مین بولا ای خاتم انبیا حجت خدا ہمکو اللہ نی نہین پیدا کیا مگر واسطی تحمل
بلا کی بنایا قَالَ اَبْشِرْ يَا عَلِيُّ فَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَدْ عَهِدَ اِلَيَّ اِنَّهُ لَا يُحِبُّكَ
اِلَّا مُؤْمِنٌ وَلَا يُبْغِضُكَ اِلَّا مُنَافِقٌ جواب دیا بشارت ہو تمکو یا علی کہ پروردگار نی
میری ساتھ عہد کیا ہی جو مومن ہی تمکو دوست رکھتا ہے اور نہین دشمنی کرتا الا وہ
منافق ہوتا ہی عین اَنَّهُ عَلَيْهِ السَّلَامُ سَارَ مَعَ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ فَاَتٰى قَبْرَ
خَدِيْجَةَ فَبَكىٰ کتاب عیون المجالس مین روایت کی جو صحابہ نقل کرتی ہے
کہ ایکروز امام حسین علیہ السلام اور انس ابن مالک باہم راہ سی گذرتی تہی ناگاہ قبر
خدیجہ خاتون پر وارد ہوی وہان متوقف رہی اور نبان ابر بہاری رونی لگی
ثُمَّ قَالَ اِذْهَبْ عَنِّيْ قَالَ اَنَسٌ فَاسْتَخْفَيْتُ عَنْهُ انس کہتا ہی اوس
جناب نی مجہی فرمایا یہان سی علاحدہ میری نزدیک سی دور ہو جا مین اوسی
فاصلہ پر کیا ایک گوشہ مین چہپ رہا فَلَمَّا طَالَ وُقُوْفُهُ فِي الصَّلٰوةِ سَمِعْتُهٗ
قَائِلًا وہ جناب نی عبادت مین نیت قیام و قعود کی جبکہ اونکی نماز مین دیر ہوئی تب مین
لگی مینی آواز مناجات کو اوس رفیع درجات کی سنا کہ بارگاہ قاضی الحاجات مین
خطاب کرتا تہا يَا رَبِّ يَا رَبِّ اَنْتَ مَوْلَاهُ فَارْحَمْ عُبَيْدًا اِلَيْكَ مَلْجَاهُ

زین مجالس کرو مناجات سید الشہدا روایت انس ابن مالک ج مرا خدیجہ کبرے پر بھیجا

ای پروردگار تو سبکا حامی اور مددگار ہی رحم فرما اوس بندی پر جو تیری فضل کا امیدوار ہی یَا ذَا الْمَعَالِیْ عَلَیْکَ مُعْتَمَدِیْ۔ طُوْبیٰ لِمَنْ کُنْتَ اَنْتَ مَوْلَاہُ اے صاحب عظمت اور بزرگواری اعتماد میرا تجہ پر ہی سایہ طوبیٰ کی راحت واسطی اوسکی جسکا تو مولا ہی طُوْبیٰ لِمَنْ کَانَ خَادِمًا اَرِقًا۔ یَشْکُوْ اِلیٰ ذِی الْجَلَالِ بَلْوَاہُ خوشا حال اوس عبد کا جو ملازم و خادم ہو تیری کرم کا اور خدا کے اپنی حاجت کو شکوہ بلا و زحمت مین تجہسی مانگتا اور کہتا ہی وَمَا بِہٖ عِلَّۃٌ وَلَا سُقْمٌ اَکْثَرُ مِنْ حُبِّہٖ لِمَوْلَاہُ اوسکی دلمین کوئی اندوہ و آزار نہین ہی زیادہ غلبہ شوق محبت سی جو اپنی مولا کی ساتہہ رکہتا ہی اِذَا اشْتَکیٰ بَثَّہٗ وَغُصَّتَہٗ اَجَابَہُ اللّٰہُ ثُمَّ لَبَّاہُ جب شکایت کری رنج و الم کی خدا قبول توجہ کریگا ساری مطلب اور مراد کو برلای ندای لبیک دیگا اِذَا ابْتُلِیَ بِالظَّلَامِ مُبْتَہِلًا اَکْرَمَہُ اللّٰہُ ثُمَّ اَدْنَاہُ جو ابتلای ظلم سی زار و نالان ہو دعا کو اکرام سی اجابت کو پہنچای شادان ہو فَنُوْدِیَ عَلَیْہِ السَّلَامُ پس جواب مین اوس جناب کی منادی غیب سے آواز آئی اور اوسنی یہ عبارت دلنواز پکارکی سنائی لَبَّیْکَ عَبْدِیْ وَاَنْتَ فِیْ کَنَفِیْ۔ وَکُلَّمَا قُلْتَ قَدْ عَلِمْنَاہُ لبیک ای خاص بندی تونی میری پناہ و حمایت مین شرافتین پائین اور جو راز و نیاز کی باتین کہین وہ ہمنی معلوم فرمائین صَوْتُکَ تَشْتَاقُہٗ مَلَائِکَتِیْ۔ فَحَسْبُکَ الصَّوْتُ قَدْ سَمِعْنَاہُ ملائکہ سماوات میری مشتاق تیری صدای جان فزا کی ہین بس کافی ہی یہ تجہی کہ ہم اس آواز کی شنوا ہین دُعَاکَ عِنْدِیْ یَجُوْلُ فِیْ حُجُبٍ فَحَسْبُکَ السِّتْرَ قَدْ سَفَرْنَاہُ تیری دعا حجاب جلال اور قرب وصال ہین ہماری پھرتی ہی

نورین مجالس ترکہ در کعبہ پر جبرئیل کا دست سید الشہدا کو پکڑنا واسطی بیعت خدا کی خلق سی کہنا

اور یہ بزرگی بس ہی کہ پردہ دوری اوٹہہ گیا توجہ خاص رہتی ہی تو ھبّتِ الرّیحُ مِن جوانبہٖ خرّ صریعًا لما تغشّاہُ اگر نسیم لطف اونکی اطراف سی حرکت مین آئی ہر آینہ وہ ظہور تجلی دیکہہ کی سجدی مین جہک جائی ت ج عَن ابنِ عبّاسٍ قالَ رأیتُ الحُسینَ علیہِ السّلٰمُ قبلَ اَن یتوجّہَ اِلی العراقِ علی بابِ الکعبۃِ وکفّ جبرئیلَ فی کفّہٖ کتابِ تخریج مین ابن عباس رضی اللہ عنہ سی روایت کی ہی کہ سفرِ عراق سی پہلی ایکروز امام حسین علیہ السلام کی زیارت کی ہی درِ خانہ کعبہ پردہ سہرور کہڑی تہی اور جبرئیل بصورتِ مردِ نورانی اونکی برابر متوقف ہوکی اِبن یدُاللہ کا ہاتہہ پکڑی تہی وَجبرئیلُ ینادِی ھلمّوا اِلی بیعۃِ اللہِ عزّ وجلّ جبرئیل وہ دستِ حق پرست کو اوٹہا کی ندا کرتی تہی اور سرگشتگانِ مقامِ غفلت کو فضائلِ کبری جتاتی تہی ای گروہِ خلایق اس کفِ سعادت و شرف کو پہچانو اور پنجہ فرزندِ مشکلکشا پر اگی خالقِ ارض و سما کی بیعت کرو یہ حجت اور نشانہ لطفِ خداہی یہ تیہ ضلالت سی منزلِ نجات کا راہ نما ہی یہ وارثِ کراماتِ انبیا و اولیا ہی یہ صاحبِ معجزۂ یدِ بیضا ہی یہ امتِ مرحومہ کا امام اور پیشوا ہی یہ بقیۂ پنجتنِ آلِ عبا ہی پس ای مومنینِ حاضرین سنا تمنی گوشِ صدق و یقین سی فضائلِ کو قرب و منزلتِ ربِ العالمین سی امام الثقلین کی ہای افسوس کہ اس امتِ بی شرم و حیا نی محبوبِ حق تعالی پر بی انتہا ظلم و جفا کئی خانۂ خدا سی مہمانِ بلا کی بہوک پیاس مین تلواروںکی زخم کہانی کو ہزاران خط وعدۂ یاری اور غمخواری کی لکہی صدہا قاصد واسطی طلبِ ہدایت کی اوس برگزیدۂ باری کو بہیجی اونکی وکیل کو دیارِ غربت مین ذلیل و خوار کیا تا ب جلیل کا مع فرزندونکی

نویں مجلس شہادت مسلم بن عقیل رحمۃ اللہ علیہ

سر کاٹ لیا جنازی کو لہو بہتا کوچہ و بازار مین پھرایا دفن و کفن کی عوض دروازہ قصر مین لٹکایا فاتحہ و قران پڑہنی کی جا ڈہل و نقارہ شادی کا بجایا غم و ماتم کی مقام پر فرشِ انبساط یزید کو بچھایا نظم للمولفہ اولادِ مصطفیٰ پہ یہ رنج و محن دریغ آل زیاد کامروا خندہ زن دریغ محبوب کبریا و دل و جانِ بوتراب وشتِ بلا مین ذبح ہو تشنہ دہن دریغ اطفالِ اہلِ شام تو سوئین بھند ناز در در پھرین یتیمِ حسین و حسن دریغ بی چادر و نقاب خواتینِ اہلبیت بیدفن و بی کفن شہ گل پیرہن دریغ ناظم عجب مذاق ہی تیری کلام مین اس طرز کو نہ مانی جو اہلِ سخن دریغ

شہادت مسلم ابن عقیل علیہ الرحمہ منقول مقتلِ ابو مخنف سے

رسولانِ کشورِ بلا و محنت و شہیرانِ شہرِ بکا و رقت مسافرانِ دیارِ حسرت و پریشانی و صاحبانِ بارِ غربت و سرگردانی قاصدانِ حاملِ تسلیم و رضا و شیروانِ منازلِ امتحانِ قضا پیامِ زاری و ابتہال کو واقعہ شہادتِ مسلم ابنِ عقیل سی مجمع احباب مین یون پہنچاتی ہین کہ جب بیوفایانِ کوفہ نی رفاقتِ مسلم سی کنارہ کیا اور خوفِ ابنِ زیاد سی مہمانِ غریب کو تنِ تنہا چھوڑ دیا ثُمَّ اِنَّ مُسْلِمَ ابْنَ عَقِيلٍ خَرَجَ حَتّٰى اَتٰى اِلٰى دَارِ اِمْرَاَةٍ يُقَالُ لَهَا طَوْعَةُ مِنْ اَهْلِ الْكُوفَةِ مقتلِ ابو مخنف مین لکہا ہی کہ وہ بی وطن مسجدِ جامع سی نمازِ مغرب پڑہ کر جو کہڑی ہوئی تو دیکہا کہ سب بیعت کرنیوالی اپنی گہر و نکو بہاگ گئی اور عہد و پیمانِ قائم و ثابت قدم نرہی ناچار حیران و پریشان دروازہ سی نکلی بازار و کوچہ دار العدوان مین ناواقف چلی ایک خدا پرست نتہا کہ راہِ عافیت اونکو بتائی کہین آشنا و دوست نہ

نوین مجلس شہادت مسلم بن عقیل علیہ الرحمۃ

جو منزل نجات و رفاہ تک پہنچائی اندہیری رات کو نشیب و فراز مین ہوکر بہاگی گرتی اطرافِ محلات مین کوفہ کی بی یار و مددگار پھرتی شہر سی نکلنی کی واسطے منہہ اوٹہای بی سر و سامان جاتی تہی کوئی مکان ایک شب کی توقف کو بہی نہین پاتی تہی بجہرت دہنی بائین دیکہہ کی گہبراتی تہی بہوک پیاس مین نیا ہوکی غم کہاتی کبہی گوشۂ خلوت مین کہڑی ہوکی مناجات کرتی طرفِ مکہ امام حسین علیہ السلام کی تصور مین آہ سرد بہرتی ناگاہ اثنای راہ مین ایک ضعیفہ کی گہر پر کہ اوسی طوعہ کہتی تہی آئی اوس عورتکو دروازی مین کہڑا دیکہہ کی یہ سخن لب پر لائی فَقَالَ یَا هٰذِهِ اَضِیْفِیْنِیْ فِیْ هٰذِهِ اللَّیْلَةِ کہا ای نیک زن ہو سکتا ہی کہ تو قدمِ ہمت آگی دہری اور آجکی رات مجہی پردیسی مسافر جان کی اپنا مہمان کری فَاِنْ اَنَا عِشْتُ کَافَیْتُكِ وَاِنْ مُتُّ وَقَعَ اَجْرُكِ عَلَی اللّٰهِ ہرگاہ میری زندگی باقی رہی تو عوض مین سلوک اچہا کرونگا۔ اور اگر مارا گیا تو خدا تجہی اسکا اجر دی ہی کہوینگا قَالَ فَاَخَلَتِ الْمَرْاَةُ لَهٗ مُخْدَعًا وَاَخْفَتْهُ فِیْهِ راوی کہتا ہی کہ اوس مومنہ نی خوش ہوکی جلدی سی اپنی مکان مین ایک حجرہ خالی کیا اور مسلم کو وہان لیجا کی بہت عزت سی بٹہا دیا وَجَعَلَتْ تُکْثِرُ التَّرَدُّدَ اِلَیْهِ وَتَسْاَلُهٗ عَنْ حَالِهٖ مسلم کو گنجِ سعادت جان کی گوشۂ حرمت مین مخفی رکہا آب و طعام جو میسر تہا وہ لاکی روبرو چنا دایتہً خدمت چہپا کر اسی واسطی دلداری کی وہان آتی جاتی۔ سوال نام و نسب مین رو رو کی شرماتی جبکہ طوعہ مین اخلاص و محبت کا نشان ملا مسلم نی زبانِ حال سی اپنا واقعہ سب بیان کیا۔ ہم اہلبیت پیغمبر کی اقربا ہین۔ درد و مصیبت مین مبتلا ہین۔ اہلِ کوفہ نی

٢٩٥

... مكانا في الدين وانخاهم بنانا و افصحهم لسانا وكان اعبد اهل زمانه ... فصل ... نوافل الليل ويصليها بصلاة الصبح ثم يعقب حتى تطلع الشمس ثم يخر ساجدا فلا يرفع رأسه من الدعاء والتمجيد حتى يقرب زوال الشمس وكان يقول في سجوده عظم الذنب من عبدك فليحسن العفو والتجاوز من عندك وكان من دعائه عليه السلام اللهم اسئلك الراحة عند الموت و العفو عند الحساب وكان عليه السلام يبكي من خشية الله حتى تخضل لحيته بالدموع وكان يتعهد فقراء المدينة فيحمل اليهم في الليل العين والورق وغير ذلك من ... اليهم وهم لا ...

خضل تر کردن خضل تر عین چشم ورق درم و مال بہادادند رحیز عین سیم مضروب

نوین مجلس شہادت مسلم بن عقیل علیہ الرحمۃ

اٹھارہ ہزار نامہ اور صدہا قاصد بھیجکر بلایا امامت اور ہدایت کا لایق جانکی وعدۂ نصرت سنایا مجھی امام حسین علیہ السلام نی نامہ برونکی ہمراہ بھیجا اپنی وکالت کی منصب سی افتخار دیا مینی اس شہر مین خطِ فرزندِ رسولِ خداکو لاکی پڑھا جب ہزارہا خلایق کا بیعت مین دستِ طاعت آگی بڑھا اب خوفِ ابن زیاد سی سارا زمانہ پھر گیا ہمکو ذلیل و خوار دشمنون کی ہاتھ مین گرفتار چھوڑ دیا غریب و بیابان دربدر پھرتا ہون کوئی دوست کا گھر اور وطن جانی کا طریق نظر مین نہین کہتا ہون اہل و عیال سی بحسرت دوری ہی امام حسین علیہ السلام کی مہجوری مین ناصبوری ہی زغنہ جفای اعدا سی شیشۂ دل چور ہی صدمات مصیبت مین تن میرا رنجور ہے روضۂ نبی اور شہرِ مدینہ بہت یاد آتا ہی اپنی فرزندونکا غم فرقت دن رات رلاتا ہے تنہائی مین بیکسی اور حسرت ساتھ پھرتی ہی گران جانی مین موت سر پر ہاتھ دہرتی ہی اگر زندگی باقی ہی تو دیکھون تقدیر کہان لیجائیگی ہرگاہ مارا جاؤن حسین علیہ السلام کی آرزو مین قبر بھی خوش نہ آئیگی یہ ماجرا اسکی طوعہ رو تی تھی مسلم کی جان پر خایف ہوتی تھی وَكَانَ لَهَا وَلَدٌ صَغِيرٌ لَا بَارَكَ اللهُ فِيهِ راوی کہتا ہی اوس پیرزال کا چھوٹا بیٹا تھا وہ آیا ناگاہ گھر مین داخل ہوکر اوسنی مان کو تشویش مین مبتلا پایا فَقَالَ لَهَا يَا أُمَّاهُ مَالِي أَرَاكِ تُكْثِرِينَ التَّرَدُّدَ إِلَى هٰذَا الْمُخْدَعِ مان سی اپنی پوچھا کیا سبب ہی کہ آجکی رات اس حجری مین بہت آمد و رفت کرتی ہو کونسی تشویش ہی کہ جسکی تردد مین آہِ سرد بھرتی ہو فَقَالَتْ لَهُ يَا ابْنِي اكْتُمْ عَلَيَّ فَإِنَّ ضَيْفَنَا اللَّيْلَةَ رَجُلٌ مِنْ آلِ بَيْتِ مُحَمَّدٍ جواب دیا ای فرزند اس راز کو پوشیدہ رکھنا اور دشمنون سی دین کی ہرگز نہ کہنا ہماری گھر مین

پیغمبر کی اہلبیت سی ایک مہمان ایا ہی وہ محنت کشیدہ خوف اعداسی یہان پناہ
لایا ہی فَلَمَّا قَالَتْ لَہُ ذٰلِکَ فَادَ الْکَلَامُ فِیْ صَدْرِہٖ وَکَانَ اَبُوْہُ سَامِرًا
لِعُبَیْدِ اللّٰہِ بْنِ زِیَادٍ جب اوس نابکارنی یہ کلام اپنی ماںکا سنا بغض وکینہ آل
محمد سی دل فی سینہ مین تاوپیچ کہایا اوس طفل کا باپ شوہر طوعہ کو لکہا ہی کہ ابن
زیاد کا مصاحب مقرب تہا فَمَضٰی اِلٰی عِنْدَ اَبِیْہِ اُسَیْدِ الْحَضْرَمِیِّ فَقَالَ
لَہٗ یَا اَبَتِ اِنَّ ضَیْفَنَا اللَّیْلَۃَ رَجُلٌ مِنْ اَہْلِ بَیْتِ مُحَمَّدٍ عَلَیْہِمُ السَّلٰمُ وہ ناپاک
ماںکی انکہہ بچاکی پدر کی پاس دوڑ گیا آہستہ سی اوس نی حمیت کی کان مین کہا
ای بابا ہماری گہر مین اقربای پیغمبر سی ایک مرد مہمان ہی میری ماںکی محبت سی گوشۂ
حجری مین پنہان ہی فَسَمِعَہُ الْمَلْعُوْنُ عُبَیْدُ اللّٰہِ فَقَالَ لَہٗ مَا یَقُوْلُ ہٰذَا
الصَّبِیُّ ناگاہ اوس شریر کی تقریر کو ابن زیاد نی سنا اپنی مصاحب سی پکار کی
پوچہا ای اُسید یہ لڑکا کیا کہتا ہی اور کہان کی خبر مجہی دیتا ہی فَقَالَ اَبُوْہُ یَقُوْلُ
اِنَّ مُسْلِمَ بْنَ عَقِیْلٍ ضَیْفٌ عِنْدَ اَہْلِیْ اوسنی جواب دیا ای امیر یہ فرزند مژدہ
نیک لایا ہی کہ مسلم ابن عقیل ہماری مکان مین مہمان ہوا ہی فَفَرِحَ بِذٰلِکَ وَ
اَدْعَا مُحَمَّدَ بْنَ اَشْعَثِ الْکِنْدِیَّ یہ خبر سنکی وہ ظالم مسرور کرنی لگا اور محمد ابن
اشعث کندی کو بلایا وَضَمَّ اِلَیْہِ خَمْسَمِائَۃِ فَارِسٍ وَقَالَ اَمْضِ فَاْتِنَا بِہٖ
پانچ سوار اوسی دی کی بولا جلدی جا طوعہ کی مکان سی مسلم کو میری پاس پکڑ لا
فَمَضٰی اِلٰی مَنْزِلِ الْاِمْرَاَۃِ یَعْتَسِتَ الْاِمْرَاَۃُ بِقُدُوْمِہِمْ محمد ابن اشعث
رسالہ سوار ونکا لیکی دوڑ گیا اوس پیرہ زن کا حجرہ ہر طرف سی کہیر لیا طوعہ کو
جسدم کہوڑونکی اواز سم کان مین پہنچی پریشان ومضطر حواس باختہ کہڑی ہوئی

نوین مجلس شہادت مسلم بن عقیل علیہ رحمۃ من اللہ الجلیل

جانا کر لشکر واسطی گرفتاری مسلم کی آتا ہی سید عزیز مظلوم و بی گناہ اونکی جور و ستم

مارا جاتا ہی فقصدت الی درع کان لزوجہا فلبستہا وتقلدت

بسیفہا وخرجت الی لقاء القوم وہ مومنہ جان نثاری کی ارادہ پر کمر باندھ کر

دوڑی اپنی شوہر کی زرہ بدن مین پہنی اوسکی تلوار گلی مین حمایل ڈالی جہانکی حمایت مین

گہر سی باہر نکلی لڑنیکو اوس لشکر سی مقابل ہوئی فصاح بہا مسلم بن عقیل

ارجعی ایتہا الامراۃ الی منزلک مسلم نی جب یہ ماجرا دیکہا عورت

مومنہ پکارکی کہا ای زن جوانمرد اس ارادہ سی ہاتہہ اوٹہا تحمل کر کی مکان کو اپنی

پہر جا فان اللہ تبارک وتعالی قد رفع الجہاد عن النساء خدای تعالی نی

جہاد کو عورات سی معاف کیا ہی مرحبا کہ تونی ہم ذریہ رسول کا ساتہہ دیا ہی

فرجعت وہی تقول واخیبتاہ وہ نیک سیرت نی لابد مراجعت کی

بہت حسرت و افسوس کرتی تہی فقال لہا مسلم لاخیبتی علیک تقبل اللہ

سعیک وعملک مسلم نی فرمایا تیری واسطی کوئی ندامت و نا امیدی نہین اللہ

قبول کری جو تونی ہماری طرفداریان کین ثم اتینی بماء فاتتہ ماء فا

غتسل بہ ولبس ثیابہ ووضع علیہ درعہ وتقلد بسیفہ ای طوعہ

تہوڑا پانی مجہی نہانی کو لا دی جبکہ اوسنی فرمایش جہان آمادہ کی مسلم نی بدن مبارک

اپنا دہویا اور سبز لباس کو بصورت کفن پہنا زرہ کو زیب پیکر شہادت کیا تلوار کو

گردن مین لٹکایا ورکب فرسہ وخرج الی لقاء القوم فقال لہم

یا ویلکم وما الذی تریدون منی باتوکل خدا گہوڑی پر سوار باہر نکلی اوس

فوج شقاوت موج سی مقابل ہوکی بولی ای گمراہو وای او پر تمہاری کیا چاہتی ہو

٢٩٨

ان من ربہ او منہما جمیعا فان کانت
الرب ہو اعدل وانصف من ان نظلم
عبدہ ویأخذہ بما لم یفعلہ وان کانت
منہما فہو شریکہ فالقوی اولی بالانصاف
عبدہ الضعیف وان کانت من العبد
وحدہ فعلیہ وقع الامر والیہ توجہ
النہی ولہ حق الثواب والعقاب والنار فلما سمعت ذلک

کیون میری طرف ہجوم لاتی ہو اس روایت مین یہ عبارت خارج از پایۂ اعتبار ہی
کہ مسلم کا نہا کہوڑی پر چڑہنا دونو منافی اختیار ہین فقالوا یا مسلم استنا بنفسک
الینا بخبر الامیر بخبرک فضع عن ذلک اون اشقیا نی کہا ای مسلم
باسید نکی امیر مین انکر ملعون ابن زیاد کی خدمت مین ہماری ساتہہ چلو تمہاری
گناہونکو بخشدیگا کچہہ خطای گذشتہ کا مواخذہ نکریگا فقال لهم یا ویلکم
ایعطی رجل من اهلبیت محمد انقیادا من نفسه والله لا یکون
ذلک ابدا مسلم نی فرمایا عذاب الہی نازل ہو اوپر تمہاری کوئی آدمی اہلبیت
پیغمبر سی دشمن کی ہاتہہ مین اپنی جان کو نہین دیگا اور کبہی مین ذلت کا قبول کرنا
نہوگا ثم حمل علی القوم وحملوا علیه باجمعهم بعد ازان وہ دلاور لشکر
ستمگر پر حملہ آور ہوئی اور سب اشقیا بہی یکبارہ اوس خستہ جگر پر ٹوٹ پڑی
فما ترحل النهار حتی قتل منهم مائتین وخمسون فارس مسلم نی سینہ
سپر ہو کی شجاعت اور بہادری کا ہنر دکہایا یہان تک کہ تہوڑا دن چڑہا تہا
جو دو سو پچاس سوارونکو مارا باقی کو بہگایا فبلغ ذلک الی عبید الله بن
زیاد فنفذ الی محمد بن الاشعث یعاتبه وهو یقول یا ویلک
انفذناک الی رجل واحد تاتینا به یہ ماجرا جب گاہ عبید اللہ ابن زیاد نی
سنا محمد ابن اشعث کو پیام عتاب و سرزنش دیا ای مردود تجہی ایسا مجمع
ایک آدمی کی پکڑنیکو سونپا ہی اوسپر تو نی اتنا عرصہ کیا اور کچہہ کام نہین بنایا
فانثلم من عسکرک هذه الثلمة العظیمة اس لشکر سی تدارک فساد مین رخنہ
بندی کر جو ہو سکی جلد سی دام تدبیر اور فریب اگی دہر فبعث الیه الکندی

عن ابراهیم بن صالح الانماطی عن محمد
بن المفضل وزیاد بن النعمان وسیف
بن عمیرة عن هشام بن احمر
قال ارسل الی ابو عبد الله علیه
السلام فی یوم شدید الحر فقال
اذهب الی فلان الافریقی و
اعترض جاریة عنده من حالها
کذا وکذا ومن صفتها کذا فابتع
الرجل فاعترضت ما عنده

نوین مجلس شہادت مسلم بن عقیل رحمۃ علیہ من رب جلیل

یَقُولُ اَتَظُنُّ اِنَّکَ اَنفَذتَنِی اِلیٰ جَرامِقَۃِ الجَزِیرَۃِ اَوْ اِلیٰ یَہُودِیِّ پسر اشعث نی جواب دیا ای امیر تو گمان کرتا ہی کہ جولاہان جزیرہ خواہ یہودیان بی حقیقت کی پکڑنیکو بھیجا ہی بَل قَد اَنفَذتَنِی اِلیٰ اَسَدٍ ضِرغَامٍ وَلَیثٍ ہُمَامٍ مِن اٰلِ بَیتِ مُحَمَّدٍ بلکہ مجھی اوسکی مہم قتال پر مامور کیا ہی جو شیر بیشہ جلادت اور دلیر خاندان رسالت سی یکتا ہی فَبَعَثَ اِلَیہِ یَقُولُ عَلَیہِ اَعطِہِ الاَمَانَ اوس ستمگار نی تعلیم کی تمکو چاہیی کہ مسلم کو امان دو اور اس تدبیر سی قابو مین لاکی پکڑ لو فَقَالَ مُسلِمٌ وَاَیُّ اَمَانٍ لَکُم یَا غَدَرَۃَ الفَجَرَۃِ مطابق کہنی ابن زیاد کی وہ اشقیا چلای کہ ای مسلم تمکو امیر نی پناہ دی ہی وہ مظلوم نی فرمایا تمہاری قول کا ہرگز اعتبار اور امان پر بھروسا نہیں ثُمَّ اِنَّہٗ حَمَلَ فِیہِم وَاَنشَاءَ یَقُولُ پھر اوس بہادر نی اونپر حملہ کیا اور یہ اشعار کو رجز مین پڑہا فَسَمِعتُ لَاَقتُلُ الاَحرَارَ وَاِن وَجَدتُ المَوتَ شَیئًا نُکرًا قسم خدا کی ہر اینہ سرگرم قتال رہونگا تمکو اپنی تلوار سی مارونگا تاکہ موت کو پاونگا مانند کہ تلخ اوسکو ہوونگا۔ اَخَافُ اَن اُغدَرَ اَو اُغَرَّا اَقتُلُکُم وَلَا اَخَافُ الضَّرَّا تمہاری فریب اور غدر کو اندیشہ کرتا ہون سب کو قتل کرونگا محنت اور بلا سے نہین ڈرتا ہون۔ قَالَ وَلَم یَزَل یُقَاتِلُ فَارِسًا وَرَاجِلًا حَتّٰی قَتَلَ مِنہُم الثَّلَاثَۃَ مِائَۃِ رَجُلٍ وہ صفدر لڑتا رہا تاکہ بہت اشقیا ماری پوری تین سو پیادہ اور سوار تلوار کی گھاٹ اوتاری ثُمَّ اِنَّہُم اَوثَقُوہُ جِرَاحًا وَاَخَذُوہُ اَسِیرًا ہر طرف سی غریب مظلوم پر دشمنون کا ہجوم ہوا کثرت زخم سی اوسکا بدن چور کیا کیسینی سینہ حسرت دفینہ پر تیر مار کیسینی بہالا عداوت سی پہلو مین لگایا +

بعضون نی دور سی جسم پاش پاش کو سنگ باران کیا کسینی تودہ خاک اوٹھا کر سر پر
پھینکا ناریون نی بوریا مین اگ لگا کی اوس جگر سوختہ پر ڈالی ایک مردودنی کمین سے
دوڑ کی برچھی ماری اوسکی صدمہ سی مسلم خاک پر گرا اشقیای کوفہ نی چار سمت سی گھیر کے
پکڑ لیا، بازوی مجروح کو رسن بیداد سی کسکی باندھا، لہو بہتا جانب دار الامارہ کھینچا وکل
بہ سایق وَکَانَ فَظًّا غَلِیظًا جو موکل سنگدل اوسپر مقرر ہوا بہت بی رحم تند خواو
دشمن تھا فَمَرَّ بِدَارٍ فِیهَا کِیزَانُ مَاءٍ اغنان وخیزان سید مظلوم کو لیچلی ناگاہ و
مکان سی گذری کہ دروازی پر کوزہ ہای آب سرد رکھی تھی فَقَالَ لِسَائِقِهِ اِسْقِنِی
شَرْبَةً مِنَ الْمَاءِ پیاس کی شدت مین مسلم کی جان پر بنی زبان خشک تالو سی چمٹی تھی
حال تباہ مین اپنی نگہبان سی کہا اسدم تھوڑا پانی مجھی لیکی پلا فَاِنْ عِشْتُ کَافَیْتُکَ
وَاِنْ مُتُّ وَقَعَ اَجْرُکَ عَلَی اللهِ رَبِّ مُحَمَّدٍ عَلَیْهِ السَّلَامُ اگر اس بلا سی چھوٹ کی
جیتا رہونگا، توعوض مین تیری ساتھہ نیکی کرونگا اور اگر جور وجفا سی مارا جاونگا، تو رب
محمد مصطفی پر اسکا اجر دینا ماگونگا فَقَالَ لَهُ هَیْهَاتَ اَنْ تَذُوقَ الْمَاءَ اَوْ تَذُوقَ
الْمَوْتَ غُصَّةً وَجُرْعَةً اوس ظالم نی جوابدیا ہرگز تجھی پانی نہین ملیگا بلکہ شربت ناگوار
موت کو تو پیکی جان دیگا قَالَ فَاَلَحَّ عَلَیْهِمْ فِی طَلَبِ الْمَاءِ فَاَتَوْهُ بِقَدَحٍ فِیهِ
مَاءٌ راوی کہتاہی دوبارہ اوس غریب نی منت وزاری سی پیاس کا شکوہ کیا، یہ سنکی
ایک خدا پرست نی پیالہ بھر کی لادیا وَکَانَتْ قَدْ اَصَابَتْ شَفَتَهُ الْعُلْیَا ضَرْبَةٌ
فَلَمَّا وَضَعَ الْقَدَحَ عَلٰی فِیهِ سَقَطَتْ ثَنَایَاهُ فِی الْقَدَحِ ضرب تیغ سی مسلم کا
لب بالا کٹا تھا، جب پانی پینی کو قدح منہہ سی لگایا، سب دانت اوسمین گر پڑی ا...
جرعہ بھی پی نہ سکی فَصَارَ الْمَاءُ دَمًا عَبِیطًا وہ برتن زخم دہن کی لہو سی بھر ایا شل

علی بکر بن البصرة وبعضها
مع الاخری علی طریق الکوفة
وکان علیه السلام فی القبة
التی مضت علی طریق البصرة
وانما فعل ذلک الرشید
لیعمی عن الناس الخبر وامر ان
یسلم الی عیسی بن جعفر بن المنصور
فحبسه عنده سنة ثم کتب الی
الرشید فی دمه واستعفی
... منه فوجه الرشید من
تسلمه منه وصیره الی بغداد وسلم الی
الفضل بن الربیع وبقی عنده مدة طویلة
فاراده الرشید علی شیء من امره فابی
فکتب الیه بتسلیمه الی الفضل بن یحیی فجعله فی بعض دوره
ووضع علیه الرصد فکان علیه السلام مشغولا
بالعبادة یحیی اللیل کله صلوة وقراءة للقرآن
ویصوم النهار فی اکثر الایام ولا یصرف وجهه
عن المحراب فوسع علیه الفضل بن یحیی واکرمه
فبلغ ذلک الرشید وهو بالرقة فکتب الیه
یامره بقتله فتوقف عن ذلک فاغتاظ الرشید

لذلک وتغیر علیه ...
بتسلیم موسی بن جعفر علیهما السلام الی
السندی بن شاهک وبلغ یحیی بن خالد
الخبر فرکب الی الرشید وقال له انا اکفل بما ترید
ثم خرج الی بغداد ودعا بالسندی وامره
فامتثله وسمه علیه السلام فی طعام قدمه
الیه ویقال انه جعله فی رطب اکل منه
فاحس بالسم موعوکا ثلثة ایام ومات
علیه السلام فی الیوم الثالث ولما
استشهد علیه السلام ادخل السندی
الفقهاء ووجوه الناس من اهل بغداد
وفیهم الهیثم بن عدی فنظروا الیه
لا اثر به من جرح ولا خنق ثم وضعه
علی الجسر ببغداد وامر یحیی بن خالد
فنودی هذا موسی بن جعفر الذی
تزعم الرافضة انه لا یموت قد
مات فانظروا الیه فجعل الناس
یتفرسون فی وجهه وهو میت

نوین مجلس شہادت مسلم بن عقیل علیہ رحمۃ اللہ الجلیل

خون تازہ کی سرخ ہوا فَامْتَنَعَ مِنْ شُرْبِهِ وَسَأَلَهُمْ غَيْرَهُ فَمَنَعُوهُ مِنْ ذٰلِكَ
اوس تشنہ لب کو سیراب ہونیسی محروم رکہا ہرگاہ دوسرا پیالہ مانگا اور کسی رحم دل نی
بہر کی دیا تو اون کافرون نی منع کیا گویا مقدر یون ہوا تہا کہ سید الشہدا کی اقربا اور انصار
دنیا سی پیاسی جاینؔ ساقیِ کوثر کی ہاتہہ سی جنت مین زلالِ رحمت پاینؔ بہت شبیہ گذراہی
یہ واقعہ مسلمِ غریب کا ساتہہ ماجرای سلطانِ کربلا کی جسدم وہ جنابِ تن تنہا نرغۂ اعدا مین
باقی رہی کثرتِ عطش مین لشکرِ بیحیاسی طالب ایک جامِ آب کی ہوی وہ اشقیا نی رو کہا
جوابِ صاف دیا فرزندِ رسول کو پانی سی محروم رکہا جناب نی بالب خشک اور چشمِ تر (نکار کیا)
نہر کی طرف گہوڑا بڑہایا چلو مین پانی اوٹہا کی پینی کا ارادہ تہا ناگاہ کمینِ بلاسی منہہ سنگ
دغا یا تیرِ جفا ایسا لگا کہ لب و دہان مجروح اور پاش پاش ہوا دندانِ گوہر فشان گر گئی خون کی
فواری بہنی لگی لہو بہری پانی کو ہاتہہ سی پہینک دیا پیاس مین آبِ خنجر سی گلا تر کیا
وَأُدْخِلَ عَلٰى عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زِيَادٍ فَقَالُوا اُسَلِّمْ عَلَى الْأَمِيرِ راوی کہتا ہی مسلم کو
کشان کشان ابنِ زیاد کی روبرو لائی واسطی آدابِ سلام کی نقیب پکارتی آئی فَقَالَ
مَا يَنْفَعُنِي السَّلَامُ عَلَيْهِ مسلم نی فرمایا کہ اس دشمنِ خدا کو رسول کی عترت سی کینہ ہی
ہمارا اسلام کرنا ایسی ظالم کو بیفائدہ اور بیقرینہ ہی فَقَالَ الْمَلْعُونُ مَا عَلَيْكَ
سَلَّمْتَ أَوْ لَمْ تُسَلِّمْ لَا بُدَّ مِنْ قَتْلِكَ ابنِ زیاد بولا چاہو سلام کرو خواہ انکار کرتی ہو
بالضرور تم میری تلوار سی مقتول ہو قَالَ مُسْلِمٌ يَا وَيْلَكَ إِذَا كَانَ وَلَا بُدَّ مِنْ قَتْلِي
فَاحْضِرْنِي ثِقَةً حَتّٰى أُوصِيَ إِلَيْهِ بِوَصِيَّةٍ مسلم نی کہا وای اوپر تیری او طاغی ہرگاہ
میری قتل کا ارادہ مقرر ہی تو کوئی مردِ ثقہ بلادی کہ اوسکو مین وصیت کر دون جو حق واجب
الادا ہی اوسکا مشغول الذمہ رہون فَقَامَ إِلَيْهِ عُمَرُ بْنُ سَعْدٍ وَقَالَ لَهُ أَوْصِنِي

نوین مجلس شہادت مسلم بن عقیل علیہ رحمۃ من اللہ الجلیل

ابن سعد کھڑا ہوکی نزدیک آیا اور کہا مجھی وصی کروا اپنا فقال لہ اُوصیک اَوّلاً بِتقوی اللهِ وَاِیثارِ طاعَتِہ فرمایا کہ اول مین تجھی سفارش کرتا ہون طاعت خدا کی تقوی اور پرہیزگاری سی عبادت مین سرگرم رہنا اوسکی وَاِذا اَنا قُتِلتُ فادفِن جُثّتی دوسری یہ کہ جب مین شہید ہوجاون تو جنازی کو اوٹھانا نماز پڑہکی قبر مین سونپا جائے چھپانا وَبِع دِرعی ہٰذِہِ وَادفَع ثَمَنَہُ اِلَی البَقّالِینَ فِی الجزیرَۃِ فَاِنَّ لَہُم عَلَیَّ دَینٌ تیسری زرہ کو میری لاش سی اوتار کی بیچنا اوسکی زر قیمت کو بقالان جزیرہ کی ہاتھہ مین دینا کہ اونکا قرض مجھپر آتا ہی چند مدت میں النفقہ اور خوراک مرکب کو دیا ہی وَتکتُبَ اِلَی الحُسَینِ عَلَیہِ السَّلامُ اِنَّہُ لا یَجیئُ فَاِنَّہُ مَقتُولٌ لا مَحالَۃَ چوتھی یہ کہ میری طرف سی امام حسین علیہ السلام کو عرضی لکھنا یا ابن رسول اللہ زنہار کوفہ کا ارادہ نکرنا یہانکی مخلوق بہت بیوفا ہی اہلبیت کی واسطی قصد جور و جفا ہی اندیشہ رکھتا ہون وہ جناب اس دیار مین آئین فرقہ بدکار اور ظالم غدار کی ہاتہہ سی ماری جائین عمر سعد نی جواب ان باتونکا پکارکی کہا تاکہ نقرات مدعا کو ابن زیاد نی سنا فقال عُبَیدُ اللهِ اَمّا اَنتَ فَلا بُدَّ مِن قَتلِکَ فَلا نُبالِی ما تَصنَعُ بِجُثّتِکَ اوسنی کہا یا مسلم ضرور مین تجکو قتل کرونگا اور میت سی کچھہ مزاحمت نرکھونگا جو چاہی وہ لیجائی قبر کھودی اور دفنا دی وَما دِرعُکَ فَالرَّجُلُ مُختَرٌ فِیہِ اِن شاءَ یُؤَدِّیہِ اَوَّلاً تیری زرہ سی بہی ہمین کیا سروکار ہی وصی تیرا قرضہ کی ادا کا مختار ہی وَاَمَّا الحُسَینُ فَلا بُدَّ اَن نَکتُبَ اِلَیہِ نَخدَعُہُ حَتّٰی یَخرُجَ وَنَقتُلَہُ وَنَستَریحَ مِنہُ لاکن امام حسین کو البتہ فریب سی خط بہیجونگا بلکہ سی نکال کی کوفہ مین مارونگا تاکہ اوسکی ہاتہہ سی یزید کو آرام ملی اور اوسکی سلطنت سی خلش امامت جاتا رہی ثُمَّ اِنَّ عُبَیدَ اللهِ اَمَرَ اَن یَصعَدُوا بِہِ

اِلیٰ اَعلاءِ القصرِ جذارِ فیہِ والقِیَ علیٰ اَمرِ رَاسِہٖ پس جلاد کو ابن زیاد نی حکم کیا مسلم کو بالای قصر لیجا کی اولٹا پھینک دیا فَانسَدقتْ عُنُقُہٗ صَلوٰاتُ اللہِ علَیہِ سر و گردن کو اوس مظلوم کی چور کر ڈالا مرغِ روح نی شاخسارِ طوبیٰ پر آشیانہ کیا اور دوسری روایت مین وارد ہی کہ اوس شقی نی کہا ای جلاد پشتِ بام قصر پر مسلم کو لیجا سر کاٹ کے میری پاس لا بدن کو رسی مین لٹکا یہ ماجرا خلایق کو واسطی عبرت کی دکھلا قاتل نی جب تلوار میان سی نکالی مسلم نی چار طرف بحسرت و یاس نظر کی اہلِ کوفہ کو دیکھا تماشی کو جمعیت کرتی ہین بعضی واقعہ آفت سی روتی بعضی ہنستی ہین اوس قربانی کعبہ دفا نی مکہ کی جانب کو گردن پھیری حالتِ رقت مین پکار کی یون مناجات کی خدایا پیر اسلام امام حسین سید انام کو کہنا اہل بدعت سی جو محنت مجھپر گذری ہی اسکا گواہ رہنا نظم لمولفہ ای علامانِ علی موسم افغان آیا ٭ نوحہ و نالہ و فریاد کا سامان آیا ٭ غم شبیر مین اوٹھا ہی دل اہل ولا چشمہ دیدہ خونبار کا طوفان آیا ٭ زخم کہانی کو دئی مینہ کی آب خنجر تشنہ خون ہر ایک قاتل جہان آیا دشت غربت مین ہوی وارد مقتل شہ دین ٭ شمر مردود سر و جان کا خواہان آیا ٭ شعر ناظم کا جو مضمون ہی رقت افزا ٭ سنکی ہر فرد بشر اوسکا ثنا خوان آیا ٭

دسوین مجلس تذکرہ مسمار کشتی و تاویل کہیعص و روانگی سید الشہدا مکہ سی جانب کربلا

ن باعی آدم اشکون سی منہ کو دہویا کرتی ٭ اندوہ الم مین عمر کہویا کرتی ٭ شبیر کی حال سی نہی گرچہ خبر ٭ پر ہای حسین کہکی رویا کرتی ٭ ن باعی دشمن جو یزید ستم ایجاد ہوا ٭ محبوب خدا کا باغ برباد ہوا ٭ افسوس ہی کربلا مین گہر زہرا کا ٭ ایسا اوجڑا کہ پہر نہ آباد ہوا ٭ رباعی

دسوین مجلس رونا انگی سید الشہدا انکہ سی جانب بلا تمہید بکا مرثیہ مصاب قتیل الطف جسمی الخلا

دوڑی ہوی مانندِ صبا پہنچین گی ، فردوس مین وہان پہنچکی جا پہنچین گی ، ای انیس ملیگا تب گلِ باغِ مراد ، جب ہند سی تا کربلا پہنچین گی ، باعثِ پیری آئی عذار پی نور ہوی یارانِ شباب پاس سی دور ہوی ، لازم ہی کفن کی یاد ہر وقت انیس ، جو مشک سی بال تہی وہ کافور ہوی تمہید بکا مرثیہ مصاب قتیل الطف جسمی الخلا و مروانکی سید الشہدا انکی بلا ہر جاندار کو بکروہ طبعی ناگوار ہی اور آزار درد کی لئی طبیب و پرستار درکار ہی نادار کو غنا بیمار کو دوا عاشق کو وصالِ یار غریب کو بازگشتِ دیار غریق کو ساحلِ نجات حریق کو اطفای لہبات اسیرِ قید کو رہائی عریانکو لباس کی زیبائی جراحت کو مرہم کی وصلت خوف و دہشت کو امنیت پیاسی کو پانی کا جام بہوکی کو توشۂ طعام محنتِ سفر کو سلامتی راہ مصیبت کو تسلی بخش خیرخواہ موت کو تجہیز و تکفین و اقامتِ عزا و رثۂ اطفالِ یتیم کو ماتم پرسی اقربا و احبا جیسا کہ سانحۂ وفات مین رسول خدا کی ہوا کہ امیر المومنین نی غسل دیا کفن مین حنوط کیا ساری اصحاب نی دو روز مین نماز پڑہکی دفن کیا فرش و عرش پر نبی کی حزن اور ملال کا غلغلۂ شیون پہیلا ایسا ہی واقعہ سیدۃ النسا فاطمہ زہرا تہا ہر چند جنازہ مخفی اور مستور رہا تہا مگر اعزا سی غم و الم کا سارا دستور گذرا مدت دراز تک زینب و ام کلثوم کو ماں کا سوگ رہا یونہین حادثہ علی مرتضیٰ مین ایک عالم نی ماتم رکہا کیا خوب اسلوب سی جنازی کا سامان کیا موالی اور اہالی سیاہ پوش ملک در عیت و سپاہ مین عزا کا جوش آخر کو ماجرای حسن مجتبیٰ بہی اگرچہ دلخراش ہی مگر عزت و توقیر کی اسباب سی تسلی دہ جگر پاش پاش ہی تمام بنی ہاشم سب جوان بہائی او بیٹی امام حسین علیہ السلام کی ساتہہ روتی تہی بہا بوت کی پیچھی غول دو مین سو عورتونکی بین حسرت مین جان کہوتی تہی لاکن خانۂ آلِ عبا مین جب

دسوین مجلس پہونچی سید الشہدا مکہ سی جانب کربلا مرثیہ مصاب قتیل الطف جسمی الخلا

سید الشہدا کی نوبت مصیبت آئی تو دستِ روزگار نی ستم و جفا کی بہت طغیانی دکہائی غریب نہتی مگر بیکس اور غریب بنایا، عزیز و مکرم تہی لاکن بی بس و خوار کا رتبہ پایا بہن نہی مگر زغۂ اعدا سی مہجور بیٹا علیہ بیماری سی مجبور بیٹی تہی جو رونی نہین پاتی تہی بی بی آفت دیکہتی دور کہڑی پچہاڑین کہاتی تہی بہائی جنازہ اوٹہانی والی خود بی گور و کفن پڑی ہوئی سوائی اور انصار سوگ رکہنی کو گرد و پیش سرکٹی قدم پر دہری ہوئی جراحت کو بخیہ و مرہم کی جا ٹاپونسی کہوڑونکی روندا، کفن اور کافور کی عوض سرتاپا لباسِ بدن کو لوٹا خیمہ تہا مگر بن مہر دہوپ مین پڑا رہا، فرش و بستر کی مقام پر لاشہ خاک و خون مین اٹا تہا، نوحہ و بکا کی بدلی نقارہ شادی بجایا، تابوت کی نام چوبِ نیزہ و تیر پر جسدِ مجروح اوٹہایا، تین روز تک قبر نہ ملی جو دفن ہوتی، سر و تن کی جدائی پر ساری محب چہاتی کوٹکی روتی ہی ثیہ مُصَابُ قَتِيلِ الطَّفِ جِسْمِي الْخِلَا وَكَدَّرَ دَهْرِي وَعَيْشِي مَاخَلَا + کشتۂ صحرای کربلا کی یا مصیبت نی میرا بدن گہلادیا، اور اوسکی ابتلای آفت کی تصور نی عیش زندگانی کو بدمزہ کیا اندوہِ امام حسین علیہ السلام سی مجہی ہمیشہ ملال ہی اور وہ غم نیش زنِ رگِ ابتہال ہے فَمَا هَلَّ شَهْرُ الْعَشْرِ إِلَّا تَجَدَّدَتْ + بِقَلْبِي أَحْزَانٌ تُوَسِّدُنِي الْبَلَاجِبَ بلالِ ماہِ محرم دیکہتا ہون میری دل مین حزن و الم تازہ ہوتا ہی ہرگاہ گذارش عاشورا کے دہیان مین جاتا ہون بسترِ عزا پر جوشِ ماتم بڑہتا ہی وَاذْكُرُ مَوْلَايَ الْحُسَيْنَ وَمَا جَرَى عَلَيْهِ مِنَ الْأَرْجَاسِ فِي طَفِّ كَرْبَلَا جو اپنی مولا امام حسین علیہ السلام کا ذکر زبان پر لاتا ہون اور اونکی ماجرای بلا کو جو دشتِ کربلا مین گذرا ہی شمار کرتا ہون شدتِ رنج سے کلیجہ منہ کو آتا ہی آنسوؤنکا دریا آنکہون سی بہتا اہ کا نعرہ اسمان کو جاتا ہی کہ اوس مظلوم کو امتِ پرجفائی کس درجہ ستایا، روضۂ احمد اور خانۂ خدا سی جبر و اکراہ مین نکالا کوئی قریہ اور

دسوین مجلس عشرہ روانگی سید الشہدا مدینہ سی طرف کربلا روایت مسماجبریل کالانا نوح کا سفینہ مین لگانا ✦

بلد مین ارام سی رہنی ندیا چارون طرفسی نرغہ جور و جفا مین گہیر لیا فواللہ لاانساہ بالطف قائلا لعترتہ الغر الکرام و من تلا قسم خدا کی مجہی نہین بہولی کا امام حسن کا فرمانا جو اپنی اولاد و اصحاب کو دشت نینوا مین کہا الا فانزلوا فی ھذہ الارض واعلموا بانی بہا امسی صریعا مجدلا یہان سواری سی اترو خیمہ برپا کرو یہان آفت و بلا رہو اور یہ زمین کو پہچانو یہان ہم بہوک پیاس مین زخم کہاینگی ضرب تلوار و نیزہ سی خاک مین گرای جاینگی اس ریت مین صحرا کی ہماری بدن پڑی ہونگی چہوٹی بڑی مردان اہلبیت کی سرتن سی کٹی ہونگی واسقی بہا کاس المنون علی ظماء ونضح جسمی بالدماء مغسلا یہان شدت تشنگی سی پانی کو ترسینگی پیکان ابدار و سنان نیزہ و تلوار کی وار بدن پر برسینگی سو کہی حلق کو آب گلو گیر خنجر و مرگ ناگہانی عدو پلاینگی لاشہای کشتگان آل رسول کو لہو مین نہلاینگی یہ ہم غریبونکا مقتل اور مدفن ہی روز حشر تک اس مین اور دشت مین ہمارا مسکن ہی بیح من تاریخ محمد النجار باسنادہ مرفوع الی انس بن مالک عن النبی صلی اللہ علیہ والہ انہ قال لما اراد اللہ ان یہلک قوم نوح اوحی الیہ ان شق الواح الساج کتاب خارج مین تاریخ محمد نجار اور اوسکی اسنادسی روایت کی ہی کہ انس ابن مالک نی رسولخدا صلی اللہ علیہ والہ کی زبانی سنی ہی کہا کہ جب اللہ نی ارادہ کیا اپنی غضب مین ہلاکت قوم نوح کا اوسکو تنزیل وحی سی خبر طوفان خیز بہیجی تا چوب ساج کی تختی چیرین اور تجویز کشتی ہووی فلما شقہا لم یدر ما یصنع بہا فہبط جبرئیل فاراہ ھیئۃ السفینۃ و معہ تابوت بہا ماۃ الف مسمار و تسعۃ و عشرون الف مسمار جبرئیل مع نقشہ سفینہ کی نجی اللہ پاس ائی اور صندوق مین ایک لاکہہ اونتیس ہزار منیخ بہی

دسوین مجلس روانگی سید الشہدا مکہ سی طرف کربلا روایت مسامیر کا لانا نوح کا سفینہ مین لگانا

لائی فسمر بالمسامیر کلها السفینة الی ان بقیت خمسة مسامیر پس نوح نی

موافق تعلیم روح الامین کی تختی جوڑی میخین لگائین آخر کار مین پانچ عدد کیل اونمین سی باقی رہین

فضرب بیده الی مسمار فاشرق بیده واضاء کما یضیء الکوکب الدری

فی افق السماء پہلی کیل رجب ہاتہ دوڑایا کہ اوسکو نصب کرین کسی جا ایسی برق تجلی اوسمین سی

دست تصرف پر نکلی جیسی آسمان مین ستارہ روشن کی ضیا پہلی وہ دیکہی فتحیر نوح فانطق

الله المسمار بلسان طلق ذلق فقال انا علی اسم خیر الانبیاء محمد بن عبد الله

نوح بھی متحیر ہوی یک آسمہ ارنظر کیا ناگاہ خدا نی اوس کیل کو قوت ناطقہ دیا پکار کی زبان

چرب ونرم ورواں سی کہا مین بنام ہون محمد ابن عبد اللہ کی جو ہی اشرف انبیا فھبط جبرئیل

فقال له یا جبرئیل ما هذا المسمار الذی ما رایت مثله فقال هذا باسم

سید الانبیاء محمد بن عبد الله اسمره علی اولها علی جانب السفینة الایمن

پس جبرئیل کا نزول ہوا نوح نی کہا ای حامل وحی خدا پہلی کل میخین کیا بہید تہا کہ ویسا ہرگز

نہ دیکہا نہ سنا روح الامین بولی یہ اسم سید الانبیا محمد ابن عبد اللہ علیہ الصلوۃ والسلام پر بنی ہے

پہلا ملو کشتی کی اول سری مین جانب راست اسکو ٹہونکو ثم ضرب بیده الی مسمار

ثان فاشرق وانار فقال نوح وما هذا المسمار فقال هذا مسمار اخیه

وابن عمه سید الاوصیاء علی بن ابیطالب فاسمره علی جانب السفینة

الایسر فی اولها پھر نوح نی دوسری کیل اوٹہائی اور مانند ماہ و مہر چمک نظر آئی تو پوچہا

ای برادر یہ کیا اسرار تہا جواب دیا اسی اونکی وصی وابن عم بہترین خلفا علی ابن ابی طالب کا نام ہے کیا

اسکو بھی آگی لیجا و سری پر طرف چپ لگا و ثم ضرب بیده الی مسمار ثالث فزهر

واشرق وانار فقال جبرئیل هذا مسمار فاطمة فاسمره الی جانب مسمار

دسوین مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا طرف کربلا اخبار سانحہ عاشورا حروف کہیعص کا اشارہ بجناب زکریا

اُٹھایا ہرگاہ تیسری مرتبہ ہاتھہ دوڑایا مسمارِ ثالث کو بھی پرنور و ضیا شعشعہ افروز پایا روح القدس نوح سی بولا کہ یہ فاطمہ زہرا دختر نبی الوریٰ کی نام سی درخشان ہی مسمار والد کی پاس لگادیا۔ ثُمَّ ضَرَبَ بِیَدِہٖ اِلیٰ مِسْمَارٍ رَابِعٍ فَزَھَرَ وَاَنَارَ فَقَالَ جَبْرَئِیْلُ ھٰذَا مِسْمَارُ الْحَسَنِ فَاَثْبِتْہُ اِلیٰ جَانِبِ مِسْمَارِ اَبِیْہِ پھر دست طلب اوسکی بڑھایا اور چوتھا اوٹھایا کا قصد دل نوح مین آیا چمک دمک نی چکاچوند مچایا جبرئیل امین زبان بیان لایا یہ حسن مجتبیٰ کی نام کا اثر تھا اسکو بھی با نوح مقدمہ سفینہ مین جڑنا پہلوی مسمار مین اونکی پدر کی نصب کرنا ثُمَّ ضَرَبَ بِیَدِہٖ اِلیٰ مِسْمَارٍ خَامِسٍ فَزَھَرَ وَاَنَارَ وَاَظْھَرَ النَّدَاوَۃَ فَقَالَ جَبْرَئِیْلُ ھٰذَا مِسْمَارُ الْحُسَیْنِ فَاَثْبِتْہُ اِلیٰ جَانِبِ مِسْمَارِ اَبِیْہِ آخر کار پانچوین کیل نجی اللہ نی کف نیاز پر اوٹھائی کہ وہ برق ساطع سی کمین زیادہ عرصہ نظر مین چمکی اور تراوت دکھائی جبرئیل نی کہا نام حسین کو بھی لو اسی برابر مسمار حیدر کرار اونکی والد کی جڑو فَقَالَ نُوْحٌ یَا جَبْرَئِیْلُ مَا ھٰذِہِ النَّدَاوَۃُ فَقَالَ ھٰذَا الدَّمُ فَذَکَرَ قِصَّۃَ الْحُسَیْنِ وَمَا تَعْمَلُ الْاُمَّۃُ بِہٖ فَلَعَنَ اللہُ قَاتِلَہٗ وَظَالِمَہٗ وَخَاذِلَہٗ نوح نی پوچھا ای حامل وحی خدا یہ رطوبت کا سبب بتا کہا خون کی علامت ہی جو بدن سی نورِ عین کی بہیگا جب تلوار و تیر و نیزہ سی وہ جسم گل پیرہن چور ہویگا پس سارا قصہ امام حسین علیہ السلام کا بیان کیا جو ظلم و جفا امت بیدین کریگی وہ ماجرا سنا دیا نوح نی رقت و زاری مین قاتلان و ظالمان و دشمن سرور کو نفرین کی اللہ سی اونکی واسطی زیادتی عذاب سقر طلب کی ج سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللہِ قَالَ سَاَلْتُ الْقَائِمَ عَنْ تَاْوِیْلِ کٓھٰیٰعٓصٓ قَالَ ھٰذِہِ الْحُرُوْفُ مِنْ اَنْبَاءِ الْغَیْبِ اَطْلَعَ اللہُ عَلَیْھَا عَبْدَہٗ زَکَرِیَّا سعد ابن عبد اللہ کہتا ہی ایک روز امام حسن عسکری علیہ السلام کی حضور مین کیا ان حروف مقطعات کی تاویل کو صاحب الامر

دسوین مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا جانب کربلا اور بیچ مین حروف کہیعص کے اخبار سانحہ عاشورا بجناب زکریا

صلواۃ اللہ علیہ سی پوچھا فرمایا یہ اخبار غیب سی ہین مانند رمز و کنایہ جو اللہ نی اوس پیغمبر برگزیدہ شایستہ زکریا کو واقف کیا ثم قصہا علی محمد علیہ وآلہ السلام و ذلک ان زکریا سئل اللہ ربہ ان یعلمہ اسماء الخمسۃ فاہبط علیہ جبرئیل فعلمہ ایاہا پھر اوس ماجرا کو اپنی خاتم المرسلین محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ سی دوہرایا اور وہ یون تہا کہ زکریا نی استدعا کی مجہی نام مبارک پنجتن کی بتا جبرئیل اونپر نازل ہوئی سمای مقدسہ آل عبا تعلیم کئی فکان زکریا اذا ذکر محمدا و علیا و فاطمۃ والحسن سری عنہ ہمہ وانجلی کربہ واذا ذکر اسم الحسین خنقتہ العبرۃ و وقعت علیہ البہرۃ پس زکریا جب نام محمد و علی و فاطمہ و حسن علیہم السلام کو زبان پر لاتی غم دور ہوتا نور سرور دلمین بڑہتا شادمان ہوجاتی ہرگاہ اسم حسین مظلوم کا ذکر آتا پریشانی مین مبتلا ہو اشک چشم کا دریا بہتا رقت سی دم گہبراتا فقال ذات یوم الہی ما بالی اذا ذکرت اربعۃ منہم تسلیت باسمائہم من ہمومی واذا ذکرت الحسین تدمع عینی و تثور زفرتی ایکدن عرض کی بارالہا کیا باعث ہی مجہی جب چار نام کو پڑہتا ہون حزن والم سی تسکین پاتا خوشی سناتا ہون جبدم پانچوان اسم حسین حامل شور و شین کہتا ہون رونا و نالہ و فریاد سی جوش مین آتا ہون فانباہ اللہ تبارک و تعالی عن قصتہ وقال کہیعص فالکاف اسم کربلا والہاء ہلاک العترۃ الطاہرۃ والیاء یزید وہو ظالم الحسین والعین عطشہ والصاد صبرہ پس پروردگار نی اوس قصہ کا اخبار زکریا کو سنایا اور تاویلات حروف سی پردہ خفا روی بکا سی اوٹھایا یعنی کاف سی مراد زمین کربلا مہبط کرب و بلا و ہا سی ہلاکت و قتل عام اولاد نبی روز عاشورا یا سی کشندۂ عترت طاہرہ یزید اور وہی آمر ظلم و جفا عین سی اشارہ پیاس کی شدت مین جان کا جانا

دسوین مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا اطراف کربلا اور اوکی بیعض مین خبار سانحہ عاشورا بجناب ذکریا

صادسی صبر و تسلیم و رضا پر انکا ثابت رہنا فلما سمع ذالک ذکریا لم یفارق مسجدہ ثلاثۃ ایام و منع فیہن الناس من الدخول علیہ واقبل علی البکاء والنحیب وکان یرثیہ جب ذکریا نی سارا واقعہ جانگزا سنا مسجد مین جا کی صف ماتم بچہا کی تین شب و روز آنا جانا سبکا بند کیا رونا پیٹنا نالہ و فریاد کی شور ہر دم بڑہتی آواز سوز و گداز سی گرمی ہنگامہ عزا مین مرثیہ پڑہتی پس ای پیروان امام ہدی اور محبان پیشوای ارض و سما اندنون کی غم اور الم کا تصور کرو اور اس ایام کی واقعہ ہای غافل نہ ہو کہ مولا ہماری احاطہ مصیبت مین گرفتار تہی عزم شہادت پر جان و مال دینی کو طیار تہی نظم لمولفہ کعبہ سی جب امام امم کربلا چلی۔ مرقد سی اپنی روتی ہوی مصطفی چلی نکلا حرم سی قافلہ یون اہلبیت کا۔ جیسی ریاض خلد سی باد صبا چلی۔ آگی علم نبی کا شان علی لیئی۔ سایہ مین جسکی اوج کی نور خدا چلی۔ اوس دن سوار دوش نبی کی رکاب مین۔ میکائل و جبرئیل بصدق و صفا چلی۔ انصار و اقربا شہ والا حشم کی ساتہہ۔ تعقل مین سرکی دینی کو راہ رضا چلی۔ ارواح انبیای سلف مین یہ شور تہا۔ حق کی وصول وعدہ پہ اہل وفا چلی۔ چارون طرف سپاہ بلا نی کیا ہجوم۔ شمشیر و تیر و نیزہ لیئی اشقیا چلی۔ کاٹین جگر کو حیدر و زہرا کی اسلئی۔ شمر و عمر کی خنجر ظلم و جفا چلی۔ مفتاح مغفرت ہی یہ ناظم سخن تراء عقبی مین جسکی ساتہہ سہر شاہ عزا چلی

مجلس روانگی امام حسین علیہ السلام از مکہ بعراق و ملاقات سی اور در منزل شوق

رہروان منزل مقصود۔ قدم زنان محفل قرب معبود۔ مشتاقان کوی وصال۔ و جانبازان معرکہ ابتہال۔ ارز و مندان درد و بلا۔ و مسافران وادی کربلا۔ اخبار ہجرت امام حسین علیہ السلام کو مکہ سی طرف عراق پر نفاق کی یون بیان کرتی ہین کہ سید امم اور قبلہ عالم کا انا حرم

ابو عبد الله ... بن عیسی عن ابی حبیب ... رایت رسول الله صلی الله علیہ وآلہ ... فی المنام وقد اتی النباج ونزل ... فی المسجد الذی ینزل الحاج فی کل سنۃ ... وکانی مضیت الیہ وسلمت علیہ و وقفت ... بین یدیہ فوجدت عندہ طبقا

دسوین مجلس روانگی سید الشہدا مکہ سی جانب کربلا راہ مین شتر سوار کا خبر کوفہ لانا اور شہادت مسلم کا

معبود مین ایسا ہوا کہ جیسی چشمِ اعمٰی کو نور اور دلِ شیدا مین سرور ایا پی ہم اصنافِ بنی آدم بہ
مقدمِ مکرم کی زیارت کو آتی اور تمتعِ دارین مناسکِ طوافِ خدمت سی پاتی خازنانِ
کنوزِ سعادت مفتاحِ رحمت سی ابوابِ ہدایت کہولتی تہی اور واقفانِ رموزِ غایت
طرقِ شہادت اور سبیلِ شفاعت کی رہبر ہوتی تہی معاندین کو رشک وحسد کا جوش آتا
اہلِ کین شہر کین کا پیام ہر روز شام کو جاتا امام حسین کی رونقِ ایام زیادہ ہوتی ہی ہر طرفسی
خلق اونکی پاس اژدہام کرتی ہی یزید نی اپنی سپاہ کو حج کی بہانی سی کعبہ مین بہیجا اور در پردہ
گرفتاری شاہ یثرب وبطحا کا حکم دیا سبحان اللہ کیا دنیا کا انقلاب ہی کہ جسکی نانا کا
لَولاکَ لَمَا خَلَقتُ الافلاکَ خطاب ہی اوسی کو کوئی قطعہ زمین پر آرام نہ ملی جان و
مال سی کہین مطمئن نرہی اگر اہل وعیال کو وطن سی نکالکی خانہ خدا مین پناہ لی تو وہان بہی
ستانی کو اشقیای امت کی روسیاہ چلی اوس حرمِ محترم مین ہر جاندار حتی کبوتر کی واسطے
جو امان ربانی تہی فرزند خیر الوریٰ دلبندِ علی مرتضیٰ پارہ دلِ فاطمہ زہرا کی نام وہ باقی نرہی
یہ خبر سنکی حضرت مایوس وپریشان ہوی ناچار تدارکِ سفرِ عراق کی سامان کیی رُوِیَ اَنّہٗ
عَلَیہِ السَّلامُ لَمّا عَزَمَ عَلَی الخُرُوجِ قامَ خَطِیباً سندِ معتبر سی روایت کی ہی کہ جب
مسافرِ منزلِ خلد کی سواری طیار ہوی امام حسین علیہ السلام نی مقامِ ابراہیم مین جلوہ کیا
امامِ محبت کا خطبہ کہڑی ہوکی پڑہا وَقالَ مَن کانَ باذِلاً فِینا مُهجَتَهُ وَمُوَطِّناً
عَلی لِقاءِ اللهِ نَفسَهُ فَلیَرحَل مَعَنا فَاِنّی راحِلٌ مُصبِحاً اِن شاءَ اللهُ فرمایا جو کوئی
سعادت کردار ہم اہلِ حرم کیواسطی اپنی جان کو نثار کری اور سبیلِ شہادت سی لقای پروردگار کا
جویا ہوی میری ساتھ چلی کہ انشاء اللہ فجر کو یہان سی جاونگا جہان تک تقدیرِ الٰہی لیجای
قدمِ تسلیم ورضا بڑہاونگا وَطافَ بِالبَیتِ وَسَعیٰ بَینَ الصَّفا وَالمَروَۃِ

دسوین مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا محمد حنفیہ کا منع کرنا

احل من احرامه وجعلها عمرة لانه لم يتمكن من تمام الحج مخافة وارث مکہ و منی نی سات شوط بیت اللہ کی طواف کئی صفا و مروہ مین وہ قبلہ دین ساعی ہوئی احرام اعمال حج کو عمرہ سی بدلا اسواسطی کہ اتمام مناسک مین خوف سی رہنا ممکن نہتا

وروى عن ابى عبد الله عليه السلام قال جاء محمد بن الحنفية الى الحسين عليه السلام في الليلة التي اراد الخروج في صبيحتها عن مكة حضرت صادق علیہ السلام سی نقل کی ہی فرمایا جس راتکی صبح کو جناب امام حسین علیہ السلام نی مکہ سی عزم سفر کیا محمد ابن الحنفیہ مضطرب الحال خدمت اقدس مین آئی ادای سلام و تحیت مین رسم تعظیم و بزرگی بجالائی فقال له يا اخى ان اهل الكوفة قد عرفت غدرهم بابيك واخيك وقد خفت ان يكون حالك كحال من مضى عرض کی ای امام و محبت رب انام اہل کوفہ کی فریب و غدر کو اپ پہچانا ہی کہ پدر نامدار و برادر عالیمقدار سی کیا معاملہ رہا ہی مین ڈرتا ہون جو تم وہان جاو مگر وہ طبع شریف وہی ایذا و ستم اونکی ہاتہ سی اوٹہاو اون نامردونکی قول و قرار کا اعتبار نہین وفای عہد اون مرہ پر جفاکی آئین کردار سی نہین امیر المومنین حیدر کا فرق مبارک شگافتہ ہوا حسن مجتبی کا جگر اخگر زہر سی تافتہ ہوا سب ابا و اجداد بزرگ ماری گئی اور تم جمیع سادات کی نشانی باقی رہی فان رايت ان تقيم فانك اعز من بالحرم وامنعه مناسب جانتا ہون کہ چندروز حرم الہی مین اقامت کرو یہان امن و امان سی عزت و حرمت مین گردش روزگار دیکہو فقال له يا اخى قد خفت ان يقتلنى يزيد بن معاوية بالحرم فاكون الذى يستباح به حرمة هذا البيت جواب دیا ای برادر گرامی قدر یہان اندیشہ رکہتا ہون ارادہ ہی جو کہین چلا جاون مبادا تابعین یزید مجہی قتل کرین اور میری سبب حرمت

دسوین مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا جانب کربلا اور منع محمد حنفیہ مین بیان عذر مولا

کبریا کی حرمت کو وہ بچیا ملحوظ رکھین ایسا نہو کہ زمرۂ منافقین بی ادبی سی پیش آمین حرم خدا مین آلِ رسول کا لہو بہائین فَقَالَ لَہُ ابْنُ الْحَنَفِیَّۃِ فَاِنْ خِفْتَ ذٰلِکَ فَصِرْ اِلَی الْیَمَنِ اَوْ بَعْضِ نَوَاحِی الْبَرِّ فَاِنَّکَ اَمْنَعُ النَّاسِ بِہٖ وَلَا یَقْدِرُ عَلَیْکَ اَحَدٌ ای سبطِ مصطفیٰ اگر اس جا رہنی سی خوف ہی بربادیِ حرمتِ حرم کا، تو اختیار کرو سفر ملک یمن اور صحرا و بیابان عالم کا، تا وہان جا کی پناہ و آرام لی دستِ جفای اعدا عترتِ نبی کی دامن تک نہ پہنچی در دشتِ غربت مین پھرتی رہو بلکہ ازار و ستم بنی امیہ نہ دیکھو فَقَالَ لَہُ اُنْظُرُ فِیْمَا قُلْتَ جناب امام حسین علیہ السلام نی جواب دیا بہت اچھا ای برادر جو تمنی کہا اوسمین غور کرونگا فَلَمَّا کَانَ السَّحَرُ اِرْتَحَلَ الْحُسَیْنُ عَلَیْہِ السَّلَامُ جبکہ دن گذرا مصیبت کی رات ہوئی شاہدین نی سب حرم کو عماری اور محمل مین بٹھا کی جانب عراق توجہ کی فَبَلَغَ ذٰلِکَ ابْنَ الْحَنَفِیَّۃِ فَاَتَاہُ فَاَخَذَ بِزِمَامِ نَاقَتِہٖ وَقَدْ رَکِبَہَا ناگاہ یہ خبرِ وحشت اثر محمد ابن الحنفیہ کو پہنچی فرطِ قلق اور اندیشۂ خطر سی تاب توقف نرہی دوڑتی ہوئی سرِ راہ حضرت اوئی مہارِ ناقۂ سواری بکڑ کی چلائی فَقَالَ لَہُ یَا اَخِی اَلَمْ تَعِدْنِی النَّظَرَ فِیْمَا سَاَلْتُکَ ای جانِ جہان ارشاد ہوا ہیت ای سروانِ باغِ رسالت ابھی مجھسی نہین فرمایا تہا کہ جو مشورہ دیا ہی مراتب خیرخواہی کا ذکر ہوا لامحالہ اوسمین فکر و نظر کرونگا جیسا صلاحِ وقت دیکھون اوسپر چلونگا قَالَ بَلٰی قَالَ فَمَا حَدَاکَ عَلَی الْخُرُوْجِ عَاجِلًا امامِ انام نی کہا البتہ تمسی اقرار ہوا تہا عرض کی پھر کیون آپنی جلدی قدم باہر نکالا ہماری دلکو غمزدہ یثرب و بطحا کو اوجاڑا قَالَ اَتَانِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ بَعْدَ مَا فَارَقْتُکَ فَقَالَ یَا حُسَیْنُ اُخْرُجْ فَاِنَّ اللّٰہَ قَدْ شَاءَ اَنْ یَرَاکَ قَتِیْلًا حضرت بولی ای برادرِ غمخوار جب تمسی رخصت ہو کی قدم بڑھائی میری پاس نانا رسولِ خدا تشریف لائی پیار و محبت سی فرمایا کہ یا حسین مکہ سی باہر جاؤ طریقۂ سعادت جایا کہ دشتِ کربلا مین آپکو پہنچاؤ

دسویں مجلس مکہ سے روانگی سید الشہدا اور راہ مین شتر سوار کا خبر قتل مسلم لانا

منظور مشیت و ارادہ پروردگار یہی تہین قربانی راہ وفا دیکھی ظہور مصلحت اسمین منظور یہی کہ تن سر جدا نیزے پر جا بجا پھرے یہ محاسن خون گردن سے لال ہو اور بدن سم توسن کا پایمال ہو فَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَنَفِیَّةِ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ اس کلام جگر خراش کی سماعت سے محمد ابن حنفیہ نے واحسرتا کے نعرے مارے زبان تاسف مین اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ پکارے جوش غم اور الم سے ہوش نرہے انکھونسے دریاے سرشک بہے قَالَ فَمَا مَعْنٰی حَمْلِكَ هٰؤُلَاءِ النِّسَاءَ مَعَكَ وَاَنْتَ تَخْرُجُ عَلٰی مِثْلِ هٰذَا الْحَالِ دل بیقرار اور دیدہ اشکبار سے بولے اے فرزند احمد مختار اے مظلوم بیکس و بے یار ہر گاہ یہ صورت ہے تو عورات حرم کا ساتھ لیجانا ایسے سفر مین خلاف مصلحت ہے آپ وادی غربت مین سراسیمہ و پریشان پھرو گے زنان نالان اور چھوٹے بچونکو شر اعدا سے کہان بچا کے رکھو گے بعضے ان مین سن رسیدہ ضعیفہ ہین کوئی طفل شیرخوار و چند بنات صغیرہ ہین کاش یہ کاروان ناموس کو مجھے سونپ دو زینب خاتون و ام کلثوم و سکینہ و فاطمہ کو یہان رکھو فَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ شَاءَ اَنْ یَرَاهُنَّ سَبَایَا اوس مظلوم نے کہا اے برادر یہ نہین ہو سکتا ہے بدستے کہ قادر توانا محل امتحان مین چاہتا ہے اون سبکو اسیر طوق و زنجیر مین گرفتار دیکھے اور میری خواہر و دختر اونٹ پر سوار پھرے مجھے بمرتبہ عالیہ شہادت ملے اور اہلبیت کو سوز بلا و محنت سے کلیجہ جلے فَسَلَّمَ عَلَیْهِ وَمَضٰی ناچار محمد ابن الحنفیہ نے یہ گفتار سنکے صبر و رضا پر توکل و سلام و تحیت ادا کیا اور مآل کار برادر نامدار خدا کی مشیت و ارادے کو سونپ دیا نالان و گریان مراجعت کی اور دلمین تشویش جان عترت طہارت رہی رُوِیَ فِیْ كِتَابِ الْمُنْتَخَبِ لَمَّا تَوَجَّهَ الْحُسَیْنُ عَلَیْهِ السَّلَامُ فِیْ مَسِیْرِهٖ اِلَی الْكُوْفَةِ دَنٰی اِلٰی مَنْزِلٍ اِسْمُهٗ سُوْقٌ کتاب منتخب طریحی مین لکھا ہے جب شہسوار دوش رسول خدا کا قافلہ جانب کوفہ چلا ہے اوس منزل مین ورود کیا کہ جس مقام کا

جعلت فداك انی انا ... بذ یزعمون ان اباك ... فقال کذبوا لعنهم الله لو کان کذا ما قسم میراثه ولا انکحت نساؤه ولکنه والله ذاق الموت کما ذاقه علی بن ابی طالب علیه السلام قال فقلت له فما تامرنی قال علیك بابنی علی من بعدی واما انا فانی ذاهب فی وجه لا ارجع منه ... فداك ... ارجع منه ... بغداد فلت جعلت فداك فقال ... فما الثانی قال ستعرفه ثم ... من ... فهذا الاذن ... قال خرج هارون من باب وخرج الرضا علیه السلام من باب فقال الرضا علیه السلام ... وهو یعنی هارون ... ما ابعد الدار واقرب اللقاء ... وباسناده عن الحسن بن ... ستجمعنی وایاه ... قال ... الرضا علیه السلام ... دینار ثم قلت ... قال کنت مع الرضا علیه السلام ... خالد مع قوم من آل برمك فقال ... ما یدرون ما یحل بهم فی هذه السنة ثم قال واعجب من هذا هارون وانا کهاتین وضم بین اصبعیه قال مسافر فما عرفت معنی حدیثه حتی دفناه معه وباسناده عن صفوان بن یحیی قال لما مضی ابو الحسن موسی علیه السلام جئنا علیه من ذلك وقلنا له انك قد اظهرت امرا عظیما وانا نخاف علیك هذا الطاغی فقال لیجهد جهده فلا سبیل له علی قال صفوان فاخبرنا الثقة ان یحیی بن خالد قال للطاغی هذا علی ابنه قد قعد وادعی الامر لنفسه فقال ما یکفینا ما صنعنا بابیه اتریدان نقتلهم

دسوین مجلس مکہ سی روانگی سید الشہداء راہ مین شتر سوار کا خبر قتل مسلم لانا

نام سوق تہا قرینہ سی جا بجا خیامِ فلک احتشام برپا کئی عترتِ طاہرہ عماری اور محمل سی اوترکی
رونق افزای محل و ماوا ہوی فَجَلَسَ عَلَيْهِ السَّلَامُ نَاحِيَةً عَنِ النَّاسِ سراپردۂ امامت مین
کہ ہمپایۂ عرشِ علا تہا فرش بچہا اور اوسمین کرسی عزو تمکین کو اوجِ شکوہ پر رکہا علاحدہ سب
خلق سی مسند آرای سریرِ شہادت نی فراز مین جلوہ کیا سطحۂ خاک کو افلاک پر اوس جلسی کا
فخر و مباہات ہوا وَاِذَا بِرَجُلٍ قَدْ قَدِمَ مِنَ الْكُوفَةِ فَسَأَلَهُ الْحُسَيْنُ عَلَيْهِ
السَّلَامُ وَقَالَ مَا الْخَبَرُ نورِ چشمِ رسول چارون طرف صحرا و بیابان کو نظرِ یاس و
حسرت سی دیکہتی تہی اور تلاشِ حالِ وکیلِ جلیل مسلم بن عقیل مین راہ وصول تکتی تہی ناگاہ
ایک شتر سوار جانبِ کوفہ سی شتابان اور نالان آیا ہر گاہ مقابلِ حرم سرای جنابِ سرورِ
شہیدان سی گذرا حضرت نی اوسکو اشاری مین بلایا خبر برادرِ نامدار کو اوس بیقرار سی سوال
فرمایا پوچہا ای بندۂ خدا تونی میری مسافر کو ایا کہین دیکہا ہی مسلم کو اوس شہرِ پر دغا مین
کس طور سی پایا ہی فَبَكَى الرَّجُلُ وَرَمَى الْعِمَامَةَ عَنْ رَأْسِهِ وہ برگشتہ نصیب نام مسلم سنتی
سنکر بہت رویا راحلہ سی اوترکی سلام اور تحیت بجالایا عمامہ کو سر سی دور پہینکا گریبان
جامۂ صبر و شکیبائی کو چاک کیا فَقَالَ لَهُ يَا سَيِّدِي مَا خَرَجْتُ مِنَ الْكُوفَةِ حَتّٰى
رَأَيْتُ هَانِيًا وَمُسْلِمًا مَقْتُولَيْنِ وَبُعِثَ بِرَأْسَيْهِمَا اِلَى يَزِيْدَ قرب کرسی مولا جاکی
کہڑا ہوا نالہ و بکا مین دلکو سنبہالا عرض کی یا ابن خیر الوریٰ مین کوفہ سی باہر نہین نکلا جب تک
کہ ہانی ابن عروہ اور مسلم ابن عقیل کو شہید تیغ جفا دیکہا دونو کی سرِ انور تن سی کاٹی ہین
نیزی پر چڑہا کی یزید کو ہدیہ بہیجی ہین لاشین بی گور و کفن پڑی تہین ابہی قبر مین بہی نہین
گڑی تہین ثُمَّ قَالَ فَمِنْهُمْ مَنْ قَضٰى نَحْبَهُ وَمِنْهُمْ مَنْ يَنْتَظِرُ امامِ بحر و بر نی پہر فرمایا
کہ حکمِ قدر و قضا بعض کی ہلاکت مین گذر گیا ہی اور کسی کی جان کو وہ صدمہ اوٹہانا

وروى محمد بن يعقوب الكليني باسناده عن ابراهيم بن موسى قال الححت على ابي الحسن الرضا عليه السلام في شيء اطلبه منه وكان يعدني فخرج ذات يوم يستقبل والي المدينة وانا معه فجاء الى قرب قصر فلان فنزل عنده تحت شجرات ونزلت معه وليس معنا ثالث فقلت له جعلت فداك هذا العيد قد اظلنا ولا والله ما املك درهما فما سواه فحك عليه السلام بسوطه الارض حكا شديدا ثم ضرب بيده فتناول منه سبيكة ذهب ثم قال انتفع بها واكتم ما رأيت واما ما ظهر للناس بعده فانه من كثرة لا يحصى علامانه ومشهده المقدس العجائب التي شاهدها الخاص والعام ازعن العامر والناصل له والمخالف الى يعمنا هذا ابي.

دسوین مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا راہ مین شتر سوار کا سانحہ مسلم کہنا بنت مسلم کا ماجرا

ابہی باقی رہا ہی وَسَارَ الرَّجُلُ وَلَمْ يَعْلَمْ بِهِ اَحَدٌ مِنْ اَصْحَابِهِ وہ ستانی لائیوالا عبد
ادای کلام محنت فرجام چلاگیا اور حضرت کی اصحاب واقربا مین کسیکو اوسکا حال معلوم نہ ہوا

نُقِلَ وَكَانَ لِمُسْلِمٍ بِنْتٌ عُمْرُهَا اَحَدَ عَشَرَ سَنَةً مَعَ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ
منقول ہی کہ مسلم کی ایک دختر گیارہ برس کی سن مین امام حسین علیہ السلام کی ہمراہ ہی
رقیہ بنت علی خواہر سید الشہدا علیہما السلام اوسکی مادر ذیجاہ تہی فَلَمَّا قَامَ الْحُسَيْنُ
عَلَيْهِ السَّلَامُ مِنْ مَجْلِسِهِ جَاءَ اِلَى الْخَيْمَةِ فَعَزَّ الْبِنْتَ وَقَرَّبَهَا مِنْهُ مَنْزِلَهَا
خامس آل عبا یہ ماجرا سنکی اپنی جا سی اوٹہی خیمہ اہلبیت مین تشریف فرما ہو کی مٹہی بنت
مسلم کو پیار مین نزدیک بلایا، زانوی محبت کی قرین عزت اور توقیر سی بٹہایا، گلی لگایا پیشانی کو
بوسہ دیا دستِ شفقت سر پر پہیرا، بالونکو پنجۂ مرحمت سی سلجہایا گرد و غبارِ ملال چہرسی پونچہا
مگر جوشِ غم سی روی حضرت متغیر ہوا، بیساختہ انسونکا دریا آنکہونسی بہا، آہ و نالہ کو سینہ مین
ہرچند ضبط کیا، مگر بیقراری دل نی پردۂ رقت اوٹہا لیا فَحَسَّتِ الْبِنْتُ بِالشَّيْءِ
لِاَنَّ الْحُسَيْنَ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَدْ مَسَحَ عَلَى رَأْسِهَا وَنَاصِيَتِهَا كَمَا يَفْعَلُ
بِالْاَيْتَامِ وہ دختر اس محبتِ تازہ اور الفتِ بی اندازہ سی گہبرائی اوسی مصیبت بی پدری
اور تباہی کی دربدری یاد آئی کہ حضرت شال آبای یتیم اوسی دلاسا کرتی ہین نگاہ حسرت
یاس مین دیکہہ کی آہ سرد بہرتی ہی فَقَالَتْ يَا عَمِّ مَا رَأَيْتُكَ قَبْلَ هٰذَا الْيَوْمِ
تَفْعَلُ بِي مِثْلَ هٰذَا الْيَوْمِ اَظُنُّ اَنَّهُ قَدِ اسْتُشْهِدَ وَالِدِي پس وہ لڑکی شدتِ
اندوہ سی بیقرار ہوئی غلبۂ حزن اور ملال مین عرض کی ای عم کرام و ای سرپرست انام
اجکی دن سی پیشتر آپکو اپنی نسبت ایسی مہربانی کرتی ندیکہا تہا یہ سلوک اطفال یتیم کی ساتہ
ہوتا ہی جو میری اوپر لطف حد سی سوا کیا گمان ہی کہ میری والد نی شہادت پائی جبھی

دسوین مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا شتر سوار کا ماجرای مسلم کہنا اور بنت مسلم و سکینہ کا ماتم کرنا

روزگار نی مجہی شب مصیبت دکہائی فَلَمْ يَتَمالَكِ الحُسَيْنُ مِنَ البُكاءِ وَبَكى بُكاءً شَدِيداً یہ کلام حسرت انجام سنکی امام علیہ السلام کو تاب ضبط بکا نرہی داڑہین مارکی ایسا روئی کہ ریش مبارک سیرشک سی تر ہوئی وَقالَ يا ابْنَتي أنا أبوكِ وَبَناتي أخَواتُكِ فرمایا ای آرام جان زار اب صبر و تحمل کی جا ہی تہاری پدر کو خلق ہو فانی شہید ہوا جانا ہی جو قضا و قدر سی گذری اوسمین دل حزین کو تسلی دو صدمۂ مرگ مین تاب کی زیادہ بیتاب نہو نالہ و فریاد سی چپ رہو عزت و حرمت مین خاطر جمع رکہو آیندہ مجہی بجای پدر بزرگوار سمجہو میری بنات کو اپنی بہن اکبر و اصغر کو بہائی جانو دنرات اطفال کی ساتہہ جی بہلانا جو حاجت ہو وہ زینب و ام کلثوم سی مانگ لانا فَصاحَتْ وَنادَبَتْ بِالوَيلِ وَالعَويلِ ذکر قتل مسلم سی اوس یتیم مضطر کا حال غیر ہوا رقت کا جوش واویلا کا خروش مین سی آسمان کو پہنچا گویا زبان حال سی نوحہ او بین کرتی تہی خاک پر پچہاڑین کہاتی غش میں تہی ہای بابا در غربت کی مبتلا بیکس و بی اقربا مظلوم و تنہا تمہین شہر ناپرسان مین شہید کیا ہی بی خطا سر تن سی اوتار لیا معلوم نہین مرتی دم پیاس مین پانی بہی دیا ہی یا تشنہ لب مار ہی تمہاری لاش نی کفن اور کافور پایا ہی یا تن مجروح عریان رہا ہی کیا جانو ستمگارون نی جنازہ اوٹھایا ہی یا خاک و خون مین پڑا ہی کبہی خدا ترس نی عزا و ماتم مین سوگ رکہا ہی یا رسم سوم چہلم کو چہوڑا ہی ہای مصیبت مرتی وقت سخن وصیت کسکو سنایا ہوگا آنکہون پر تنہائی مین رومال کب باندہا ہوگا افسوس تمہین خواری و زاری ہی پردیس مین موت آئی چہوٹے سن مین فلک نی مجہی محنت یتیمی دکہائی فَسَمِعُوا أَولادُ مُسْلِمٍ ذلِكَ الكَلامَ وَناحُوا صَعْدُوا وَبَكَوا بُكاءً شَدِيداً وَرَمَوا عَمائِمَهُمْ إلَى الأرْضِ ناگاہ یہ کلام جانکاہ فرزندان مسلم کی سماعت مین پہنچی نوحہ اور افغان سی چلائی آہ سرد بہر کی خواہر کی پاس دوڑی

شدت سی رقت اور شیون و ماتم کیا گریبان پھاڑا عمامہ سر سی اپنی پھینک دیا سارے عم ابن بنی ہاشم اونکی ساتھ مصروف عزا تھے اہلبیت کی چھوٹی بڑی او سدم محو بکا تھی ثُمَّ اَقَامَ الْحُسَیْنُ عَلَیْہِ السَّلَامُ فِیْ ھٰذَا الْحَالِ وَقَتْلِ مُسْلِمٍ راوی کہتا ہی اس حالِ پر ملال مین امام حسین علیہ السلام کو جانی سی کوفہ کی توقف رہا اور قتل مسلم برادرِ والا مقام پر کمال تاسف ہوا وَقَالَ عَلَیْہِ السَّلَامُ اِنَّ اَھْلَ الْکُوْفَۃِ ھُمُ الَّذِیْنَ اَعَانُوْا عَلٰی قَتْلِہٖ اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَنَھَبَ لِلْحَسَنِ وَضَرَبَہٗ بِالْخَنْجَرِ عَلٰی فَخِذِہٖ فرمایا یہ اہلِ کوفہ عجب خلق ہو فا جماعتِ پر دغا اور جفا ہین کہ ہم عترتِ رسولِ خدا کی ستانی پر ہمیشہ مہیا ہین امیر المومنین علی علیہ السلام کی قاتلون کو سہارا دیا حسنِ مجتبیٰ کی مال و اسباب کو سب لوٹ لیا اونکی رانمین خنجرِ ستم کا ہولہ مارا شرم اور مروت کا طریقہ ایک قلم چھوڑا فَتَنَفَّسَ الصُّعَدَاءَ وَبَکٰی بُکَاءً شَدِیْدًا حَتّٰی اخْضَبَتْ لِحْیَتُہٗ بِالدُّمُوْعِ ساری بھائی میں حضرت کے پاس فراہم ہوکی روئی فرطِ اندوہ اور قلق سی چلائی دم بھر دبھر کی کہوئی ہوش اسقدر رادس جناب کے اشک حسرت انکہون سی بہی کہ محاسن شریف کی بال تر ہوگئی کتاب عین البکا مین ملا علی نقی نی لکہا ہی کہ فرزندانِ مسلم نی اوس روز سید الشہدا سی کہا ہی کسی جا ہم ذرات چین لینگی جبتک باپکی قاتلون سی انتقام نکرینگی جیسا اونکو مرتبہ شہادت ملا ہی راہ خدا مین آفت و بلانی ہجوم کیا ہی ہم بہی وہی راہ جائینگی بیدریغ تیغِ رضا و تسلیم سی گلا کٹوائینگی ای اہلِ عزا و محبانِ شاہ کربلا قدر قضانی خاندانِ اہلبیت مصطفیٰ پر جب دستِ جفا بڑہایا دو صبیہ مرتضیہ کو دردِ یتیمی مین داغِ بی پدری دکہایا ایک زکیہ خاتون بنت مسلم محزون تہی دوسری سکینہ دلخون دختر امام ہمایون تہی ہر چند شرح بیان سوزشِ الم نہان ہی لاکن تفاوت از زمین تا آسمان ہی زکیہ نی جو شہر غربت مین باپکا مارا جانا سنا

٣١٩

دسوین مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا شتر سوار کا خبر مسلم لانا اور ماجرا بنت مسلم و سکینہ کا

تو سر پر بنت اسیر الانام امام حسین علیہ السلام نی اونکو بہاتی سی لگایا پیار و محبت سی
پیشانی کو بوسہ دیکی اغوشِ ناز مین بٹہایا سکینہ کو زینِ خونچکان سی مرثیہ کی جو والدکا
سر جدا ہونا نظر ایا تو لشکرِ شقاوت نکی تلوارین لیی لوٹنی کو دوڑا خیمہ سی نکالکی زیور
اور خلخال و معجر ہی نہچوڑا زکیہ روتی تہی کہ ہای بابا کی جانا نکو قصہ مین لگایا ہی سکینہ
دیکہتی تہی کہ پدر کی لاشِ بی سر پر گہوڑی دوڑایا ہی زکیہ کو مرگِ والد مین المحرم نی
بہما کی عزت اور توقیر بڑہای سکینہ نی شہادت پدر مین رونی پر اعدا کی مار کہائی
زکیہ کو عزای قبلہ گاہ کا جو سوگ اوتارا تو زیور پہنایا سکینہ کو مصیبتِ بابا مین گوہر چہینا
تو کان سی لہو بہایا زکیہ یتیم ہو کی مادر و خواہر کی ساتہہ جی بہلاتی بسترِ آرام پر سوتی راحت سی
آب و طعام لذیذ پیتی اور کہاتی سکینہ دردِ مہجوری اور صدمہ دوری مین والد کی جلاتی
اسیر و قید ہو کی اونٹ پر سوار در بدر پہرای جاتی زکیہ اپنی مان بہن کو چین سی شادمان
دیکہتی غمِ پدر اور المِ غربت دل سی بہولی رہتی سکینہ ساری کنبی کو ناحق موذیان محبوس
اور خوار نظر کرتی ذراتِ خاکِ زندان اور خرابہ مین گرتی پڑتی آہ سرد بہرتی زکیہ ایک
ماتمِ مسلم سی بیقرار دل افگار تہی کہ اوسکی ساتہہ پرسا دینی کو ہر ایک بی بی سوگوار تہی
سکینہ اٹہارہ شہید چچا اور بہائی کی لاش خاک و خون مین دیکہہ کی فگار تہی اور اوسکی
ہمراہ تشہیر کوچہ و بازار تہی زکیہ کو بابا کی سوم و چہلم مین نوازشِ امام نی جامئہ نو پہنایا
ہر منزل مین سفر کی پردہ خیمہ مین حرمت اور عزت سی بٹہایا سکینہ کو روزِ شہادت دشمن والد کی
گہر لوٹا سر اچہ جلایا ماں اور پہوپہی کا سر کہلا دکہایا شالِ گنہگارانِ روم و فرنگ و دیلم
کی دربار ابن زیاد و یزید کی بلوی مین پہنچایا زکیہ نی عزیز و اقربا کی مہربانی سی مصیبت زمانہ
فراموش کی سکینہ نی شدتِ جفا اور محنت سی آخر کو قید خانہ مین جان پر خروش دی

گیارہوین مجلس کہ سی روانگی سید الشہدا خطبہ حمد و تذکرہ فضائل خامس آل عبا

نظم لمولفہ سخن کوتاہ رقت کا سماہے افلاک پر شور ماتم ہو رہا ہے محبون کو دل مضطرب ہے
ہردم لبون پر آہ و افغان کی صدا ہے ہوئی پیر و جوان مصروف شیون ہر شک چشم سے
دامن بھرا ہے کوئی مومن نہین ہوا کہ ہرگز ازل سے ہمکو غم شہ کا ملا ہے وہ درد انگیز ہین
ناظم کی اشعار ہر ایک مصرع زمین کربلا ہے

گیارھوین مجلس غریب نینوا کا جانب کوفہ مکہ سے جانا راہ مین اصحاب کا پیام بازگشت و منع لانا حیات
وخلافت کا عوض شہادت ظہور مین آنا اور اولاد ابی عبد اللہ فرزند امام حسن علیہ السلام سے شرف پانا

رباعی مجلس مین جہان رونیکا غل ہوتا ہے اوس جا کہ زخم رسل ہوتا ہے داغون سے
کنول دلونکی روشن کرلو زہرا کا چراغ اہ گل ہوتا ہے رباعی فردوس سے روح مصطفی
اتی ہے پہولون مین بسی ہوئی صبا آتی ہے کہبرا مین نہ گرمی سے عزادار حسین یہان گلشن
جنت کی ہوا آتی ہے رباعی زر خلق مین مرد باحیا کو نہ ملی کچھ فیض امیرون سے گدا کو نہ ملی
بازار جہان مین کیا عجب ہے ای انس گر مفلس ہے دوا کو نہ ملی رباعی راحت مین
ہوئی بسر کہ ایذا گذری کیونکر تاریک گھر مین تنہا گذری ای کنج لحد کی رہنے والو افسوس
کس سے پوچھے کہ تم پہ کیا کیا گذری تمہید بکا فضائل سید الشہدا بقدر بلایا
کی عوض مین عطایای امامت نَحْمَدُكَ يَا مَنْ اَجَلَّ مُصِيبَتَنَا بِالصَّاحِبِ
الْمُصِيبَةِ الرَّاتِبَةِ وَالدَّمْعَةِ السَّاكِبَةِ حمد و سپاس کرتا ہون خدا کی جسنے
بڑہائی ہماری مصیبت ہے بسبب شہادت اور محنت اوسکی جسپر طغیانی غم پے در پے تسدید ہے
سر شک اہل ولا ماتم سے مولا کی جوش زن ہین اور اسمان و زمین اوسکی ذکر سے بیت الحزن ہین
الْمَطْرُوحِ الطَّعِينِ وَالْمَقْطُوعِ الْوَتِينِ جو میدان مین گرایا گیا سیف و سنان سے

۳۲۱

واصبر علی ما بهت السفینة
علی ذنوبه واثنی وعظ علی عفوه
علیه السلم یقول اعذر اخاك
وشکی رجل اخاه فی مجلسه فانشد
ویاکل بعضنا بعضا عیانا
ولیس الذئب یاکل لحم ذئب
فینا ولو نطق الزمان بنا هجانا
عیب سوانا نعیب زماننا والعیب

گیارہوین مجلس کمسی روانگی سید الشہدا تذکرہ فضائل خامس آل عبا

ازبسکہ کانی کمین رگین دل وگردن کی تیغ بران سی اَلذَّبِیحِ العَطْشَانِ وَ السَّلِیبِ العُرْیَانِ
وہ پیاس کی شدت مین تڑپتا ذبح کیا ہی اوسکی بدنِ صد پارہ سی جامۂ خونچکان اوتار لیا ہی
شَیْبَتُہٗ بِدَمِہٖ خَضِیبٌ وَجِسْمُہٗ عَلَی الاَرْضِ تَرِیبٌ ریشِ سفید کو خون سی فرق و
پیشانی کی خضاب ہوا بدنِ بی سر خاکین آلودہ دہوپ سی جلتا پڑا رہا اَلْمُعَفَّرِ الخَدَّیْنِ
سِبْطِ رَسُولِ الثَّقَلَیْنِ وہ شہید جسکی دو نور رخسار زمین گہوڑی سی گرتی وقت مٹی بھری
وہ مظلوم سعید فرزند رسول جسی خیر الوریٰ نی امت کی پاس اپنی امانت رکھی مَوْلاَنَا
وَمَوْلَی الکَوْنَیْنِ اِمَامُ حُسَیْنٍ عَلَیْہِ السَّلاَمُ وہ آقا ہمارا کونین کا مولا ہی حضرت
امام حسین علیہ التحیۃ والثنا ہی فَعَزُّوا یَا اِخْوَانِیْ فَاطِمَۃَ البَتُوْلَ عَلٰی اِبْنِہَا المَقْتُوْلِ
پس ای برادرانِ ایمانی ماتم برپا کرو فاطمہ زہرا کی بتولِ عذرا کو تعزیت سید الشہدا کی
فَوَاحَسْرَتَاہُ لِجُسُوْمِہِمُ المُرَمَّلَۃِ بِالدِّمَاءِ وَوَالَہْفَتَاہُ لِاَفْوَاہِہِمُ اليَابِسَۃِ
مِنَ الظَّمَاءِ ہای افسوس و دریغ ہی اون اجسامِ ساداتِ انام پر جو لہو سی اپنی ہیکر کی
لال ہوی اور بہت حسرت ہی اون دہان و مبارک لب و زبان پر جو شدتِ تشنگی او
بی آبی سی خشک و بیحال رہی ع عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَانِ بْنِ المُثَنّٰی الہَاشِمِیِّ قَالَ قُلْتُ
لِاَبِیْ عَبْدِ اللّٰہِ عَلَیْہِ السَّلاَمُ جُعِلْتُ فِدَاکَ مِنْ اَیْنَ جَاءَ لِوُلْدِ الحُسَیْنِ الفَضْلُ عَلٰی
وُلْدِ الحَسَنِ وَہُمَا یَجْرِیَانِ فِیْ شَرْعٍ وَاحِدٍ کتاب علل الشرائع مین عبد الرحمان ابن مثنی ہاشمی
روایت کی ہی جو اونسی کہا مینی حضرت صادق علیہ السلام سی یہ حلِ مشکل پوچھی ہی مین تیرہ فدا
ہون امام حسین کی اولاد کو حسن مجتبی علیہما السلام کی فرزندون پر کس وجہ سی شرف ہوا ہی
باوجود اسکی جو وہ دونو کا دریای امامت ایک ہی سرچشمۂ سعادت سی ساوی نکلا ہی
فَقَالَ عَلَیْہِ السَّلاَمُ لِاَنِّیْ یَکُمْ مَا تَاخُذُوْنَ بِہٖ اوس جناب نی جواب دیا تمکو سبب بتلاتا ہون

جو اپنا مدعا پاو، مرتبہ بزرگی عترتِ حسین علیہ السلام جاوین تاکہ ساکت رہجاو اِنَّ جبرئیل
نَزَلَ عَلیٰ مُحَمَّدٍ وَاَمَّا وَلَدَ الحَسَنُ بَعْدُ فَقَالَ لَهُ يُولَدُ لَكَ غُلَامٌ تَقْتُلُهُ اُمَّتُكَ
مِنْ بَعْدِكَ جب امام حسن کی پیدایش سی چند روز گذری تو ایک دن جبرئیلِ امین سوخدا کی
خدمتمین نازل ہوی عرض کی قدرتِ باری نی چاہاہی رحمت کردگاری کا تقاضا ہی
کہ نسلِ رسول مین فاطمۂ زہرا سی ایسا لڑکا پیدا کری جو بعد از تمہاری رحلت کی امتِ
پرجفا کی تیغ سی شہید ہوی فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ يَا جَبْرَئِيلُ لَا حَاجَتَ لِي فِيهِ
فَخَاطَبَهُ ثَلَاثًا وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى نی فرمایا ای برادر جبرئیل مجھی ایسی فرزند کی حاجت
نہین اور تین مرتبہ یہ سوال وجواب کی باتین درمیان رہین ثُمَّ دَعٰى عَلِيًّا فَقَالَ لَهُ
اِنَّ جَبْرَئِيلَ يُخْبِرُنِي عَنِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ اَنَّهُ يُولَدُ لَكَ غُلَامٌ تَقْتُلُهُ اُمَّتِي مِنْ بَعْدِي
فَقَالَ لَا حَاجَةَ لِي فِيهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَخَاطَبَ عَلِيًّا ثَلَاثًا پھر مخبرِ صادق نی
امام اور حجتِ ناطق علی ابن ابیطالب کو بلا کی کہا ای برادر مجکو جبرئیل نی خداوند جلیل کیطرف سی
پیام لا کی دیا کہ تمہاری صلب سی ایک بیٹا ایسا عالمِ وجود مین آئیگا جو میری وفات کی بعد
ظلم وستمِ امت سی مارا جائیگا، علی مرتضی نی بھی وہ مولود سی انکار کیا، کہ مین دلبندِ غم پرورد
لیکی کیا کرونگا، اونسی بھی تین بار اس باب مین تکرار ہوئی کیسی صوت مارِ مصیبت اوٹھانی کی
تاب نہی ثُمَّ قَالَ اِنَّهُ يَكُونُ فِيهِ وَفِي وُلْدِهِ الْاِمَامَةُ وَالْوِرَاثَةُ وَالْخِزَانَةُ
پھر جبرئیل نی کہا ای رسوِ خدا حضرتِ باری کی اس آفرینش مین مصلحت دیکھا کہ اوسمین اور
اولادِ امجاد مین عہدہ امامت وخلافت معین رہیگا، بارِ وراثتِ انبیا واسرارِ کبریا وہ
اپنی دوش پر لیگا فَاَرْسَلَ اِلیٰ فَاطِمَةَ اِنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكِ بِغُلَامٍ تَقْتُلُهُ اُمَّتِي مِنْ
بَعْدِي فَقَالَتْ فَاطِمَةُ لَيْسَ لِي حَاجَةٌ فِيهِ يَا اَبَتِ فَخَاطَبَهَا ثَلَاثًا بنی بشیر ونذیر نی

٣٢٣

فاطمہ زہرا کو خبر دی کہ ایزد قدیر نی تیری واسطی پیدایش ولد مقدر کی جو میری رحلت ہوئی پیچھی است بی رحم ماریگی اور انواعِ محنت واذیت مین اوسکو ڈالینگی بتولِ عذرا نی جواب دیا مجھی اوسکا دیدار ناگوار ہی ایسا بیٹا جو شہید ہو نہین درکار ہی اونسی بہی تین دفعہ وہی کلام درمیان مین آیا آخر کو رازِ نہان سی پردہ کھولا سمجھایا ثُمَّ اَرْسَلَ اِلَیْہَا اَلَا بُدَّ اَنْ یَکُوْنَ فِیْہِ الْاِمَامَۃُ وَالْوِرَاثَۃُ وَالْخِزَانَۃُ پیام سی غم وشادی کی محزون اور مسرور کیا اور کہا کہ ضرور قبول کرو امرِ قدر و قضا اوسکی اوپر وراثتِ انبیا کا مرتبہ قرار پاتا ہی کنوزِ امانت وخزانۂ رحمت حضرتِ ربانی کا سونپا جاتا ہی فَقَالَتْ لَہٗ رَضِیْتُ عَنِ اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ فَعَلِقَتْ وَحَمَلَتْ بِالْحُسَیْنِ عَلَیْہِ السَّلَامُ فَحَمَلَتْ سِتَّۃَ اَشْہُرٍ یہ نوید سنکی فاطمہ نی گردنِ تسلیم جھکا دی عرض کی خدا ورسول جسمین راضی ہون مجھی منظور کی پس مزید قلق واکراہ سی حمل رہا اور مدت چھ مہینی کا عرصہ گذرا ثُمَّ وَضَعَتْہُ وَلَمْ یَعِشْ مَوْلُوْدٌ قَطُّ لِسِتَّۃِ اَشْہُرٍ غَیْرَ الْحُسَیْنِ بْنِ عَلِیٍّ وَعِیْسَی ابْنِ مَرْیَمَ عَلَیْہِمُ السَّلَامُ پھر ولادتِ باسعادت ہوئی تو مسرت ورقت اہلبیت کو توام رہی کوئی مولود چھ مہینی کا پیدا ہو کی نہین جیا سوای حسین ابن علی اور عیسی ابن مریم علیہما السلام کی جو اونپر جامہ حیات رسا کیا فَکَفَلَتْہُ اُمُّ سَلَمَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا ہنگامِ پیدایش طاہر من کفالت امور پر ام سلمہ کا اہتمام تہا روایتِ معتبرہ سی لعبا حور العین نی ساتھ عوراتِ ام سلمہ کی ہر طرحکا سرانجام کیا وَلَمْ یَرْضَعْ مِنْ فَاطِمَۃَ وَلَا مِنْ غَیْرِہَا لَبَنًا قَطُّ فریقین کی اسنادِ حسن اور صحیح مین ایا ہی کہ امام حسین علیہ السلام نی اپنی والدہ خواہ دوسری خاتون کا شیر نوش نہین فرمایا ہی وَکَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ یَاْتِیْہِ فِیْ کُلِّ یَوْمٍ فَیَضَعُ لِسَانَہٗ فِیْ فَمِ الْحُسَیْنِ فَیَمُصُّہٗ حَتّٰی یَرْوٰی رسولِ خدا ہر روز بتولِ عذرا کی قرین آتی تہی امام حسین علیہ السلام کو

گیارہوین مجلس مکہ سی عراق کو روانگی سید الشہداؑ تذکرہ امامت و رجعت یناوانکا عوض تھا۔

آغوش مین لیکی زبانِ مبارک اونکی دہان مین دیکی ہلاتی تہی وہ تشنہ کامِ لالِ شہادت ماناکی لسان کو جو سرچشمہ فضل و کرم تہی چوستی یہانتک کہ دو تین دنرات کو سیر ہوتی فَانْبَتَ اللّٰهُ لَحْمَهٗ مِنْ لَحْمِ رَسُوْلِ اللّٰهِ پس گوشت اور پوست اور خون و رگ و پی امام حسین کی بدنین جو پیدا ہوا خاتمِ انبیا کی اجزای جسم سی بڑہا اور اوسی بحرِ سعادت کا شعبہ تہا فَلَمَّا اَنْزَلَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى فِيْهِ شانمین امام حسین علیہ السلام کی خدانی یہ ایت نازل کی ساری امت کو اونکی شرافت سی معرفت کامل دی وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ اِحْسَانًا حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ كُرْهًا وَّوَضَعَتْهُ كُرْهًا وَّكَانَ حَمْلُهٗ وَفِصَالُهٗ ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا ظاہر معنی یہ ہین کہ وصیت کی ہمنی انسان کو واسطی نیکی اور احسانِ والدین کی اور بارور ہوئی مان اونکی مبتلای ہم اور غم اور بہی حالت کراہت کی شور و شین سی حَتّٰى اِذَا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَبَلَغَ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً قَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِيْ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ تا یہ کہ قوت و زور کو پہنچا اور چالیس برس کا پورا ہوا کہا ای خدا نصیب کر مجکو کہ شکر بہیجون تیری نعمت کا جو مجہی عطا کین ہین اور میری والدین کو انواعِ نعمات دین ہین توفیق بخش کہ عملِ صالح بجا لاؤن جو تو اوسکی سبب رضامند ہو وہ کام کرون بارالہا نیک و پاکیزہ اور اچہا کر میری اولاد مین فَلَوْ قَالَ اَصْلِحْ لِيْ ذُرِّيَّتِيْ كَانُوْا ذُرِّيَّتُهٗ كُلُّهُمْ اَئِمَّةً معصوم نی فرمایا کہ اگر خامس آلِ عبا دعا مانگتی ربِ علا سی بلا قید صالح ہونیکی اپنی اولاد مین ہر اینہ اونکی ساری نسل امام ہوا کرتی وَلٰكِنْ خَصَّ هٰذَا اَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ لاکن اوس بزرگوار نی تخصیص کی اپنی فرزندون مین بعض اولاد کی لہذا نو مٹی ہوتی اونکی ذریت سی امام ہوی ع رُوِيَ عَنِ الصَّادِقِ عَلَيْهِ السَّلَامُ اَنَّهٗ قَالَ وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ اِحْسَانًا قَالَ الْاِحْسَانُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ

الخطباء والشعراء فجعلوا يذكرون فضل الرضا عليه السلم وما كان من المأمون في امره ثم دعا ابو عباد بالعباس بن المأمون فوثب فدنى من ابيه فقبّل يده وامره بالجلوس ثم نودي محمد بن جعفر بن محمد وقال له الفضل بن سهل قم فقام ومشى حتى قرب من المأمون فوقف ولم يقبل يده فقيل له امض فخذ جائزتك وناداه المأمون ارجع يا ابا جعفر الى مجلسك فرجع ثم قام ابو عباد والفضل بن سهل ...

٣٢٥

... بالمدينة فقال في الدعاء له ولي عهد المسلمين علي بن موسى بن جعفر بن محمد بن علي بن الحسين بن علي ... افضل من شرب صوب الغمام ... عليه السلم بولاية العهد قام بين يديه الخطباء والشعراء وخفقت الالوية على راسه فذكر بعض من حضر ذلك المجلس ممن كان يختص الرضا عليه السلم قال نظر الي وكنت مستبشرا بما جرى فاومى الي ان ادن فدنوت منه فقال لي من حيث لا يسمعه غيري لا تشغل قلبك بهذا الامر ولا تستبشر به فانه لا يتم ... الصوت باسناده عن الفضل بن ... سهل النوبختي او عن اخ له قال لما

کتاب عاشر بحار مین ابی عبداللہ ثانی کی زبانی روایت کی ہی کہ تفسیر مین اس ایت کی بشارت دی ہی، مراد احسان سی پیغمبر خدا ہین، جو عبارات کلام الٰہی اوسپر دلالت فرماہین وَقَوْلُهُ بِوَالِدَيْهِ إِنَّمَا عَنَى الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ اور فرمودہ خالق کام وزبان سی معنی والدیہ یون عیان ہین کہ وہ امام حسن اور امام حسین سید شباب جنان ہین، ثُمَّ عَطَفَ عَلَى الْحُسَيْنِ فَقَالَ حَمَلَتْهُ أُمُّهُ كُرْهًا وَوَضَعَتْهُ كُرْهًا پھر حق تعالی نی عطف کیا بیان مین طرف ذکر شاہ شہیدان اور اونکی شان مین، وَذَلِكَ أَنَّ اللَّهَ أَخْبَرَ رَسُولَ اللَّهِ وَبَشَّرَهُ بِالْحُسَيْنِ قَبْلَ حَمْلِهِ اور یہ ماجرا یون گذرا کہ اللہ نی رسالت پناہ کو خوشخبری دی قبل از قرار پانی حمل کی جو اوس سی بعد امام حسین کی پیدایش ہوئی وَأَنَّ الْإِمَامَةَ تَكُونُ فِي وُلْدِهِ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ فضیلت کا مزید کرامت سی رتبہ قدر و منزلت بڑھایا کہ منصب امامت اونکی اولاد مین حشر تک قایم فرمایا، ثُمَّ أَخْبَرَهُ بِمَا يُصِيبُهُ مِنَ الْقَتْلِ وَالْمُصِيبَةِ فِي نَفْسِهِ وَوُلْدِهِ پھر اپنی حبیب و پیغمبر کو مطلع کیا، وہ حادثہ مصیبت سی جو ابی عبداللہ گذریگا، دشت امتحان مین وطن سی جانا، بھوک پیاس مین زخم تیغ وسنان کہانا، اولاد و طفل و جوان کا شہادت پانا، ضرب خنجر ستم سی گردن کا جدا ہونا، اور جو عترت اطہار پر ظلم و جفائی اعدا گذرینگی گھر کا لٹنا خیمونکا جلنا عورات اسیر ہوکی دربدر پھرینگی، ثُمَّ عَوَّضَهُ بِأَنْ جَعَلَ الْإِمَامَةَ فِي عَقِبِهِ اوس صدمہ محنت اوٹھانی کا عوض بخشا اور اونکی فرزندونکو دی درجہ امامت دیا وَأَعْلَمَهُ أَنَّهُ يُقْتَلُ ثُمَّ يَرُدُّهُ إِلَى الدُّنْيَا وَيَنْصُرُهُ حَتَّى يَقْتُلَ أَعْدَاءَهُ وَيُمَلِّكَهُ الْأَرْضَ جب رسول اللہ کو اگاہ فرمایا کہ حسین شہید کیا جایگا کہا کہ قادر توانا بعد از مدت معلوم اوس مظلوم کو دنیا مین پہیر لائیگا، لشکر نصرت اور ظفر اپنی تا ریکا دیگا کہ ساری اعدای دین کو قتل کریگا سلطنت عالم کا اوسی مالک اور مختار بنایگا رتبۂ عز و جاہ

گیارہوین مجلس مکہ سی عراق کو روانگی سید الشہدا ثواب سورہ فجر کی تلاوت کا

اور شوکت امام ابرار بڑہایگا وہو قولہ تعالی اسپر دلیل قول رب جلیل ہی اور شان مین

امام حسین کی یہ تنزیل ہی و نُرِیدُ اَنْ نَمُنَّ عَلَی الَّذِیْنَ اسْتُضْعِفُوْا فِی الْاَرْضِ اِلٰی آخر

الآیۃ ارادہ کیا ہمنی اس بات کا منت رکہین اونپر جو دنیا مین ضعیف ہوگئی ہین یعنی امام حسین

اور اونکی اولاد و اصحاب امجاد جو بار ہلاکت اور اندوہ اوٹہای تہی اون سبکو قدرت کاملہ سے

پہر زندہ کرین اپنی اعدا پر غالب ہوکی ہماری یاری سی زمین کی مالک رہین و قولہ و لقد

کَتَبْنَا فِی الزَّبُوْرِ مِنْ بَعْدِ الذِّکْرِ اَنَّ الْاَرْضَ یَرِثُهَا عِبَادِیَ الصّٰلِحُوْنَ

دوسری جا قرانِ مجید مین اللہ کا قول آیا ہی کہ ہرگاہ لکہا ہمنی زبور مین بعد ایراد ذکر کی

اس حرف کو بدرستی کہ زمین میراث ملی گی بندگانِ برگزیدہ شایستہ کو جو اونکی قبضہ تصرف مین

دین و ایمان سی آباد ہو فَبَشَّرَ اللّٰہُ نَبِیَّہٗ اَنَّ اَهْلَبَیْتِكَ یَمْلِکُوْنَ الْاَرْضَ وَ

یَرْجِعُوْنَ اِلَیْهَا وَ یَقْتُلُوْنَ اَعْدَائَهُمْ پس ایزد تعالی نی اپنی رسول کو اس بات کی نوید

کرامت کی کہ تمہاری اہلبیت کی عالم مین کمال اقتدار سی مراجعت ہوگی ساری دنیا و مافیہا کی

مختار و مالک رہینگی اپنی مخالفونکو غلبہ قہر سی مارکی مدت تک سلطنت کرینگی کنز عن دارم

بن فرقد قال قال ابو عبد اللّٰہ اِقْرَءُوْا سُوْرَةَ الْفَجْرِ فِیْ فَرَائِضِکُمْ وَ نَوَافِلِکُمْ

فَاِنَّهَا سُوْرَةُ الْحُسَیْنِ بْنِ عَلِیٍّ وَ ارْغَبُوْا فِیْهَا رَحِمَکُمُ اللّٰہُ تعالی کتاب کنز العرفان مین

دارم ابن فرقد سی روایت کی ہی اور اونسی ابی عبد اللہ ثانی کی زبانی بشارت سنی ہی جو فرزند

مخبر صادق نی فرمایا کہ ای محبو سورہ فجر کو اپنی نماز فرض و سنت مین پڑہو رحمت کری تمپر

خدای تعالی کہ اجر و ثواب زیادہ ہوگا تمہارا فَقَالَ لَهٗ اَبُوْ اُسَامَةَ وَ کَانَ حَاضِرُ

الْمَجْلِسِ وَ کَیْفَ صَارَتْ هٰذِهِ السُّوْرَةُ لِلْحُسَیْنِ خَاصَّةً ابو اسامہ جو حاضر

مجلسِ والا مقام تہا بولا کیونکر یہ سورہ واسطی امام حسین علیہ السلام کی خاص ہوا قال

گیارہوین مجلس مکہ سی عراق کو روانگی سید الشہدا اثنا مین ثواب سورہ فجر کی تلاوت کا

الا تسمع الی قولہ تعالی یا ایتہا النفس المطمئنۃ ارجعی الی ربک راضیۃ
مرضیۃ فادخلی فی عبادی وادخلی جنتی مترجم آیات کرامت نی ارشاد کیا
تو نی نہین دیکھا کہ فرمایا ای نفس مطمئنہ اپنی رب کیطرف رجوع کرنا درانحال کہ تو راضی خدا سی
اور ایزد باری خوشنود تجھسی اور داخل ہو بہترین عباد و میری جنت سعادت آباد مین الہی
حاضران بزم عزا مستمعان روایات بکا حدیث و قرآن سی مراتب عالیہ شاہ کربلا کو دیکھا
اور بیان صدق ترجمان سی مناصب زاکیہ مولا کو سنا مصائب کا عوض خدا نی کیا وعدہ
عطا کیا ہی اور مناقب سید الشہدا پر کس درجہ اعلا دیا ہی جو دار دنیا مین اونکا محب
صادق الولا ہی دونو جہان مین عزت و توقیر سی کامیاب مدعا ہی دوستی اور الفت کی
یہ نشانی ہی جو غمسی محزون ہو سرور مین شادمانی کری دعوای غلامی کی علامت وفا ہی
جو ہردم رفاہ و بلا مین آقا کا ساتھہ دی اندوہ نون اونکی اندوہ و الم سی محبت مین مبتلای شیون
رہنا اس عالم مین دوبارہ زندہ ہو کی فرح آل رسول کو چشم تمنا سی دیکھنا پس ای صدر نشینان
صفہ ملال حال پر اختلال مصیبت کو غور کرو اور نالہ و فریاد مین رسم تعزیت کی مصروف کوشش ہو
عشرہ محرم کی یہ ایام شور ماتم ہین ہماری والی پر سامان آفت کی فراہم ہین نظم للمولفہ یہ بزم
عزای حسین و حسن ہی + سرو سینہ پیٹو کہ روز محن ہی + جو شیون کریگا نہال علی پر اوسی باغ جنت کی
سیر چمن ہی + غضب ہی یہ مجلس مین خاموش رہنا + مصیبت پہ رونا ہمارا چلن ہی + گرفتار درد و
بلا ہی وہ مولا + کہ مظلوم و بیکس غریب الوطن ہی + نہین بہولتا ہی وہ زخمی کا احوال + جو سر کٹ کی
پر خون عریان بدن ہی + قلم خشک لب ہو گیا وقت تحریر + کہ یہ پیاس کا ذکر تشنہ دہن ہی
نزول ملایک سی ہوتا ہی ثابت + بھرا فیض رحمت سی یہ انجمن ہی + ہوی غمسی تبیاب ہر او جید
سر شک پیمبر سی بہیگا کفن ہی + کلام جگر سوز ناظم کو تحسین + ہر ایک مصرع نظم بیت الحزن ہی

وروی عن علی بن ابراہیم عن یاسر قال لما عزم المامون علی الخروج من خراسان الی بغداد خرج معہ ذو الریاستین وخرجنا مع ابی الحسن الرضا علیہ السلام فورد علی الفضل کتاب من اخیہ الحسن بن سہل ونحن فی بعض المنازل انی نظرت فی تحویل السنۃ فوجدت فیہ انک تذوق فی شہر کذا یوم الاربعاء حر الحدید وحر النار واری ان تدخل انت وامیر المومنین والرضا الحمام فی ہذا الیوم وتحتجم فیہ وتصب علی یدیک الدم لیزول عنک نحسہ فکتب ذو الریاستین بذلک الی المامون وسالہ ان یسال ابا الحسن علیہ السلام ذلک فکتب الی الرضا علیہ السلام یسالہ فیہ فاجابہ لست بداخل الحمام غدا فاعاد علیہ الرقعۃ مرتین فکتب الیہ ابو الحسن علیہ السلام انی رایت رسول اللہ ص فی ہذہ اللیلۃ فقال یا علی لا تدخل الحمام غدا فلا اری لک یا امیر المومنین ولا للفضل ان تدخلا الحمام غدا فکتب الیہ المامون صدقت یا ابا الحسن وصدق رسول اللہ ص لست بداخل الحمام غدا والفضل اعلم قال فلما امسینا قال لنا الرضا علیہ السلام قولوا نعوذ باللہ من شر ما ینزل فی ہذہ اللیلۃ فلم نزل نقول ذلک فلما صلی الرضا علیہ السلام الصبح قال لی اصعد السطح فاستمع ہل تجد شیئا فلما صعدت سمعت الضجۃ فلم نشعر بشیء فاذا نحن بالمامون قد دخل من الباب الذی کان من دارہ الی دار ابی الحسن وہو یقول یا سیدی یا ابا الحسن آجرک اللہ فی الفضل فانہ دخل الحمام ودخل علیہ قوم بالسیوف فقتلوہ واخذ ممن دخل علیہ ثلثۃ نفر احدہم ابن خالۃ الفضل ذی القلمین قال واجتمع الجند والقواد ومن کان من رجال الفضل علی باب المامون فقالوا ہو اغتالہ وشغبوا علیہ

روائی

روانگی امام حسین علیہ السلام از مکہ جانب عراق و احوالات راہ تا منزل ثعلبیہ

قدم پیمایانِ وادی اندوہ و ملال و رہ نوردانِ صحرای زاری و ابتہال مسافرانِ دشت کرب و بلا و قایدانِ لشکرِ شیون و بکا رسیدگانِ مراحل قربِ یزدانی و مقیمانِ منازلِ امتحانِ ربانی قصہ پرغصہ قربانی راہِ وفا و سانحہ واقعہ ثانی یحیی بن زکریا زبانِ صدق و صفا سے یون بیان کرتی ہین کہ جب عاشقِ باری کو یکباری ملال دوری نی مبتلای بیقراری کیا اور پیامِ یکباری علایق و اشتی وصالِ حضوری کی سروشِ کامگاری نی دیا روحِ پرفتوح پر جامہ ہستی ناگوار ہوا شوقِ تیغ سی سرِ پرشور کا گردن پر بار ہوا پیشانی سنگِ طعنہ و سمات پر کشادہ ابرو کجبازی چرخِ مقوس پر آمادہ انجمن نور نظر کی خاک مین ملانیکو راہِ اشارہ چشمِ گوش کو صدای الغیاث کی سماعت سی خبرین گذرتی مین دماغ شمیم شہادت کا جویا زبان یادِ مولا سے گویا لب و دہان زلالِ عطش کی راغب چہرہ رخسارہ بلا کا طالب سینہ جوشِ محبت سے نیزہ محنت کا خواہان جگر پارہ دلکی ٹکڑی ہونی پر خدنگِ جذب کا نشان ہاتھونکو قطعِ حیات پر خنجرِ جفا کی جستجو رہی کمر قوتِ بازو کی ٹوٹ جانی پر بندھی تھی قدم راہِ صبر و شکیبائی کی سالک سر تا پا آفات و بینوائی کی مالک جان متحملِ ہزار آزار اور تن مستعدِ زخم نیزہ و تلوار وہ وقت آیا کہ نام و نشانِ پنجتن دنیا سی جائی خاندانِ رسول پر شورشِ بلا و محن دستِ یغما برہائی سکینہ بی پدر ام کلثوم و زینب ننگی سر پھرین اطفالِ یتیم ضربِ سیلی و تازیانی تڑپتی ہین اولادِ بتول شالِ کفارِ ترک و دیلم لٹی اہلبیت کی عزت اسیری و قید مین ستی مروی ہی عن

الْوَاقِدِیِّ وَزُرَارَةَ بْنِ صَالِحٍ قَالَا لَقِینَا الْحُسَیْنَ بْنَ عَلِیٍّ قَبْلَ خُرُوجِهِ إِلَی الْعِرَاقِ بِثَلَاثَةِ أَیَّامٍ فَأَخْبَرْنَاهُ بِهَوَی النَّاسِ بِالْكُوفَةِ وَأَنَّ قُلُوبَهُمْ مَعَهُ

گیارہوین مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا عبد اللہ بن عباس و ابن زبیر کا مزاحم ہونا

وَشَیّعُوھُم عَلَیْہِ کتاب عاشر بحار الانوار مین واقدی و زرارہ ابنِ صالح سی روایت کی ہی کہ امام حسین علیہ السلام سی تین روز قبل جانی سفرِ عراق کی ہماری ملاقات ہوئی ہی ہمنی اہلِ کوفہ کی نفاق سی اونکو خبر دی اور ابنِ زیاد و یزید کی حیلہ اور عداوت سی تفصیل کہی کہ اوس جماعت کے دل تمہاری طرف الفت پر مایل ہین اور تلوارین ساری اولادِ رسول کی جان کی قاتل ہین فَاَوْمیٰ بِیَدِہٖ نَحْوَ السَّمَاءِ فَفُتِحَتْ اَبْوَابُ السَّمَاءِ وَنَزَلَتِ الْمَلَائِکَۃُ عَدَدًا لَا یُحْصِیْھِم اِلَّا اللّٰہُ تَعَالٰی اوس زینتِ عرش و کرسی نی ہاتھہ اوٹھا کی جانبِ افلاک اشارہ کیا ناگاہ ہمنی دیکھا کہ دروازہ اسمان کا باز ہو گیا فوجِ ملایکہ سلاحِ جنگ باندہی اسقدر آئی کہ اونکی جمعیت کی گنتی سوای ذاتِ باری کسینی نہین پائی فَقَالَ عَلَیْہِ السَّلَامُ لَوْلَا تَقَارُبُ الْاَشْیَاءِ وَھُبُوطُ الْاَجْرِ لَقَاتَلْتُھُمْ بِھٰؤُلَاءِ حضرت نی فرمایا اگر تقارب اشیا کا دہیان اور اپنی اجر کا نقصان نہوتا تو ہر اینہ اس لشکر کی امداد و نصرت سی لڑتا اور اعدا کو مارتا وَلٰکِنْ اَعْلَمُ یَقِیْنًا اَنَّ ھُنَاکَ مَصْرَعِیْ وَمَصْرَعَ اَصْحَابِیْ لاکن پہچانتا ہون یقین کہ میرا وہان قتل اور مدفن ہی اور تمامِ اولاد و اصحاب کا حشر تک خوابگاہ و مسکن ہی وَلَا یَنْجُوْا مِنْھُمْ اِلَّا وَلَدِیْ عَلِیٌّ ہلاکت سی کوئی ہمراہ نہین باقی رہیگا سوای زین العابدین کہ ذریتِ امامت و نبوت مین وہی بچی گا رُوِیَ وَجَاءَ اَعَبْدُ اللّٰہِ بْنُ الْعَبَّاسِ وَعَبْدُ اللّٰہِ بْنُ الزُّبَیْرِ فَاَشَارَا عَلَیْہِ بِالْاِمْسَاکِ پس اوس سافرِ جان اور عازم وفای عہد یزدان کی خدمت مین عبد اللہ ابنِ عباس و عبد اللہ ابنِ زبیر آئی اور بعدِ سلام و تحیت بطریقِ مشورت مکہ مین ہنی کی واسطی دلیل و برہان لائی فَقَالَ لَھُمَا اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ قَدْ اَمَرَنِیْ بِاَمْرٍ وَاَنَا مَاضٍ فِیْہِ حضرتِ مخبرِ صادق کی فرزند بولی مجھی نانا رسولِ خدا نی جو امر کیا ہی اوسکا بجا لانا راہِ صواب خدا پر جانا طاعت و فرض ہوا ہی قَالَ فَخَرَجَ عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ الْعَبَّاسِ وَھُوَ یَقُوْلُ

گیارھوین مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا عبد اللہ بن زبیر و ابن عمر کا مزاحم ہونا

واحسيناه راوی کہتا ہی ابن عباس روتی ہوی باہر نکلی نوحہ و فریاد واحسینا واسیدا کرنی

بیت الحزن چلی مروی قال وجاء عبد الله بن عمر فاشار عليه بصلح اهل

الضلال وحذره من القتل والقتال راوی کہتا ہی جب عبد اللہ ابن عمر نی سنا

کہ امام حسین علیہ السلام مکہ سی جاتی ہین اور قصد ملک عراق پر قدم بڑہاتی ہین واسطی مشورہ

نصیحت کی حضرت سی ملاقات کی اور ترک مقاتلہ و طاعت اہل بدعت پر صلاح دی فقال

عليه السلام يا ابا عبد الرحمان اما علمت ان من هوان الدنيا على الله تعالى

اوس جناب نی جواب دیا ای ابا عبد الرحمان تمنی نہین یہ کہا کہ دنیا بی اعتبار ہی اور کسقدر اللہ تعالی کی

نزدیک پست و خوار ہی ان راس يحيى بن زكريا اهدى الى بغي من بغايا بني

اسرائيل خوشنودی زن فاحشہ کی واسطی یحیی ابن زکریا کا سر کاٹا گیا اور لہو مین بھرا وہ راس

بنی اسرائیل کی پاس کہا گیا اما تعلم ان بني اسرائيل كانوا يقتلون ما بين طلوع

الفجر الى طلوع الشمس سبعين نبيا وہ اشرار ایسی جفا کار تہی جو دلمین خوف خدا مطلق نرکہا

کہ مابین طلوع صبح اور ظہور آفتاب ستر پیغمبر کو مار ڈالا ثم يجلسون في اسواقهم يبيعون

ويشترون كان لم يصنعوا شيئا خوش و خرم بازارمین دکانین کہولتی خرید و فروخت مین

مصروف ہوتی گویا کچہہ نہین کیا جس کا چرچا کرین یا گریبان تاسف مین ذرا منہہ ڈالین فلم

يعجل الله عليهم بل اخذهم بعد ذلك اخذ عزيز ذي انتقام پس خدا نی اونکو مہلت

بخشی جب مصلحت دیکہی سخت عذاب کی سزا دی اتق يا ابا عبد الرحمان ولا تدع

نصرتي ای ابا عبد الرحمان تقوی و پرہیزگاری کو اپنا شعار اوقات کرو اور مجہہ بی یار و غریب کی

نصرت و مددگاری کو ہاتہہ سی ندو مروي عن الفرزدق انه قال حججت باُمي في

سنة ستين فبينما انا اسوق بعيرها حتى دخلت الحرم فرزدق شاعر کوفی سی

گیارہوین مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا راہ مین فرزدق شاعر کا آنا

یہ مضمون ادا ہوا کہ مین سنہ ساٹہہ مین والدہ کو ساتہہ لیکی عازم حج تہا صحرا و بیابان مین
ماکی اونٹ کو ہانکتا جاتا تاکہ حرم خدا کی قرب و جوار مین پہنچا اِذ لَقِیتُ الحُسَینَ خَارِجًا
مِن مَکَّۃَ مَعَہُ اَسیَافُہُ وَاَترَاسُہُ حوالی شہر مکہ مین قبلۂ ایمان امام حسین علیہ السلام کو
قدم باہر رکہا اونکا سامان سفر اور سپر تلوار والی سوار و پیادیکا لشکر جو ہمراہ تہا نظر سی گذرا
فَقُلتُ لِمَن ہٰذَا القِطَارُ فَقِیلَ لِلحُسَینِ بنِ عَلِیٍّ عَلَیہِمَا السَّلَامُ مینی پوچہا
یہ قطار مین کسکا اسباب بار آتا ہی جواب دیا کہ فرزند احمد مختار امام حسین علیہ السلام کا جاہ و حشم
جاتا ہی فَاَتَیتُہُ وَسَلَّمتُ عَلَیہِ وَقُلتُ لَہُ اَعطَاکَ اللہُ سُؤلَکَ وَاَمَلَکَ
فِیمَا تُحِبُّ بِاَبِی اَنتَ وَاُمِّی یَابنَ رَسُولِ اللہِ مَا اَعجَلَکَ مِنَ الحَجِّ یہ خبر سُنکی
مین حضور شاہ دین مین گیا سلام و تحیت بجالا کی رسم دعا و ثنا کو ادا کیا عرض کی اے جانب والا
دنیا و مافیہا خدا تمہاری مراد اور آرزو کو برلاوی اور میری ماں باپ کو تمپر سی قربان اور فدا
کری ای فرزند رسول دلبند بتول کیا ماجرا گذرا جو حرم کبریا سی اتنا جلدی قدم باہر نکالا مناسک
حج کو ایام طواف مین پورا نہ کیا کس ہجوم بلا نی آپکو صدمۂ غربت دیا قَالَ لَو لَم اَعجَل لَاُخِذتُ
جواب دیا ہر گاہ مین اعمال حج بجالانی پر توقف کرتا تو اعدا کی ہاتہہ مین گرفتار اور مقید ہو جاتا
ثُمَّ قَالَ مَن اَنتَ قُلتُ رَجُلٌ مِنَ العَرَبِ وَلَا وَاللہِ مَا فَتَّشَنِی عَن اَکثَرَ مِن ذٰلِکَ
کمال شفقت اور مہربانی سی پوچہا تو کون ہی جو ہماری حال کا جویا ہوا مینی کہا قبائل عرب سے
ایک مسافر ہونگا قسم خدا کی زیادہ نام و نشان کا پتا نہ باونگا ثُمَّ قَالَ لِی اَخبِرنِی عَنِ
النَّاسِ خَلفَکَ پہر مجہی ارشاد کیا وہ خبر دی جو دیکہا ہی اور خلایق کو اپنی شہر مین کس طور پر
چہوڑا ہی فَقُلتُ اَیِّ خَبِیرٍ سَئَلتَ قُلُوبُ النَّاسِ مَعَکَ وَاَسیَافُہُم عَلَیکَ
وَالقَضَاءُ یَنزِلُ مِنَ السَّمَاءِ وَاللہُ یَفعَلُ مَا یَشَاءُ مینی عرض کی جو اپنی حال عراق پوچہا ہے

اونکی دل پر نفاق کو تمہاری دوستی پر اتفاق ہوا ہی مگر تلوارین قتل آل رسول پر چمکت جاتی ہین
یزید کی ہواداری مین جو ہر ستم دکہاتی ہین حکم قضا و قدر آسمان سی آتا ہی اور اللہ جو چاہتا ہی
وہ کرتا ہی قَالَ صَدَقْتَ لِلّٰہِ الْاَمْرُ مِنْ قَبْلُ وَمِنْ بَعْدُ وَکُلَّ یَوْمٍ رَبُّنَا ہُوَ فِیْ شَاْنٍ
اِنْ نَزَلَ الْقَضَاءُ بِمَا نُحِبُّ فَنَحْمَدُ اللّٰہَ عَلٰی نَعْمَائِہٖ وَہُوَ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی اَدَاءِ الشُّکْرِ
فرمایا کہ سچ کہا تونی اول و آخر مین ہر کام پر ارادۂ الٰہی کو اختیار ہی اور اوسکی امر محکم کو ہر روز
نیا اقتدار ہی وہ قضا و بلا جاری کرتا ہی جیسا کہ بندونکی واسطی مناسب جانتا ہی اگر نازل ہو اوسکی
تقدیر جو مطلوب ہی پس حمد کرون اللہ کی نعمات پر اور مدد کرتا ہی ادای شکر و سپاس مین کائنات پر
وَاِنْ حَالَ الْقَضَاءُ دُوْنَ الرَّجَاءِ فَلَمْ یَبْعُدْ مَنْ کَانَ الْحَقُّ نِیَّتَہٗ وَالتَّقْوٰی
سَرِیْرَتَہٗ اگر برخلاف مرادِ عباد مشیت و ارادۂ خالق مین حکم صادر ہو تو بہی ناراض نہین ہوتا
جو حق کی ساتہہ اوسکی نیت اور سیرت پرہیزگاری فقلت لہ اجل بلغک اللہ ما تحب
وَکَفَاکَ مَا تَحْذَرُ مین بولا سچ ہی اللہ تمہاری مہم کو حسب دلخواہ برلائی اور اعدا کی شر و
آفت سی عترتِ رسالت پناہ کو بچائی وَسَاَلْتُہٗ عَنْ اَشْیَاءَ مِنْ نُذُوْرٍ وَمَنَاسِکَ
فَاَخْبَرَنِیْ بِہَا وَحَرَّکَ رَاحِلَتَہٗ یعنی پوچہا آدابِ زیارت اور مناسکِ طواف کو اوس
ہادی عالم نی ساری مسایل و ارکان تعلیم کئی مجکو بعد ازادای کلام زمام ناقہ سواری کو اوٹہا یا
سلام علیک فرما کی راہِ مقصد مین قدم بڑہایا وہ قاسم جنت و نعیم بشیر چلی تاکہ خوف و رجا کی
کشاکش سی منزلِ تنعیم مین پہنچی وَرُوِیَ وَلَحِقَہٗ عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ جَعْفَرٍ بِابْنَیْہِ عَوْنٍ وَ
مُحَمَّدٍ وَکَتَبَ عَلٰی اَیْدِیْہِمَا کِتَابًا یَقُوْلُ فِیْہِ جسوقت شاہ بحر و بر کی خبر عبد اللہ جعفر کو
پہنچی تشویشِ جانِ فرزندِ احمدِ مختار سی طاقتِ ضبط و قرار باقی نرہی بہت الحاح و زاری سی
عرضی لکہی اور اپنی دو نو پسر عون و محمد کی ہاتہہ بہیجی اَمَّا بَعْدُ فَاِنِّیْ اَسْاَلُکَ بِاللّٰہِ لَمَّا

گیارہوین مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا عبد اللہ جعفر کا حاکم سی نامہ امان لانا

اِنصَرِفْ حِینَ تَنظُرُ فِی کِتَابِی هٰذَا فَاِنِّی مُشْفِقٌ عَلَیْکَ مِنْ هٰذَا الوَجْهِ الَّذِی تَوَجَّهْتَ لَهُ ای قایم مقام رسول اور نشان ونام حیدر وبتول خدا کی واسطی جب میرا نوشتہ پڑھنا تو اوسدم سفرِ عراق سی پھرنا وہانکا ہرگز قصد نکرنا مین ازراہِ خیر خواہی عرض کرتاہون اور جدہر جاتی ہو مآل مین تباہی کا سامان دیکھتاہون بِاَنْ یَکُونَ فِیهِ هَلَاکُکَ وَاسْتِئْصَالُ اَهْلِ بَیْتِکَ یہ اسباب ہین تمہاری شہادت کی اور ہلاک وبربادی اہل وعیال وعترت کی وَاِنْ هَلَکْتَ الیَوْمَ طُفِیَ نُورُ الاَرْضِ فَاِنَّکَ عَلَمُ المُهْتَدِینَ وَرَجَاءُ المُؤْمِنِینَ پس اگر خدا نکری آپکو کچھ بلا اور آفت نی گھیرا جان سی مارا تو گویا عَلَمِ ہدایت گرا رونقِ اسلام پر پانی پھیرا حجت اور خلیفہ خدا دنیا سی گیا امیدگاہِ اہلِ سعادت کوئی نرہا تم زمین وزمان کی نور ہو جہان مین اندھیرا چھا جائیگا نشانِ طریقِ دین سردارِ مومنین ہو نقشہ ایمان کا بگڑ جائیگا وَلَا تَعْجَلْ بِالسَّیْرِ فَاِنِّی فِی اَثَرِ کِتَابِی وَالسَّلَامُ تمکو قسم دیتاہون جانی مین جلدی نکرو جہان میرا عریضہ دیکھو اوس مقام پر متوقف رہو کہ مین اس تحریر کی پیچھی آتاہون اور جو تدبیر مناسب ہی وہ کرتا لاتاہون وَصَارَ عَبْدُ اللّٰهِ اِلَی عَمْرِو بْنِ سَعِیدٍ فَسَأَلَهُ اَنْ یَکْتُبَ اِلَی الحُسَیْنِ اَمَانًا وَیُمَنِّیَهُ لِیَرْجِعَ عَنْ وَجْهِهِ عبد اللہ ابن جعفر نی شاہان قدم بڑہایا مکہ مین جاکی عمرو بن سعید سی چاہا کہ ای ایہ گردشِ تقدیر سی حضرت شبیر عجب مصیبت مین گھری ہین خوف اور نرغہ اعدا سی کہین پناہ نرہی تو مقتل کیطرف چلی ہین اگر گوشہ عافیت اور سلامت اونکی رہنی کو ملی تو مین پھیر لاؤن پنجتن آل عبا سی وہی باقی ہین عراق کو جانی ندون فَکَتَبَ اِلَیْهِ عَمْرُو بْنُ سَعِیدٍ کِتَابًا یُمَنِّیهِ فِیهِ الصِّلَةَ وَیُؤْمِنُهُ عَلَی نَفْسِهِ وَاَنْفَذَهُ مَعَ یَحْیَی بْنِ سَعِیدٍ اوسنی حسبِ استدعا کی طومار شعر قول وقرار لکھا اور اپنی بھائی کی ہاتھ نوشتہ دلداری سید الشہدا کو بھیجا فَلَحِقَهُ یَحْیَی وَعَبْدُ اللّٰهِ

گیارہوین مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا عبد اللہ کا نامہ امان لانا فرزندونکو ہمراہ بہیجنا

بن جعفر بعد نفوذ ابنیه و دفعا الیه الکتاب وجهدا به فی الرجوع

پس یحیی کی ہمراہ بعد روانگی فرزندان عبد اللہ جعفر بہی امام حسین علیہ السلام کی خدمت مین

ائی اور کتابت دیکی بہت اصرار و مبالغہ سی حرف بازگشت لب پر لائی فقال انی

رایت رسول اللہ فی المنام وامرنی بما انا ماض له حضرت نے کہا مینی اپنی نانا

رسولخدا کو خواب مین دیکہا ہی اوس مطلب کی سرانجام کو جاتا ہون جو ارشاد ہوا ہے

فقالوا له ما تلک الرؤیا پوچہا وہ رویا کا مدعا کیا ہی جو اوسنے اپکو امر کیا ہی فقال

ما حدثت احدا بها ولا انا محدث بها احدا حتی القی ربی عز وجل

جواب دیا وہ ماجرا اپنی کسی پر نہین کہولا ہی اور کبہی نہ کہونگا تا خدا سی ملاقات ہو کہ وہ وقت

نزدیک ایا ہی فلما یئس منه عبد الله بن جعفر امر ابنیه عونا و محمدا

بلزومه والمسیر معه والجهاد دونه جب عبد اللہ ابن جعفر سرور کی مراجعت سے

مایوس ہوئے تو اپنی دونو فرزند اوس جناب کی ہمراہ رکاب کئی وصیت فرمائی کہ تم یا نکی

ساتہہ مانند سایہ جاؤ اگر اعدا سی مقابلہ ہو جان نثاری مین شرط وفا بجا لاؤ جہوتی سن مین

بڑا نام کرو جسمین روح رسول و بتول خوش ہو انجام دو میدان جہاد مین حمایت امام دین پر

ایسا لڑنا جو دنیا مین نام اور نشان جعفر طیار کو زندہ کرنا و رجع مع یحیی بن سعید

الی مکة و توجه الحسین الی العراق پس عبد اللہ جعفر با چشم تر اور خون جگر یحیی کی

ہمراہ طرف مکہ معظمہ پہری اور حضرت امام حسین علیہ السلام المبیت اور موالی اپنی لیکی جانب عراق

راہی ہوی معهد الا یلوی الی شیء حتی نزل ذات عرق لاکن بنای شوق مین

کسی امر کی مقید اور پابند آسایش نہتے تا کہ منزل ذات عرق مین باجزا رکدو کاوش پہنچی قال ثم

سار صلوات اللہ علیه حتی نزل الثعلبیة وقت الظهیرة راوی کہتا ہی وہ سالک

یوم الجمعة لعشر خلون من رجب ... وقبض
علیه السلام ببغداد فی آخر ذی القعدة
سنة عشرین و مائتین وله یومئذ خمس
و عشرون سنة وکانت مدة خلافته
لابیه سبع عشرة سنة وکانت فی امامته
بقیة ملک المأمون وقبض علیه السلام
فی اول ملک المعتصم وامه ام ولد یقال
لها سبیکة و یقال درة ثم سماها الرضا علیه السلام
خیزران و کانت نوبیة و لقبه التقی و المنتجب
و الجواد و المرتضی و یقال له ابو جعفر الثانی
و دفن علیه السلام فی مقابر قریش
فی ظهر جده موسی علیهما السلام

الفصل الثانی فی ذکر النصوص الدالة

علی امامته یدل علی امامته علیه السلام
بعد ... الاعتبار و طریقة التواتر
... التی تقدم ذکرها فی امامة ابائه

گیارہوین مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا راہ مین ملنا ابا ہریرہ کا اور ابن زیاد کو ولید کا نامہ لکھنا

طریقِ ہدایت اکی بڑہی تا کہ ذوحب و وہہ مقام ثعلبیہ مین اوتری فَنَزَلَ بِالثَّعْلَبِيَّةِ فَبَاتَ عَلَيْهِ السَّلَامُ

فِی الْمَوْضِعِ فَلَمَّا اَصْبَحَ اِذَا بِرَجُلٍ مِنْ اَهْلِ الْكُوفَةِ يُكْنَى اَبَا هِرَّةَ الْاَزْدِيِّ

قَدْ اَتَاهُ اتکو اوس یگانہ روزگار نی وہان آرام اور مقام فرمایا جب صبح ہوئی تو ایک

شخص ابا ہرہ ازدی جانب کوفہ سی آیا فَسَلَّمَ عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ يَا ابْنَ رَسُولِ اللهِ مَا

الَّذِي اَخْرَجَكَ عَنْ حَرَمِ اللهِ وَحَرَمِ جَدِّكَ مُحَمَّدٍ لوازم اداب سی اوس محبت خدا کو

سلام کیا اور کہا ای فرزند خیر الوری کیا سبب ہوا کیون اس ایام شور و فساد مین حرم کبریا

روضہ مصطفی سی باہر نکلی ہو عترت طاہرہ عورات اور بچونکو دشت غربت مین ساتھہ لیکی

چلی ہو فَقَالَ الْحُسَيْنُ وَيْحَكَ اَبَا هِرَّةَ اِنَّ بَنِي اُمَيَّةَ اَخَذُوا مَالِي فَصَبَرْتُ

وَشَتَمُوا عِرْضِي فَصَبَرْتُ وَطَلَبُوا دَمِي فَهَرَبْتُ جواب دیا وای اوپر تیری ای ابا ہرہ

بنی امیہ نی میرا مال اور دولت غصب کیا تو چپ رہا علاوہ اوسکی برا کہا بد زبانی سی نا سزا

خطاب دیا پھر بھی در گذرا جب میری لہو بہانی کا بہانہ ڈہونڈا - قطع اولادِ رسول اتنگ

حرمتِ بتول کا سامنا ہوا تو چلا آیا وَاَيْمُ اللهِ لَتَقْتُلُنِي الْفِئَةُ الْبَاغِيَةُ وَلَيُلْبِسَنَّهُمُ

باغی طاغی مجھی کہین جیتا چھوڑینگی جہان پائینگی شدت جور و جفا سی مع اولاد قتل کرینگی

وَلَيُلْبِسَنَّهُمُ اللهُ ذُلًّا شَامِلًا وَسَيْفًا قَاطِعًا وَلَيُسَلِّطَنَّ عَلَيْهِمْ مَنْ يُذِلُّهُمْ

حَتَّى يَكُونُوا اَذَلَّ مِنْ قَوْمِ سَبَا میری شہادت کی انتقام سی ایزد قہار انکو ذلت دیگا

اور شمشیر قاطع سرکشونکی گردن پر پھیر دیگا اوسکو حاکم فرمائیگا جو سبکو ایسا جامہ رسوائی

پہنائی کہ قوم سبا سی بدتر انکا درجہ خواری ہو جائی وَقَالَ مُحَمَّدُ ابْنُ اَبِي طَالِبٍ وَاتَّصَلَ

الْخَبَرُ بِالْوَلِيدِ بْنِ عُتْبَةَ اَمِيرِ الْمَدِينَةِ بِاَنَّ الْحُسَيْنَ تَوَجَّهَ اِلَى الْعِرَاقِ فَكَتَبَ

اِلَى ابْنِ زِيَادٍ راوی کہتا ہی جب امام حسین علیہ السلام کی خبر کوچ مکہ سی طرف عراق و ...

حاکم مدینہ کو بھی روضہ احمد مختار کا تلاطم دیکھہ کی بہت اوسی تشویش گذری ابن زیاد کو
نامہ لکھا اوس بد نہاد مبدا فساد کو آگاہ کیا اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ الْحُسَیْنَ قَدْ تَوَجَّهَ
اِلَی الْعِرَاقِ وَهُوَ ابْنُ فَاطِمَةَ وَفَاطِمَةُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰهِ فَاحْذَرْ یَا ابْنَ
زِیَادٍ اَنْ تَاْتِیَ اِلَیْهِ بِسُوْءٍ اما بعد معلوم ہو کہ امام حسین علیہ السلام جانب کوفہ قدم نہادہین
اور وہ فرزند فاطمہ زہرا بنت رسو خدا برگزیدہ کبریا ہین خبردار ہنگام ورود اوس حضرت کا
پاس احترام رکھنا کوئی طرحکی اذیت اور بی حرمتی کا مرتکب نہونا فَتَهِیْجُ عَلٰی نَفْسِكَ
وَقَوْمِكَ اَمْرًا فِیْ هٰذِهِ الدُّنْیَا لَا یَصُدُّهٗ شَیْءٌ وَلَا تَنْسَاهُ الْخَاصَّةُ وَالْعَامَّةُ
اَبَدًا مَّا دَامَتِ الدُّنْیَا اپنی دلمین ذرا غور کرنا اوس جناب کی تعرض سی بچا رہنا
ہنوکہ دنیا کی عام و خاص مین تیری ظلم و جفا کا چرچا رہی خلق کو یہ سانحہ نہ بھولی قوم
اور قبیلہ کو حشر تک لعنت پڑی قَالَ فَلَمْ یَلْتَفِتِ ابْنُ زِیَادٍ اِلٰی کِتَابِ الْوَلِیْدِ
اوس شقاوت اثر نی ولید کی خط پر کچھہ التفات نکیا اور سامان قتل و آزار مظلوم کربلا مین
زیادہ سرگرم ہوا وَفِیْ کِتَابِ تَارِیْخِ عَنِ الرِّیَاشِیْ بِاِسْنَادِهٖ عَنْ رَاوِیْ حَدِیْثِهٖ
قَالَ حَجَجْتُ فَتَرَکْتُ اَصْحَابِیْ وَانْطَلَقْتُ اَتَعَسَّفُ الطَّرِیْقَ وَحْدِیْ کتاب
تاریخ مین ریاشی کی زبانی لکھا ہی کہ اپنی سند سی راوی حدیث کہتا ہی جب روانگی
امام حسین علیہ السلام کا ماجرا مکہ سی جانب عراق سنا بعد فراغ طواف سب رفقا کو چھوڑ کی
تن تنہا راہ غیر مشہور سی اونکی پیچھی چلا فَبَیْنَمَا اَنَا اَسِیْرُ اِذْ رَفَعْتُ طَرْفِیْ اِلٰی اَخْبِیَةٍ
وَفَسَاطِیْطَ فَانْطَلَقْتُ نَحْوَهَا غلبہ شوق ملازمت مین صحرا و بیابان سی گذرتا تہا
ناگاہ ایک طرف میری نگاہ پڑی خیمہ گاہ عرش اشتباہ کو دیکھا حَتّٰی اَتَیْتُ اَدْنَاهَا
فَقُلْتُ لِمَنْ هٰذِهِ الْاَبْنِیَةُ فَقَالُوْا لِلْحُسَیْنِ جب نزدیک سراپردہ پہنچا پوچھا

گیارہوین مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا عیاشی کا راہ ملنا

یہ دیرہ کسکا ہی جوابدیا کہ فرودگاہ حسین علیہ السلام خامس آل عبا ہی فقلت ابن علیؑ و ابن
فاطمة علیہما السلام قالوا نعم مینی سوال کیا حسین ابن علی مرتضی و فاطمہ زہرا علیہما
السلام ہین مجہی بتا دیا وہی جو فرزند ناز پروردہ رسولخدا خیر الانام ہین قلت فی ایہا ہو
قالوا فی ذلک الفسطاط مینی اونسی دریافت کیا وہ مولا کہان ہین بولی اسی منزل
بیت الشرف مین نور افشان ہین فانطلقت نحوہ فاذا الحسین متکئ علی باب
الفسطاط یقرء کتابا بین یدیہ مین آنجناب کو شتابان گیا حضرت کو دروازہ خیمہ پر
تکیہ لگائی دیکہا سامنی اونکی خطوط رکہی ہین وہ مالک تحریر مطالعہ کرتی ہین فسلمت فرد
علیّ فقلت یا ابن رسول اللہ بابی انت وامی ما انزلک فی ہذہ الارض
القفراء التی لیس فیہا ریف ولا منعة پس باداب تمام مینی سلام کیا امام انام نی
مہربانی سی جواب دیا عرض کی سبط خیر الوری فرزند زہرا میری مان باپ ہون آپ پر فدا کیا سبب ہی
جو حضور اس زمین بی آب و گیاہ مین اوتری ہین جہان زراعت اور استحکام آبادی کا نام نہین
سنی ہین قال ان ہؤلاء اخافونی وہذہ کتب اہل الکوفة وہم قاتلی جوابدیا کہ
بنی امیہ نی طغیان جور و جفا سی مجہی خوف کا مبتلا کیا ہی ناچار دشت غربت مین جلای وطن کا
بار دوش پر لیا ہی سرداران اہل کوفہ کی یہ نامی تقاضای طلب کی حامل ہین اور یقین جانتا ہون
کہ وہ سب میری دشمن قاتل ہین فاذا فعلوا ذلک ولم یدعوا للہ محرما الا انتہکوہ
بعث اللہ الیہم من یقتلہم حتی یکونوا اذل من قوم الامة جب ایسا فعل قبیح
کرینگی اور قہر الہی سی ہماری واسطی نہ ڈرینگی تو خدای تعالی اونپر ایسی جابر کو مسلط کریگا جو سبکو ماری
خاک مین ملجائین اور وہ ذلت دی کہ ساری است سی بدتر خوار ہو جائین قال المفید
ولما بلغ عبید اللہ ابن زیاد اقبال الحسین من مکة الی الکوفة بعث

الحُصَینُ بنُ نُمَیرٍ صَاحِبِ شُرطِہٖ سند معتبر سی شیخ مفید نی کہا ہی جبر گاہ اخبار ہجرت امام حسین علیہ السلام کو ابن زیاد نی سنا ہی کہ وہ قبلۂ شعر و بنا الحرم کو لیکی مکہ سی جانب کوفہ عازم ہوا عبید اللہ نی حصین ابن نمیر داروغہ اور نقیب کو فراوان لشکر دیکی سر راہ بھیجا حَتّٰی نَزَلَ القَادِسِیَّۃَ وَ نَظَمَ الخَیلَ مَا بَینَ القَادِسِیَّۃِ اِلَی القُطقُطَانِیَّۃِ وَ قَالَ لِلنَّاسِ ھٰذَا حُسَینٌ یُرِیدُ العِرَاقَ وہ ستمگر منزل قادسیہ مین ہمراہ سپاہ اوترا وہان سی قطقطانیہ تک اپنا لشکر ناکہ بندیکو مامور کیا خلایق سی کہا امام حسین عراق کو آتی ہین ہر راہ رو کو خبردار اونکی مدد کو جو آتا جاتا ہو گرفتار کر لو فَاَخَذَ مَا بَینَ وَاقِصَۃَ اِلٰی طَرِیقِ الشَّامِ وَ اِلٰی طَرِیقِ البَصرَۃِ فَلَا یَدَعُونَ اَحَدًا یَلِجُ وَ لَا اَحَدًا یَخرُجُ اوسنی طرف سی کوفہ کی راہ شام اور بصرہ مین اپنی نگہبان بٹھائی تاکہ مسافر کہین سی خبر آنی جانی نہ پائی فَاَقبَلَ الحُسَینُ لَا یَشعُرُ بِشَیءٍ حَتّٰی لَقِیَ الاَعرَابَ فَسَاَلَھُم امام حسین علیہ السلام کا مقام اور کوچ حال روزگار سی ناواقف ہوتا ناگاہ ایک جماعت عرب صحرا نشین کو دیکھا اونسی اخبار پوچھا فَقَالُوا لَا وَ اللّٰہِ مَا نَدرِی غَیرَ اَنَّا لَا نَستَطِیعُ اَن نَلِجَ وَ لَا نَخرُجَ فَسَارَ تِلقَاءَ وَجھِہٖ جواب دیا یا مولا ہمین کچھ معلوم نہین کیا ہوا مگر یہ کہ نہ کہین جاسکتی ہین اور نہ ادہر کوئی آسکی حضرت ویسی ہی آگی بڑہی خدا پر توکل کئی تہی وَ حَدَّثَ جَمَاعَۃٌ مِن فَزَارَۃَ وَ مِن بَجِیلَۃَ قَالُوا کُنَّا مَعَ زُھَیرِ بنِ قَینِ البَجَلِیِّ حِینَ اَقبَلنَا مِن مَکَّۃَ بعض لوگون نی فزارہ و بجیلہ سی روایت کی کہ ہمنی زہیر بن قین بجلی کی ہمراہ بعد فراغت حج جب مراجعت کی ہی وَ کُنَّا نُسَایِرُ الحُسَینَ عَلَیہِ السَّلٰمُ فَلَم یَکُن شَیءٌ اَبغَضَ عَلَینَا مِن اَن نُنَازِلَہٗ فِی مَنزِلٍ ہر منزل مین امام حسین علیہ السلام کی پیچہی راہ چلتی اور ہمکو ناگوار تہا جو حضرت کی ساتھ ایکجا اوترتی وَ اِذَا سَارَ الحُسَینُ وَ نَزَلَ فِی مَنزِلٍ

گیارہوین مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا اور زہیر بن قین کا شریک ہونا

لَم نَجِدْ بُدًّا مِنْ اَنْ نُنَازِلَهُ فَيَنْزِلُ الْحُسَيْنُ فِي جَانِبٍ وَنَنْزِلُ فِي جَانِبٍ
ہرگاہ وہ دین پناہ روانہ ہو جاتی اور منزل پر وارد ہوتی تو ہم اکی چلنی اسواسطی کہ اوکی
رفاقت ہمپر لازم ہو مگر دور مقام کرتی سبحان اللہ جور وجفای ابن زیاد سی کیا انقلاب روزگار
تھا کہ قرب وجوار فرزند احمد مختار خلایق پر اس درجہ ناگوار ہوا فَبَيْنَا نَحْنُ جُلُوسٌ نَتَغَدّٰى
مِنَ الطَّعَامِ لَنَا اِذْ اَقْبَلَ رَسُولُ الْحُسَيْنِ حَتّٰى سَلَّمَ ثُمَّ دَخَلَ راوی کہتا ہی اتفاقا
ایکمنزل مین علاحدہ اوتری تہی دسترخوان بچہای ہم سب کہانی کو بیٹہی تہی ناگاہ امام حسین
علیہ السلام کا خادم ہماری پاس آیا سلام کیا اور خیمہ کی اندر داخل ہوا فَقَالَ يَا زُهَيْرَ بْنَ
الْقَيْنِ اِنَّ اَبَا عَبْدِ اللهِ الْحُسَيْنَ بَعَثَنِي اِلَيْكَ لِتَاْتِيَهُ بولا ای زہیر مجکو ابا عبد اللہ
الحسین علیہ السلام نی بہیجا ہی اور تجکو اپنی پاس طلب فرمایا ہی فَطَرَحَ كُلُّ اِنْسَانٍ مِنَّا
مَا فِي يَدِهِ حَتّٰى كَاَنَّمَا عَلٰى رُؤُسِنَا الطَّيْرُ یہ کلام سنکی حالت سکتہ مین سبکا نوالہ ہاتہ سی
گر پڑا گویا طایر ہوش نی سر سی ہماری پرواز کیا ہم ساری حاضرین خاموش تہی کسیکی منہہ
لا و نعم برنہ کہلی فَقَالَتْ لَهُ امْرَاَتُهُ وَهِيَ دَيْلَمُ بِنْتُ عَمْرٍو سُبْحَانَ اللهِ اَيَبْعَثُ
اِلَيْكَ ابْنُ رَسُولِ اللهِ ثُمَّ لَا تَاْتِيَهُ اوسکی جورو مسماۃ دیلم بنت عمرو بولی کیا عجب ہی
فرزند رسولخدا بلاتی اور تو جانی سی جان چہپای اوسکا پیام خیال مین نہ لای وَلَوْ اَتَيْتَهُ
فَسَمِعْتَ كَلَامَهُ ثُمَّ انْصَرَفْتَ مناسب ہی کہ جلدی جا کی حاضر ہو اور سنا حضرت
سنکی چلا آنا توقف نکر فَاَتَاهُ زُهَيْرُ بْنُ الْقَيْنِ فَمَا لَبِثَ اَنْ جَاءَ مُسْتَبْشِرًا قَدْ
اَشْرَقَ وَجْهُهُ پس زہیر وہان خدمت اشرف مین گیا تہوڑی دیر بعد خوش وخرم او
شگفتہ رو پہر اکی دم لیا فَاَمَرَ بِفُسْطَاطِهِ وَثَقَلِهِ وَمَتَاعِهِ فَقُوِّضَ وَحُمِلَ اِلَى
الْحُسَيْنِ اپنی خدام سی کہا خیمہ اوکہاڑو سب اسباب اوٹہاو بارکش پر لادو واپس اپنا

سامان

سامان حضرت کی لشکر مین لیگیا اور دل وجان سی زمرہ انصار مین جا ملا ثم قال لامرأتہ

اَنْتِ طَالِقٌ اِلْحَقِی بِاَہْلِكِ فَاِنِّی لَا اُحِبُّ اَنْ یُصِیْبَكِ بِسَبَبِی اِلَّا خَیْرٌ

اپنی زوجہ سی بولا مینی تجکو طلاق دیا بخیر و عافیت عزیزواقربا کی پاس ملحق ہو جا مجھی ناگوار ہی

کہ بلا مین بی اور تجھی کوئی آزار پہنچی وَزَادَ السَّیِّدُ وَقَدْ عَزَمْتُ عَلٰی صُحْبَةِ الْحُسَیْنِ لِاَفْدِیْہِ

بِرُوْحِی وَاَقِیْہِ بِنَفْسِی ثُمَّ اَعْطَاہَا مَالَہَا وَسَلَّمَہَا اِلٰی بَعْضِ بَنِی عَمِّہَا لِیُوْصِلَہَا اِلٰی اَہْلِہَا

روایت سید مین زیادہ بیان ہوا ہی کہ جب زہیر نی ملازمت امام حسین علیہ السلام کا قصد کیا ہی جان نثاری کی واسطی بارِ وفادوش پر لیا ہی بی بی کا مال و زیور دیکی اوسکی عمزاد بہائی کو سونپ دیا ہی

تاکہ قوم و قبیلہ مین عزت و حرمت سی لیجائی گوشہ خانہ عافیت مین سلامت اور تندرست بٹہائی

فَقَامَتْ اِلَیْہِ وَبَکَتْ وَوَدَّعَتْہُ وَقَالَتْ خَارَ اللّٰہُ لَكَ زوجہ زہیر خاوند کی وداع کو

اٹھی بڑہی روتی ہوئی حسرت و یاس مین کہنی لگی خدا تجکو خیر و برکت دارین دی اور منزل مقصود کا

مقام عالی نصیب کری اَسْاَلُكَ اَنْ تَذْکُرَنِی فِی الْقِیَامَةِ عِنْدَ جَدِّ الْحُسَیْنِ

عَلَیْہِ السَّلَامُ آرزو ہی کہ مجھی اپنی دل سی قیامت کی روز نہ بہولنا خدمت مین سید انبیا جد حسین علیہ

السلام کی یاد رکہنا زن و شوہر آپس مین بیتاب اور جگر کباب رخصت ہوئی مشاہدہ صدمہ

فراق پر ناظرین کی انکہون سی دریای سرشک بہی اس جا مجھی یاد آیا ایک زوجہ مصیبت زدہ کا

شوہر سی جدا ہونا اور مایوس اندوہ بلا مین رو رو کی جان کہونا وہ امام حسین علیہ السلام کا

دم واپسین خیمہ مین آنا صدای الوداع پر ام لیلی و ربابہ کا بیتاب ہو جانا بی بی نگران کی خاوند کا

بدن زخم نیزہ اور تلوار و تیر سی فگار ہی دہن ہر جراحت سی لہو بہتا ہوا چہرہ پر غبار ہی پیاس کی

شدت سی زبان مین کانٹی پڑی تہی صدہا خدنگ سوفار تک سینہ اقدس مین گڑی تہی

بہائی سب ماری گئی بیٹی بہتیجی کام آئی تن تنہا بیکس و بی یار سر دینی کو مقتل مین قدم ہا رہی ہی

بارہوین مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا راہ مین شتر سوار اور حر بن یزید کا ملنا

اس صوت سراپا رقت مین بی بی سی رخصت کو آئی کلمۂ ھٰذا اِفراقُ بَینِی وَبَینِکُم کہ
لائی امام نی آئینۂ خیال مین اونکا اسیر ہونا دیکھا، ورطۂ ابتہال مین پردۂ خیمہ سی باہر نکلنا
مخفی زنہار، غارت گرونکی ہاتھہ سی چادر و معجر کا اوترنا، قید اعدا مین پشتِ شتر سی اُس گرنا
شہر کوفہ اور شام کی بلوای عام مین جانا، ابنِ زیاد کی روبرو گنہگارونکی مانند کہڑا ہونا
واویلا وا غربتا ہای مظلومی سید الشہدا اوس ہنگامۂ خونخوار مین کسکو فرمائین کہ ناموسِ
امامت کو وطن مین لیجای گوشۂ عافیت مین بٹہائی اونکی اقربا کو سلامت پہنچای نظمِ
لمولفہ یہ شرحِ مصیبت کرون مختصر، دکہایا ہی رقت نی سامانِ محشر، صدای فغان ہر طرف
بلند، غمِ شاہِ مظلوم بہایا ہی دلپر، زمین و زمان شورِ ماتم سی برہم، ملایک بہی روتی ہین مضطرب
سماعت کی اب تاب باقی نہین ہی، تڑپتی ہین بسمل سی احبابِ سرور، عزا مین ہوا ہی یہ ناظم کا

نقشہ، پہٹا ہی گریبان و خاطر مکدر

بارہوین مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا راہ مین طرماح شتر سوار کو فی اور حر کا آنا

رباعی تہا اخترِ بلند ہر کوکب سی، کوچ اوسکا مبارک ہو افضل رب سی، اعدا سی ہو اب
طرفی سی جدا، غل تہا کہ قمر نکلگیا عقرب سی، رباعی بلبل پہ نظر ہی نہ کسی گل پر ہے،
زینت پہ توجہ نہ تجمل پر ہی، کچہہ کام کسی صاحبِ مسند سی نہین، تکیہ ہمین دیوارِ توکل پر ہی
رباعی ہان جوشِ غمِ سید عالی ہو جای، چہرہ و نیہ ان اشکونسی بحالی ہو جای، دیوانِ لخت
جگر چشم سی نکلین باہم، ہر شاخِ مژہ پہولونکی ڈالی ہو جای، رباعی کیون زر کی ہوس مین
آبرو دیتا ہی، ناداں یہ کسی فریب تو دیتا ہی، لازم نہین اپنی منہہ سی تعریف اپنی، خالص ہی

بارہوین مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا شہید بکا مین نوحہ عزا

جو سحاب بو دیتا ہی تمہید بکا احادیثِ فضائل و مصائبِ روزِ عاشورا
ورقتِ ائمۂ ہدٰے ماہِ محرم مین بنی آدم پر ہجومِ محنت اور الم ہی عالم مین اسبابِ راحت کم
سامانِ حسرت فراہم ہی پیر و جوان کو شغلِ نالہ و افغان ہی دلِ گبر و مسلمان کو جوشِ احزان ہی خاطر
ہر نیک سیرت بیقرار ہی چشم ہر صاحبِ بصیرت اشکبار ہی نوحہ و ماتم کا جہان مین چرچا ہے
سینہ و سر پیٹنی کا جن و ملک مین غلغلہ ہی وحش و طیرِ صحرا ہیجان مین ہین جماد و نبات ہی محوِ شور و شین ہین
زمین غبارِ مصیبت سر پر ڈالی سوگ نشین ہی آسمان ردای نیلی دوش پر سنبھالی غمگین ہے
دیدہ اختر و انجم رات بھر ارامِ جانِ زہرا کی واسطی بیخواب ہین سینی مہر و ماہ کی ساری دن سرگردانی
آلِ مصطفی پر سوزِ تعب مین کباب ہین ہوای خستہ جگر باری اندوہ کی بیتاب پھرتی ہی پانی کی
انکھہ حباب آسا موجِ سرشک سی بھرتی ہی آتش کو آہ فریاد کی شعلہ نی جلایا ہی خاک پر صدمہ طپش
ملال سی زلزلہ آیا ہی خلق مین جسکو دیکھو گریبان چاک افسردہ حال ہی جانہ سوگوار ہین عورت و
مرد کو اتہال ہی بچی روتی ہین کہ ہمارا والی مرنی چلا اب یتیم ہونگی بوڑہی جان کہوتی ہین کہ بڑہاپا کا
وقتِ شہادت آیا ہم ہی رقت سی یہ جیئنگی اسواسطی کہ خاصلِ طینت سی ائمہ طاہرین کی سرشت ہی مومنین ہی
اور یہ موسم مین اون بزرگوار و نکا خاندان اندوہگین ہی پس خود بخود ہر شخص کا لہو جوش مارتا ہے
اور تصورِ نامِ امام حسین علیہ السلام سی نالہ و خروش کرتا ہی نوحہ ای وای مصیبت کہ یہ تعزیت آیا
دل جوش مین لایا، احمد کو لہو رونیکو تربت سی اوٹھایا، وہ ظلم دکھایا، واحسرت و دردا کہ پیمبر کو
ستایا، گھر بار جلایا، سب لوٹ لیا خانۂ حیدر مین جو پایا، خیمونکو گرایا، ابن اسد اللہ پہ منہہ تیر و تیغ کا
برسا، وہ پانی کو ترسا، او سپرِ ستم نان کی بہالا جو لگایا، کانٹونمین لٹایا، زہرا نی جسی چہاتی پہ
ونازت سو لایا، اور ناز او ٹھایا، بالای سنان خولی نی سر اوسکا چڑہایا، کیا قہر مچایا، بیداد ہی
اکبر کی جوانی ہوئی برباد، قاسم رہا ناشاد، دریا یہ علمدار کو جو زنگ بنایا، تن خون مین نہایا، سر خوش شرع

بارہوین مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا خاتمہ نوحہ اور فضیلت آل عبا

برادر کا شہ دین کی کاٹا، بچہ بہی نہ چہوٹا، لاشون پہ نبی زادونکی گہوڑونکو پہرایا، مٹی مین ملایا،
بی گور و کفن جسم رہی خاک پہ غلطان، اور دہوپ مین عریان، مقتل مین کوئی رونیکو دلسوز نہ آیا،
مدفن نہین پایا، وارث نہ رہی جیتی حمایت کو حرم کی، دکہہ پائی ستم کی، باہر کیا پردیسی کو رحم نہ کہایا
فریاد حنہ ایا، مقتل مین کہڑی روتی تہی جسدم حرم شاہ، محشر ہوا واللہ، افلاک تو عرش معظم کو ہلایا، کیا
خون بہایا، وہ بانوی شبیر کا بیتابی سی گرنا، ناچار سنبہلنا، بالونکو پریشان کیا چہرہ چہپایا، گردنکو جہکایا، جب گوش سکینہ سی گہر چہین کی مارا، بانو نی پکارا، کیا قہر ہی احکام الہی کو
بہلایا، کچہہ خوف نہ آیا، اوس دشت بلاخیز مین زینب کا تڑپنا، بی مقنعہ پہرنا، بابا کو جگر تہام کی
اندوہ سنایا، اور پاس بلایا، یا شاہ نجف دکہہ مین تیمونکی خبر لو، ایذا سی چہڑادو، دیکہو کہ لعینون نی
یہ طوفان اوٹہایا، آفت مین رولایا، پہر سنت وزاری مین جفا کارون سی کہتی، الزام کو سہتی
السلام کی زیارت ملی فَقَالَ لِیْ یَا ابْنَ شَبِیْبٍ اَصَائِمٌ اَنْتَ قُلْتُ لَا حضرت نے پوچھا آیا تو

آجکی دن صائم ہوا ہی مینی انکار کیا روزہ نہین رکہا فَقَالَ اِنَّ ہٰذَا الْیَوْمَ ہُوَ الْیَوْمُ الَّذِیْ

سترہوین مجلس فضائل اراباب ان والام شہادت قاسم ابن الحسن علیہ السلام

ہو الاول والاخر

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله الواحد الاحد الفرد الصمد
الذي لم يلد ولم يولد ولم يكن له كفوا
احد تعالى عن الصاحبة والولد و[illegible]
عن العدد والعداد وتقدست عن شبه
الخلايق صفته وارتفعت عن مدارك
العقول عظمته واعجزت [illegible]
جلالته وصمت الشواهد [illegible]
وظهرت في كل شيء حكمته [illegible]
من اعلامه ودلالاته واوضح من [illegible]
وابطل الباطل بما ادحض من شبهاته [illegible]
عن متشابهاته وصلى الله على عبده الحبيب
ونبيه المصطفى خير الانبياء والمرسلين
وافضل الاولين والآخرين البشير النذير
الداعي اليه باذنه السراج المنير
العجم والعرب محمد بن عبد الله بن عبد المطلب
وعلى اوصيائه الائمة المنتجبين
المرضيين المنتجبين من [illegible]
للحافظين لشريعته المعصومين من كل
دنس ورجس المفضلين على كافة الجن
والانس الذين ينجز الموعود يوم الدين
بانجازهم ولا يجاز الصراط الا بجوازهم
فهم الثمرة الوسطى من تقدمهم مرق ومن
تأخر عنهم زهق ومن لزمهم لحق وهم
كباب حطة وكسفينة نوح من ركبها
نجى ومن تخلف عنها غرق وهم خاصة
الرسول صلى الله عليه وآله وصفوة عترته
الذين قرن الله معرفتهم بمعرفته وجعل
محبتهم في الوجوب كمحبته وهم دعائم
الاسلام وائمة الانام ومصابيح الظلام
ونسلم وسرج في كل ظلام ودجى
الى كل مرام عليهم افضل الصلوة و
السلام ما لاح برق واستهل غمام
وتوشحت الرياض بعوادي نباتها
والنوار وبعد فان اشرف الكلام

دعا فيه زكريا ربه عز وجل فرمایا ثل اوس روز کی ہی ایکادن جو زکریا نی خدا سے
دعا مانگی ہنگام کبر سن فقال رب هب لي من لدنك ذرية طيبة انك
سميع الدعاء فاستجاب الله له وامر الملائكة فنادت زكريا وهو قائم
يصلي في المحراب ان الله يبشرك بيحيى کہا خدایا مجھی عطا کر اپنی فضل و کرم سی پاکیزہ اولاد
بتحقیق کہ تو سامع دعا ہی پس اللہ نی اجابت کی اور ملائکہ کو امر فرمایا پکارو زکریا کو اور وہ جانماز
تھی کہ رب تیرا ایسا یحیی کی بشارت دیتا ہی فمن صام هذا اليوم ثم دعى الله
عز وجل استجاب الله له كما استجاب لزكريا جو شخص اسکی دن روزہ رکھی اور دعا مانگی
خدا لطف و عطا سی اوسکی حاجت کو بر لائی جیسی زکریا کی تمنا قبول ہوئی ثم قال يا ابن شبيب
ان المحرم هو الشهر الذي كان اهل الجاهلية فيما مضى يحرمون فيه الظلم
والقتال لحرمته ای پسر شبیب یہ مہینا محرم کا وہ تہا کہ ایام گذشتہ مین اہل جاہلیت اسمین
لڑنا حرام جانتی تہی اس مہینی کی حرمت کسیکو نہین مارتی اور نہ ستاتی تہی فما عرفت هذه
الامة حرمة شهرها ولا حرمة نبيها افسوس کہ اس امت جفاکار نی توقیر ماہ محرم کی
نہ جانی اور نہ عترت پیغمبر کی عزت اور حرمت پہچانی لقد قتلوا في هذا الشهر ذريته
وسبوا نسائه وانتهبوا ثقله فلا غفر الله لهم ذلك ابدا حیف کہ اندنون مین
قتل کیا اولاد رسول خدا کو اسیر بنایا اہلبیت کی عورات بی بیونکو تمام اسباب حرم مصطفی کو لوٹا
خیمہ گاہ امام حسین علیہ السلام کو جلایا خدا ہرگز اون جفاکارونکو نہ بخشی ہمیشہ عذاب سقر مین مبتلا
رکہی يا ابن شبيب ان كنت باكيا لشيء فابك للحسين بن علي بن ابي طالب ای ابن
شبیب اگر تو کسی غم سی محزون اور گریان ہوتا تو مصیبت امام حسین ابن علی علیہما السلام کی یاد
نالہ و فغان سی رونا فانه ذبح كما يذبح الكبش وقتل معه من اهل بيته ثمانية

عشر رجلا ما لهم في الارض من نظير ولا شبيه بتحقیق کہ اوس جناب کو مانند
گوسفند قربانی ہو کا پیاسا ذبح کیا ہی اور ساتھ اوکی اٹھارہ بنی فاطمہ کو جان سی مارا ہی کہ زمین پر
اونکی مثل اور مانند کوئی نتہا گوشت اور پوست رسو لخدا کی بدن سی ملا تہا ولقد بكت السماوات
السبع والارضون لقتله بدرستی کہ سید الشہدا کی ماتم پر ایسا ابر الم چہایا کہ ساتوں آسمان
زمین نی سہر شک گلگون دیدہ حسرت سی بہایا ولقد نزل الى الارض من الملائكة
اربعة الاف لنصره فوجدوه قد قتل بتحقیق کہ آسمان سی چار ہزار فرشتوں کا غول
نصرت کو زمین پر آیا جب کربلا میں پہنچا تو ابی عبد اللہ کو شہید پایا فهم عند قبره شعث
غبر الى ان تقوم القائم فيكونون من انصاره وشعارهم يا لثارات الحسين
پس وہ ملایکہ اطراف قبر شریف میں گریان سو پریشان خاک بسر مجاور ہین ہین تا صاحب الامر
ظہور کرین اوکی ملازم اور ناصرین ہین شعار ملایکہ خونخواہی امام حسین علیہ السلام ہی اور ماتم شبانروز
اوسی امام سی کام ہی یا ابن شبيب ولقد حدثني ابي عن جده انه قال لما قتل
جدي الحسين عليه السلام امطرت السماء دما وترابا احمر یا ابن شبیب مجہی ابا
اجداد نی خبر دی ہی حدیث معتبر بیان کی ہی کہ جب سانحہ شہادت امام حسین علیہ السلام گذرا افلاک سے
خاک سرخ اور خون تازہ کا مینہ برسا یا ابن شبيب ان بكيت على الحسين حتى تصير
دموعك على خديك غفر الله لك كل ذنب اذنبته صغيرا كان او كبيرا
ہر گاہ تو مصیبت پر حسین مظلوم کی بکا کری و اسقدر کہ آنسو رخساروں پر جاری ہوں حق تعالی تیری سب گناہ ان
صغیرہ و کبیرہ سی درگذریگا بہت ہوں خواہ تہوری بالکل بخشدیگا یا ابن شبيب ان سرك
ان تلقى الله عليك ذنب فزر الحسين عليه السلام یا ابن شبیب ہر گاہ تو خوش
ہوتا ہی خدا کی ملاقات سی اور تجہی کسی گناہ کا مواخذہ نہو تو جا یا کر اوس غریب بیکس کی زیارت کو

ستر ہوین مجلس فضائل اہل بکا و شہادت ابن امام حسن علیہ التحیۃ والثنا

ترب کو یا ابن شبیب ان شاء ان تسکن الغرف المبنیۃ فی الجنۃ مع النبی
فالعن قتلۃ الحسین علیہ السلم اگر چاہی تو بیچ درجات عالیۂ بہشت کے رہنا ہمراہ رسول خدا
تو ہمیشہ اونکی قاتلوں پر نفرین کرنا یا ابن شبیب ان سرک ان یکون لک من الثواب
مثل ما لمن استشہد مع الحسین فقل متی ذکرتہ ہرگاہ تو مسرور ہوا چاہی اور یہہ
ثواب ملی تجکو مانند ثواب شہدا کی جو روز عاشورا ہمراہ مظلوم کربلا جان سی قربان ہوئی تو جب اونکی مصیبت کو
یاد کری لازم ہی کر ان کلمات کو زبان سی کہی یا لیتنی کنت معہم فافوز فوزا عظیما
یعنی کاش کہ دشت بلا مین اونکی ساتھہ ہوتا تو جان فدا کرتا فوز و سعادت عظمی پاتا یا ابن شبیب
ان سرک ان تکون معنا فی الدرجات العلی من الجنات فاحزن لحزننا
وافرح لفرحنا وعلیک بولایتنا ای پسر شبیب اگر تو ارادہ کری کہ خوش ہوی مرتبۂ
جنت مین مجاورت سی ہمراہ آل مصطفی کی پس ہماری غم کی دنون مین نالہ اور خروش کرنا اور ایام
شادی مین فرحناک اور خندان رہنا مین تجہی ولایت اور دوستی اہلبیت سی تاکید فرماتا ہون کہ
راہ رضای خدا اور رسول بتاتا ہون فلو ان رجلا احب حجرا یحشرہ اللہ معہا یوم
القیامۃ تحقیق کہ اگر کوئی دنیا مین پتھر کو پرستش کریگا اوسکی الفت دلمین اپنی رکھی گا روز قیامت
پتھر کی ہمراہ پکارا جای گا و فاقت سنگ مین خدا محشور فرمائی گا دوستو تمنی عنایت حدیث کو سنا
ارشاد ایمہ ہدی کو دریافت کیا پس لازم ہی اونکی ایام حزن اور مصیبت پر بہت رونا عشرہ ماہ محرم
مین نالہ و فغان پر مصروف ہونا کہ رسول خدا علی مرتضی فاطمہ زہرا حسن مجتبی علیہم السلام دعا دینگی
ملایکہ و ارواح انبیا مرحبا کہینگی وہ حضرات تمہاری داخل جان و مال ہی مجلس آتی دیکھو کسی صدمہ
محنت اور بلا اوٹھائی بنظم فصیح اہل ماتم کی ہی الغت مین بنی کا یہ حال جیسی مان باپ کا
ہوتا ہی پسر پر اضال بصرف کرتا ہی عزای شہ بیکس مین جو مال اوسکو فرماتی ہین زہرا و علی پایا

وکلدہ وکلدہ منذ حین خط الشارب
بالمسک عذارہ الی ان وخط الشیب
بالکافور عذارہ علی افنان العلوم وفی
افانینہا و ضبط قوانینہا حتی اصبح مفلقا
من ثمار النحو والادب ذوا مرہا ومرہا
مفترعا من بحار اصول الدین وفروعہ
جواہرہا ودررہا ما کان کل فاضل فان
تعد فی الفضل ملۃ و بلغ من کل علم الغایۃ
اذا لم یشرف بفضل تراب الحضرۃ العالیۃ
الاصفہبندیۃ الشریفۃ العلامیۃ ادام
العلو والعلی و السمو والسنا والقدس
والبہاء فلم ینسب الی جملۃ حلہا ولم
فرد فرۃ حسنہا فہو ناقص عن حد الکمال عادل
عن الحقیقۃ الی المثال شعر لانہا الغایۃ القصوی
التی عجزت عن ان توصل ادراکہا الفہم والتحقیق
ملوک الدہر الا الصاحبہا من فوقہا قدم
ونالہا ان دہا الشکوک ملکہ و ظلہا ان
جلالۃ الملک اذا دخل الشرف عدو البلاد الموصوف
ادواتہ واکرم ذوی الفضل من الانام
واصطناع الکرم والانعام علی الخاص و
العام اشہر صفاتہ فالامال منوطۃ بہ
والہمم مصروفۃ الیہ والثناء والحمد
والشکر باجمعہا موقوفۃ علیہ واشتغل
بما عجزت الملوک عن حمل اعبایہ وقام بما
قعد الدہر عن معاناۃ عنایۃ بعزمۃ
علائیۃ وغریزۃ علویۃ وعقیدۃ علویۃ
شعر وذی مثل الدین جدیدا واعاذ منہ
الایام حمیدا حتی اوضحہ وباطل فضحہ
وہدی اعادہ وضلال ابادہ فلا انتزع
اللہ العلی حدبا بہ ولا انتزع اللہ ظلہ
عن نفسی والحسن عن حفظ الخلق
والہ وری سوام الدین تو خیر شکرہ
فما یدرک المداح ادنی حقوقہ
باعراق منظوم الکلام و نثرہ لان

ستر موین مجلس شہادت قاسم بن الحسن علیہ السلام

کمال، روزِ محشر مین ثواب اسکا عیان ہوگیا۔ آج جو رویگا کل خندہ زبان ہوگا۔

مجلس شہادت قاسم ابن الحسن علیہ صلواۃ من رب المومن

مشاطہ گانِ عروسِ حزن وملال وغازہ کشانِ چہرۂ افسوس وابتہال نقل ریزانِ سپرشکِ بیقراری، دیرودہندانِ حجلۂ عزاوسوگواری، منادیانِ صلای محنت وغم، وشُدودسرایانِ نوای درد والم، روایتِ صداقت اساس کو مجلس سامعہ حسرت ویاس مین سازونوازِ شورِ شورشِ استعاراتِ بکاظہورمین یون مذکور کرتی ہین کہ جب منشی قضانی روزِ عاشورا رقعۂ البلاءُ للولاءِ اہلِ دعا کو لکہا، اورسب آلِ مرتضیٰ کو پیامِ وصلتِ کرب وبلاسی نامزد کیا، نقارۂ سینۂ ناشکیبائی نوبتِ ماتم کا غلغلہ اوٹہا، درخانۂ زہرا پر گلبرگ سی خزانِ اشجارِ عمر کی بندہین وار بندہا، ہر ایک نے اولادِ مصطفیٰ سی ارغوانی جامہ بلاک بصد رنگ شادی پہنا، اور ساحتِ قتلگاہ مین ذبحِ عظیم سی ہنگامہ عیدِ قربان کا دکہائی دیا، شیون کی برات کا آرایشِ مصیبت سی اہلبیت کی گہر مین ورود ہوا، عورات حرم نی غلغلۂ رقت کا جوش برہمزنِ حواس اور ہوش کیا، آہ کی آتشبازی کا شرارہ زمین سے آسمان تک مہتابِ چرخ کو پہنچا، اور بتاعِ نثارِ جانفشانی سی کفِ دشت اور دامنِ صحرا بہر صفحۂ کربلا کا نقشۂ رشکِ چمنِ جنت الماوا بنا، اور جوان وپیرِ عترتِ رسول کا قبیلہ بسترِ فنا مین ایک جا بیٹہا، ساداتِ ہاشمی نی شربتِ ناکامی زندگانی کا جامِ خوشگوار پیا، اور گل ریحانِ زخمِ تیغ وخنجر کو طرۂ دستار اور گلی کا ہار کیا، عطرِ خون اور غالیۂ خاک دستِ تسلیم ورضا سی بر ودوش مین لگا، بیڑہ پیکانِ تیر کا اور تنبولِ آبِ سنان رخصتِ روح مین دہانِ جراحت سی کہایا، چارطرف داغِ حسرت کی چراغ روشن کفِ افسوس طناحہندی کی جہنکارِ انجمن وہ رہروانِ نبرد مین سامانِ دعوت سے بہوک پیاس کی دہوم وہ غم ودرد مین مداراتِ زن ومرد پر تشویش اور ہراس کا ہجوم اوس دم حسنِ عباسِ

سترہوین مجلس شہادت ابن الحسن علیہ السلام

خطیبِ عشق نے محفلِ سعادت مین ندا دی اور بانوی موت کی جسر کو قدمِ خواستگاری برہانی کی تکلیف کی رُوِیَ فِی کِتَابِ الْبِحَارِ عَنْ ثِقَاةِ الْاَخْبَارِ خَرَجَ قَاسِمُ بْنُ الْحَسَنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَهُوَ طِفْلٌ صَغِيرٌ لَمْ يَبْلُغِ الْحُلُمَ ناگاہ قاسم ابن الحسن علیہ السلام خلعتِ یاری کو عمِ گرامی کی زیبِ تنِ اشکباری کا سہرا ہمسلک درِ عدن تا بدامن آیا۔ وکیلِ فراق کی ہمراہ بہ مجمع حضور ہوا مسندِ زرین پر شہانہ جلوہ دکھایا خطبہ رقت سے طلبِ عروسِ شہادت مین منہ پھیلایا دنیا کا مہر بین نقدِ جان کا منظور کیا ہرچند وہ لڑکا معرکہ کرب وبلا مین دولہا بنا ابھی حدِ بلوغ کو نہین پہنچا تھا وصیتِ پدرِ بزرگوار کی تعویذ کو بازوی آرزو سے کھولا عقدۂ دل تنگی سے عقدِ مہ‌زوجِ موت پر زبانِ حال مین بولا ای عمِ نامدار آلِ عبا کی غمخوار آج بزمِ امتحان مین ساری اقربا ملنی سے مقصودۂ اجل کی شادی مرگ ہوتی ہین جامۂ ہستی اوتار کی جیسی بیاہ کی ناتی سہرا عزو ناز بر سوتی ہین ای باباکی یتیم پرور آپ میری سر پر بجای والدِ نامدار ہین چاہتا ہون کہ اب اس ہنگامہ گیرودار مین کتخدائی قتال سے مجھی بھی ہمکنار کرین آرائشِ جہاد سے شہید ونکی برات مین نوشاہ بنائیے خلعتِ رضا دیکے فرشِ عزت پر حجلۂ شادی مین بٹھائیے پیکرِ توقیرِ صغرِ سن کو جلبۂ اقربا مین بڑھائیے تا رسمِ جان بازی مین میری مان باپ کی ارمان دلی نکلین وصلتِ عروسِ شہادت سے قاسم کو بھی شادمان دیکھین فَلَمَّا نَظَرَ الْحُسَيْنُ عَلَيْهِ السَّلَامُ اِلَيْهِ قَدْ بَرَزَ اِعْتَنَقَهُ ہرگاہ امام بی سپاہ اور گرفتارِ زرغۂ اشک وآہ سے وہ نامدار ملاقی ہوا حضرت کو فرطِ قلق اور جوشِ محبت سے یارای ضبط وقرار باقی نرہا دیکھا کہ شاہِ مردانگی پوتی نی سوار ونکی بری سے کھوڑا نکالا ہی واسطی طلبِ رخصت کی ہاتھہ مین بہالا کمر مین تلوار لگائی کھڑا ہی حضرت نے بی اختیار دستِ شفقت بہلا کے اوسکو اپنی سینی سے لگا لیا فرطِ محبت سے سوکھا منہہ دیکھہ کی پیشانی کو بوسہ دیا آستینِ عنایت سے گرد وغبار چہرۂ نورانی کا پوچھا کلماتِ دلداری فرما کی صورتِ برادر زادی پر اپنا دامانِ معجز بیان کہا

الركن الرابع في امامة الائمة الاثنى عشر وكل ركن منها
والامام الثاني عشر وكل ركن منها يتضمن ابوابا وفصولا نذهب بها فيها
من مكنون العلم ومخزون الحكم مفصولا
وهو مقبول وان من اول الامور فيما تحقق
عند الجمهور وان يطل حلال الحلال المتعلقات
على اجل يتعقد بها ويعرض وان يشبه
على اجل اكمل متعقد بها والمامول الشمول
الجواهر على اعلى الاصحان بغيرف
من الذهب العالي اعلى من اعلى عرفه
على هذه الاكسية البسيطة وبيسيل اعلى الغرف
العقيلة النبيلة حائج القبول لينال المنول
المخلص بذلك غاية المرام ونهاية المتمنين
فانها خير الكونة حليت الى قلوب المؤمنين وافضل
واكرم سمات مبنت على اذان العارفين
والى الرشاد المنيد الى الرشاد الحامد
سبحانه الموفق السداد الجاد الى الرشاد
توكلت واليه انيب الركن الاول في ذكر النبي
صلى الله عليه واله ونسبه ومولده ومبعثه
[illegible]
وكمال نبوته ومعجزات وذكر اولاده
وازواجه واعمامه واخواله ومعرفة
بعض غزواته واحواله ويشتمل على خمسة
ابواب الباب الاول في ذكر نسبه
ومولده وذكر اسمائه ومدة حيوته
ووقت وفاته يشتمل على ثلاثة فصول
الفصل الاول في ذكر مولده ونسبه
الى آدم عليه السلام وذكر اسمائه ومدة
حيوته ووقت وفاته وُلِدَ رسول الله
صلى الله عليه واله يوم الجمعة عند طلوع
الشمس السابع عشر من شهر ربيع الاول
عام الفيل وفي رواية العامة وُلِدَ
يوم الاثنين ثم اختلفوا من قائل
يقول لليلتين خلتا من شهر ربيع
الاول ومن قائل يقول لعشر ليال
خلون منه وذلك لاربع وثلاثين
سنة وثمانية اشهر مضت من
ملك كسرى انوشيروان بن قباد

سترھوین مجلس شہادت قاسم بن الحسن علیہ السلام

وَجَعَلَا یَبْکِیَانِ حَتّٰی غُشِیَ عَلَیْہِمَا شدتِ غم والم سی چچا اور بہتیجی دہ تو صدمۂ مہجوری مین
ایسا روی کہ خانۂ زین مین غلبۂ رقت اور اندیشۂ فرقت سی غش ہوگئی ثُمَّ اسْتَاذَنَ
اَلْحُسَیْنَ عَلَیْہِ السَّلَامُ فِی الْمُبَارَزَۃِ جب حالتِ زاری مین افاقہ ہوا فرزندِ حسن
مجتبی علیہ السلام نی جان قربان کرنیکا فرمان مانگا راوی کہتا ہی اوسوقت امام حسین علیہ
السلام لاشہای یار واقربا پر مصروفِ نالہ وفغان ہوتی تہی فراقِ برادر اور فرزند جوان مین نال
پر کفنان روتی تہی ایک طرف ازدحامِ اندوہ وآلام سی غلبۂ تشنہ دہانی ایک جانب تمام
لشکرِ مخالف کی غریبِ مظلوم پر طغیانی خیمہ گاہ مین العطش للطفال سی کہرام تہا عورتنکا عزای
اقربا مین فریاد سی کام تہا حضرت کو استماع سی زاریِ اہلِ حرم کی بیقراری وفای وعدۂ شہادت مین
سہروتن سی بیزاری اس وقت مین جو قاسم کو دیکہا کہ سو جان سی مرنی پر طیاری کرتا ہی بہوک
پیاس مین لذتِ زندگی سی سیر زخم کہانیکو جاتا ہی نظرِ حسرت سے اوسکی چہرے پر نگاہ کی دلِ درد
والا سیما اٹہکی آہ سرد بہری تابِ ضبط نرہی کہ گرمی ہوسی وہ گلِ رخسار مرجہائی تہی سوزِ عطش سی
آنکہونمین حلقی پڑی دہن خشک ہونٹہہ پپڑائی تہی فَاَبَی الْحُسَیْنُ عَلَیْہِ السَّلَامُ اَنْ یَاذَنَ
لَہٗ موافقِ سندِ واثق غریبِ کربلا اپنی بہائی امام حسن مجتبی کی عاشق تہی اور اونکی اولاد کی فریفتہ
اور شیفتۂ صادق تہی سید الشہدا کو صدمۂ فراقِ قاسم ناگوار تہا مرنی کی رضا سی اوس راحتِ روح
کے انکار کیا اسواسطی کہ دہ نوجوانِ شمع قامت خانۂ چشمِ آرزو کا اوجیالا تہا آغوشِ محبت مین بہت
نازون سی بارہ برس پالا تہا نہالِ باغِ نوجوانی برادرِ بزرگوار کی نشانی الحق کسی کی دلکو یہ صدمہ
جانکاہ کیونکر گوارا ہوی کہ ایسا چاند سا منہہ خاک اور خون مین ڈوبا دیکہی جس نازکبدن پر کہی کا
بیٹہنا دشوار وناگوار ہوا وسپرِ تیر تیرین نیزکی انی سی فگار ہو جس گلی پریشانِ گریبان دیکہی ہے
مان باپکا دم گہٹتی اوسکی رگہای گلو سی خون بہی خنجرِ بیداد کی رگِ گردن سی کٹی وہ اپنی ہو بہی مرنی اور

ستر ہوین مجلس شہادت قاسم ابن الحسن علیہ السلام

ام کلثوم کا پیارا مادرِ ضعیف کی جینی کا سہارا عباس اور عون و جعفر کا نورِ نظر علی اکبرِ دلاور کا
مونس و یاور ایسی ماہ پیکر کو کیونکر مرنی کا حکم فرمائین کس دل سی تیرِ فراق یادگارِ برادر کا جگر پر کہائین
فَلَمْ یَزَلِ الْغُلامُ یُقَبِّلُ یَدَیْهِ وَرِجْلَیْهِ حَتّٰی اَذِنَ لَهٗ قاسم نی التماسِ تمام سے
دست و رکابِ امامِ انام کو بوسہ دیا اور گریہ و فغان مین دمبدم واسطہ نامِ جد و پدر سی وہی
سوال کیا پیرون پر شاہِ دین کی منت سے سر کو جہکایا ہوئی ہاتھہ جوڑ کی بحاجت سے زبانِ حال مین یہ سنایا
عمو جان امیدوار ہون مجھی اجازتِ سربازی دو ہنگ کہ قربانگاہ مین منصب اعزاز سی زندہ جاوید گرو
کہ زیادہ غمِ دوری احباب سہنا دشوار ہی سماعتِ شیونِ اہلبیت سی جینا ساعت بھر ناگوار ہی سکینہ و
رقیہ کی بیتابی سی دم نکلتا ہی عبد اللہ و علی اصغر کی تشنہ لبی پر کلیجا جلتا ہی ناچار اس گفتگو سے قاسم
امامِ ابرار کو چارہ نرہا بھر جہاتی سی لگا کی پارہ دل اور جگر کو مرنی کی واسطی رخصت کیا بعضی ناقلان
مصیبت سی ہمنی سنا ہی کہ بیانِ حسب حال مین ایسا لکہا ہی وہ مسافرِ ملکِ بقا وداع کرنی کو حرمِ محترم کے
دروازہ خیمہ پر آیا مادرِ ناشاد اور پہوپہی زینب و ام کلثوم کو آواز جانگداز سی پکارا تم سبکا خدا نگہدار کہ
مین اسدم قتلگاہ کو روانہ ہوتا ہون مبتلای دردِ فراق کو بخشو کہ دیدارِ آخر دکہانی کو آیا ہون واویلا
یہ صدای غم افزا سنکی ساری خواتینِ اندوہگین دوڑین گرد و پیش اسپِ شاہزادہ مانند بناتِ نعش کی
جمع ہوئین ایک طرف کہڑی زار و نزار مان روتی تہی اکیجانب بلائین لیتی پہوپہی قربان ہوتی تہی
سراپردۂ امامِ مظلوم مین الوداع کی دہوم ہوئی عوراتِ بنی عرب نے شکایتِ ظلمِ سپاہِ مشوم کی تو جا بجا
قاسم بھی مرنی کو جاتا ہی چچا کی حمایت مین خنجرِ قاتل سی گلا کٹاتا ہی آج ہمارے وارثون مین کوئی باقی
نہ رہیگا فلک خانۂ فاطمہ زہرا کو تباہ اور برباد کریگا اوس وقت عجب طرح کا شورِ فریاد و فغان بپا ہوا
ہر ایک نی دامن اور آستین کو فرزندِ حسن علیہ السلام کی رقت مین پکڑا کوئی کہتی تہی ہای کشتۂ زہرِ جفا کی
نشانی کوئی چلاتی تہی افسوس یہ خزانِ بہارِ نوجوانی ای اہلِ عزا دنیا کا دستور دیکہا ہی جو مسافرنی

وهو ادريس ع بن يرد بن يارد بن مهلائيل بن قينان بن انوش بن شيث بن آدم ابي البشر عليه السلام وامنة بنت وهب بن عبد مناف بن زهرة بن كلاب بن مرة بن كعب بن لؤي بن غالب وارضعته حتى شب حليمة بنت عبد الله بن الحرث بن شجنة السعدية من بني سعد بن بكر بن هوازن وكانت ثويبة مولاة ابي لهب ابن عبد المطلب ارضعته قبل ان تقدم حليمة وذلك انها ارضعته ايضا بلبن ابنها مسروح وتوفيت ثويبة مسلمة سنة سبع من الهجرة ومات ابنها قبلها وكانت ثويبة قبله ارضعت حمزة بن عبد المطلب عمه فلذلك قال رسول الله صلى الله عليه وآله حمزة اخي من الرضاعة وكان حمزة اسن من رسول الله باربع سنين واما جدته ام ابيه عبد الله فهي فاطمة بنت عمرو بن عائذ بن عمران بن مخزوم وام عبد المطلب سلمى بنت عمرو من بني النجار عاتكة بنت مرة بن هلال من بني سليم وام قصي وزهرة فاطمة بنت سعد من ازد السراة وبعث بالرسالة يوم السابع والعشرين من رجب وله يومئذ اربعون سنة وقبض صلوات الله عليه وآله يوم الاثنين لليلتين بقيتا من شهر صفر سنة عشر من الهجرة وهو ابن ثلث وستين سنة

الفصل الثاني في ذكر اسمائه صلوات الله عليه وآله وسنى اصله ونسبه اما اسماؤه وصفاته صلوات الله عليه وآله فمنها ما جاء به التنزيل وهو الرسول النبي الامي في قوله الذين يتبعون الرسول النبي الامي الذي يجدونه مكتوبا عندهم في التورية والانجيل والمزمل والمدثر في قوله يا ايها المزمل يا ايها المدثر والنذير المبين في قوله قل اني

ستر ہوین مجلس شہادت قاسم بن الحسن علیہ السلام

اپنی گھر سی باہر جاتا ہی عزیز و اقربا کی ہمراہ کہانا کہاتا پانی پیتا رخصت ہوتا ہی سکنان وطن کو بہ

نان کی قسم سی توشۂ راہ ساتھہ کرتی ہین تہوڑی دور پہنچا کی گلی لگا کی شادمان پھرتی ہین وای مصیبت

خاندانِ رسالت کی ہای محنت و طغیانی دشتِ غربت مین جفای است کی اہلبیت کو اوسدن

وداعِ قاسم مین کچھہ میسر ہنوا ناچار سامانِ حسرت اور افغان سی زادِ سفر مہیا کیا فَخَرَجَ وَدُمُوعُهُ

تَسِيلُ عَلٰى خَدَّيْهِ خلاصہ کلام المحرم ناکام مین ماتم کا کہرام رہا قاسم نی عنانِ توسن توڑ کی

عزمِ میدانِ خون آشام کیا بار بار سبہہ پھرا کی خیمہ گاہ اور چچا کی حالتِ تباہ دیکہتا جاتا تھا ہجیر او

غمِ مہجوری مین انکہون سی اشکِ گلگون بہاتا تھا کبہی ماکی بیکسی اور حسرت پر آہ بہرتا کبہی عبد اللہ

بہائی کی یتیمی کو یاد کرتا غریبی اور تنہائی پر امام حسین علیہ السلام کی بیچین فراقِ عباس و علی اکبر سی محو

شور و شینِ احسن و جہ مین شانِ سروری دکہاتا شکوہ اور دبدبۂ حیدری سی مقابلِ سپاہ پہنچا

چہوٹی سن مین بہالا ہلا کی بڑی فنِ غضنفری جتاتا ٹہرا ہوا وَهُوَ يَقُولُ زبانِ فصاحت ترجمان سے

رجز کی یہ اشعار انشا فرمائی باوجودِ بی آبی دہان جوہرِ بلاغت تیغِ زبان سی اعدا کو دکہائی

اِنْ تُنْكِرُونِي فَاَنَا ابْنُ الْحَسَنِ سِبْطُ النَّبِيِّ الْمُصْطَفٰى وَالْمُؤْتَمَنِ یعنی ای اہلِ کوفہ و شام

اگر تم ہماری شرف کو نہین جانتی ہو اور عزت و اکرامِ خداداد سی المحرم کی انکار کرتی ہو بس یقین جانو

اور مجہی پہچانو کہ فرزندِ حسنِ مجتبیٰ امامِ ہدیٰ سبطِ مصطفیٰ ہون حسب اور نسب مین نواسۂ پیغمبر کا

دل و جان سی بنوا ہون، هٰذَا حُسَيْنٌ كَالْاَسِيْرِ الْمُرْتَهَنِ بَيْنَ اُنَاسٍ لَا سُقُوا صَوْبَ

الْمُزُنِ یہ حسین ابنِ علیِ مرتضیٰ میرا چچا ہی کہ مانندِ مرتہن لشکرِ اعدا مین پہنسا ہی امت پر جفا نی

اوسی کنارِ دریا پیاسا رکہا ہی اٹھہ پہر گذری کہ چشمۂ مروت سی ایک قطرہ پانی کا نہین دیا وَكَانَ

وَجْهُهُ كَفِلْقَةِ الْقَمَرِ راوی کہتا ہی قاسم کا آفتابِ جمال ہر گاہ افقِ میدان سی نظر مین

تیرہ طبعانِ شام کی طالع ہوا چہرہ رشکِ مہر اوسکا مثالِ ماہِ شبِ چاردہ کی چمکتا تھا سوار او

ستروین مجلس شہادت قاسم بن الحسن علیہ السلام

پیادہ نی بغور دیکہا سب نی ذرہ و سلام بہیجا اولاد والونکو ہیبت حضرت تہی کرا ایسا فرزند دلبند

کہکالال ہی برحم دلون نی کہا مان باپ پر کیا گذری جو اس نونہال کو جیتا و بال ہی کوئی کہتا

سنہہ دیکہو سو کہاہی ظاہرا یہ ابر کرم کا ٹکڑا ایسا ہی کوئی بولا یہ آسمان حسن کا ستارا ہی پدر اسکا

رسول اللہ کا نواسا ہی فَقَاتَلَ قِتَالًا شَدِیدًا پس قاسم نی کمر سی تیغ صفدری اور جگر سی غرہ

حیدری کو صولتِ غضنفری مین کہینچا سمندِ اشقری کو جولان دیکی مبارز میدانِ ہمسری کا طلب گیا

ہونا بکار دل چلا نیزہ گزار کی معرکہ نبرد مین قدم رکہتا قاسم اوسکی جان دم سنان شہر بار عدم کو

روانہ کرتا اگر کوئی سوار نگاور جرات دوڑا کی آوردگاہ مین آتا تازیانہ سیف شاہزادی کا اوسکی

سہر پر غرور کو مرکب تن سی پیادہ پہراتا مشاہدہ جنگ وارثِ شجاعت سے آہنگِ رزم سبکو نہی

ہرچند وہ پلنگِ بیشۂ جرات اور نہنگِ لجۂ محنت نی اوس لشکر بی ننگ و شرم کو ندادی مقابلہ مین

زادہ شاہ مردانکی کوئی آگی نہین بڑہتا تہا ایک دوسری کی پیچہی چہپا تہا جب غبارِ خوف اور دہشت

سپاہِ ظلم پر چہایا کوئی نابکار لڑنی کو سامنی نہ آیا اوس شیرِ غیسانِ مہابت نے نیزہ ہلاکی نعرہ اللہ اکبر کیا

صفِ میمنہ اور میسرہ کو حملہ پی در پی سی درہم و برہم کر دیا ہل چل مین حواس باختہ سوار پیدل پر گرتی تہی

غلبۂ ہراس مین پیادی ماری ماری پہرتی تہی صفحہ پیکار مین کارنامہ رستم اور سام بہلایا معرکہ نبرد مین

کشتِ خون اعداسی دشت و صحرا کو لالہ فام بنایا حَتّٰی قَتَلَ عَلٰی صِغَرِ سِنِّہٖ خَمْسَۃً

وَّثَلَاثِیْنَ رَجُلًا وہ گرانبہا دُرِ عمان تہو مثلِ نہنگ چار موجہ حرب مین غوطہ لگاتا تہا اور لشکر

مخالف سنگ اور تیر کا مینہ اوسپر برساتا تہا باوجود بہوک پیاس کی بیتابی اور پہلی قتال عمر خرد سالی

تیس اور پانچ نامردونکو نار مین بہیجا بڑی پہلوانانِ کوفی اور شامی کی سینونکو سنان سی زخمی کیا

چند اوسپاہ نی یکبارہ اوس ماہِ فلکِ حسن کو گہیر لیا چار طرف سی زخمِ تیغ اور برچہی نی بدنِ گل

پیرہن کو چور کیا ای سنو انصاف کرو اس ماجرا کو بغور سنو ہر گاہ مردانِ قوی بازو کی جسم

بعد وفاۃ عبد المطلب فکان

سنین ثم کفلہ عمہ ابو طالب

ومع جدہ عبد المطلب ثمانی

مع امہ وابیہ سنتین واربعۃ اشہر

علیہ والہ السلم ثلثا وستین سنۃ

الثالث فی ذکر مدۃ حیوتہ صلعم

۴۹۵

ستر ہوین مجلس شہادت قاسم بن الحسن علیہ السلام

تندرست مین کانٹا چبہتا ہی خراشِ درد کی سبب آرام اور قرار قابو سی جاتا رہتا ہی مجہی بہت حیرت ہے یہ روایت سرمایۂ حسرت ہے کہ اوس طفلِ غریب پر ہجوم آفت مین کیا گذری ہوگی بہر سن و سال مین حالتِ صبر و توان کیونکر باقی رہی ہوگی اول غلبۂ تشنگی دوم صدمۂ گرسنگی تیسری غم و غصۂ ہجرانِ عزیزان چوتہی اندیشۂ رقتِ عمہ و خواہران ایکطرف ماکی فراق مین رونا ایک جانب چچا کی اشتیاق پر جان کہونا کبہی منہہ پہرا کی خیمونکو یاس مین دیکہنا کبہی بیتابی سی گوش بر آواز نالۂ حرم رہنا کثرتِ زخم سی بدن صدپارہ مہر بن موسی جاری لہو کا فوارہ ایک جی کی ہزار نابکار خواہان تہی ایک سر پر ہتہیار خنجر بران تہی تیغ کی گہاو پر تیر سہ پہلو حال پرسی کو آتا تہر کی جراحت کو پنجۂ گرزِ گران دباتا دردِ جگر کی خبر کو ناوکِ تیز پر تیہ جاتی بیکسی اور تنہائی مین بہلانی کو دلکی بہالی آتی سوار کو غلبۂ نقاہت مین طاقتِ قرار نابود تہی رہوار کی تاب و دوسی قوتِ رفتار مفقود تہوی ضعف مین تیورانی لگی شدتِ بیحالی سے ہجوم جہوم کی دہنی بائین جہکی قَالَ حُمَیْدُ بْنُ مُسْلِمٍ کُنْتُ فِی عَسْکَرِ ابْنِ سَعْدٍ فَکُنْتُ اَنْظُرُ اِلٰی هٰذَا الْغُلَامِ حمید ابن مسلم سی منقول ہی کہ اوسنی کہا لشکرِ عمر سعد مین کہڑا ہوا قاسم کو میدان مین وارد ہوتی دیکہا کس دبدبہ اور شان سی اکیلا لڑ رہی دلاور ونکو مار مار کے جنگ مین نام کیا عَلَیْهِ قَمِیْصٌ وَاِزَارٌ وَنَعْلَانِ فَانْقَطَعَ شِسْعُ اَحَدِهِمَا بکر بدن انور مین کرتا پاجامہ دو نعلین سی جلوہ نما ہوا لاکن تسمہ ایک پاپوش کا اوسدم ٹوٹا تہا مَا اَنْسٰی اِنَّهٗ کَانَ الْیُسْرٰی مجہی خوب یاد ہی نہین بہولا کہ وہ بائین پانو کا جوتا تہا فَقَالَ عُمَرُ بْنُ سَعْدٍ الْاَزْدِیُّ وَاللّٰهِ لَاَشُدَّنَّ عَلَیْهِ میری پہلو سی عمر ابن سعد ازدی بولا قسم خدا کی مین اوس پر وار لگانی کو حملہ کرونگا فَقُلْتُ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَمَا تُرِیْدُ بِذٰلِکَ مینی اوس بیرحم کو بہت ملامت کی اور یہ نصیحت سی کہی سبحان اللہ قاسم مظلوم ہی تو کیا چاہتا ہی

ستر ہوین مجلس شہادت قاسم بن الحسن علیہ السلام

اوس معصوم کی مارنی کو کیون جاتا ہی وَاللّٰہِ لَوْ ضَرَبَنِی مَا بَسَطْتُ اِلَیْہِ یَدِی بخدا وہ لڑکا ہرگاہ مجھی تلوار لگائی زخم کھاؤن تو بھی مین اوسکی طرف دفع کو ہاتھ نہ اوٹھاؤن اَلَمْ یَکْفِیکَ ہٰؤُلَاءِ الَّذِینَ تَرَاہُمْ قَدِ اسْتَوْحَشُوہُ آیا کافی نہین تجھی یہ کہ اوسکو انبوہ جفا نی گھیرا ہی چارسمت سی جراحات مین تلوار و تیر و نیزہ کی گھبرایا ہی بدنِ ناتوان سی لہو بہتا ہی ضعفِ عطش مین غش کرتا ہی قَالَ وَاللّٰہِ لَأَفْعَلَنَّ اوسنی کہا خدا کی سوگند مین جاتا ہون ابنِ حسن کو خاک پر گراتا ہون فَشَدَّ عَلَیْہِ پس اوس شقی نی گھوڑا بڑہایا کمین گاہ سی دوڑ کے حملہ کیا فَمَا وَلّٰی حَتّٰی ضَرَبَ رَأْسَہٗ بِالسَّیْفِ کچھ عرصہ نہ گذرنی پایا تھا کہ سرِ قاسم پر تلوار کا وار لگایا فرقِ فرقد سای شاہزادہ پیشانی تک دو ٹکڑی ہوا خون مانند پرنالی کی بہنی لگا فَوَقَعَ الْغُلَامُ بِوَجْہِہٖ وَنَادٰی یَا عَمَّاہُ اَدْرِکْنِی اوس صدمۂ زخم کاری سی زین خالی ہو گیا وہ غازی منہہ کی بل خاک مین گرا ضعیف آواز سی سید الشہدا کو بلایا چچا کو یہ کلام حسرت انجام سنایا اے مولا میری پاس امداد کو جلدی آو مین تمپر فدا ہوا دم واپسین دیدار دکھاؤ جب صدای نالہ قاسم کان مین سرورِ دین کی پہنچی طاقتِ ضبط اور قرار دلکو باقی نرہی فَجَاءَ الْحُسَیْنُ عَلَیْہِ السَّلَامُ کَالصَّقْرِ الْمُنْقَضِّ امام حسین علیہ السلام مثالِ بازِ تیز پرواز غصہ مین بھری دوڑی جب کہ بالین پر صیدِ گران خونبہا کی وارد ہوئی چار طرف دشمنون کا نرغہ اور انبوہ پایا ازدحام سوار اور پیادہ کا امام زادہ کو گھیری نظر آیا فَتَخَلَّلَ الصُّفُوفَ وَشَدَّ شِدَّۃَ اللَّیْثِ الْحَرِبِ شمشیرِ آتشبار سی اعدا کی صفونکو توڑ دیا اوس لشکرِ روباہ پر مانند شیر غضبناک کے حملہ کیا تلوار کی ہر وار مین سیکڑون سر گرا دیے یہانتک کہ لشکرِ شور پشت کی پانو بھی چھٹی میدان مین جہان قاسم پڑی تھی جا کی نزدیک سی دیکھا برادرزادی کا قاتل ذبح کرنیکی ارادی مین کھڑا ہی فَضَرَبَ عُمَرَ قَاتِلَہٗ بِالسَّیْفِ شاہ بحر و بر نے قاتل حضرت قاسم عمر بد اختر کو تیغ دو پیکر

ستر ہوین مجلس شہادت قاسم بن الحسن علیہ السلام

اکائی ضربتِ عمرِو اشرکش کی صفائی ابن فائح خیبر نی دکہائی فَاتَّقَاهُ بِيَدِهٖ فَاَطَنَّهَا مِنَ
الْمِرْفَقِ اوسنی اپنی دست جفا اوٹہا کی دمِ شمشیر پر سپر کی بدکار کی دونو ہاتہہ کہنی سی قلم ہوی فَصَاحَ
ثُمَّ تَنَحّٰی عَنْهُ عمرِ سعد ازدی استغاثہ مین چلایا اپنی لشکر کو حمایت مین مدد کی واسطی بلایا گروہ اوس
شقی کی طرفداری کو آئین امام حسین علیہ السلام کی قہر سی ٹہر ائین وَحَمَلَتْ خَيْلُ اَهْلِ الْكُوْفَةِ
لِيَسْتَنْقِذُوْا عُمَرَ مِنَ الْحُسَيْنِ پیادہ اور سوارِ اشرار کوفہ چار جانب سی ٹوٹ پڑی کہ امام کی
ذوالفقار سی عمر کو بناہ ملی وہ ملعون تو حال زبون سی مارا گیا جنگِ مغلوبہ کا ہنگامہ برپا ہوا
حضرت ناچار اون کفار سی جہاد کرنی لگی ہجومِ عام مین گرد و پیش سر ورسی وہ بہاگ نکلی فَاسْتَقْبَلَتْهُ
بِصُدُوْرِهَا وَجَرَحَتْهُ بِحَوَافِرِهَا وَوَطِئَتْهُ حَتّٰى مَاتَ الْغُلَامُ وا مصیبتاہ وا ویلا
کہ قاسم جو اوس میدانِ دار و گیر مین بیہوش پڑی تہی آمد و رفتِ سپاہِ ظلم سی پامال ہو رہی تہی
گہوڑونکی ٹاپون نی سر و سینہ روند ڈالا کوئی عضو اوس زخمی بدن کا نتہا جو پامال نہوا تہا اوسکی
جسم صد پاش پر صدمات گذری کہ حالتِ جان کنی اور سکراتِ موت مین تڑپنی لگی فَانْجَلَتِ
الْغَبَرَةُ فَاِذَا بِالْحُسَيْنِ قَائِمٌ عَلٰى رَاْسِ الْغُلَامِ وَهُوَ يَفْحَصُ بِرِجْلَيْهِ راوی کہتا ہے
ہر گاہ سپاہِ رو سیاہ کا غول ہٹا گرد و غبارِ صحرا کا اندہیرا فرو ہوا ہین گہبرا کر شبیر کیا نظر آتا ہے
یہ ماجرا دیکہا اعضای جسمِ قاسم ٹکری ٹکری جلتی ریت پر سامنی پڑی ہین امام حسین علیہ السلام
اوسکی سرہانی با چشمِ گریان کہڑی ہین صورتِ ماہ ظلمتِ خاک و خون مین اٹی ہی پوشاک بہی
بدنکی نعلِ سمند سی پہٹی ہی آنکہو مین فرقِ مبارک کا لہو جما ہی چہری پر مُردنی چہائی ہی گردن کا
ڈہلا ہی وہ صغیر زمین پر ایڑیان رگڑتا ہی غش مین ہچکیان لیکی دم توڑتا ہی فَقَالَ وَيَقُوْلُ
الْحُسَيْنُ يَعِزُّ وَاللّٰهِ عَلٰى عَمِّكَ اَنْ تَدْعُوَهُ فَلَا يُجِيْبُكَ اَوْ يُجِيْبُكَ فَلَا يُعِيْنُكَ
اَوْ يُعِيْنُكَ فَلَا يُغْنِيْ عَنْكَ امام حسین علیہ السلام نی جب یہ حالِ پر اختلال دیکہا اوسکے

ستر ہوین مجلس شہادت قاسم بن الحسن علیہ السلام

مصیبت پر کمال ملال اور ابتہال مین کہا ای جان جہان ای پر حسرت وارمان افسوس تیری نوجوانی پر
صد حیف یہ تشنہ دہانی بخدا قسم مجہپر شاق اور ناگوار ہی کہ تو اپنی چچا کو حمایت مین بلائی اور وہ امداد مین
پاس نہ آئی اور اگر تیری کمک مین قدم بڑہائی تو شر اعدا سی نہ بچائی ہر گاہ پناہ دی اعانت کری
تو کچہہ نفع پہنچا نہ سکی بُعْدًا لِلْقَوْمِ قَتَلُوكَ وای اور اوس قوم کی جن بر جمعون فی تجہی مارا ہی
غرقہ بحر عذاب ہون وہ بی ابرو کہ جسم کو تیری لہو مین نہلایا ہی راوی کہتا ہی مین فکر مین حیران تہا
کہ امام حسین علیہ السلام اب کیا کرینگی جنازہ برادر زادی کو دیکہون کہان لیجائینگی ثُمَّ احْتَمَلَهُ فَكَأَنِّي
أَنْظُرُ إِلَى رِجْلَيِ الْغُلَامِ يَخُطَّانِ فِي الْأَرْضِ وَقَدْ وَضَعَ صَدْرَهُ عَلَى صَدْرِهِ
ناگاہ مینی دیکہا سید الشہدا کہڑی ہوئی اور کمر خم ہوئی اوس لاش صد پاش کو ہزار نالش سی اوٹہا کی
زمین پر بیٹہی دونوں ہاتہوں سی سر و سینہ قاسم کو اپنی چہاتی سی لگائی تہی بہزار مشکل تہا جنازہ اوٹہائی ہوئی
گردن اور سر جہکائی تہی واللہ مجہی خوب یاد ہی کہ قاسم کی دونوں پانون زمین پر کہینچتی جاتی تہی
لہو کی قطری زخم سر و تن سی گرتی نظر آتی تہی فَقُلْتُ فِي نَفْسِي مَا يَصْنَعُ فَجَاءَ حَتَّى أَلْقَاهُ بَيْنَ
الْقَتْلَى مِنْ أَهْلِ بَيْتِهِ مین اپنی دل مین سوچتا کہ شاہ دین اب کیا کرینگی اور یہ جنازہ ابن الحسن علیہ
السلام کہان لیجائینگی مظلوم کربلا نی جانب خیمہ گاہ حرم محترم قدم بڑہایا مقتل شہدا مین جسد قاسم کو
خاک پر لٹایا ثُمَّ قَالَ اللّٰهُمَّ أَحْصِهِمْ عَدَدًا وَاقْتُلْهُمْ بَدَدًا وَلَا تُغَادِرْ مِنْهُمْ أَحَدًا
وَلَا تَغْفِرْ لَهُمْ أَبَدًا پہر فرمایا خداوندا ہماری غریبی اور مظلومی پر نگاہ کر ان دشمنان ستمگار کو
اپنی قہر سی تباہ کر اس گروہ جفا شعار کو تیغ انتقام سی مار نا بخدہ غضب سے کسیکو نہ چہوڑنا نظر لطف و کرم سی
انکی طرف ہرگز نہ دیکہنا دنیا و آخرت مین کبہی آمرزش گناہ نہ دینا صَبْرًا يَا بَنِي عُمُومَتِي صَبْرًا
يَا أَهْلَ بَيْتِي لَا رَأَيْتُمْ هَوَانًا بَعْدَ هٰذَا الْيَوْمِ أَبَدًا اس جانب اجساد پارہ پارہ متوجہ
ہوئی فرزندان و برادران عم اوسی خطاب کیا ای کشتگان غم و الم ای میری اہلبیت مبتلای جور و ستم

٤٩٩

من اتی به قال مکتوب فی التوریة فی حروف
النبی صلی اللہ علیہ وآلہ من ولد اسمعیل
وصفتہ بہذہ الالفاظ الاشمعیل
تمعیشحا ہینی براخت او توا ہغربت
اوتو بمؤدموشیتم عوسو دنیم بولدی
تابتو لغو ذکو ذول وتغتین اسمعیل
قبلت صلوتہ وبارکت منہ وانمتہ
فکثرت عددہ بولد لہ اسمہ محمد یکون
اثنین وتسعین فی الحساب سأخرج اثنی
عشر ملکا من نسلہ واعطیہ قوما کبیرا
العدد ومن ذلک ما اخبرنی الثقة
انہ قرأ فی الانجیل ذکر الشیخ ابو جعفر
بابویہ فی کتاب اکمال الدین وتمام النعمة
انی انا اللہ لا الہ الا انا الذی لا ازول
صدقوا النبی الامی صاحب الجمل و
المدرعة والتاج وہی العمامة
والنعلین والہراوة وہی القضیب

ستر ہوین مجلس شہادت قاسم بن الحسن علیہ السلام

چاہیی اس حادثۂ بلامین صبر کرو کہ آیندہ پہر خواری اور ہلاکت مین مبتلا ہو ای حاضران بزم ماتم ای سامعان حدیث درد والم خدا کسی خاندان محترم کو روز مصیبت نہ دکہائی اور عزیزونکی خبر موت عالم غربت مین نہ سنائی مادر شکستہ بال کی روبرو جنازہ فرزند کا نہ لائی بہن اور بہائی کو پردیسمین جدائی سی نہ رولای فکر و تصور کی جاہی محل نالہ اور فغان و بکاہی قاسم کی مادر بی نصیب کو جسدم یہ ماجرا پہنچا کہ بیٹا ناشاد نامراد ہو کا پیاسا مارا گیا اوسکا بدن ضرب تیغ و نیزہ و تیر سی ٹکڑی ہوا لاشہ خاک و خون مین بہرا دروازہ پر خیمہ کی دہرا ہی نہ جنازی کی نہلانی او کفن کی تدبیر ہی نہ نماز میت اور دفن کی تقریب ہی بیتابی سی پچہاڑین کہاتی تہی ہہر و سینہ پیٹ کی روتی چلاتی تہی دل پر درد سی آہ سرد بہرتی زبان حال سی یہ بیان کرتی تہی ہای میری ساری عمر کی دولت اور کمائی افسوس تصانی جی کی امید خاک مین ملائی مجہی آرزو تہی کہ اوسکی شادی کرونگی دولہن گود عیش مین فرزند کی پہلو سی مل دیکہونگی مجہ بیوہ کا خانۂ ویران بہو سی آباد ہوگا نام حسن مجتبی علیہ السلام شمع شادیسی روشن رہیگا آخر عمر مین عصای پیری میرا نوجوان بیٹا ہی جب مرونگی یہ رونق زینت جنازا ہی حیف اور دریغ کہ دست دہر نی حجلہ گاہ کی جا قتلگاہ سجی عوض عروس نعل بستر نوشاہ مرگ ہم بستر دیکہی خلعت دامادی کی بدلی کفن بہی نہ ملا شربت اور نقل کی نام آب تیغ اور خنجر گلی سی اوترا سرود کی مقام پر نالہ و نوحہ ہوتا ہی شور مبارکباد کی مقابلہ مین سارا عالم رونا واویلا دشت کربلا مین دفن میت کی صورت نہین ظلم اعدا سی غزا و شیون کی مہلت نہین ای نانا بنی ہاشم اس مصیبت مین میری امداد کرو مرگ قاسم نوجوان کا مجہی پرسا دو کیا کرون کہ مرتی وقت نازونکی پالی کو پانی کا قطرہ نہین بہم پہنچا کس سی کہون زخم تیغ او نعل سمند سی ایسا بدن ٹکڑی ہوا کوئی عضو ثابت نہ رہا کہان ہین حسن مجتبی علیہ السلام کہ اپنی لال کا یہ حال دیکہین خاک و خون بہری جسم کو حسرت اور ملال مین چہاتی سی لگالین اوسوقت تمام اہلبیت ضعیفہ پر ارمان کی ساتہہ روتی ہی

اٹھارہویں مجلس فضائلِ بکا و مناقب سید الشہدا و شہادت عباس بن علی علیہ السلام روزِ عاشورا

خرد و بزرگ فرطِ نالہ و فغان سے جان کھوتے تھے نظم لمولفہ کہرام ہوا خیمہ میں شبیر کے اوسدم
جب مادرِ قاسم نے کیا بیٹے کا ماتم روتے تھے حرم شاہ کے سر پیٹ کے باہم ۔ تھے ارض و سما شورشِ
فریاد سے برہم شاہِ شہداء لاش پہ مدہوش کھڑے تھے عباسِ علی چاک گریبان کیے تھے ۔ صد پاش جنازہ
جو رہا دھوپ میں عریان مقتل کی زمین کرنے لگی نوحہ کا سامان ۔ خاموش ہو ناظم کہ نہیں تاب
بیان کی ۔ آتی ہے صدا عرش سے بھی آہ و فغان کی

مجلس اٹھارہوین بکائے خلیلِ خدا و فدائی اسماعیل و رضا بکا ابراہیم بر سید الشہدا امام حسین کا مختلف بیان و شہادت عباس بن علی علیہ السلام روز عاشورا

رباعی عباس ہیں رشکِ ملک انسانوں میں ۔ ہے ہیں عوض دست کٹے شانوں میں ۔ پر کہولی ہوئے ہیں
قبرِ شہ پہ ۔ ہم بھی ہیں اسی شمع کی پروانوں میں ۔ رباعی یہ بزمِ عزائے بشر زہرا ہے ۔ بیٹھو باادب یہاں
گذرِ زہرا ہے ۔ چادر سے ہر ایک کی اشک کرتی ہے پاک ۔ ہر چشم کی اوپر نظرِ زہرا ہے ۔ رباعی رومال کو
اشکوں سے بھگو کر اوٹھو ۔ فردِ عصیان کو اپنی دھو کر اوٹھو ۔ آئے ہو حصول کیا جو محروم رہے ۔ بیٹھو اس بزم میں
تو روکر اوٹھو ۔ رباعی خون میں شہِ مظلوم کا سینہ ڈوبا ۔ بطحا ہوا برباد مدینہ ڈوبا ۔ کیا مٹھی بھر
خاک ڈالو یارو خشکی میں محمد کا سفینہ ڈوبا ۔ تمہید بکا کرنا ابراہیم کا بر سید الشہدا
و ثواب پانا مانند ذبح اسمٰعیل از خدا فی الحقیقت عبادت اعظم ہے سوگواری
اہلِ حرم کی اور دارین میں وسیلۂ نجات بنی آدم ہے تعزیہ داری کشتۂ ستم کی عجب مرتبہ اون لوگوں کا ہے
جو بزمِ غمِ اہلبیت میں جمع ہوتے ہیں ۔ بڑا درجہ ہے اوس گروہ کا کہ ذکرِ ماتم پر اولادِ پیغمبر کی روتے ہیں
نالہ و فغان کرنیوالے دنیا میں سیدِ ابرار کی یار اور انصار کہلاتے ہیں اس عملِ رقت کی آئے واسطے
دارِ آخرت کو مستوجبِ خلدِ برین جاتے ہیں کتبِ معتبرہ میں علمائے لکھا ہے کہ ائمہ اطہار نے اپنی خواص
اصحاب سے بارہا کہا ہے سانحۂ روزگار میں ہر بندۂ خدا پرست کا رونا فعلِ کراہت ہے الا اونکے

اٹھارہویں مجلس کا بیچ تمثیل سے قربانی اسمٰعیل کی فدا و شہادت عباس بن علی علیہ السلام روز عاشورا

اور شہادت امام حسین علیہ السلام پر سو وکا بین ہنا عبادت ہے رُوِیَ عَنِ الفَضلِ قَالَ سَمِعتُ الرِّضَا عَلَیهِ السَّلَامُ یَقُولُ

لَمَّا اَمَرَ اللّٰہُ عَزَّ وَجَلَّ اِبرَاہِیمَ اَن یَذبَحَ مَکَانَ اِبنِہٖ اِسمَاعِیلَ الکَبشَ الَّذِی اَنزَلَہٗ عَلَیہِ تَمَنّٰی

اخبار مین حضرت امام رضا علیہ السلام سے فضل نے روایت کی ہے اور وہ علی اظہار شرف بکا مجھکو یہ نوید کرامت دی ہے

کہ جب نے حضرت ابراہیم کو عوض ذبح اسماعیل قربانی کرنے کو دنبا بھیجا مقام عظمت خلیل اللہ نے گوسفند کا اپنے

ہاتھ سے کل ناتمنے اِبرَاہِیمُ اَن یَکُونَ قَد ذَبَحَ اِبنَہٗ اِسمَاعِیلَ بِیَدِہٖ وَاَنَّہٗ لَم یُؤمَر بِذَبحِ الکَبشِ مَکَانَہٗ اور وقت

ابراہیم کی دلمین تمنا اور حسرت ہی خلیل رب کریم نے اس بات کی آرزو کی کاش میرے ہاتھ سے بیٹا ذبح ہوتا اور فرزند جگر بند کی

عوض بانی دنبہ کا حکم تہ لِیَرجِعَ اِلٰی قَلبِہٖ مَا یَرجِعُ اِلَی القَلبِ الوَالِدِ الَّذِی یَذبَحُ اَعَزَّ وَلَدِہٖ عَلَیہِ

بِیَدِہٖ تاکہ دلکو اونکی وہ دکھ اور درد ملتا جو باپکو پیاری اولاد کی حلال کرنے سے ہوتا فَیَستَحِقُّ بِذٰلِکَ اَرفَعَ دَرَجَاتِ

اَہلِ الثَّوَابِ عَلَی المَصَائِبِ تا اس غم والم پر صبر کرکے درگاہ بے نیاز مین مستحق اجر مصیبت کہلاتے راہ خدا مین باعث ہو

اونچا کی بڑی درجے اہل ثواب کی پاتے فَاَوحَی اللّٰہُ عَزَّ وَجَلَّ اِلَیہِ یَا اِبرَاہِیمُ مَن اَحَبُّ خَلقِی اِلَیکَ تا کہ

پروردگار نے ابراہیم پر وحی کو نازل کیا اور خلیل بیٹا سے یہ سمجھا پوچھا کہ دنیا کی مخلوقات مین تم کسکو زیادہ دوست رکھتے ہو

کس ہماری بندی کو سب موجودات مین پیار کرتے ہو فَقَالَ یَا رَبِّ مَا خَلَقتَ خَلقًا ہُوَ اَحَبُّ اِلَیَّ مِن

حَبِیبِکَ مُحَمَّدٍ المُصطَفٰی عرض کی خدایا تو نے کوئی بشر ایسا نہین پیدا کیا ہے کہ وہ میری نزدیک محمد مصطفے

صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے بیشتر حبیب ہو جو تیرا پیارا ہے فَاَوحَی اللّٰہُ اِلَیہِ اَفَہُوَ اَحَبُّ اِلَیکَ اَم نَفسُکَ

پس بار تعالی نے وحی نازل کی کہ اونکو زیادہ عزیز جانتے ہو یا خیر البشر سے اپنی جانکو سوا چاہتے ہو قَالَ ہُوَ اَحَبُّ

اِلَیَّ مِن نَفسِی ابراہیم نے کہا بار الہا خاتم انبیا کی وہ قدر و منزلت ہے کہ اپنی جسم و روح سے زیادہ مجھے الفت ہے

قَالَ فَوَلَدُہٗ اَحَبُّ اِلَیکَ اَم وَلَدُکَ جناب احدیت نے پھر پوچھا کہ ای خلیل بیٹا مقرب کبریا فرزند محمد کو بہت

عزیز رکھتے ہو یا اپنی بیٹے کو سوا پیار کرتے ہو قَالَ بَل وَلَدُہٗ ابراہیم نے کہا بلکہ اونکی پسر کو دل و جگر سے بہتر جانتا ہوں او

نور چشم سعیہ کو نظر الفت مین جان سے بہتر جانتا ہون قَالَ فَذَبحُ وَلَدِہٖ ظُلمًا عَلٰی اَیدِی اَعدَائِہٖ اَوجَعُ لِقَلبِکَ

قال لما ظهر سيف بن ذي يزن

وذلك بعد مولد النبي صلى الله عليه

ومنهم عبد المطلب بن هاشم بن عبد مناف

بن عبد شمس وعبد الله بن عبد مناف

اٹھارہوین مجلس بکائی خلیل سی قربانی اسماعیل کی فدا و شہادت عباس بن علی علیہ السلام رو رحاشیہ پا

اَوْ ذَبْحُ وَلَدِكَ بِيَدِكَ فِى طَاعَتِىْ ایزد معبود نی ارشاد کیا آیا ذبح ہونا اوسکی بعنت جگر کا اعدا کی ہاتھ سے تمہاری دلکو بہت جلاتا ہی یا سر کاٹنا اپنی بیٹی کا ہماری طاعت مین تمکو دکھہ پہنچاتا ہی قَالَ يَا رَبِّ بَلْ ذَبْحُهُ عَلٰى اَيْدِىْ اَعْدَائِهِ اَوْجَعُ لِقَلْبِىْ تب ابی محبت حرم نی کہا ای خداوند محترم اوسکی گلا کٹنا تیری حبیب کی فرزند کا دست اعدای غدار سی مجھی ناگوار ہی اور تحمل اس غم جانسوز مین بہت زیادہ دشوار ہی قَالَ يَا اِبْرَاهِيْمُ فَاِنَّ طَائِفَةً تَزْعَمُ اَنَّهَا مِنْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ ایزد کریم نی فرمایا کہ ای خلیل میری جانو تم کہ ایک طایفہ آخر زمانی مین پیدا ہوگا اور اپنی گمان مین محمد کی امت سے ہونیکا دعوا کریگا سَتَقْتُلُ الْحُسَيْنَ ابْنَهُ مِنْ بَعْدِهٖ ظُلْمًا وَّعُدْوَانًا كَمَا يُذْبَحُ الْكَبْشُ ظلم اور عدوان سی بعد وفات رسول بہول جائینگی تب ثقلین کو قتل کرینگی حبیب میری حسین فرزند سید کونین کو جیسی قصاب گوسفند کو ذبح کرتی ہین اور خوش و خرم بخوف رہتی ہین وَيَسْتَوْجِبُوْنَ بِذٰلِكَ سَخَطِىْ یاد رکہو اس گناہ کی مستحق نار ہین اور میری قہر و غضب کے سزاوار ہین فَجَزِعَ اِبْرَاهِيْمُ لِذٰلِكَ وَتَوَجَّعَ قَلْبُهٗ وَاَقْبَلَ يَبْكِىْ پس حضرت ابراہیم ان باتونکی سننی سے اندوہناک ہوی اور انکہون سی اشک حسرت جاری کیی اونکا دل بہت ہی غم والم کا ہجوم ہوا فَاَوْحَى اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ يَا اِبْرَاهِيْمُ قَدْ فَدَيْتُ جَزَعَكَ عَلٰى ابْنِكَ اِسْمَاعِيْلَ اوسوقت خداوند علیم نی وحی بہیجی کہ ای ابراہیم یہ تمہاری قت ذبح اسماعیل کی بدل ہوئی لَوْ ذَبَحْتَهٗ بِيَدِكَ بِجَزَعِكَ عَلَى الْحُسَيْنِ وَقَتْلِهٖ اگر میری کہو تم اپنی ہاتہہ سی کاٹتی قلق مرگ فرزند مین دردناک اور بچین رہتی تو یہ ثواب رونی مین شہادت امام حسین کیواسطے جو ملا ہی قربانی اسماعیل کی برابر اجر اسکا عطا ہوا ہی وَاَوْجَبْتُ لَكَ اَرْفَعَ دَرَجَاتِ اَهْلِ الثَّوَابِ عَلَى الْمَصَائِبِ بلکہ اوس مرتبہ سی زیادہ ہمنی یہ درجہ عظیم کیا ہی اور اپنی رحمت سی بڑا مقام حسنہ تمکو دیا ہی ای ابراہیم عوض مین ان آنسوونکی جو تمہاری آنکہون سی بہی اور ان نالونکی بدلی جو سینہ غمگین اور محبت سی اوٹہی واجب کردیا دینی کو بہت بلند درجی ثواب کی اور مستحق کیا ہمنی تمکو ساتہہ مرتبون اہل مصاب کی وَذٰلِكَ قَوْلُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَفَدَيْنَاهُ بِذِبْحٍ عَظِيْمٍ اس مضمون کو حق تعالی نی کلام مجید مین فرمایا ہی قصہ مذکور سی رسول امین کو واقف کیا ہی کہ ہمنی فدیہ بہیجا ابراہیم کو یعنی قربانی اسمعیل پر ذبح عظیم کو بدرستی کہ

ثم ساق الحديث الى ان قال فارسل الى عبد المطلب فادخل عليه ثم قال يا عبد المطلب انى مفض اليك من سرى ... على امر لو كان غيرك لم ابح به ولكن رايتك معدنه فاطلعتك عليه فليكن عندك مطويا حتى ياذن الله فيه فان الله بالغ امره انى اجد فى الكتاب المكنون والعلم المخزون الذى اخترناه لانفسنا واحتجبناه دون غيرنا خبرا عظيما وخطرا جسيما فيه شرف الحيوة وفضيلة الوفاة للناس عامة ولرهطك كافة ولك خاصة فقال عبد المطلب مثلك ايها الملك من سر وبر فما هو فداك اهل الوبر زمرا بعد زمر فقال اذا ولد بتهامة غلام بين كتفيه شامة كانت له الامامة ولكم به الزعامة الى يوم القيمة فقال له عبد المطلب ابيت اللعن لقد ابت بخبر ما آب بمثله وافد ولولا هيبة الملك واجلاله واعظامه لسالته من بشارته اياى ما ازداد به سرورا فقال ابن ذى يزن هذا حينه الذى يولد فيه او قد ولد فيه اسمه محمد يموت ابوه وامه ويكفله جده وعمه وقد ولد سرارا والله باعثه جهارا وجاعل له منا انصارا يعز بهم اولياءه ويذل بهم اعداءه ويضرب بهم الناس عن عرض ويستفتح بهم كرايم الارض يكسر الاوثان ويخمد النيران ويعبد الرحمن ويدحر الشيطان قوله فصل وحكمه عدل يامر بالمعروف ويفعله وينهى عن المنكر ويبطله فقال عبد المطلب ايها الملك عز جدك وعلا كعبك وطال عمرك ودام ملكك فهل الملك سارى بافصاح فقد اوضح لى بعض الايضاح فقال ابن ذى يزن والبيت ذى الحجب والعلامات على النصب انك يا عبد المطلب لجده غير الكذب قال فخر عبد المطلب ساجدا فقال له ارفع

اٹھارہوین مجلس فضائل سید الشہدا وجناب عباس بن علی علیہ السلام روز عاشورا

اوسکا رونا مصیبت امام حسین پر ہمکو زیادہ تر مقبول ہواہی اور پسر کی گردن کاٹنی سی راہ خدا مین جو
درجہ ملتا اوس سی یہ بڑہا ہی پس ای سامعان حدیث کا قدر و منزلت کو اس شیون و شین کی جانو رسم
عزا مین ذکر مصیبت امام حسین علیہ السلام پر خاموش ہنو جو ستم اور جفا امت بیوفانی کربلا مین کئی ہین یاد کرو
سرگذشت برادر اور فرزند سید الشہدا کو چاہیی گوش ہوش مین سنو نالہ و فریاد مین مصروف رہو اس غم و
الم سی رو رو کی جان دو مل عَنْ اَبِیْ یَعْفُورٍ عَنْ اَبِیْ عَبْدِ اللهِ قَالَ بَیْنَا رَسُوْلُ اللهِ فِیْ
مَنْزِلِ فَاطِمَةَ وَالْحُسَیْنُ فِیْ حِجْرِہٖ اِذْ بَکٰی وَخَرَّ سَاجِدًا احباب کامل الزیارت مین ابی یعفور نی
جعفر صادق علیہ السلام سی روایت کی ایک دن خیر الوری جا کی منزل بتول عذرا کو زینت جلوس دی
امام حسین علیہ السلام کو اغوش ناز مین لیا بہت رو کی سجدہ بی نیاز کیا ثُمَّ قَالَ یَا فَاطِمَةُ یَا بِنْتَ
مُحَمَّدٍ اِنَّ الْعَلِیَّ الْاَعْلٰی تَرَائٰی لِیْ فِیْ بَیْتِکِ هٰذَا سَاعَتِیْ هٰذِہٖ فِیْ اَحْسَنِ صُوْرَةٍ وَاَهْیَا
هَیْئَةٍ پھر کہا یا بنت محمد اسد م علی اعلی یعنی ظہور علم با صفات کمال اللہ نی مجکو تمہاری گھر مین جلوہ کیا با
حسن صورت اور بنیات مین اوسکی رحمت و جبروت کو پایا وَقَالَ لِیْ یَا مُحَمَّدُ اَتُحِبُّ الْحُسَیْنَ فَقُلْتُ
نَعَمْ قُرَّةُ عَیْنِیْ وَرَیْحَانَتِیْ وَثَمَرَةُ فُؤَادِیْ وَجِلْدَةُ مَا بَیْنَ عَیْنَیَّ اوسنی پوچہا ای محمد
ایا تم حسین کو پیار کرتی ہو جو سینہ سی لگا رکہا ہی مینی عرض کی نعم وہ میرا نور دیدہ گل مراد میوہ دل حدقہ
چشم کہلاتا ہی فَقَالَ لِیْ یَا مُحَمَّدُ وَوَضَعَ یَدَہٗ عَلٰی رَاْسِ الْحُسَیْنِ بُوْرِکَ مِنْ مَوْلُوْدٍ
عَلَیْهِ بَرَکَاتِیْ وَصَلَوَاتِیْ وَرَحْمَتِیْ وَرِضْوَانِیْ پس خطاب کیا مجہی کر یا محمد اور دست
کرم اپنا سر حسین پر رکہا اوسپر برکت و صلواۃ و رحمت و رضوان میری ہی یہ کہا وَلَعْنَتِیْ
وَسَخَطِیْ وَعَذَابِیْ وَخِزْیِیْ وَنَکَالِیْ عَلٰی مَنْ قَتَلَهٗ وَنَاصَبَهٗ وَنَاوَاہُ وَنَازَعَهٗ اور غضب
لعنت و عذاب و خذلان و نکال خداوندی اوسکو شامل ہی جو اونکا عدو اور ناصب حرب و عداوت
بدی و قاتل ہی اَمَا اِنَّهٗ سَیِّدُ الشُّهَدَاءِ مِنَ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ

الحسين البيهقي في كتاب دلائل النبوة عن
طرفين ومن ذلك حديث بحيرا الراهب قال ان
نقله او رده محمد بن اسحق بن يسار قال ان
ابا طالب خرج في ركب الى الشام تاجرا
فلما تهيأ للرحيل واجمع السير
الله صلى الله عليه وآله فاخذ بزمام ناقته
وقال يا عم الى من تكلني لا اب لي ولا ام

اٹھارہویں مجلس لباس حسنین علیہما السلام کا مختلف رنگ ہونا

وَسَيِّدُ شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ مِنَ الْخَلْقِ اَجْمَعِيْنَ وَاَبُوْهُ اَفْضَلُ مِنْهُ وَخَيْرٌ یعنی جانو
کہ وہ سید الشہدای اولین وآخرین ہی اور بہترین جوانان بہشت برین ہی حسین کی والد اونسی بہی بہتر
افضل ہین جو یہ شرف کی دنیا وآخرت ہین مشتمل ہین فَاَقْرِءْهُ السَّلَامَ وَبَشِّرْهُ بِاَنَّهُ رَايَةُ الْهُدٰى
وَمَنَارُ اَوْلِيَائِيْ وَحَفِيْظِيْ وَشَهِيْدِيْ عَلٰى خَلْقِيْ پس اوسکو میرا اسلام و پیام انعام خاص کہو
بتحقیق کہ وہ علم ہدایت محل نور اولیا حافظ و شاہد خلق دنیا ہی یہ بشارت دو وَخَازِنُ عِلْمِيْ وَحُجَّتِيْ
عَلٰى اَهْلِ السَّمٰوَاتِ وَاَهْلِ الْاَرَضِيْنَ وَالثَّقَلَيْنِ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وہ میری علم کا بن کا حجت
انس مین خازن ہی اور اہل آسمان و زمین کی حجت ظاہر و باطن ہی بیان اِنَّ الْعَلِيَّ الْاَعْلٰى اَيْ
رَسُوْلَهُ جِبْرَئِيْلُ اَوْ يَكُوْنُ التَّرَائِيْ كِنَايَةً عَنْ غَايَةِ الظُّهُوْرِ الْعِلْمِيِّ وَحُسْنِ الصُّوْرَةِ كِنَايَةً
عَنْ ظُهُوْرِ صِفَاتِ كَمَالِهِ تَعَالٰى وَوَضْعُ الْيَدِ كِنَايَةً عَنْ اِفَاضَةِ الرَّحْمَةِ وَرُوِيَ
عَنْ بَعْضِ الثِّقَاتِ الْاَخْيَارِ اَنَّ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ دَخَلَا يَوْمَ عِيْدٍ اِلَى الْحُجْرَةِ جَدِّهِمَا
رَسُوْلِ اللّٰهِ صبا غان حلہ صدق دامان مضامین ورنگریزان جامہ بیان لہذا آستین لباس صنعت کو
طراز تالیف سی بعضی ثقاۃ اخیار کی لالی خلعت روایت کو خم تراجم سی بوقلمون کا لون دکہاتی ہین
کہ ایک دفعہ حسنین علیہما السلام کو اغوش نانا مین جد بزرگوار کی عید آیا اور شاہزادونکی لئی ملبوس تبدیل
ہنین تہا فَقَالَا يَا جَدَّاهُ اَلْيَوْمَ يَوْمُ الْعِيْدِ وَقَدْ تَزَيَّنَ اَوْلَادُ الْعَرَبِ بِاَلْوَانِ
اللِّبَاسِ وَلَبِسُوْا جَدِيْدَ الثِّيَابِ نانا سی عرض کی آج روز عید کو آپ سی یہ بات کہنی ہی
اولاد عرب نے ہر طرحکی نئی پوشاک پہنی ہی وَلَيْسَ لَنَا ثَوْبٌ جَدِيْدٌ وَقَدْ تَوَجَّهْنَا لِذٰلِكَ
اِلَيْكَ ہماری بر مین ثیاب نو کا تار نہا دیکہہ لو اسواسطی آپکی پاس آئی ہین کر بنا دو فَتَاَمَّلَ النَّبِيُّ
حَالَهُمَا وَبَكٰى وَلَمْ يَكُنْ عِنْدَهُ فِي الْبَيْتِ ثِيَابٌ تَلِيْقُ بِهِمَا وَلَا رَاٰى اَنْ يَمْنَعَهُمَا
فَيَكْسِرَ خَاطِرَهُمَا طراز ندہ شعار احسان اوس حال مین حیران تہی گہر مین کوئی خرقہ تہا جو پہناتے

فلما راى بحيرا القوم لم يجد الصفة
في رحال القوم تحت الشجرة
والله من بين القوم لحداثة سنه
وتخلف رسول الله صلى الله عليه
تاكلون منه كلكم فاجمعوا اليه
احببت ان اكرمكم واصنع لكم طعاما
قد كان ما تقول ولكنكم ضيف وقد

اشعارہویں مجلس حلۂ حسنین علیہما السلام کا مختلف رنگ ہونا شہادت عباس علی علیہ السلام

اور نہ مناسب جانا منع کریں کہ خاطر اونکی پریشان رہی فَکَّ خَادِعَۃٌ وَقَالَ اِلٰھِی اِجْبُرْ قَلْبَھُمَا

وَقَلْبَ اُمِّھِمَا ناچار درگاہِ خدا مین دعا کی ای قادرِ توانا قلوبِ حسنین اور اونکی والدہ کو مسرور

فرما فَنَزَلَ جِبْرَئِیْلُ وَمَعَہٗ حُلَّتَانِ بَیْضَاوَانِ مِنْ حُلَلِ الْجَنَّۃِ فَسُرَّ النَّبِیُّ

پس خدمتِ رسول مین جبرئیلِ امین آئی دو جوڑی سفید حلۂ جنت کی اپنی ساتھ لائی محبوبِ الٰہی کو

دیئی وہ جناب خوشنود ہوئی وَقَالَ لَھُمَا یَا سَیِّدَیْ شَبَابِ اَھْلِ الْجَنَّۃِ خُذَا

اَثْوَابًا خَاطَھَا خَیَّاطُ الْقُدْرَۃِ عَلٰی قَدْرِ طُوْلِکُمَا دونو نواسونکو بلایا کہا ای سردارانِ

جوانانِ جنت لو اپنی خلعت کہ درزی قدرتکی تمہاری ایسی سیئی ہین بقدرِ طولِ قامت فَلَمَّا

رَاٰیَا الْخِلَعَ بَیْضَاءَ قَالَا یَا جَدَّاہُ کَیْفَ ھٰذَا وَجَمِیْعُ صِبْیَانِ الْعَرَبِ لَابِسُوْنَ اَلْوَانَ

الثِّیَابِ جب ابنای زہرانی جامۂ ابیض دیکھی بولی یا جدّاہ ہم کیونکر اس لباس کو پہنین کہ ساری

اطفالِ عرب تو رنگین کپڑون سی بناو کرین فَاَطْرَقَ النَّبِیُّ سَاعَۃً مُتَفَکِّرًا فِیْ اَمْرِھِمَا فَقَالَ

جِبْرَئِیْلُ یَا مُحَمَّدُ طِبْ نَفْسًا وَقَرَّ عَیْنًا اس کلامِ پیغمبر ساعت بھر فکر مین رہی کہ اولادِ عزیز جانی

جبرئیل نی عرض کی یا نبی اللہ دل خوش آنکھین روشن رکھو یہ آسان ہی اِنَّ صَانِعَ صِبْغَۃِ اللّٰہِ

عَزَّ وَجَلَّ یَقْضِیْ لَھُمَا ھٰذَا الْاَمْرَ وَیُفَرِّحُ قُلُوْبَھُمَا بِاَیِّ لَوْنٍ شَاءَ تحقیق کہ خالقِ بیاض

سفیدیہ مراد اونکی پوری کریگا جیسا چاہین وہی لون ظاہر دکھاویگا فَأْمُرْ یَا مُحَمَّدُ بِاِحْضَارِ الطَّسْتِ

وَالْاِبْرِیْقِ فَاُحْضِرَا یا محمد کہو کہ طشت و آفتابہ لائین پس وہ حاضر کیا کہ مدعا پائین فَقَالَ

جِبْرَئِیْلُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَنَا اَصُبُّ الْمَاءَ عَلٰی ھٰذِہِ الْخِلَعِ وَاَنْتَ تَفْرُکُھُمَا بِیَدِکَ

فَتَصْبَغُ لَھُمَا بِاَیِّ لَوْنٍ شَاءَ جبرئیل بولی ای رسولِ خدا کپڑے دونو لگن مین رکھیں مین پانی ڈالون

آپ ملیئی جو رنگ اونہین مطلوب ہو اوسی بچون کی دیکھ لو فَوَضَعَ النَّبِیُّ حُلَّۃَ الْحَسَنِ فِی

الطَّسْتِ فَاَخَذَ جِبْرَئِیْلُ یَصُبُّ الْمَاءَ پس خیر الوریٰ نی جامۂ حسنِ مجتبیٰ طشت مین رکھا

۵۰۶

اٹھارہویں مجلس جامۂ حسنین علیہما السلام کا مختلف رنگ ہونا شہادت عباس بن علی علیہ السلام

جبرئل نے اوسپر آب کرامت ڈالا ثُمَّ اَقْبَلَ النَّبِیُّ عَلَی الْحَسَنِ وَقَالَ لَهٗ یَا قُرَّةَ عَیْنِیْ بِاَیِّ لَوْنٍ تُرِیْدُ حُلَّتَكَ پھر حبیب خدا نے امام حسن سے پوچھا اے نور دیدہ کس لون کا چاہتے ہو حلہ اپنا فَقَالَ اُرِیْدُهَا خَضْرَاءَ فَفَرَكَهَا النَّبِیُّ بِیَدِهٖ فِیْ ذٰلِكَ الْمَاءِ فَاَخَذَتْ بِقُدْرَةِ اللّٰهِ لَوْنًا اَخْضَرَ فَائِقًا كَالزَّبَرْجَدِ الْاَخْضَرِ جو ابدیا پیراہن ہی سبز کا حضرت نے اپنے ہاتھ سے پانی میں جب نچوڑا تو قدرت صانع سے زمرد پر فایق ہر انکلا فَاَخْرَجَهَا النَّبِیُّ وَاَعْطَاهَا الْحَسَنَ فَلَبِسَهَا نبی اللہ نے وہ جوڑا اسکو دیا امام حسن کو شاد و خرم دیا اور پہنایا ثُمَّ وَضَعَ حُلَّةَ الْحُسَیْنِ فِی الطَّسْتِ وَاَخَذَ جَبْرَئِیْلُ یَصُبُّ الْمَاءَ فَالْتَفَتَ النَّبِیُّ اِلٰی نَحْوِ الْحُسَیْنِ وَكَانَ لَهٗ مِنَ الْعُمْرِ خَمْسُ سِنِیْنَ بعد ازاں کپڑے امام حسین کی طشت میں رکھے جبرئیل آب رحمت ڈالتے رہے سید انبیا متوجہ ابن مرتضیٰ ہوئے اوس زمانے میں وہ حضرت پانچ برس کے تھے وَقَالَ لَهٗ یَا قُرَّةَ عَیْنِیْ اَیَّ لَوْنٍ تُرِیْدُ حُلَّتَكَ فرمایا زہرا کے لال کیا رنگ چاہتے ہو کہ اوسکو اپنی رغبت سے پہنو فَقَالَ الْحُسَیْنُ یَا جَدَّاهُ اُرِیْدُهَا حَمْرَاءَ عرض کی سرخی پرجی لہراتا ہے ازل سے یہی مجھکو بہاتا ہے فَفَرَكَهَا النَّبِیُّ بِیَدِهٖ فِیْ ذٰلِكَ الْمَاءِ فَصَارَتْ حَمْرَاءَ كَالْیَاقُوْتِ الْاَحْمَرِ پس سالت مآب نے ہاتھ سے پانی ملا بقدرت خدا وہ یاقوت سا لال ہوا فَلَبِسَهَا الْحُسَیْنُ فَسُرَّ النَّبِیُّ بِذٰلِكَ شہانا جوڑا جب امام حسین علیہ السلام نے پہنا اُس بنا و پر دل پیغمبر شاد و خرم رہا وَتَوَجَّهَ الْحَسَنُ وَالْحُسَیْنُ اِلٰی اُمِّهِمَا فَرِحَیْنِ مَسْرُوْرَیْنِ اوس وقت حسنین جامہ رنگین سے خوشنود چلے مادر مہربان کی خدمت میں جا پہنچے فَبَكٰی جَبْرَئِیْلُ لَمَّا شَاهَدَ تِلْكَ الْحَالَ شاہد اس حال کے جبرئیل بہت روئے حاضرین وقت کی رقت و ابتہال نے ہوش کھوئے فَقَالَ النَّبِیُّ یَا اَخِیْ جَبْرَئِیْلُ فِیْ مِثْلِ هٰذَا الْیَوْمِ الَّذِیْ فَرِحَ فِیْهِ وَلَدَایَ تَبْكِیْ وَتَحْزَنُ فَبِاللّٰهِ عَلَیْكَ اِلَّا مَا اَخْبَرْتَنِیْ خاتم انبیا نے ارشاد کیا اے برادر جبرئیل آج کے دن جو میرے فرزندوں کو آمیں سرور ہوا

فلم يكونوا ... من رسول الله صلعم في ذلك
السفر الذي كان فيه مع عمه ابي طالب
اشياء فارادوه فردهم عنه بحيرا ... من اهل الكتاب ... من
ذكرهم الله وما يجدونه في ... انهم ان اجمعوا لما ارادوه
ذلك من صفته ... لم يخلصوا اليه حتى عرفوا ما قال لهم
وصدقوه فيما قال وتركوه وانصرفوا
وصدق فيما قال ... ابي طالب ... في ...
ذلك يقول ابو طالب ... بحيرا ... شعر
ان ابن آمنة النبي محمدا عندي بمثل منازل
الاولاد لما تعلق بالزمام رحمته ورميت
قد قلص بالارض واذ ... من عيني دمع
ذا وفت مثل الجمان مفرقا ولا وادعيت فيه
وانه موصولة ويحفظت فيه وصية الاجداد
وامرته بالسير بين عمومة ... بيض الوجوه مصالت
انجاد ساروا لا بعد طيته معلومة ولقد
تباعد طيبة المرتاد حتى اذا ما القوم بصرى
٥٠٧ عاينوا لاقوا على
شرف من المرصاد حبرا
فاخبرهم حديثا صادقا عنه
ورد معاشر الحساد يوما يهود قد رأوا
ما قد رأى ظل الغمام وعز ب الاكباد
ساروا القتل محمد فنهاهم عنه وللجهد
الحسن الاجهاد واشار ما ذكرناه كثيرة
لو قصدنا ايرادها جميعا لخرجنا عن الغرض
المقصود بهذا الكتاب فصل فاذا ثبت
منه صلوات الله عليه وآله عقيب المعجز
واظهار النبوة من الايات والمعجزات
فضربان احدهما هذا القرآن الذي
انزل الله سبحانه عليه وايده به والاخر
غيره من المعجزات فوجه الاستدلال من
القرآن ان كل عاقل سمع الاخبار وخالط
اهلها قد علم ظهور نبينا عليه وآله السلام
وادعاءه الرسالة من الله الينا وانه
قد تحدى العرب بهذا القرآن الذي
ظهر عليه وادعى انه اختصه الله به
وان العرب مع تطاول الازمان

اٹھارہوین مجلس شہادت عباس بن علی علیہ السلام

تنی حزن وملال سی کی ہی زاری وبکا برای خدا تہا وسبب راز پنہان کا فَقَالَ جَبْرَئِيلُ اِعْلَمْ يَا رَسُولَ اللهِ اِنَّ اِخْتِيَارَ ابْنَيْكَ عَلَى اِخْتِلَافِ اللَّوْنِ فَلَابُدَّ لِلْحَسَنِ اَنْ يَسْقُوهُ السَّمَّ وَيَخْضَرُّ لَوْنُ جَسَدِهِ مِنْ عِظَمِ السَّمِّ اینی حی الہی ہوئی ای رسول باری تقیین جانو یہ اختلاف رنگ جو پسند ہوا تمہاری فرزندونکو ضرور ہی کہ امام حسن زہر دیئی جاوین وعاسی اوں وقت آخر بدن اونکا سبز ہی لائی سم کی شدت بلاسی وَلَابُدَّ لِلْحُسَيْنِ اَنْ يَقْتُلُوهُ وَيَذْبَحُوهُ وَيَخْضِبُ بَدَنَهُ مِنْ دَمِهِ دوسری لابد امام حسین کو اہل جفا گھیرین بہوکا پیاسا ع وقت با قتل کرین ہنگام ذبح جسم اونکا لہوسی بھری ہسر وریش واندام خضاب خون سی لال ہی فَبَكَى النَّبِيُّ وَزَادَ حُزْنُهُ لِذَلِكَ اس بیان پر پیغمبر انس وجان بہت محزون رہی کثرت نالہ وفغان مین ماہی ہر شک دیدہ ہمایون سی بہی ای اہل ولا ہر چند محنت اور بلای خامس آل عبا جو منعر کہ عاشور میں گذرین سب جانسوز ہین اور اوس جناب پر فرقت نوجوانان ذریت مصطفی ہر ایک تیر دلدوز تہی لاکن اندوہ دوری فرزند عزیز کال موجب بیقراری تہا اور قلق مہجوری علمدار سبب مزید زاری ہوا صدمہ مرگ علی اکبر سی چشم دل مین روشنی نہ ہی سانحہ شہادت عباس مین کمر طاقت ٹوٹ گئی جس بہائی کو تیس برس آغوش محبت مین محنت سی بالا تہا وہ مرنی کو چلا تو جینی کا سہارا جاتا رہا جو نشان حیدر کرار دکہا اہلبیت شریک رنج وآسایش تہا وقت بیکسی مین جدا ہونی لگا موت کا سامان بندہا ہی جاتا ہی کہ میدان وفا مین عباس علی علیہ السلام نی حمایت سلطان کربلا مین کیا جور وستم سہی ہین سوجان کی بہوک پیاس مین کیسی زخم تیغ اور سنان کہا کر ثابت قدم رہی ہین حدیث مین وارد ہی روز قیامت ہر ایک شہید کو آرزو ہی مرتبہ عباس دلاور ہوگی کسی مجاہد راہ خدا کی منزلت برابر درجہ علمدار شاہ بی لشکر نہ پہنچی گی پس لازم ہی محبون پر کہ اس ماجری کو سنکر نالہ وزاری کرین اور موالی کو چاہیئی کہ بزم مصیبت مین اونکی آنکھونسی اشک خونین بہین نظم للمولفہ حال پر سبط نبی کی جو کری شیون وشین

اٹھارہوین مجلس شہادت عباس بن علی علیہ السلام

اوس سی راضی ہو خدا اور رسول ثقلین ، جا یگہ خلد مین ہی شہ کی عزاداروں کی ، منبر نور پہ بیٹھین گے
ثناخوانِ حسین ، دل سی ہی ذاکرِ سردارِ شہیدان ناظم ، شغل ماتم مین کیا کرتا ہی ونرات یہ بین دہائی
احمد کی نواسی کو پیاسا مارا جسکی الفت مین سدا رہتی تھی زہرا بی جین ، شرطِ انصاف نہین اہلِ عزا
خاموشی ، اشک آنکھون سی بہانا ہی یہان فرض العین

مجلس شہادت فرزند حیدر کرار برادر سبط احمد مختار عباس علمدار لشکر سید ابرار علیہ السلام

علمدارانِ سپاہِ نالہ و آہ و غمگسارانِ شاہِ دین پناہ ، جانبازانِ فراتِ اشکِ روان و سینہ سوزان
نائرہ حسرت و اخرانِ لب تشنگانِ زلالِ صدق و صفا و دست شستہ گانِ دریای مہر و وفا
روایتِ شہادت مین سقای بہشتی کی ساحلِ شطِ بیان پر یون طپان ہوی ہین کہ جب روزِ عاشورا
میدانِ بلا مین اصحابِ شاہِ کربلا جان سی کام آئی اور سب اقربا ابنای عقیل اور مسلم جنابِ قاسم تک
دریای خون مین نہائی لاشین جوانانِ اولادِ رسول کی زمینِ مقتل مین اوپر تلی پڑی تہین سر آسیمہ
بیٹیان ناشادِ بتول کی عزیزونکا لہو بستہ پر لی در خیمہ پر کہڑی تہین ایک طرف پیاس کی شدت سے علی اصغر
گہوارہ مین غش کرتا ایک جانب سکینہ خاتون کو ابحرم گہیری زبان پر نالہ العطش کہتا کوئی مغموم
حالِ زبون پر اپنی برادر کی نالان پہرتی کوئی محزون فرزندِ آلودہ خون کو دیکہہ کی دمِ سرد بھرتی
بیٹی کی واسطی مان چارون طرف تڑپتی ، بی بی کی صدمات کو دیکہہ کر لونڈی کی چہاتی پھٹتی ، ہر سمت
یہ نوحہ کا شور اوٹہا ، وای وای اس دشتِ آفت مین ہم عاجز و ناچار ہین ، ہر گوشہ سی غلغلہ ماتم ہوا
کہ آقا و سردارِ عالم زغہ اعدا مین گرفتار ہین اوسوقت محنت سرای اہلبیتِ عصمت مین سوائی زنانِ
پر ملال اور اطفال کوئی یار و مددگارِ امام تہا سپاہِ بیکسی اور غربت نی دورِ سلطانِ کربلا مین ہجوم
عام کیا قَالَ اِنَّ الْعَبَّاسَ لَمَّا رَاٰی وَحْدَتَہٗ اَتَا اَخَاہُ وَقَالَ راوی کہتا ہی جنابِ عباس نے

اٹھارہوین مجلس شہادت عباس بن علی علیہ السلام

جب بہائی کی تنہائی دیکہی اپنی زندگی ناگوار سوت بخت کی بیداری بہی دل علمدار کو تاب صبر و دا
فرط الم سی باقی نرہی، قدم وفاداری کو بڑہا کی برادر بزرگوار سی عرض کی یا اخی ھل من رخصۃٍ
ای سرورِ کشورِ توکل اب شہر یار جزو کل زیادہ مجہی تحمل نہین کہ جیتا رہون اور جور و جفا آپ پر ہوا کو
دیکہا کرون رخصتِ میدانِ کارزار ملی کہ منزلِ شہادتکو جاوں اپنی جان کو تمہاری رفاقت مین قربان
کرون فبکی الحسین بکاءً شدیداً اس کلام کو سنکی امام حسین علیہ السلام پر جذبہ رقت نی غلبہ کیا
یہان تک تصور مین فراقِ عباس کی انسوہی کر محاسنِ شریف کو بہگو دیا، ہرگاہ برادرِ وفادار کو عازم
دیارِ جنت پایا دریای محبت نی یکبار جوش مارا فی الحقیقت بہائی کی دوری مین دل کا چین جاتاہے
قوت بازو کو اپنی ہاتہ سی کون گنواتاہی ثم قال یا اخی انت صاحب لوائی واذا مضیت
تفرق عسکری فرمایا ای برادر تم میری لشکر کی علمدار ہو باعثِ تسلی اور پشت و پناہ پیادہ و سوار
اگر تمہاری قامتِ طوبی بالا کا سایہ نظر نہ ائیگا تو لشکر بی رونق اور پریشان ہوجائیگا میری فوج کی
تم سی شکوہ و زینت ہی اور اہلحرم کو پرچم علم کی دیکہنی سی تقویت ہی فقال العباس قد ضاق
صدری وسئمت من الحیات عباس نی کہا ای سیدِ عالی وقار میرا دل زندگانی
ناپایدار سی سیر ہواہی مشاہدہ ضیقِ روزگار سی اب تنگی کرتاہی زیادہ اس فرقہ غدار کی ستم
کہانتک دیکہون بہائی بہتیجون کی دردِ فراق کسقدر سہون واُرید ان اطلب ثاری
من ھؤلاء المنافقین چاہتاہون انتقامِ خون اقربا لون اور منافقون کو سزای جور و جفا
دون امیدوار ہون کہ مجہی اجازتِ میدانِ وغا ملی اور سعادتِ شہادت سے آجکی دن عباس محروم
نرہی فقال الحسین فاطلب لھؤلاء الاطفال قلیلاً من الماء حضرت نی سنکر
ارشاد کیا اگر یہی ارادہ مقرر ہوا تمہارا تو ان اطفالِ خردسال کی واسطی تہوڑا پانی بہم پہنچاو
اتمامِ حجت مین اعدا کو سمجہاو کسی صورت سے عیال کی پیاس بجہاو فذھب العباس ووعظھم

فی الشجرة الیہ ذکرها امیر المؤمنین علیہ السلام فی خطبتہ القاصعة قال ولقد کنت معه صلی الله علیه وآله لما اتاه الملأ من قریش فقالوا له یا محمد انک قد ادعیت عظیما لم یدعه آباؤک ولا احد من اهل بیتک ونحن نسألک امرا ان انت اجبتنا الیه واریتناه علمنا انک نبی ورسول وان لم تفعل علمنا انک ساحر کذاب فقال صلی الله علیه وآله وما تسألون قالوا تدعو لنا هذه الشجرة حتی تنقلع بعروقها وتقف بین یدیک فقال صلی الله علیه وآله ان الله علی کل شیء قدیر فان فعل الله لکم ذلک اتؤمنون وتشهدون بالحق قالوا نعم قال فانی سأریکم ما تطلبون وانی لاعلم انکم لا تفیئون الی خیر وان فیکم من یطرح فی القلیب ومن یحزب الاحزاب ثم قال یا ایتها الشجرة ان کنت تؤمنین بالله والیوم الآخر وتعلمین انی رسول الله صلی الله علیه وآله فانقلعی بعروقک حتی تقفی بین یدی باذن الله فوالذی بعثه بالحق لانقلعت بعروقها وجاءت ولها دوی شدید وقصف کقصف اجنحة الطیر حتی وقفت بین یدی رسول الله صلی الله علیه وآله مرفرفة والقت بغصنها الاعلی علی رسول الله صلی الله علیه وآله وببعض اغصانها علی منکبی وکنت عن یمینه صلی الله علیه وآله السلام فلما نظر القوم الی ذلک قالوا علوا واستکبارا فمرها فلیأتک نصفها ویبقی نصفها فامرها بذلک فاقبل الیه نصفها کاعجب اقبال واشده دویا فکادت تلتف برسول الله صلی الله علیه وآله وسلم فقالوا کفرا وعتوا فمر هذا النصف فلیرجع الی نصفه کما کان فامره صلی الله علیه وآله السلام فرجع فقلت انا اشهد ان لا اله الا الله انی اول مؤمن بک یا رسول الله واول من اقر ان الشجرة فعلت ما فعلت بامر الله تصدیقا بنبوتک واجلالا لکلمتک فقال القوم بل هو ساحر کذاب

والتسلیم ذاتقی

اٹھارہوین مجلس شہادت عباس بن علی علیہ السلام

وحذرهم فلم ینفعهم جبوقت حضرت عباس کو بہ خدمت علی عنان مرکب جانب لشکر مخالف حرکت دی راوی
کہتا ہی فرزند اسد اللہ شجاع صاحب شمشیر تہی بیشۂ دلیری اور سپہ گری مین شیر تہی رعنائی
قامت سے جب اسپ دور کابہ پر سوار ہوا کرتی تو پای فلک فرسا زمین پر پہنچتی آل عمران مین سا تہہ
خلق حسن کی وہ عالی نسب پلا تہا اور خوبی جمال اور کمال سی ماہ بنی ہاشم لقب ملا تہا جناب
عباس میدان مین جلوہ گر ہوی عمر ابن سعد کو خطاب فرماکی بولی تو جانتا ہی کہ امام حسین فرزند
رسول الثقلین ہین اور نرغۂ ظلم وجفا مین مبتلای شور وشین ہین ساری اصحاب واقربا اوس
جناب کی تو نی قتل کیی اب وہ مظلوم تنہا گرفتار آفت اور بلا باقی رہگئی چند طفل صغیر اور عورت
حرم پیغمبر سے بہی ہین کہ شدت تشنگی مین قریب ہلاکت پہنچی ہین اگر تہوڑا پانی عترت رسول خدا کو دو
تو اونکی زندگی رہی جینی کا سہارا ہو جب کلام حسرت انجام عباس کو سپاہ عمر سعد نی سنا ہیبت
اور بیکسی فرزند رسالت پر بعضی اشقیا نی رو دیا شمر ذی الجوشن میدان مین آگی بڑہا پکار کی عباس سی
دلاور سی کہا اگر بالفرض تمام روی زمین کو پانی کی سیل گہیر لی اور ہماری تصرف مین ہو تو ایک قطرہ
تمہین مین کو نہ ملی فرجع الی اخیہ فاخبرہ اس جواب سخت سی جناب عباس مثال شیر غضبناک
جہنجلائی مقابلۂ اعدا سی امام حسین علیہ السلام کی پاس پہر آئی عمر سعد اور شمر کا ماجرا بیان کیا اپنی
ناچاری اور اولاد نبی کی غمخواری مین خون جگر پیا فسمع الاطفال ینادون العطش العطش اس
حالت مین عباس غازی نی خیمہ گاہ کیطرف دیکہا اطفال کی آواز العطش کو اپنی کان سی سنا
قرینہ حال سی ہا سو نکی معلوم ہوا کہ اہل حرم کو یارای صبر وقرار نہین ہا سکینہ خاتون چلاتی تہی عمو جان پانی کی قطری
کو جان جاتی ہی فاطمہ کبریٰ شور مچاتی تہی کہ ای چچا تشنگی سی ہماری جان جاتی ہی امام محمد باقر اور عبد اللہ ابن حسن
گوشۂ خیمہ مین قالب بیجان کی صورت کہڑی تہی حسن مثنیٰ اور ابن عباس یکجانب غش مین پڑی تہی کوئی بی بی کہتی
علی اصغر بی شیر مرتا ہی کہینی کہا دیر سی وہ صغیر تہنڈی سانس بہرتا ہی زینب خاتون کی

اٹھارہوین مجلس شہادت عباس ابن علی علیہ السلام

صدا قتلی اطفال مین ہوش رہا تہی ام کلثوم سارے عوراتِ حرم کو شکرِ خدا پر امر فرماتی تہین رباب اور ام لیلی زوجاتِ امام حسین علیہ السلام شرم کی ماری آہستہ روتی تہین علمدار کی بی بی اور مادرِ قاسم خاک پر پچہاڑین کہاتین غش ہوتی تہین کنیزانِ حضرت کا شیون مونہ حشر تہا سراپردہ عصمت مین بیان مصیبت قہر تہا عباس کو مشاہدے سی اوس حالت کی تاب صبر نہی قرینِ حسرت ویاس جانبازی پر کمر باندہی فَرَکِبَ فَرَسَہُ وَاَخَذَ رُمحَہُ وَالقِربَۃَ وَقَصَدَ نَحوَ الفُرات اوسدم غازی نی تنگِ مرکب کو چست کہینچا عزمِ جہاد پر پانو رکاب مین رکہا جب مشرقِ زین سے وہ ماہِ بنی ہاشم طالع ہوا فرزندِ ید اللہ نی اپنی ہاتہہ مین نیزہ کو اوٹہایا دروازۂ خیمہ پر جاکی ایک مشک طلب فرمائی کوئی غمزدہ سوکہی مشک اوٹہاکی پاس لائی عباس نی خم ہوکی اوسکو بغل مین رکہا قدم بڑہائی امام حسین علیہ السلام کی طرف رخ کیا الحاح وزاری سی اجازتِ رزم چاہی بیکار مانگی حضرت نی علمدار کو واسطی پانی لانیکی رخصت دی اوس غازی نی شادی مرگ ہوکر نخش علقمہ کی سمت گہوڑا ڈالا چند بار منہہ پہراکی حسرت ویاس مین برادرِ بیکس کو غریب وتنہا دیکہا دلکو سنبہالا ای حاضرانِ مجمع بکانظر غور مین انصاف کی جاہی اس مصیبت کا ماجرا سرمایۂ رقت اور ہوش ربا ہی اوسوقت جنابِ امام حسین علیہ السلام کا فراقِ برادرِ جان برابر مین کیا حال ہوگا اور حرمِ محترم کو جانی سی اپنی غمخوار کی کسقدر ملال بڑہا ہوگا شیخ حسن واعظ کی بیان سی مینی سناہی کہ اوس عالم نی اپنی زبان سی کہا ہی جبکہ عباس علی علیہ السلام نی عزمِ میدانِ رزم کیا پانی لانیکی واسطی جان دینی پر مشک وعلم لیا خواہرانِ مکرم زوجۂ پرغم سی وداع کرنیکو درِ خیمہ پر آئی آواز دردناک سی پکار کی یہ کلمات جانگداز سنائی یا زَینَبُ یا اُمَّ کُلثُومٍ یا رُقَیَّۃُ یا فاطِمَۃُ یا سَکِینَۃُ تم سب کا خدا نگہبان ہماری دلکو نظارۂ مظلومی برادر اور شیونِ اطفال سی نہین تاب و توان ہم مشک لیکی نہر پر جاتی ہین تمہاری لئی بحرِ سعی مین غوطہ لگاتی ہین اگر لشکر بی آبرو کی

اٹھارہوین مجلس شہادت عباس بن علی علیہ السلام

طغیانی سی جان بچ گئی اور تیر و نیزہ مخالف سی مشک سلامت رہیگی پھر کی منہہ دکھائنگی پانی
لاکی تمکو پلائینگی وگرنہ خون کی ندی مین نہائینگی تلوار کی گھاٹ گرداب فنا مین ڈوب جائینگی
اوسوقت سب عورات نوحہ خوان حالِ پریشان مین دروازی پر آئین چار طرف سی عباس کو گھیر کی
بیحواس چلائین تم روضۂ جنت کو جاتی ہو امام حسین علیہ السلام تنہا رہینگی مصیبت کے گلا گھونٹی ہو
ہم زغۂ اعدا مین کیا کرینگی زینب نے کہا ای بھائی میری زندگی کا سہارا تمہاری پرچم علم کی دیکھنی سی تھا
ام کلثوم نی رو دیا کہ ای برادر بھوک پیاس مین دشمن سی بچانی والا کوئی نرہا سکینہ نی سر کو قدمِ
مرکب پر جھکایا اور سوکھا منہہ اپنا چچا کو دکھایا فاطمہ و رقیہ نی پیاس کی شکایت کی جھولی مین
علی اصغر کی تڑپنی اور غش ہونیکی خبر دی زوجہ سراسیمہ نی حسرت و یاس مین رنڈاپی کا سامان مہیا
کیا عبداللہ فرزندِ خرد سال کو جدائی پدر مین یارائی صبر نرہا کنیزان اہلبیت نی خاکِ ماتم کو سر پر اوڑایا
سبنی فاطمہ زہرا کی دہائی سی غل مچایا خیامِ الحرم کثرت نالہ و بکا مین برہم ہوی کسیکو اندر باہر ہوش
باقی نرہی ادہر تو بہنین اور بھتیجیان جدائی سی جان کھوتی تہین اودہر عباس کی آنکھون سی زبان
آنسوونکی روان ہوتی تہین غرض کہ اوس غمخوار نی سبکو تسلی اور تسکین دی گلی سی لگا کی رخصت فراق
اور مہجوری حاصل کی پس نہنگِ دریای شجاعت نی یکہ و تنہا نہر کی جانب عزم کیا شالِ سیل کو سنبھالا
بلندی اور پستی پر قدم جماتا ہوا راہ مین ہر بار جب سوکہی مشک دیکھتی غریبی او رصدمۂ اہلبیت کو یاد
کرکی آہ کا دم بھرتی جیب حال اوس جری کی یہ بیان تہی بیم و امید مین مددِ خدا کی خواہان تہے
الٰہی تہوڑا پانی اس وقت مجھی ملتا تا او سکی پلانی سی علی اصغر اور سکینہ کی پیاس بجھی راوی کہتا ہے
ہرگاہ عباس علی علیہ السلام عرصۂ نبرد کو پہنچی رجز کی اشعار انشا کرکی پڑہی اَنَا الْعَبَّاسُ ابْنُ عَلِیٍّ
حَقًّا اُعَرِّفُکُمْ اِذَا لَمْ تَعْرِفُوْنِیْ مین عباس فرزند علی ابن ابی طالب حق ہون جو تم نہین پہچانتے
تو مین بتا دون اُحَامِیْ عَنْ خِیَارِ النَّاسِ طُرًّا وَاَکْرَمُ مَنْصَبًا فِی الْخَافِقَیْنِ حمایت کرتا ہون

اٹھارہوین مجلس شہادت عباس بن علی علیہ السلام

حسین علیہ السلام کی کہ وہ بہترین خلایق ہی اور دو جہان مین عزیز و مکرم سب پر فایق سے
فَاَحَاطَ بِہٖ اَرْبَعَۃُ اٰلَافٍ مِمَّنْ کَانُوْا مُوَکَّلِیْنَ بِالْفُرَاتِ اوسوقت چار ہزار نابکار نہر
فرات کی پانی پر نگہبان تہی تا لشکرِ امام ابرار کو ایک قطرہ اوسمین سی نہ ملی جب اون اشقیائی علیہ الغضب
شہ اکو دریا کی طرف آتی دیکہا پیادہ اور سوار سب نے دوڑکی رستہ روکا وَرَشَقُوْہُ بِالنِّبَالِ
سقائی کرپر تیروکی بوچہار کی، سامنی برچہون کی انی اور تلوارونکی دہار کی فَکَشَفَہُمْ وَقَتَلَ
مِنْہُمْ عَلٰی مَا رُوِیَ ثَمَانِیْنَ رَجُلًا حَتّٰی دَخَلَ الْمَاءَ اوس غازی نی شمشیر حجازی نیام سے
نکالی سپہرِ جلالتِ شاہِ دین ہاتہ مین سنبہالی حملۂ شیرانہ اور حربۂ دلیرانہ سی اونکی جماعت بہم کی
جدہر عباس کی تلوار چلی مرد و مرکب پر اجلِ مُبْرَم فی سبقت کی سوار خاک پر گرتی پیادی لوٹتی بہاگتی
پہرتی اسپ ٹہوکرین کہاتی تہی رہا تو خوف سی تہراتی تہی روایتِ معتبر ہی کہ باوجود قصد نکرنی جدال کی
دشمن نام مرد کو جہنم کا نام رد کیا ساری سقین توڑکر جنگِ صفین کا مقدمہ دکہا دیا فرزندِ حضرت
دُلدُل سوار کی رزم و پیکار مین دست و بازوی عدو بیکار تہی دلبندِ صاحب ذُوالفقار سے
چار ہزار کی انبوہ پریشان اور اونکی حواس خمسہ بہی فرار ہوی فوجِ ستم سوج نی عاجز و مضطر ہوکی
کہات سے کنارہ کیا سپہرِ ان و غاپہوڑکی کمینگاہِ دغا مین قدم رکہا ہر گاہ نہر کی ساحل سی پاسبان
کین جو دور تر ہتی عباس علی علیہ السلام مرکب کو جیٹہ کی پانی مین ڈبہی فَلَمَّا اَرَادَ اَنْ یَّشْرَبَ
غُرْفَۃً مِنَ الْمَاءِ ذَکَرَ عَطَشَ الْحُسَیْنِ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَاَھْلَبَیْتِہٖ فَرَمَی الْمَاءَ اوسوقت
عباس پر ایسی آفت کا ہجوم ہوا کہ دنیا مین کسینی نہ دیکہا نہ سنا گرمی کی شدت سے زرہ اور خود بدن جلاتی تہی
پیاس کی غلبہ مین عباس اور گہوڑی کو تیور آتی تہی دوپہر کی دہوپ سے دل اور جگر بحال لڑائی کی
محنت مین اعضای جسم بدحال سوکہی زبان مالوسی لگی ہوئی کثرتِ زخم اور کشاکشِ تعب مین جان
بنی تہی سوار کی آنکہون مین فرطِ قلق سی اندہیرا چہایا ہوا کا دم سینی مین اوکہڑا سینی مین خبار

خلفہ فطرح الذئب الشاۃ ثم کلمہ بکلام فصیح فقال تمنعنی رزقا ساقہ اللہ
الی فقال الرجل یا عجبا الذئب یتکلم فقال انتم اعجب وفی شانکم
العجب بین ھذا محمد یدعو الی الحق ببطن مکۃ وانتم عنہ
لاھون فاصر الرجل

اٹھارہوین مجلس شہادت عباس بن علی علیہ السلام

اوس ہنگامی مین عباس کا جی اب روان کو دیکھ کی لہرایا خضر چشمہ وفا نی اپنی مشک دریا
نوال کو پانی سی بہرا علیہ تشنگی مین چلو کو منھ کی برابر لائی لاکن یاد عطش مین امام حسین علیہ السلام
اور اہلبیت کے زمین پر پہینکا آنسو بہائی باب خشک او چشم تر اپنی دل سی کہا ای عباس اگر پانی پیا
تو کیا عہد رفاقت پر عمل کیا امام حرم پیاس مین بیتاب ہون اور تو پانی سی سیراب ہوجائی اطفال
سوز تشنگی سی کباب ہون اور تو اپنی جگر کا التہاب بجہائی فَمَلَأَ الْقِرْبَةَ وَحَمَلَهَا عَلٰى كَتِفِهِ
الْأَيْمَنِ وَتَوَجَّهَ نَحْوَ الْخَيْمَةِ پس جلد ہی مشک بہلو کی پانی سی بھری منھ باندھی دہی شانی
دہری سقای بہشتی دریا سی پیاسا نکلا ہیہم اور آیید مین خیمہ اہل بیت کی جانب چلا فَقَطَعُوا عَلَيْهِ
الطَّرِيقَ وَاَحَاطُوا بِهٖ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ اس عرصہ مین بہاگی ہوئی سپاہ پھر منھ پر چڑہی
سوار اور پیادون کی عباس دلاور پر فوج بڑہی تلوار اور تیر اور نیزہ کی وار ہتیار چلی صد ہا زخم
بدن مطہر مین اوپر تلی بیچار لگی فَحَارَبَهُمْ قربان دلاوری جناب عباس کی فدای بہادری اور جرأت
علمداری اس کی ایک آفت کا مبتلا ہیچہ کا پیاسا ہزارون تیر و نیزہ و تلوار کی وار سی مشک بچائی
یا دشمن کی پیادہ اور سوار کو بہالا یا تیغ لگائی نشان جعفر طیار علم اسلام کو سنبہالی یا گہوڑی کو
محاصرہ اعدا سی ہہنی با مین نکالی اوس حالت مین خلف اسد اللہ داد شجاعت دیتی ایسا لرتی تہی کہ مقام
حیرت مین ملک بہی فلک پر تحسین کرتی تہی لاکن ایک تہ تن ہجوم دشمن سی کہ ہر جانب اور ہر فضا مین
گہر کی شیر حملہ آور سی کیا بن آئی جتنی حربی مخالفو نکی سامنی سی آتی مشک کو سینہ اور بغل کی نیچی چہپاتی
ساری زخم اپنی بدن صد پاش پہ کہاتی بیقراری مین خیمہ کی جانب قدم بڑہاتی یہان تک جو کثرت
جراحت سے اعضا مکڑی ہوی خون کی بہنی سی گہوڑی اور سوار کی ہاتہ پانو قابو مین نرہی ہر چند سعی اور سعی
کرتی اوس گرداب ہلاک سی باہر نہو سکی حَتّٰى ضَرَبَهُ نَوْفَلُ الْاَزْرَقُ عَلٰى يَدِهِ الْيُمْنٰى فَقَطَعَهَا
سبکر نی راہ کاٹ کی چارون طرف سی گہیر اہنگامہ بلا مین نوفل ازرق کی تلوار کا وار دہنی شانی پ

اٹھارہوین مجلس شہادت عباس بن علی علیہ السلام

چلا فرزند ید اللہ کا بازو کٹ کی خاک پر گرا ہو کا پرنالہ دہانِ زخم سی بہنی لگا فَحَمَلَ الْقِرْبَةَ عَلَى كَتِفِهِ
الْأَيْسَرِ اوس شیرِ بیشۂ جرأت نی جلد ایسی دلیر کا امر ظاہر کیا جلادت سے مشک کو بائین کاندہی پر لیا
ایک ہاتھہ سی بوجہ اوٹھای اُڑتی جاتی تہی گرد پیش سی اعدا کو مارتی بھگاتی تہی فَضَرَبَهُ نَوْفَلُ
فَقَطَعَ يَدَهُ الْيُسْرَى مِنَ الزَّنْدِ ناگاہ کمین سی بڑہ کی پہر نوفل نے دوسرا وار لگایا کہ جفا کی
بازو سی بایان پہنچا قلم ہوا فَحَمَلَ الْقِرْبَةَ بِأَسْنَانِهِ جب دستِ چپ بہی مع تیغ زمین پر گرا دفعِ دشمن کا
اسباب جاتا رہا دلاور نی مشک کو روکا تسمہ دانتون مین پکڑا تہا ہی مبارک سی بقدرِ امکان ظالمون کو دور کیا
زبانِ حال مین کہو رہی فرماتی راہِ وفا مین شتابی سی جا مجہہ خستہ عاجز اور اس مشکِ آب کو خیمہ
پہنچا مولیانِ ائمۂ ہدیٰ رقت کا ماجرا ہی ساری عمر نالہ و فریاد کو کفایت کرتا ہی صد حیف جگر لالۂ
علی مرتضی اور سید الشہدا علیہما السلام نازو سی پالین فلکِ بی رحم اور لشکرِ ستم او سپر صدمہ محنت
اور بلا ہزارون ڈالین غلبۂ تعب اور مشقت مین قوت نی جواب دیا زخمون کی وفور مین بدن سی اسقدر
لہو بہا کہ ضعف غالب ہوا بہالون کی نوک سی پہلو اور سینہ چہد ا ابرِ جفا سی تیرونکا مینہ کشتِ حیات پر
برسا فَجَاءَهُ سَهْمٌ فَأَصَابَ الْقِرْبَةَ وَأُرِيقَ مَاؤُهَا ناگاہ ایک خدنگِ بلا مشک پر لگا او
سارا پانی بہکی خاک مین ملا اوسوقت جنابِ عباس فرطِ اندوہ سی بیقرار تہی وہ غیور اپنی زیست سی بیزار
طالبِ موت ہوی دونو ہاتھہ نتہی کہ دشمن کو ماریں یا دور کرین پانو قابو مین نرہی تا کہو ڑ ے کو بڑہائین
یا روکین دستِ خالی سراپردہ مین حرم کی جانا شاق و ناگوار تہی مشک سکینہ کو دینا باعث بیکسی
عاجز نا چار مرکب پر بی طاقتی سی جہومتی تہی اپنی مصیبت مین زار و قطار آنسو بہاتی نالان ہوتی تہی
ثُمَّ جَاءَهُ سَهْمٌ آخَرُ فَأَصَابَ صَدْرَهُ ایک مرتبہ دوسرا تیرِ جفا اُنکی سینۂ مبارک پر لگا
اور کلیجا توڑ کی پشتِ اطہر سی پیکان کا سر نکلا فَانْقَلَبَ عَنْ فَرَسِهِ وَصَاحَ إِلَى أَخِيهِ
الْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ أَدْرِكْنِي جس کی ہاتھہ ہون کیا بن آئی تیر کو بدن سی کہینچ کر باہر لائی سینہ

اٹھارہوین مجلس شہادت عباس بن علی علیہ السلام

مجروح مین سانس رکی بیتابی مین تڑپکی آہ سرد بھری اوس صدمی مین عباس علمدار صدرِ زین سے
زمین پر گری آوازِ دردناک سی امام حسین علیہ السلام کو پکارکی بولی یا اخی میری خبر لو اپنی فدائی کو
آکی سنبھالو گویا زبانِ حال سی یہ کہا کہ اب جینی کا بھروسا نہین ای کل کی مددگار جلدی آجاؤ
آخری دیدار جان نثار کو دکھاؤ ہمارا دم توڑنا بیکسی مین ملاحظہ فرماؤ ہنگامِ مرگ آوازِ دلنواز سناؤ
جلتی ریت پر ہم بیدست اور پاشکستہ پڑی ہین دشمنِ دین ہماری گردن کاٹنی کو کمربستہ کھڑی ہین
کوئی دم مین ہم مرتی ہین سامان موت کی نظر مین گذرتی ہین زیست کی تلخی سی گھبراتی ہین تمہاری
شربتِ وصال کی بہت پیاسی ہین گھوڑی پرسی گرنی مین زخمہای کاری پھٹ گئی رخسارِ رعنا
خاک وخون مین اٹ گئی جب آوازِ دلگداز علمدار کی شاہِ حجاز نی سنی طایرِ صبر وطاقت نی آشیانِ
بدن سی پرواز کی فَلَمَّا اَتَاهُ رَاٰهُ صَرِيْعًا فَبَكٰى بُكَاءً شَدِيْدًا بیتاب ہوکی سرورِ شہیدان [illegible]
کی طرف چلی لشکرِ مخالف کو بھگاکی برادر کی بالین پر پہنچی عباس کو عجب حال سی دریای خون مین شناور دیکھا
کوئی عضوِ جسمِ مطہر کا زخمِ تیغ سی ثابت نتھا شاہِ کربلا نی بھائی کی اوپر نالہ وفغان کیا بی اختیار ہوکی
رودیا شدتِ غمسی یارای صبر نرہا حسرت ویاس مین چند بار پکارا ثُمَّ قَالُوْا وَلَمَّا قُتِلَ الْعَبَّاسُ
قَالَ الْحُسَيْنُ اَلْاٰنَ اِنْكَسَرَ ظَهْرِيْ وَقَلَّتْ حِيْلَتِيْ راوی کہتا ہی جب عباس قتل ہوی
توامام حسین علیہ السلام بیتاب ہوکی بولی اِس وقت علمدار کی الم سی میری کمر ٹوٹ گئی بیچارگی مین
امیدِ زندگی باقی نرہی محبانِ سیدِ الشہدا فریاد وزاری کی جاہی بتصور کی آئینہ مین نقشۂ رقت نماہی
عباس کی ہاتہ نتھی جو خاک وخون آنکھون سی پونچھین فرطِ شوق مین امام حسین علیہ السلام کی صورت
دیکھین اولٹی سانس دمِ واپسین لیتی تھی بھائی کی رونمائی کو جان دیتی تھی ہرگاہ دیدۂ حق بین کی
رخسارِ برادر نظر نہ آیا ارمان بھری سینہ مین دم گھبرایا بہرِ شکِ حسرت بہنی لگی پاشنہ پاکو زمین
رگڑتی رہی موت کا پسینا جبین سی روان ہوا چند بار ہچکیان لگی وہ سینا کہا اوس گھڑی نہ روح گئی

۵۱۷

وفیہا حدیث الاستسقاء وان اہل المدینۃ مطروا حتی اشفقوا من خراب دورہا وانہدام بنیانہا فقال صلی اللہ علیہ والہ اللہم حوالینا ولا علینا فانجاب السحاب عن المدینۃ واطاف حولہا مستدیرا کالاکلیل والشمس طالعۃ فی المدینۃ والمطر یہطل علی ما حولہا یرون ذالک ظاہرا [illegible] وقال رسول اللہ صلی [illegible] لو کان حیا لقرت عیناہ من ینشد [illegible] ابی طالب رضی اللہ [illegible] قولہ فقام امیر المومنین علیہ السلام فقال یا رسول اللہ کانک اردت قولہ وابیض یستسقی الغمام بوجہہ ثمال الیتامی عصمۃ للارامل یطوف بہ الہلاک من ال ہاشم فہم عندہ فی نعمۃ وفواضل ومنہا انہ صلی اللہ علیہ والہ اخذ یوم بدر ملء کفہ من الحصا فرمی بہا [illegible] وقال شاہت الوجوہ فجعل اللہ سبحانہ لذالک الحصا شانا عظیما لم یترک من المشرکین رجلا الا ملأت عینہ وجعل المسلمون والملائکۃ یقتلونہم ویاسرونہم ویجدون کل رجل منہم منکبا علی وجہہ لا یدری این یتوجہ یعالج التراب ینزعہ من عینہ ومنہا امر ناقتہ علیہ والہ السلام حین افتقدت فارجف المنافقون وقالوا ینبئنا بخبر السماء وہو لا یدری این ناقتہ فلما خاف صلوات اللہ علیہ والہ علی المومنین وساوس الشیطان دلہم علیہا ووصف لہم حالہا والشجرۃ التی متعلقۃ بہا فاتوہا فوجدوہا کما وصف ومنہا ان القمر انشق لہ نصفین بمکۃ فی اول مبعثہ وقد نطق بہ القران وقد صح عن عبداللہ بن مسعود انہ قال انشق القمر حتی صار

اٹھارہوین مجلس شہادت اور سبب جدائی مدفن عباس بن علی علیہ السلام

رنڈاپے کا خیال تھا نہ فرزند کی یتیمی کا ملال تھا بدن کی پاش پاش ہونے کا ہرگز غم نہ کیا جان کے
جانیکا کچھ الم تھا امام حسین علیہ السلام کی بیکسی اور تنہائی کو روتی تھی سکینہ اور علی اصغر کی پیاس پر
زندگی سی ہاتھ دھوتی تھی دیدار نور چشم نہ ہوا کی گرہ آرزو دلمین بند ہی ٹھنڈی سانس لی اگر
روح نے بدن سی مفارقت کی شیخ حسن واعظ نے اپنی پدر بزرگوار ملا عبد الشکور کی زبانی یہ چار نغز
باتین کہی ہین کہ علمانے لاش جناب عباس کی علاحدہ دفن ہونے مین چار وجہین لکھی ہین اول
جلالت قدر اور شان علمدار کا مقتضا یہ تھا کہ علاحدہ مزار شریف بنایا جائے تا زوارون کو
آستانہ بوسی مین ثواب جدا ہاتھ آئے جسقدر نہر سی جانب خیمہ گاہ دور ہو کی زمین پر گری تھی وہین
بیدم ہوی سر کٹا اپنی مقتل مین پڑی رہی بنی اسد نی اوسی جگہ شیر بیشۂ وفا کو دفن کیا ہے
عہد آخر مین وہین روضہ نور افزا بنا ہے دوسری مزید حمیت اور غیرت سے بھائی کو وصیت کی تہی
وعدۂ سقایت اور مروت سے خبر دی کہ میری لاش صد پاش یہین پڑی رہی زنہار دروازۂ خیمۂ پر
اہلحرم کی نہ پہنچے پانی کی واسطے سکینہ سی شرمندہ ہون خالی ہاتھہ نہین چاہتا پیاسونکو منہ دکہاؤن
تیسری سبط مصطفے نے چاہا کہ جسم عباس کو اوٹھا کر لیجائین کشتۂ راہ خدا کو ناموس کبریا کی پیش نظر
لائین سوار و پیادہ اعدانے چار سمت سے ہجوم کیا اوس جانبازکو ظلم و جفا کی طغیانی مین لانے نہ دیا
امام حسین علیہ السلام جہاد مین مصروف ہوی پھر بالین برادر پر محاصرہ بیداد سی نجا سکی چوتھی پیکر
سقای آل پیغمبر ایسا پارہ پارہ ہوا تھا کہ سرور نے ہر چند چاہا مگر اوٹھا نہ سکے دونون ہاتھہ شانون سے
کٹی تھی سر و سینہ عمود اور تلوار و تیر سی پہٹی تھی سارا بدن مثال ورق گل از ہم جدا تھا مگر جسم شریف کا
خاک و خون مین بھرا سید ابرار ناچار ہو کی رکھہ گئے ماتم برادر بزرگوار مین مرثیہ کی اشعار انشا کئی جو شبیہ

لهفی علی العباس لما ان دنی نحو الفرات بقلبه الحران مجھی افسوس ہی جان عباس پر
کہ وہ کنار دریای فرات کی نزدیک ہوے اور دل تفتہ گانکی ہزار ہزار حزن والم کی سوز محنت و درد

اٹھارہوین مجلس شہادت عباس بن علی و مرثیہ سید الشہدا علیہما السلام

جلتی تھی فَاَرَادَ شُرْبَ المَاءِ قَالَ لِنَفْسِہٖ وَاَحْسَرَتَا لِسَیِّدِ الظَّمْآنِ پس ارادہ

کیا پانی پینی کا تو اوسدم اپنی دل سی کہا حسرت کہ سرورِ تشنہ لبان پیاسا ہی اور عباس تو

بیتا ہی مین پانی پی فَاَلْقَی الشَّرَابَ مِنَ الفُرَاتِ وَلَمْ یَنَلْ، وَجْدًا لِوَجْدِ اَخِیْہِ وَالِاَ

خوان جب بہائی کی عطش کو زبان پر لایا اور باقی پیاسونکا الم کے دہیان آیا فرات کا پانی جلو تِین

بہا پہینک دیا لب خشک اپنا ہرگز تر کیا لَھْفِیْ عَلَی العَبَّاسِ اِذْ اَحَاطُوْا بِہٖ مِنْ کُلِّ فَجٍّ اَقْبَلُوْا

وَمَکَانَ مجھی افسوس ہی عباس پر جسوقت کہ اعدانی ہر طرفسی اوسکو گھیرا اور آنی کو ساری لشکر نی

کمین گاہ سی نیچ تیرونکا مینہ برسایا اَحَاطُوْا بِہٖ وَاسْتَفْرَدُوْہُ وَمَزَّقُوْا قِرْبَا مَلَاءَ ھَا فَاَصَدَّ

التَّنْوَانَ جار سمت سے تن تنہا کی بہائی اور تلوار کی احاطہ مین لی، اور جو مشک عورات و اطفال

کی واسطی بھر کر لیجاتا تھا پر زکی، فَعَلَاہُ رِجْسًا اِنَّہٗ حُسَامَہٗ قَطَعَ الیَمِیْنَ بِمَشْرَفِیٍّ یَمَانِیْ

پس مذاب ہوا وسیہ جسنی علمدارِ مظلوم پر ہاتہ اوٹہایا اور اپنی شمشیر مشرقی سی دہنا بازو میری بہائی کا

جدا کیا و رَمَاہُ اٰخَرُ ضَرْبَۃً فِیْ رَاْسِہٖ، حَتّٰی رَمَاہُ بِحَوْمَۃِ المَیْدَانِ اور ضرب لگائی

دوسری شقی نی اوسکی بالاے سر تاکہ زین سی گھوڑی کی گرادیا زمین پر یَا اَفْضَلَ الشُّھَدَاءِ یَا ابْنَ

المُرْتَضٰی صَلّٰی عَلَیْکَ اللّٰہُ کُلَّ اَوَانٍ ای بہترینِ شہدا فرزندِ علی مرتضیٰ خدا درود بہیجی

تیری اوپر ہر دم بی انتہا وَاللّٰہِ تِلْکَ المُصِیْبَۃُ لَمْ اَنْسَھَا اِلَّا اِذَا اُدْرِجْتُ فِی اَکْفَانٍ

قسم ہی خدا کی اس مصیبت کو تیری نہین بہولونگا جبتک سر اپنا کفن مین لپیٹی یاد رکہونگا فَظْمُ

لِمُوَلِّفِہٖ ختم کر ناظم حدیثِ رقت افزا کا بیان، ماتمِ عباس سی مجلس مین ہی شور و فغان

روتی ہین جنت مین اس غمسی رسولانِ سلف، مصطفیٰ و مرتضیٰ بی چین زہرا نوحہ خوان، نالۂ شبیر و

شبر عرش پر کرتا ہی سیر، عترتِ احمد کا شیون کیا کہون پہنچا کہان، ہی یقین اسدم کہ ہو خالق کی

رحمت کا نزول چاہیئی صرفِ دعا ہون جان سی پیر و جوان، جو محبانِ علی ہین یا خدا اونکو دام

وضعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ

لقرب الیہ قال جابر فرأیتہ و...

...الکعبۃ القبلۃ بینہ وبین الشام

وجعل الحجر ثم اقبل نحو ... قد یبست یداہ

احتمل ابو جہل الحجر ... رجال من قریش

۵۱۹

ان ابا جہل اشتری من رجل طارئ بمکۃ

نادی قریش مستجیرا بہم فذکرہم ...

فجاء وا علی النبی صلی اللہ علیہ وآلہ

فاتاہ مستجیرا فمضی معہ ودق الباب

علی ابی جہل ...

فقالوا اھلا بابی القاسم فقال صلی اللہ

علیہ وآلہ اعط ھذا حقہ قال نعم

واعطاہ من فورہ فقیل لہ فی ذلک

انی رأیت ما لم تروا ...

او بیسوین مجلس اخبار الہی انبیا کو واقعہ سید الشہدا سی اور مقاتلہ علی اکبر علیہ الرحمۃ اعدا سی

عیش دنیا ہوی راحت قبر کی رضوان مکان

اُو بیسوین مجلس واقعہ کربلا سی انبیا کو وصول خبر اور بیان پیغمبر صفدر وحید شہادت علی اکبر صلوٰۃ اللہ علیہ

رباعی ہر وصف مین ہمشکل نبی یکتا ہی + رخ گلشن فردوس ہی قد طوبیٰ ہی + ہی سبزہ خط جو خط تو عارض اخضر + خورشید فلک پیش جبین ذرہ ہی رباعی جنگاہ مین اکبر جوان آتی ہین، بجری کو زمین و آسمان آتی ہین + غل ہی صف دشمن مین دلیر و ہشیار، بیغمبر آخر الزمان آتی ہین رباعی ہر شب غم شبیر مین روتی ہی بتول، ہر روز سینہ آنسوؤن سی دہوتی ہی بتول + ایام محرم کی جب آتی ہین قریب، بس اور ہی بیقرار ہوتی ہی بتول رباعی ایدل تو رہا عیش کا جویا تو کیا، اور بستر کمخواب پہ سویا تو کیا، کچہہ فکر کر عقبیٰ کی غم شاہ مین رو، غفلت سے اگر عمر کو کہویا تو کیا، تمہید بکا اخبار الہی انبیا کو واقعہ سید الشہدا سی او بیان اوسکا زبان جبرئیل و رسول خدا و خیر الاوصیا سی سانحہ غم سید الشہدا ابد و ایجاد سی تا روز عاشورا وحی الہام ربانی و اذکار ملائکہ سی ہر نبی اور وصی کو پہنچا یہ وسیلہ ترقی جزا سبب آمرزش خطا باعث رضای کبریا ساری عالم کو معلوم ہوا لہذا تعزیہ داری مین رسم بکا بجا لائی ایکدوسری کو اس ماتم کا پرسا دیتی آئی وَرُوِیَ مُرْسَلًا اِنَّ اٰدَمَ لَمَّا هَبَطَ اِلَی الْاَرْضِ لَمْ يَرَ حَوَّا بحار مین طریق مرسل سی روایت کی ہی جب حضرت آدم علیہ السلام جنت سے زمین پر نازل ہوی تو اپنی زوجہ حوا کو قرب و جوار مین نہ دیکہا فَصَارَ يَطُوفُ الْاَرْضَ فِی طَلَبِهَا فَمَرَّ بِكَرْبَلَا اطراف دنیا اونکی تلاش مین پہری تا کہ سراسیمہ دشت کربلا سی گذری فَاغْتَمَّ وَضَاقَ صَدْرُهٗ مِنْ غَيْرِ سَبَبٍ وَفُورہم و الم ہوا بی سبب چہاتی مین دم رکا وَعَثَرَ فِی الْمَوْضِعِ الَّذِیْ قُتِلَ فِيْهِ الْحُسَيْنُ حَتّٰی سَالَ الدَّمُ مِنْ رِجْلِهٖ جس جا امام حسین علیہ السلام شہید ہوی وہان پہنچی ٹہوکر لگی خاک پر گری پڑسی لہو بہا فَرَفَعَ رَاْسَهٗ اِلَی السَّمَاءِ وَقَالَ

اوڈیسوین مجلس واقعہ کربلاسی آدم و نوح کو و صول خبر اور شہادت علی اکبر علیہ الرحمت

الٰہی ھل حدث منی ذنب اخر فعاقبتنی بہ سرکو جانب آسمان اوٹھایا کہا خدایا اور کوئی گناہ مجہسی ہوا کہ جسکی پاداش مین عقاب کیا فانی طفت جمیع الارض وما اصابنی سوء مثل ما اصابنی فی ھذہ الارض تحقیق کہ مین ساری زمانی مین پہرا کہین ایسا رنج نہین اوٹھایا جو صدمہ یہان پایا فاوحی اللہ الیہ یا ادم ما حدث منک ذنب ولکن یقتل فی ھذہ الارض ولدک الحسین ظلما فسال دمک موافقۃ لدمہ اسی وحی بیجی ای آدم کوئی ترک اولی تجہسی نہین ہوا مگر اس مقام پر تمہارا فرزند حسین ظلم و ستم سی مارا جاوےگا لہذا موافقت مین اوسکی خون کی تمہارا بہی لہو بہا فقال ادم یا رب ایکون الحسین نبیا قال لا ولکنہ سبط النبی محمد آدم نی پوچہا خداوندا کیا حسین نبی ہی تیرا پروردگار نی کہا محمد رسول امین کا بیٹا فقال ومن القاتل لہ قال قاتلہ یزید لعین اھل السموات والارض سوال کیا اونکا قاتل کون ہیدین ہی جواب دیا یزید جو زمین و اسمان مین لعین ہے فقال ادم فای شی اصنع یا جبرئیل فقال العنہ یا ادم ہرگاہ جبرئیل آئی اونسی دریافت کیا ای برادر مین کیا کرون بولی نفرین کہو اوس دشمن حق کو جیسا بتادون فلعنہ اربع مرات ومشی خطوات الی جبل عرفات فوجد ھناک حوا پس چار مرتبہ لعن کی چند قدم بڑہی جبل عرفات پر حوا سی ملی وروی ان نوحا لما رکب فی السفینۃ طافت بہ جمیع الدنیا اور ذکر کیا جب نوح علیہ السلام کشتی پر سوار ہوی تمام دنیا مین سیر کرتی پہری فلما مرت بکربلا اخذتہ الارض وخاف نوح الغرق ہرگاہ کربلاسی گذری پہنداسفینہ کا زمین کو لگا اندیشہ غرق پیدا ہوا فدعا ربہ وقال الٰہی طفت جمیع الدنیا وما اصابنی فزع مثل ما اصابنی فی ھذہ الارض دعا کی بار الہا ساری جہان مین پہرا کہین ایسا خوف نہ کہا جو اس ارض بلا مین ملا فنزل جبرئیل وقال یا نوح فی ھذا الموضع یقتل الحسین

اونیسوین مجلس واقعہ کربلاسی ابراہیم کو وصول خبر او شہادت علی اکبر علیہ الرحمۃ

سِبْطُ مُحَمَّدٍ خَاتِمِ الْاَنْبِیَاءِ وَابْنُ خَاتِمِ الْاَوْصِیَاءِ اوسوقت جبرئیل آئی کہا یا نوح بیان مقتل ہوگا

سبطِ محمد مصطفی ابنِ خاتم اوصیا۔ فَقَالَ وَمَنِ الْقَاتِلُ لَهٗ یَا جَبْرَئِیْلُ پوچھا ای امینِ وحیِ خدا

کون اوسکو ماری گا قَالَ قَاتِلُهٗ لَعِیْنُ اَهْلِ سَبْعِ سَمٰوَاتٍ وَسَبْعِ اَرَضِیْنَ جواب یا قاتل

اوسکا لعین ہے اہلِ ہفت آسمان و زمین کا فَلَعَنَهٗ نُوْحٌ اَرْبَعَ مَرَّاتٍ فَسَارَتِ السَّفِیْنَةُ

حَتّٰى بَلَغَتِ الْجُوْدِیَّ وَاسْتَقَرَّتْ عَلَیْهِ نوح نی چار بار ستمگار کو لعنت کی فوراً کشتی چل نکلی

تا کوہ جودی پر پہنچی وہان آرام سی ٹھہری وَرُوِیَ اَنَّ اِبْرَاهِیْمَ عَلَیْهِ السَّلَامُ مَرَّ فِیْ اَرْضِ

کَرْبَلَا وَهُوَ رَاكِبٌ فَرَسًا روایت کی ہی حضرتِ ابراہیم گھوڑی پر سوار عزمِ سفر سی چلی ناگاہ

اثنای راہ مین صحرای کربلاسی گذری فَعَثَرَتْ بِهٖ وَسَقَطَ اِبْرَاهِیْمُ وَشُجَّ رَاْسُهٗ وَسَالَ

دَمُهٗ مرکب نے ٹھوکر لی جنابِ خلیل گری چوٹ لگی سرِ مبارک پھٹا لہو اوسمین سی بہا فَاَخَذَ فِی الْاِ

سْتِغْفَارِ وَقَالَ اِلٰهِیْ اَیُّ شَیْءٍ حَدَثَ مِنِّیْ توبہ اور انابت کرنا شروع کیا کہا خدایا مین کس

خطا کا مرتکب ہوا فَنَزَلَ اِلَیْهِ جَبْرَئِیْلُ وَقَالَ یَا اِبْرَاهِیْمُ مَا حَدَثَ مِنْكَ ذَنْبٌ

جبرئیل امین آسمان سی آئی پیام دیا ای رسولِ جلیل تمنی کوئی گناہ نہین کیا وَلٰكِنْ هُنَاكَ یُقْتَلُ

سِبْطُ خَاتِمِ الْاَنْبِیَاءِ وَابْنُ خَاتِمِ الْاَوْصِیَاءِ اس جا سبطِ خاتم انبیا مارا جائیگا یہان فرزند

سیدِ اوصیا شہادت پائیگا فَسَالَ دَمُكَ لِدَمِهٖ اونکی دکھہ سی تمکو بھی حصہ ملا ہی جو انکا لہو

سو فقت مین بہا ہی قَالَ یَا جَبْرَئِیْلُ وَمَنْ یَكُوْنُ قَاتِلُهٗ قَالَ لَعِیْنُ اَهْلِ السَّمٰوَاتِ

وَالْاَرَضِیْنَ پوچھا ای برادر کون ہی قاتل اونکا جواب دیا لعنت زدہ ہفت زمین و آسمانون کا

وَالْقَلَمُ جَرٰى عَلَى اللَّوْحِ بِلَعْنِهٖ بِغَیْرِ اِذْنِ رَبِّهٖ فَاَوْحَى اللّٰهُ تَعَالٰى اِلَى الْقَلَمِ اِنَّكَ

اِسْتَحْقَقْتَ الثَّنَاءَ بِهٰذَا اللَّعْنِ خامۂ قدرت لوح پر بی اذنِ الٰہی لعنِ ظالم سی جاری ہو خدانے

وحی بھیجی ای قلم اس بات سے تو مستوجبِ ثنای باری ہوا فَرَفَعَ اِبْرَاهِیْمُ یَدَیْهِ وَلَعَنَ یَزِیْدَ

٥٢٢

لَعَنًا کَثِیرًا وَاَمَّن فَرَسُہٗ بِلِسَانٍ فَصِیحٍ شیخ الانبیا نے ہاتھ اوٹھا یا یزید پر بہت لعنت کی اسپ حضرت نے بھی آمین کہی سے داد فصاحت دی فَقَالَ اِبْرَاهِیمُ لِفَرَسِهٖ اَیُّ شَیْءٍ عَرَفْتَہٗ حَتّٰی تُؤَمِّنَ عَلٰی دُعَائِیْ معمار کعبہ خلت نے پوچھا ہوا سے کیا مصلحت دیکھی جو تو نے میری دعا پر آمین کہی فَقَالَ یَا اِبْرَاهِیمُ اَنَا اَفْتَخِرُ بِرُکُوبِكَ عَلَیَّ فَلَمَّا عَثَرْتُ وَسَقَطْتَ عَنْ ظَهْرِیْ عَظُمَتْ خَجْلَتِیْ وَکَانَ سَبَبُ ذٰلِكَ مِنْ یَزِیدَ گھوڑے نے جواب دیا اے سوار تمہاری سواری سے میں افتخار کرتا تہا جب آپ پشت زین سے گرے چوٹ لگی تو میں بہت شرمندہ ہوا باعث اس خلل کا یزید کو پایا لہذا حرف نفرین زبان پر لایا وَرُوِیَ اَنَّ اِسْمَاعِیلَ کَانَتْ اَغْنَامُهٗ تَرْعٰی بِشَطِّ الْفُرَاتِ فَاَخْبَرَهُ الرَّاعِیْ اَنَّهَا لَا تَشْرَبُ الْمَاءَ مِنْ هٰذِهِ الْمَشْرَعَةِ مُنْذُ کَذَا یَوْمًا اور یہی نقل ہے کہ گوسفندان حضرت اسماعیل کنار شط فرات پر چرتی تہی گڈریے نے اونکو خبر دی اتنے روز گذرے کہ اس گہاٹ سے یہ دنبے پانی نہیں پیتے فَسَاَلَ رَبَّهٗ عَنْ سَبَبِ ذٰلِكَ فَنَزَلَ جِبْرَئِیْلُ وَقَالَ یَا اِسْمَاعِیلُ سَلْ غَنَمَكَ فَاِنَّهَا تُجِیبُكَ عَنْ سَبَبِ ذٰلِكَ ذبیح اللہ نے حیرت میں اسکا سبب خدا سے پوچھا جبرئیل آئے کہا سوال کرو اونسے باعث بتا دینگی جو ہوگا فَقَالَ لَهَا لِمَا تَشْرَبِیْنَ مِنْ هٰذَا الْمَاءِ دریافت کیا تم کس وجہ سے پانی نہیں پیتے ہو اور کئی دن سے پیاسے رہتی ہو فَقَالَتْ بِلِسَانٍ فَصِیحٍ قَدْ بَلَغَنَا اَنَّ وَلَدَكَ الْحُسَیْنَ سِبْطَ مُحَمَّدٍ یُقْتَلُ هُنَا عَطْشَانًا زبان فصیح میں جواب دیا ہمیں معلوم ہوا یہاں تمہارا فرزند سبط محمد مصطفی صلی اللہ علیہ تشنہ لب قتل کیا جائیگا فَنَحْنُ لَا نَشْرَبُ مِنْ هٰذِهِ الْمَشْرَعَةِ حُزْنًا عَلَیْهِ پس ہم بھی بسبب اونکے حزین اور غمگین رہتی ہیں اس جا دہن کو آب سے تر نہیں کرتی ہیں فَسَاَلَهَا مَنْ قَاتِلُهٗ فَقَالَتْ یَقْتُلُهٗ لَعِیْنُ اَهْلِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرَضِیْنَ وَالْخَلَائِقِ اَجْمَعِیْنَ سوال فرمایا کہ قاتل سید الشہدا کون ہوگا بولی مارنے والا لعین ہے ساری آسمان و زمین و خلق کا فَقَالَ اِسْمَاعِیلُ

حین اموت وقوله علیه وآله السلام انه ستخرج الخوارج سیکون فی امتی فرقة یحسنون القول ویسیئون الفعل یدعون الی کتاب الله ولیسوا منه فی شیء ویقرؤن القرآن لا یجاوز تراقیهم یمرقون من الدین کما یمرق السهم من الرمیة لا یرجعون الیه حتی یرتد علی فوقه هم شر الخلق والخلیقة طوبی لمن قتلهم وقتلوه طوبی لمن قتلهم ومن قتلهم کان اولی بالله منهم قالوا یا رسول الله فما سیماهم قال التحلیق وروی انه لما قتل عنه وقوله لامیر المؤمنین صلی الله علیه وآله ستغدر بک بعدی الامة علیهم السلام ان الامة ستغدر بک بعدی وقوله له علیهما السلام تقاتل بعدی الناکثین والقاسطین والمارقین ومن ذلک اخباره بقتل معویة حجرا واصحابه رواه ابن وهب عن ابی لهیعة عن ابی الاسود قال دخل معاویة علی عائشة فقالت یا معاویة اقتلت حجرا واصحابه فقال یا ام المؤمنین انی رأیت قتلهم صلاحا للامة وبقاؤهم فسادا للامة فقالت سمعت رسول الله صلی الله علیه وآله قال سیقتل بعذراء ناس یغضب الله لهم واهل السماء وروی ابن ابی لهیعة عن الحارث بن یزید عن عبد الله بن زرین الغافقی قال سمعت علیا علیه السلام یقول یا اهل العراق سیقتل سبعة نفر بعذراء مثلهم کمثل اصحاب الاخدود فقتل حجر بن عدی واصحابه ومن ذلک اخباره بقتل الحسین بن علی علیه السلام روی ابو عبد الله الحافظ باسناده عن ام سلمة ان رسول الله صلی الله علیه وآله اضطجع ذات یوم للنوم فاستیقظ وهو خاثر دون ما رأیت منه فی المرة الاولی ثم اضطجع واستیقظ وفی یده تربة حمراء یقبلها فقلت ما هذه التربة یا رسول الله فقال اخبرنی جبرئیل علیه السلام ان هذا

۲ ثم اضطجع فرقد ثم استیقظ وهو خاثر

اونیسوین مجلس واقعہ کربلامیں موسیٰ اور سلیمان کو وصول خبر اور شہادت علی اکبر علیہ الرحمۃ

اَللّٰھُمَّ الْعَنْ قَاتِلَ الْحُسَیْنِ اوسوقت اسماعیل علیہ السلام نی رقت کی اور قاتل امام حسین علیہ السلام پر لعنت کی وَرُوِیَ اَنَّ مُوْسٰی کَانَ ذَاتَ یَوْمٍ سَائِرًا وَمَعَہٗ یُوْشَعُ بْنُ نُوْنٍ فَلَمَّا جَاءَ اِلٰی اَرْضِ کَرْبَلَا اور یہی روایت کی ہی حضرت موسیٰ علیہ السلام ایکدن مع ہمراہی اور یوشع بن نون اونکی ساتھ چلی تا وارد کربلا ہوی اِنْخَرَقَ نَعْلُہٗ وَانْقَطَعَ شِرَاکُہٗ وَدَخَلَ الْحَسَکُ فِیْ رِجْلَیْہِ وَسَالَ دَمُہٗ جوتا پھٹا تسمہ ٹوٹا کوکھرو اندر سیاپروں مین جب خارچبھا تولہو بہا فَقَالَ اِلٰھِیْ اَیُّ شَیْءٍ حَدَثَ مِنِّیْ مناجات کی الٰہی مینی کون ساکام کیا جسکی بدلی میری دلکو داغ الام دیا فَاَوْحَی اللّٰہُ اِنَّ ھُنَا یُقْتَلُ الْحُسَیْنُ وَھُنَا یُسْفَکُ دَمُہٗ فَسَالَ دَمُکَ مُوَافِقَۃً لِدَمِہٖ اللہ نی وحی بھیجی یہان قتل ہونگی حسین اور جاری ہو گا خون انکا اسلیی شرکت مصیبت مین تمہارا لہو بہی بہا فَقَالَ یَا رَبِّ وَمَنْ یَکُوْنُ الْحُسَیْنُ فَقِیْلَ لَہٗ ھُوَ سِبْطُ مُحَمَّدِ الْمُصْطَفٰی وَابْنُ عَلِیِّ الْمُرْتَضٰی کلیم خدانی پوچھا رحیما وہ کون حسین ہین جوابدیا نواسی محمد مصطفیٰ اور بیٹی علی مرتضیٰ کی سیدکونین ہین فَقَالَ وَمَنْ یَکُوْنُ قَاتِلُہٗ فَقِیْلَ ھُوَ لَعِیْنُ السَّمَکِ فِی الْبِحَارِ وَالْوُحُوْشِ فِی الْقِفَارِ وَالطَّیْرِ فِی الْھَوَاءِ موسیٰ نی کہا ای میری مولا کیا نام ہی اونکی مارنیوالی کا فرمایا وہ لعنت زدہ ہی ماہیان دریا وحشیان صحرا و طایران ہوا کا فَرَفَعَ مُوْسٰی یَدَہٗ وَلَعَنَ یَزِیْدَ وَدَعَا عَلَیْہِ وَاَمَّنَ یُوْشَعُ بْنُ نُوْنٍ عَلٰی دُعَائِہٖ وَمَضٰی لِشَانِہٖ صاحب حق نی لعن یزید و دعای عذاب کو دست انابت اوٹھای یوشع بن نون آمین کہتی رہی پھراپنی راہ پر قدم بڑہائی وَرُوِیَ اَنَّ سُلَیْمَانَ کَانَ یَجْلِسُ عَلٰی بِسَاطِہٖ وَیَسِیْرُ فِی الْھَوَاءِ نقل ہی کہ حضرت سلیمان اپنی بساط پر جلوس فرماتی سیر دنیا کو ہوا مین طرف جاتی فَمَرَّ ذَاتَ یَوْمٍ وَھُوَ سَائِرٌ فِیْ اَرْضِ کَرْبَلَا ایکدن اثنای عبور مین زمین کربلا پر انکا گذر پہنچی فَاَدَارَتِ الرِّیْحُ بِسَاطَہٗ ثَلَاثَ دَوْرَاتٍ حَتّٰی خَافَ السُّقُوْطَ بس وہان ہوا نی بساط

اونیسوین مجلس واقعہ کربلا سے عیسیٰ کو حصول خبر اور شہادت علی اکبر علیہ الرحمۃ

ہوائی چکر کہائی بساط مین ایسا تلاطم پر خوف ہوا گر جائی فسکنت الرّیح ونزل البساط فی ارض کربلا تا کہ باد مخالف قدری ٹہری اور بساط دشت کربلا مین اوتری فقال سلیمان للرّیح لم سکنتی فقالت انّ ھُنا یُقتل الحُسین حضرت سلیمان ہوسی بولی بیان تو کیون ٹہر رہی جوابدیا اس جا امام حسین علیہ السلام شہید ہونگی تسی منی خبر کہی فقال ومن یکون الحسین فقالت ھو سبط محمّد المختار وابن علی الکرّار پوچہا حسین کون برگزیدہ ثقلین ہین ہوائی کہا محمد مختار کی نواسی حیدر کرّار کی بیٹی نورِ عالمین ہین فقال ومن قاتلہ قال لعین اھل السّمٰوات والارض یزید سوال کیا نام کیا ہی ایسی مرشد زادی کی قاتل کا ہوا بولی خلق زمین و آسمان کا لعین یزید پرجفا فرفع سلیمان یدیہ ولعنہ ودعی علیہ وامن علی دعائہ الانس والجنّ فھبّت الرّیح وسار البساط ہاتہہ اوٹہا کی سلیمان مشغول نفرین ہوی ساری انس جن دعا پرانکی آمین پکاری پس ہوانی بال و پر ہلایا تو انکی بساط کو اوپر اوٹہایا وروی انّ عیسیٰ کان سائحًا فی البراری ومعہ الحواریّون فمرّوا بکربلا نقل ہی حضرت عیسیٰ دشت بیابان کی سیر کرتی حواریون بھی ساتہہ پھرتی ناگہان کربلا مین پہنچی فراوا اسدًا کاسرًا قد اخذ الطّریق فتقدّم عیسیٰ الی الاسد وقال لہ لم جلست فی ھذا الطّریق وہان ایک شیر درندہ دیکہا کہ طریق آمد و شد روکی بیٹہا تہا جناب مسیح نی جانب اسد قدم بڑہایا فرمایا کیون اس راہ مین مقام کیا لوگو نکا جی ڈرایا ہٹتا نہین جو کہ راہ مین اپنی مقصد کو آگی جائین فقال الاسد بلسانٍ فصیحٍ انّی لم ادع لکم الطّریق حتّٰی تلعنوا یزید قاتل الحسین ہان فصیح سی شیر بقدرت خدا پکارا یزید قاتل امام حسین کو جبتک لعنت نکرو گی راہ نہ دونگا فقال عیسٰی ومن یکون الحسین قال ھو سبط محمّد النّبیّ الامّیّ وابن علیّ الولیّ پوچہا عیسیٰ نی یہ کسکا نام گرامی ہی کہا وہ سبط محمد نبی امّی فرزند علی ولی علیہم السلام قال ومن قاتلہ

وآلہ طائفۃ من امتی یریدون بنی ...
اسماء فلما قربت الزمن ...
فما ذلک من معہ ... قال عمر بن الخطاب یا رسول
الله ما الذی رأیت فقال علیہ السلام
اما ذلک ان لیس من سفرکم قالوا انا للہ
یا رسول الله قال یقتل بھذہ الحرۃ خیار
امتی بعد اصحابی قال انس بن مالک قتل
یوم الحرۃ سبعمائۃ رجل من حملۃ القرآن فیھم
ثلثۃ من اصحاب النبی صلی الله علیہ وآلہ
وکان الحسن یقول لما کان یوم ...
۵۲۵ اھل المدینۃ ...
رسول الله صلی الله علیہ وآلہ وھما
ابنا زمعۃ بن عبد الله بن الاسود
وکانت وقعۃ الحرۃ یوم الاربعاء لثلث
بقین من ذی الحجۃ سنۃ ثلث وستین
ومن ذلک قولہ فی ابن عباس لن
یموت حتی یذھب بصرہ ویؤتی علما
فکان کما قال وقولہ فی زید بن ارقم
وقد عادہ من مرض کان بہ لیس علیک
من مرضک باس ولکن کیف بک اذا
عمرت بعدی فعمیت قال اذا احتسب
واصبر قال اذن تدخل الجنۃ بغیر
حساب ومن ذلک قولہ فی الولید بن
یزید رواہ الاوزاعی عن الزھری
عن سعید بن المسیب قال ولد
لاخی ام سلمۃ من امھا غلام فسموہ
الولید فقال النبی صلی الله
علیہ وآلہ تسمون باسماء فراعنتکم

اونیسوین مجلس واقعہ کربلا پر ملائکہ کا تعزیت کو آنا خدمت پیغمبر مین اور شہادت علی اکبر علیہ الرحمۃ

قال فاملہ لعین الوحوش والدواب والسباع اجمع خصوصا ایام عاشورا
روح اللہ نے سوال کیا اوس شقی کا پتا بتا اسد بولا ساری جانورون اور درندون کا لعنت کردہ
خصوص ظالم روز عاشورا فرفع عیسی یدیہ ولعن یزید ودعی علیہ وامن الحواریون
علی دعائہ حضرت عیسی نے دعای عتاب و نفرین یزید کو ہاتھ اٹھائی اور سب حواریون شریک
آمین ہوی امر نجات بجالائی فتنحی الاسد عن طریقہم ومضوا لشانہم پس شیر ببر نے
راستہ اونکا چھوڑ دیا اور حضرت مسیح جدھر جانی والی تھی ہمراہ رفقا کوچ کیا قال وقال صاحب
الحدیث فلما اتت علی الحسین سنۃ کاملۃ ہبط علی النبی اثنا عشر ملکا
علی صور مختلفۃ احدہم علی صورۃ بنی ادم مجلد بحار الانوار مین علمای اخبار سے روایت
کی ہی جب عمر امام حسین علیہ السلام پوری ایک برس کو پہنچی ہی بارہ فرشتی رسول خدا پر نازل ہوی
ایک بصورت آدمی اور باقی اشکال مختلفہ سے تھی یعزونہ ویقولون انہ سینزل بولدک
الحسین بن فاطمۃ ما نزل بہابیل من قابیل رسم تعزیت اور ماتم پرسی کو پیغمبر سے ادا کرتی ہی
اور با چشم تر و دل مضطر سید بشر سے کہنی لگی تحقیق کہ تمہاری پسر ابن فاطمہ زہرا پر بلای ہابیل نازل کی
جو ظلم و جفا سے اونکی بھائی قابیل نے ایذا دی تھی وسیعطی مثل اجر ہابیل ویحمل علی قاتلہ
مثل وزر قابیل عطا ہوگا مانند اجر ہابیل ثواب و شرف اونکو اور قاتل کیواسطی مثال عذاب
قابیل بلکہ مضاعف مجھو ولم یبق ملک الا نزل الی النبی صلی اللہ علیہ والہ یعزونہ
والنبی یقول اللہم اخذل خاذلہ واقتل قاتلہ ولا تمتعہ بما طلبہ کوئی ملک
ہفت آسمان پر باقی نہین رہا مگر یہ کہ حضرت نبی مین آیا اور جزای عزا ملی اوسنی کہا خیر الوری فرمانی
الہی جو اونکو ستائی تو اوسی پامال کرنا قاتل جفا جو کو مارنا مراد پوری نہونی دینا ایضا عن اشعث
بن عثمان عن ابیہ عن انس بن ابی سحیم قال سمعت رسول اللہ یقول ان ابنی

اونیسوین مجلس واقعہ کربلاسی پیغمبر کا خبر دینا اور شہادت علی اکبر علیہ الرحمۃ

عثمان اوسنی اپنی باپ سی انی انس بن سحیم روایت کی ہی کہا مینی حضرت رسالت سی سنا جو یہ ارشاد کی ہی اِنَّ اِبنِی ھٰذا یُقتَلُ بِاَرضِ العِرَاقِ یہ بیٹا میرا حسین عراق مین مارا جائیگا ستم وجور سی اعدا کی شہادت پائیگا فَمَن اَدرَکَہٗ مِنکُم فَلیَنصُرہُ فحضر انس مَعَ الحُسَینِ کَربَلَا وَقُتِلَ مَعَہٗ پس فرمایا ای گروہ صحابہ جو اوسی مصیبت کا جلا دیکہی لازم ہے نصرت و یاری پر قدم حمایت آگی رکہی اس امر کا تابع انس حاضر معرکہ عاشورا ہوا کربلا مین ہمراہ امام حسین علیہ السلام مارا گیا وَرُوِیَ مِثلُ ھٰذَا عَن زَینَبَ بِنتِ جَحشٍ وَعَن عَبدِ اللّٰہِ بنِ یَحیٰ قَالَ دَخَلنَا مَعَ عَلِیٍّ عَلَیہِ السَّلَامُ اِلیٰ صِفِّینَ اور مثل اس روایت کی زینب بنت جحش و عبد اللہ بن یحیی نی کہا کہ ہمنی علی علیہ السلام کی رفاقت مین صفین کا قصد کیا فَلَمَّا حَاذٰی نِینَوٰی نَادٰی صَبرًا یَا اَبَا عَبدِ اللّٰہِ جبکہ حضرت قریب نینوی وارد ہوی پکاری صبر کرنا ای ابا عبد اللہ جو تم پر گذری فَقَالَ دَخَلتُ عَلٰی رَسُولِ اللّٰہِ وَعَینَاہُ تَفِیضَانِ پہر سی فرمایا کہ ایک روز مین رسو خدا کی پاس گیا چشم انور سی اونکی آنسو ونکو بہتا دیکہا فَقُلتُ بِاَبِی اَنتَ وَاُمِّی یَا رَسُولَ اللّٰہِ مَا لِعَینَیکَ تَفِیضَانِ اَغضَبَکَ اَحَدٌ مینی عرض کی میری ماں باپ تم پر فدا ہون یا نبی الوری کیا سبب ہی آنکہون سی اپکی سرشک بہتی ہین کسینی غصہ دلایا قَالَ لَا بَل کَانَ عِندِی جِبرَئِیلُ فَاَخبَرَنِی اَنَّ الحُسَینَ یُقتَلُ بِشَاطِی الفُرَاتِ جواب دیا یہ نہین ہوا بلکہ جبرئیل میری قرین ای حسین شاطی الفرات پر شہید ہوگا ایسی خبر غمگین لای وَقَالَ ھَل لَکَ اَن اُشِمَّکَ مِن تُربَتِہٖ قُلتُ نَعَم بولی چاہتی ہو کہ ہمین سونگہاون اوس تربت کو مینی کہا بہت مشتاق ہون ضرور لادو فَمَدَّ یَدَہٗ فَاَخَذَ قَبضَۃً مِن تُرَابٍ فَاَعطَانِیھَا فَلَم اَملِک عَینَیَّ اَن فَاضَتَا وَاِسمُ الاَرضِ کَربَلَا پس جبرئیل نی ہاتھ پہیلایا ایک مشت خاک اوٹہا کی لائی مینی جب وہ مٹی دیکہی اور سونگہی دلکو تاب نرہی دونو چشم سی ندی

القدر وما ادريك ما ليلة القدر
ليلة القدر خير من الف شهر بلكه خواهد
فتبينا ذلك فاذا هو لا يزيد ولا ينقص
الى الروايات في هذا الفن الروايات كثيرة
لا يتسع لذلك جميعها هذا الكتاب ولكنا
اوردنا منها كفاية لذوي الالباب
الباب الثاني في ذكر مختصر من احوال
رسول الله صلى الله عليه وآله من لدن
مبعثه الى وقت هجرته الى المدينة ثم الى
ان امر بالقتال وبعض ما ظهر من الآيات
والمعجزات في اثناء هذه الاحوال وثمانية
فصول الفصل الاول في ذكر مبدأ بعثه
ذكر علي بن ابراهيم بن هاشم وهو من اجل
رواة اصحابنا في كتابه ان النبي صلى الله عليه
وآله لما اتى له سبع وثلثون سنة كان يرى
في نومه كان آتيا اتاه فيقول يا رسول الله
فينكر ذلك فلما طال عليه الامر وكان بين
الجبال يرعى غنما لابي طالب فنظر الى
٥٢٧
من انت قال انا جبرئيل ارسلني الله اليك
ليتخذك رسولا فاخبر رسول الله صلى الله
عليه وآله خديجة بذلك وكانت خديجة
قد انتهى اليها خبر اليهودي وخبر بحيرا و
ما حدثت به آمنة امه فقالت يا محمد
اني لارجو ان تكون كذلك وكان رسول
الله صلى الله عليه وآله يكتم ذلك فنزل عليه جبرئيل عليه
السلام وانزل عليه ماء من السماء فقال يا
محمد قم توضأ للصلوة فعلمه جبرئيل
الوضوء على الوجه واليدين
من المرفقين ومسح الراس والرجلين
الى الكعبين وعلمه الركوع والسجود
فلما تم له اربعون سنة امره بالصلوة
وعلمه حدودها ولم ينزل عليه
اوقاتها فكان رسول الله صلى الله
عليه وآله يصلي ركعتين في كل وقت
وكان علي بن ابي طالب يألفه

اونیسوین مجلس واقعہ کربلاسی پیغمبر کا خبر دینا اور شہادت علی اکبر علیہ الرحمۃ

عبرات کی ہی یہ بسبب شہادت روز ازل سی امام حسین علیہ السلام کو ملاہی اوسلطنت اس ابتلاو

سیر آلِ عبا مین ثقلین کا فایدہ بر ملاہی فِی البحارِ فَلَمَّا اَتَتْ عَلَیْهِ سَنَتَانِ خَرَجَ

النَّبِیُّ اِلٰی سَفَرٍ فَوَقَفَ فِی بَعْضِ الطَّرِیْقِ وَاسْتَرْجَعَ وَدَمَعَتْ عَیْنَاهُ بحار

الانوار مین سانحہ غم لکہا ہی جب امام حسین علیہ السلام کا سن دو برس کو پہنچا ہی پیغمبر خدا سفر مین گئی

اثنای راہ پر کہڑی ہوی آیہ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ پڑہی آنکہونکی رقت دل سی زاری رہی

فَسُئِلَ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ هٰذَا جِبْرَئِیْلُ یُخْبِرُنِیْ عَنْ اَرْضٍ بِشَطِّ الْفُرَاتِ یُقَالُ لَهَا

کَرْبَلَا یُقْتَلُ فِیْهَا وَلَدِیَ الْحُسَیْنُ صحابہ نی سبب اشکباری پوچہا تو فرمایا جبرئیل اسدم خبر

دینی کو ہی آیا کنارے شطِ فرات کی زمین سی جسکا نام کربلاہی اوس جا فرزند میرا حسین مارا جاے گا

وہ دار بلاہی وَکَاَنِّیْ اَنْظُرُ اِلَیْهِ وَاِلٰی مَصْرَعِهٖ وَمَدْفَنِهٖ بہا گویا مین دیکہتا ہون اوسکی

مصیبت جہان کہوڑی سی گری سر کٹی گا مقتل مین بی غسل وکفن لاشہ پڑا ہی اور مانند غربا

زمین گرینگا وَکَاَنِّیْ اَنْظُرُ اِلَی السَّبَایَا عَلٰی اَقْطَابِ الْمَطَایَا سیری وہیان مین گذرتا ہی

عورات اہلبیت اسیر ہین سوار جہاز شتر ہر دیار مین شال کہار کی تشہیر ہین وَقَدْ اُهْدِیَ

رَاْسُ وَلَدِیَ الْحُسَیْنِ اِلٰی یَزِیْدَ بتحقیق کہ ہدیہ سر حسین کا سر پیش یزید لیجائینگی ظلم وجفا سے

قید اطفال خرد سال مین ایذا پہنچائینگی فَوَاللّٰهِ مَا یَنْظُرُ اَحَدٌ اِلٰی رَاْسِ الْحُسَیْنِ وَیَفْرَحُ

اِلَّا خَالَفَ اللّٰهُ بَیْنَ قَلْبِهٖ وَلِسَانِهٖ وَعَذَّبَهُ اللّٰهُ عَذَابًا اَلِیْمًا قسم خدا کی نہین دیکہی گا

کوئی شخص خوش ہو کی حسین کا سر مگر یہ کہ نفاق ڈالیگا دل وزبان مین اوسکی اور اللہ سزا دیگا

بعذاب سقر ثُمَّ رَجَعَ النَّبِیُّ مِنْ سَفَرِهٖ مَغْمُوْمًا مَهْمُوْمًا كَئِیْبًا حَزِیْنًا فَصَعِدَ

الْمِنْبَرَ وَاَصْعَدَ مَعَهُ الْحَسَنَ وَالْحُسَیْنَ وَخَطَبَ وَوَعَظَ النَّاسَ بعد ازان سفر سے

بہموم ومغموم زار ونالان پہری بمنبر حسنین کو ہمراہ لیکی چڑہی خطبہ پڑہا موعظہ کیا لاکن حزن

اوئیسویں مجلس خبار نبی واقعہ کربلاسی اور شہادت علی اکبر علیہ التحیۃ

